مفاتیح الجنان

مؤلف

ثقۃ المحدثین حاج شیخ عباس قمی رحمۃ اللہ علیہ

مترجم

حضرت آیت اللہ حافظ سید ریاض حسین نجفی دام ظلہ

پرنسپل حوزہ علمیہ جامعۃ المنتظر لاہور

ناشر

معراج کمپنی لاہور

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں۔

نام کتاب	مفاتیح الجنان (حصہ اوّل)
مؤلف	ثقۃ المحدثین حاج شیخ عباس قمی رحمۃ اللہ علیہ
ترجمہ	حضرت آیت اللہ حافظ سید ریاض حسین نجفی دام ظلہٗ
گرافکس	قلبِ علی سیال (0333-4031233)
کمپوزنگ	الحمد گرافکس لاہور۔ فضل عباس سیال
پروف ریڈنگ	مولانا محمد سعید الحسن، قاری محمد عادل
ناشر	معراج کمپنی لاہور پاکستان
اشاعت	2014ء
تعداد	
ہدیہ	

ملنے کا پتہ

معراج کمپنی

LG-3 بیسمنٹ میاں مارکیٹ غزنی سٹریٹ اُردو بازار لاہور۔

فون: 0321-4971214/0423-7361214

اظہارِ تشکّر

بِحَمْدِ اللہ ! انتہائی سپاس گزار ہوں حجۃ الاسلام والمسلمین حضرت آیت اللہ حافظ سید ریاض حسین نجفی دام ظلہٗ کا جنہوں نے بندۂ ناچیز وحقیر کو دعاؤں کے اس عظیم مجموعہ ''مفاتیح الجنان'' کی کمپوزنگ، سیٹنگ اور اشاعت کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی ہے۔ خداوند عالم اُن کا سایہ ہمارے سروں پر قائم ودائم رکھے اور انہیں طاقت وصحت کی نعمت سے سرفراز فرمائے۔ زیرِ نظر مجموعہ میں جناب قبلہ قاضی نیاز حسین نقوی کی زیرِ نگرانی مولانا سید محمد نجفی نے مزید تصحیح وتجدید فرمائی ہے۔

''مفاتیح الجنان حصہ اوّل'' مؤمنین کی خدمتِ اقدس میں پیش کیا جارہا ہے۔ حصہ دوم اور حصہ سوم کی کمپوزنگ جاری ہے۔ دعاؤں کے اس عظیم نسخہ کی کمپوزنگ و پروف ریڈنگ اور ترتیب وتدوین میں بندہ نے پوری توجہ سے کام لیا ہے، تاہم ابھی تک غلطیوں کا امکان ہوسکتا ہے۔ قارئین کرام سے اُمید ہے کہ غلطیوں کی نشان دہی فرما کر اس کتاب کی آئندہ اشاعت کو مزید بہتر بنانے میں ہماری مدد فرمائیں۔

مزید برآں کتاب کو پاکستان کی عوام کے پسندیدہ فونٹ میں نیٹ پر ''اَپ لوڈ'' کرنے کیلئے کام جاری ہے۔ کتابوں کی سائیٹس پر ''اَپ لوڈنگ'' کرنے والے حضرات ہم سے کتاب کی ''پی ڈی ایف فائل'' طلب کرسکتے ہیں۔ والسلام

حقیر وناچیز

قلب علی سیال فون: 0333-4031233

Mail: qaksial@gmail.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

عرضِ ناشر

مکرمی ومحترمی _____ السلام علیکم ورحمۃ اللہ

''معراج کمپنی'' دینی کتب کی اشاعت کے حوالہ سے ایک جانا پہچانا ادارہ ہے۔ادارہ عرصہ دراز سے دینی کتب کی اشاعت میں اپنی خدمات انجام دے رہا ہے۔ادارے کا مطمع نظر عوام تک بہتر اور سستے ترین انداز میں کتب کی ترسیل ہے۔اللہ تعالیٰ ادارہ ھذا کو اس عظیم کام کی انجام دہی کیلئے بھرپور وسائل عطا فرمائے۔

وہ زندگی ،زندگی ہی کیا ہے جو بندگی سے خالی ہو،فلسفۂ موت وحیات کا یہی تقاضا ہے کہ خالق کائنات کی عبادت کی جائے۔بلاشبہ خالق کائنات نے جن وانس کو اپنی عبادت کیلئے ہی پیدا فرمایا ہے۔''وَمَا خَلَقْتُ الْجِنَّ وَالْاِنْسَ اِلَّا لِیَعْبُدُوْنِ﴿۵۶﴾''۔رب کریم کی بارگاہِ معلیٰ میں دعا وپکار اور توبہ وانابہ کرنا عبادت کا مغز ہے۔

''مفاتیح الجنان''ثقۃ المحدثین حاج شیخ عباس قمی رحمۃ اللہ علیہ کی عظیم تالیف جسے حضرت آیت اللہ حافظ سید ریاض حسین نجفی دام ظلہٗ نے اُردو زبان کے ترجمہ سے مزیّن فرمایا۔قرآن کریم کی چند سورہ مبارکہ اور چہاردہ معصومین علیہم السلام کی فرمودات پر مشتمل دعاؤں کا یہ ''عظیم مجموعہ'' کسی تعارف کا محتاج نہیں ہے۔اردو،عربی اور فارسی زبان سے آشنا مؤمنین میں جب بھی دعاؤں کے حوالے سے کسی کتاب کا تذکرہ ہوتا ہے تو مفاتیح الجنان کو دعاؤں کی کتابوں میں جو اوّلیت واہمیت حاصل ہے اور کسی کتاب کو یہ فوقیت حاصل نہیں ہے۔

زیرِ نظر دعاؤں پر مشتمل کتابی مجموعہ جس کا کام حضرت آیت اللہ حافظ سید ریاض حسین نجفی دام ظلہٗ نے الحاج شیخ سعادت علی متصدی صاحب کے متواتر اصرار سے شروع کیا۔ماضی میں اس کتاب کی اشاعتِ اوّل کا کام مصباح القرآن ٹرسٹ کے پلیٹ فارم سے پایۂ تکمیل تک پہنچایا گیا۔اس کتاب کی ابتدائی کتابت،طباعت اور ساخت میں جناب سید عزادار حسین نقوی کی کاوشات قابلِ داد ہیں۔بعد ازاں العمران پبلیکیشنز نے اس کی اشاعت میں بھرپور کردار ادا کیا۔

دعاؤں کا یہ مجموعہ جس کی مزید تصحیح وتجدید جناب قبلہ قاضی نیاز حسین نقوی صاحب کی زیرِ نگرانی جناب مولانا سید محمد نجفی نے کی ہے ''معراج کمپنی'' کے پلیٹ فارم سے ''مفاتیح الجنان حصہ اوّل'' مؤمنین کی خدمتِ اقدس میں پیش کیا جارہا ہے۔ادارہ نے کتاب ھذا کی اشاعت میں پوری توجہ سے کام لیا ہے،تاہم اس بارے میں آپ کی ہمدردانہ آراء ہمارے لئے بڑی اہمیت کی حامل ہیں۔ہمیں توقع ہے کہ حسبِ سابق آپ ہماری اس مفید علمی پیشکش کی توسیع اشاعت میں ہمارا ہاتھ بٹا کر ہمارے عظیم معاون ثابت ہوں گے۔والسلام

معراج کمپنی لاہور پاکستان

گفتار اوّل

حضرت انسان کس قدر شرف وعظمت کا مالک ہے، اس کے لئے کائنات بنی، پوری کائنات میں اسی کو عزت وتکریم کا حق دار ٹھہرایا گیا۔ تمام مخلوق اس کی خدمت اور منفعت کے لئے پیدا کی گئی۔ لیکن اتنی عظمتوں کے باوجود اس کی خلقت کا مقصد اللہ کی معرفت اور عبادت قرار دیا گیا۔ لہذا انسان کا اہم کام خدا سے ارتباط وربط ہے۔ مگر کیسا رابطہ؟

اتنی عظمتوں کے باوجود بارگاہ خداوندی میں فقر محض اور احتیاج محض ہے جبکہ ذات پروردگار غناء ہی غناء ہے۔ بلندی ہی بلندی ہے۔ انسان مشکلات، مصائب اور تکالیف میں ایسی ذات کی طرف رجوع کر کے اپنے فقر اور احتیاج محض ہونے کا اقرار واعتراف کرتے ہوئے اپنی نفی اور بے ثباتی کا اظہار کرتا نظر آتا ہے۔ اس سلسلے میں انسان کا ایک اہم وسیلہ دعا ہے۔ دعا کے ذریعے اپنی احتیاج کا اظہار بھی کرتا ہے اور اللہ سے اعانت کی التجا بھی کرتا ہے۔

واضح ہے کہ مصائب اور مشکلات کے بھنور میں پھنسے ہوئے انسان کو سہارے اور فریادرس کی ضرورت ہے۔ اگر کوئی سہارہ اور فریادرس نہ ملے تو وہ زندگی سے مایوس ہو جاتا ہے اور آخری قدم اٹھانے سے بھی گریز نہیں کرتا۔ ایک مشہور ماہر نفسیات کے مطابق؛ کسی قوم میں دعا اور زاری کا فقدان اس ملت کی تباہی کے برابر ہے۔ جو قومیں دعا کی ضرورت سے بے نیازی ظاہر کریں وہ فساد وزوال سے محفوظ نہیں رہ سکتیں۔

ہر قوم، گروہ اور انسان کا آخری سہارہ خدا کی ذات ہے۔ جب احتیاج انتہا کو پہنچ جائے اور مشکلات ومصائب سے نکلنے کی کوئی صورت نظر نہ آئے، تو ایسے میں دعا ہی سے دل کی تسکین ہوتی ہے۔ اضطراب، بے چینی اور بے چارگی ختم ہونے لگتی ہے اور بے ساختہ دست دعا بلند کرتے ہوئے خدا کو مخاطب کر کے کہتا ہے۔ پروردگارا!

اَمَّنْ یُّجِیْبُ الْمُضْطَرَّ اِذَا دَعَاهُ وَیَكْشِفُ السُّوْٓءَ۔ (نمل:۶۲)

کون ہے جو مضطر و پریشان کی فریاد کا جواب ہے اور اس کی تکلیف دور کرتا ہے؟

لہذا بے چارگی کی اس منزل پر جہاں قدرت اور طاقت جواب دے جائے، کوئی حل نظر نہ آئے، کوئی کوشش بار آور ثابت نہ ہو، مایوسیوں کے اندھیرے پھیلنے لگیں تو ایسے میں دعا ہی امید کی کرن بن کر سامنے آتی ہے۔ اور دعا کی حالت میں

جب انسان سراپا التجا بن جائے اوراس کے فقر کے ثبوت میں آنسو ٹپکنے لگیں تو یہ کیفیت قبولیت دعا کے قریب ہوتی ہے۔اور اس عالم بیچارگی و بے چینی میں مضطر و پریشان انسان خود کو تمام قوتوں کی مالک ہستی کے قریب محسوس کرتا ہے۔جس سے اس کا احساس تنہائی ختم ہوجاتا ہے۔مایوسیوں کے اندھیرے چھٹنے لگتے ہیں اور وہ اپنی ناتوانیوں کو امید ورجاء کی قوتوں میں بدلتا ہوا محسوس کرتا ہے۔وہ سوچتا ہے کہ اگر اس کے پاس دنیاوی عارضی سہارے نہیں تو کیا ہوا، مجھے تو قادر مطلق ذات کا سہارا حاصل ہے جس کے قبضہ قدرت میں تمام قوتیں اور نعمتیں ہیں، جو ہر مصیب اور مشکل کو دور کرنے والا ہے۔

خالق سے یہ رابطہ اس جینے کی نئی امید عطا کرتا ہے۔جس کے نتیجے میں اسے سکون، اطمنان اور راحت نصیب ہوتی ہے اور وہ کہتے ہوئے نظر آتا ہے۔

اَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَىِٕنُّ الْقُلُوْبُ۝۲۸ۭ (الرعد ۲۸)

بیشک اللہ کی یاد سے ہی دل اطمنان پاتے ہیں۔

بہرحال!

آیات وروایات میں باقی اعمال کی نسبت دعا کے دنیوی واُخروی فوائد پر نظر کی جائے تو دعا کی اہمیت وفضیلت روز روشن کی طرح واضح ہوجاتی ہے خداوند متعال نے خود بھی اپنے بندوں کو دعا کے لئے حکم دیا ہے اور اپنے پیغمبروں کو بھی فرمایا ہے کہ میرے بندوں کو دعا کی سفارش کریں۔

ارشاد رب العزت ہے۔

اُدْعُوْنِيْٓ اَسْتَجِبْ لَكُمْ (غافر:۶۰)

مجھے پکارو اور (مجھ سے دعا مانگو) میں تمہاری دعا کو قبول کرونگا

قُلِ ادْعُوا اللّٰهَ ۔ (اسراء:۱۱۰)

اے رسول میرے بندوں سے کہو کہ مجھ سے دعا مانگیں

يٰمُوْسٰى مُرْ عِبَادِيْ يَدْعُوْنِيْ۔

اے موسیٰ میرے بندوں کو حکم دو کہ وہ مجھے پکاریں (اور مجھ سے دعا مانگیں)

يٰعِيْسٰى مُرْهُمْ اَنْ يَّدْعُوْنِيْ مَعَكَ۔

اے عیسیٰ مومنین کو حکم دو کہ وہ آپکے ساتھ مل کر دعا کریں

حضرت موسیٰ وعیسیٰ علیہم السلام جیسے بزرگ ترین انبیاء بلکہ خاتم الانبیاء حضرت محمد مصطفیٰ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دعا کے لئے مامور کرنا دعا کی فضیلت واہمیت پر بہترین دلیل ہے۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آئمہ علیہم السلام کے فرامین میں بھی دعا کی اہمیت وفضیلت روز روشن کی طرح واضح ہے۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں:

يَاعَلِيُّ اُوْصِيْكَ بِالدُّعَاءِ۔

اے علیؑ میں تمہیں دعا کی سفارش کرتا ہوں۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: اَلدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ وَلَا يُهْلِكُ مَعَ الدُّعَاءِ اَحَدٌ۔

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں دعا عبادت کی اصل اور بنیاد ہے دعا کی صورت میں کوئی شخص ہلاک نہیں ہوتا۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: تَرْكُ الدُّعَاءِ مَعْصِيَةٌ:

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں دعا کا ترک کرنا گناہ ہے۔

قال رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم: اِدْفَعُوْا اَبْوَابَ الْبَلَاءِ بِالدُّعَاءِ:

رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم فرماتے ہیں مصیبتوں اور مشکلات کو دور کرو دعا کے ذریعے۔

قال علی علیہ السلام: اَحَبُّ الْاَعْمَالِ اِلَى اللهِ عَزَّ وَجَلَّ فِي الْاَرْضِ الدُّعَاءُ۔

حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں خدا کے نزدیک زمین پر محبوب ترین عمل دعا ہے۔

قال الامام علی علیہ السلام: اَلدُّعَا تُرْسُ الْمُؤْمِنِ۔

امام علی علیہ السلام فرماتے ہیں دعا مومن کے لئے ڈھال اور نگہبان ہے۔

قال امام علی علیہ السلام: مَنْ قَرَعَ بَابَ اللهِ سُبْحَانَهُ فُتِحَ لَهُ۔

حضرت علی علیہ السلام فرماتے ہیں جو شخص بھی (دعا کے ذریعے) اللہ کے دروازے کو کھٹکائے گا تو اس کے لئے (قبولیت کا دروازہ) کھول دیا جائے گا۔

قال امام محمد باقر علیہ السلام: اَفْضَلُ الْعِبَادَةِ اَلدُّعَاءُ۔

امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں افضل اور بہترین عبادت دعا ہے۔

قال الامام الصادق علیہ السلام: عَلَيْكَ بِالدُّعَاءِ: فَاِنَّ فِيْهِ شِفَاءٌ مِنْ كُلِّ دَاءٍ۔

حضرت امام صادق علیہ السلام فرماتے ہیں تیرے لیے دعا ضروری ہے کیونکہ اس میں ہر بیماری کی شفا ہے

بہر حال!

انبیاء علیہم السلام جیسی عظیم المرتبت معصوم ہستیوں کو بھی جب مشکلات اور مصائب کا سامنا ہوتا تو دعا کا سہارا لیتے ہوئے مونس حقیقی سے سے اپنے غم کا مداوا کرتے۔

حضرت آدم علیہ السلام کی دعا:

رَبَّنَا ظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا ۫ وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَكُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِيْنَ ﴿۲۳﴾۔ (اعراف: ۲۳)

پروردگار ہم نے خود اپنا نقصان کیا اگر تو ہمیں نہ بخشے اور ہم پر رحم نہ کرے تو ہم یقینا گھاٹا کھانے والوں میں سے ہو جائیں گے۔

حضرت نوح علیہ السلام کی دعا:

فَدَعَا رَبَّهٗٓ اَنِّيْ مَغْلُوْبٌ فَانْتَصِرْ ﴿۱۰﴾

اے پالنے والے میں مغلوب ہوں پس میری مدد فرما۔ (قمر: ۱۰)

حضرت ابراہیم علیہ السلام کی دعا:

رَبِّ اجْعَلْنِيْ مُقِيْمَ الصَّلٰوةِ وَمِنْ ذُرِّيَّتِيْ ۖ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ﴿۴۰﴾۔ (ابراہیم: ۴۰)

اے میرے پالنے والے مجھے اور میری اولاد کو نماز کا پابند بنا دے ہمارے پالنے والے (ہماری) دعا قبول فرما۔

حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا:

قَالَ رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ﴿۲۵﴾ وَيَسِّرْ لِيْٓ اَمْرِيْ ﴿۲۶﴾ وَاحْلُلْ عُقْدَةً مِّنْ لِّسَانِيْ ﴿۲۷﴾۔

اے پروردگار میرے سینے کو کشادہ کر دے اور میرے کام کو آسان فرما اور میری زبان سے لکنت کی گرہ کھول دے تا کہ لوگ میری بات سمجھیں۔ (طہ: ۲۵ تا ۲۷)

رَبِّ اِنِّیۡ لِمَاۤ اَنۡزَلۡتَ اِلَیَّ مِنۡ خَیۡرٍ فَقِیۡرٌ ﴿۲۴﴾ (قصص: ۲۴)

اے میرے پروردگار اس وقت جو نعمت تو میرے پاس بھیج دے میں اس کا سخت حاجتمند ہوں۔

حضرت ایوب علیہ السلام کی دعا:

وَ اَیُّوۡبَ اِذۡ نَادٰی رَبَّہٗۤ اَنِّیۡ مَسَّنِیَ الضُّرُّ وَ اَنۡتَ اَرۡحَمُ الرّٰحِمِیۡنَ ﴿۸۳﴾ۚ (انبیاء: ۸۳)

اے میرے پروردگار بیماری تو میرے پیچھے لگ گئی ہے اور تو بڑا رحم کرنے والا ہے۔

حضرت یونس علیہ السلام کی دعا:

لَاۤ اِلٰہَ اِلَّاۤ اَنۡتَ سُبۡحٰنَکَ ۖ اِنِّیۡ کُنۡتُ مِنَ الظّٰلِمِیۡنَ ﴿۸۷﴾ۚ (انبیاء: ۸۷)

تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو ہر عیب سے پاک ہے بیشک میں قصوروار ہوں۔

حضرت زکریا علیہ السلام کی دعا:

رَبِّ لَا تَذَرۡنِیۡ فَرۡدًا وَّ اَنۡتَ خَیۡرُ الۡوٰرِثِیۡنَ ﴿۸۹﴾ۚ (انبیاء: ۸۹)

اے میرے پروردگار مجھے تنہا (اور) بے اولاد نہ چھوڑ اور تو سب وارثوں سے بہتر ہے۔

حضرت یوسف علیہ السلام کی دعا:

اَنۡتَ وَلِیّٖ فِی الدُّنۡیَا وَ الۡاٰخِرَۃِ ۚ تَوَفَّنِیۡ مُسۡلِمًا وَّ اَلۡحِقۡنِیۡ بِالصّٰلِحِیۡنَ ﴿۱۰۱﴾ (یوسف: ۱۰۱)

اے میرے پروردگار تو ہی دنیا اور آخرت میں میرا مالک ہے تو مجھے دنیا سے مسلمان اٹھالے اور مجھے نیک لوگوں میں شامل فرما۔

قبولیت دعا کی شرائط

گناہوں سے توبہ، قلب و روح کی پاکیزگی اور اصلاح نفس ضروری ہے۔

پہلی شرط: حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام کا فرمان ہے کہ جب تم میں سے کوئی اپنے رب سے دنیا و آخرت کی

کوئی حاجت طلب کرے تو پہلے خدا کی حمد وثناء اور مدح کرے پیغمبرؐ اور انکی آلؑ پر درود بھیجے، پھر گناہوں کا اعتراف کرے اور پھر سوال کرے۔ (سفینۃ البحار: ج ا ص ۴۴۹)

دوسری شرط: زندگی کو ظاہری اور باطنی لحاظ سے پاکیزہ بنائے غصبی مال اور غذا سے اجتناب کرے۔ نیز پیغمبرؐ نے فرمایا کہ جو چاہتا ہے کہ اس کی دعا قبول ہو وہ اپنی غذا اور کسب کو پاکیزہ بنائے۔ (سفینۃ البحار: ج ا ص ۴۴۸)

تیسری شرط: فتنہ اور فساد کا مقابلہ کرنے اور حق کی دعوت دینے میں کوتاہی نہ کرے کیونکہ جو امر بالمعروف ونہی عن المنکر ترک کر دیتے ہیں ان کی دعا قبول نہیں ہوتی۔ نیز حضرت امیر المؤمنینؑ کا فرمان ہے کہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر کرتے رہنا اگر ایسا نہ ہوا تو خدا تم پر برے لوگوں کو مسلط کرے گا اور پھر تمہارے اچھے لوگ دعا بھی کریں گے تو وہ قبول نہ ہوگی۔

چوتھی شرط: خدا کے ساتھ کیے ہوئے عہد و پیمان کو وفا کرنا بھی دعا کی قبولیت کی شرائط میں سے ہے۔ جو خدا سے کیے ہوئے عہد کو وفا نہیں کرتا اسے اپنی دعاؤں کی قبولیت کی توقع نہیں کرنی چاہیے۔ کسی نے حضرت امیر المؤمنین علیہ السلام کی خدمت میں دعا قبول نہ ہونے کی شکایت کی تو آپ نے فرمایا تمہارے دل ودماغ نے ان چیزوں میں خیانت کی ہے جس کی وجہ سے تمہاری دعا قبول نہیں ہو پاتی۔

۱۔ تم نے خدا کو پہچان کر اس کا حق ادا نہیں کیا اس لئے تمہاری معرفت نے تمہیں کوئی فائدہ نہیں پہنچایا۔

۲۔ اللہ کے فرستادہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر تمہارا ایمان ہے مگر اس کی سنت کے مخالف ہو۔

۳۔ تم قرآن کو پڑھتے ہو مگر اس پر عمل نہیں کرتے، زبانی کہتے ہو ہم نے سنا، اطاعت کی مگر عملاً مخالفت کرتے ہو۔

۴۔ تم کہتے ہو کہ ہم عذاب خدا سے ڈرتے ہیں اسکے باوجود اللہ کی نافرمانی کی طرف قدم بڑھاتے ہو، تو پھر خوف کہاں؟۔

۵۔ تم کہتے ہو جنت کے شائق ہو لیکن کام ایسے کرتے ہو جو جنت سے دور لے جاتے ہیں پھر رغبت وشوق کیسا؟۔

۶۔ خدا کی نعمتیں کھاتے ہو مگر شکر کا حق ادا نہیں کرتے۔

۷۔ اللہ نے تمہیں حکم دیا کہ شیطان سے دشمنی رکھو، فرمایا شیطان تمہارا دشمن ہے اسے دشمن سمجھو (القرآن) اور تم اس سے دوستی کرتے ہو۔

۸۔ تم نے لوگوں کے عیوب کو نصب العین بنا رکھا ہے اور اپنے عیوب پس پشت ڈالتے ہو ان حالات میں کس طرح

امید رکھتے ہو کہ تمہاری دعا قبول ہو جبکہ قبولیت کے دروازے خود ہی بند کر دیتے ہو۔

۹۔ تقوی اور پرہیز گاری اختیار کرو۔ اپنے اعمال کی اصلاح کرو، امر بالمعروف و نہی عن المنکر کرو تا کہ تمہاری دعا قبول ہو سکے۔ (سفینۃ البحار: ج ا ص ۴۴۸، ۴۴۹)

پانچویں شرط: عمل و کوشش ساتھ ساتھ ہو جیسا کہ معصومؑ کا فرمان ہے۔

الداعی بلا عمل کالرامی بلا وتر۔

عمل کے بغیر دعا کرنے والا ایسا ہے جیسے کمان کے بغیر تیر چلانے والا۔

دعا میں خلوص، دنیا سے دوری، اللہ کی طرف مخلصانہ توجہ، قوت کے مطابق عمل اور رجوع الی اللہ ضروری ہے۔

دعا کے بارے میں حضرت امام زین العابدین علیہ السلام کا فرمان ہے:

یا اللہ اگر تیرا حکم نہ ہوتا کہ مجھ سے مانگو، دعا کرو تو میں کبھی بھی دعا نہ کرت بلکہ اسے تیری مشیت کے خلاف گردانتا۔ میں اس لئے دعا کرتا ہوں کہ یہ تیرے نزدیک پسندیدہ اور محبوب امر ہے۔

روایت میں ہے کہ جب نمازی نماز کے فورا بعد دعا مانگے بغیر چلا جاتا ہے تو اللہ فرشتوں سے فرماتا ہے کہ آپ نے دیکھا ہے کہ میرا یہ بندہ مجھ سے بے نیاز ہے اور اس کو میری احتیاج ہی نہیں۔

پیغمبر اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے:

الدعاء سلاح المؤمن

دعا مؤمن کا ہتھیار ہے۔

ادعیہ اور دعا کی مشہور کتاب مفاتیح الجنان، جناب شیخ عباس قمی جیسی مقدس شخصیت کی مرتب کردہ ہے جس میں ہر کام، ہر فرض، ہر تکلیف اور ہر مصیبت و مشکل کی خصوصی دعا موجود ہے۔

جناب الحاج صوفی محمد انور مرحوم کی دیرینہ خواہش تھی کہ مفاتیح الجنان کی دعاؤں کا اردو ترجمہ ہونا چاہیے۔ دیگر شیدائیوں کا اصرار بھی رہا ہے کہ ترجمہ ہونا چاہیے۔ اس کام کی افادیت کے پیش نظر ذہنی اور قلبی طور پر میری مکمل آمادگی بھی تھی مگر ہمہ وقت مختلف مصروفیات کی بنا پر اس عملی جامہ پہنانے میں مسلسل تاخیر ہوتی رہی۔ جناب الحاج شیخ سعادت علی متصدی صاحب کے متواتر اصرار سے کام شروع ہوا۔ مواد کی ضخامت اور ترجمہ کی فنی باریکیوں کے تقاضے خاصے وقت طلب تھے۔

بحمدللہ آج بروز ہفتہ ۱۸ ذی الحجہ ۱۴۱۷ھ، بمطابق ۲۶ اپریل ۱۹۹۷ء، یعنی عید سعید (غدیر) کے مبارک دن یہ ترجمہ مکمل ہوا۔ جناب حجۃ الاسلام مولانا محمد علی فاضل صاحب اور جناب کاظم علی گجراتی صاحب کے خصوصی شکریہ کے مستحق ہیں کہ جن کی سعی پیہم اور پرخلوص تعاون و ہمکاری سے یہ اہم کام تکمیل کو پہنچا۔

دعا ہے کہ خداوند قدوس محرکین، معاونین اور ناشرین کے اس عمل صالح کو قبول فرمائے اور ہم سب کو اس کتاب کے ،مطالب پر تدبر اور تفکر کے ساتھ عمل پیرا ہونے کی توفیق عطا فرمائے۔

والسلام

حافظ سید ریاض حسین نجفی

حوزہ علمیہ جامعۃ المنتظر ماڈل ٹاؤن لاہور

بوقت: ۵:۱۵ قبل از مغرب



فہرست مضامین

عنوانات	صفحہ نمبر
فضائل سورۂ یاسین	21
فضائل سورۂ رحمن	27
فضائل سورۂ واقعہ	31
فضائل سورۂ جمعہ	34
فضائل سورۂ ملک	36
فضائل سورۂ نباء	39
فضائل سورۂ اعلیٰ وسورۂ شمس	41
فضائل سورۂ قدر وسورۂ زلزال	42
فضائل سورۂ عادیات	43
فضائل سورۂ کافرون، نصر، توحید، فلق، ناس	44
فضائل آیۃ الکرسی	46
فضائل سورۂ عنکبوت	47
سورۂ روم	55
سورہ دخان	61
آغاز مفاتیح الجنان	**65**
باب اوّل	66
پہلی فصل: تعقیباتِ مشترکہ	66
دوسری فصل: تعقیبات مخصوص	73
تعقیب نماز ظہر	73
تعقیب نماز عصر منقول از متہجد	74
تعقیب نمازِ مغرب منقول از مصباح متہجد	75
تعقیب نماز صبح منقول از مصباح متہجد	78
تعقیب نماز عشاء منقول از متہجد	78
تیسری فصل:	85
ملحقاتِ صحیفہ سجادیہ سے منقول ایام ہفتہ کی دعائیں	85
چوتھی فصل:	94
جمعرات و جمعہ کے فضائل و اعمال	94

شب جمعہ کے اعمال	96
روز جمعہ کے اعمال	103
نماز حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	109
نماز حضرت امیر المؤمنین علیہ السلام	110
نماز حضرت فاطمہ صلوٰۃ اللہ علیہا	113
حضرت فاطمہ زہرا السلام اللہ علیہا کی ایک اور نماز	114
نماز امام حسن علیہ السلام	115
نماز امام حسین علیہ السلام	116
نماز امام زین العابدین علیہ السلام	116
نماز حضرت امام محمد باقر علیہ السلام	117
نماز حضرت امام موسیٰؑ کاظم علیہ السلام	118
نماز حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام	118
نماز حضرت امام علی رضا علیہ السلام	119
نماز حضرت امام علی نقی علیہ السلام	120
نماز حضرت امام محمد تقی علیہ السلام	120
نماز امام حسن عسکری علیہ السلام	121
نمازِ حضرت صاحب الزّمان عجل اللہ تعالیٰ فرجہٗ	122
نماز حضرت جعفر طیار علیہ السلام	123
پانچویں فصل	135
ہفتہ: یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دن ہے	136
اتوار: یہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام کا دن ہے	139
زیارت حضرت فاطمہ علیہا السلام	140
پیر: یہ امام حسن و امام حسین علیہما السلام کا دن ہے	141
زیارت حضرت امام حسن علیہ السلام	141
زیارت حضرت امام حسین علیہ السلام	142
منگل یہ امام زین العابدین ،امام محمد باقر اور امام جعفر صادق علیہم السلام کا دن ہے۔	143
تینوں ائمہؑ کی زیارت	143
بدھ: یہ حضرت امام موسیٰ کاظمؑ حضرت امام علی رضاؑ حضرت امام محمد تقیؑ اور امام علی نقیؑ کا دن ہے	144
چاروں ائمہ کی زیارت	144
جمعرات: یہ امام حسن عسکری علیہ السلام کا دن ہے	145

جمعہ: یہ حضرت صاحب الزمان علیہ السلام کا دن ہے	146
زیارت حضرت صاحب الزمان علیہ السلام	146
چھٹی فصل	148
دعائے صباح	148
دعائے کمیل بن زیادؒ	153
دعائے عشرات	162
دعائے سمات	169
دعائے مشلول	176
دعائے یستشیر	184
دعائے مجیر	187
دعا عدیلہ	194
دعائے جوشن کبیر	199
دعاء جوشن کبیر یہ ہے:	200
دعائے جوشن صغیر	224
دعاء سیفی صغیر یعنی دعاء قاموس	237
ساتویں فصل	239
(۱) دعاء اسم اعظم	239
(۲) دعاء توسل	240
(۲) دعائے توسل دیگر	244
(۳) دعائے فرج	247
(۵) بخار سے شفا پانے کی دعاء (دعاء نور)	248
(۴) حرز حضرت فاطمہ الزہراؑ اور قید سے رہائی	248
(۶) حرز حضرت امام زین العابدین علیہ السلام	249
(۸) دعائے حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم	251
(۷) دعاء امام زین العابدین علیہ السلام یا۔۔۔۔	251
(۹) دعائے سریع الاجابت	252
(۱۰) دعا امن از بلا وغیرہ	253
(۱۱) دعا فرج حضرت حجت (عج)	255
(۱۲) دعا فرج حضرت حجت (عج)	256
(۱۳) دعا فرج حضرت حجت (عج)	257
(۱۴) استغاثہ بہ حضرت قائم (عج)	258
آٹھویں فصل	260

صحیفۂ علویہ سے منقول	282
حضرت امیر المومنین علی علیہ السلام کی منظومہ مناجات	282
دوسرا باب	285
پہلی فصل:	285
ماہ رجب کی فضیلت اور اس کے اعمال	285
مناجات کی صورت میں حضرت علی علیہ السلام کے کلمات	285
ماہ رجب کے مشترکہ اعمال	286
رجب میں دن رات کے مخصوص اعمال	301
رجب کی پہلی رات:	301
پہلی رجب کا دن	305
تیرھویں رجب کی رات	307
تیرھویں رجب کا دن	307
پندرھویں رجب کی رات	307
پندرہ رجب کا دن	308
پچیس رجب کا دن	317
ستائیس رجب کی رات	317
ستائیس رجب کا دن	323
رجب کا آخری دن	327
دوسری فصل:	328
ماہ شعبان کی فضیلت اور اس کے اعمال	328
ماہ شعبان کے مخصوص اعمال	337
پہلی شعبان کی رات	337
پہلی شعبان کا دن	337
خلاصہ روایت	338
تیسری شعبان کا دن	341
تیرھویں شعبان کی رات	344
پندرھویں شعبان کی رات	344
پندرہ شعبان کا دن	354
ماہ شعبان کے باقی اعمال	354
تیسری فصل	357
رمضان المبارک کے فضائل اور اعمال	357
پہلا مطلب	361

ماہ رمضان کے مشترکہ اعمال	361
پہلی قسم: ماہِ رمضان میں شب روز کے اعمال	361
دوسری قسم: ماہ رمضان کی راتوں کے اعمال:	365
دعاءافتتاح	367
تیسری قسم:	377
ماہ رمضان میں سحری کے اعمال اور وہ چند امور ہیں	377
چوتھی قسم:	410
ماہ رمضان میں دنوں کے اعمال	410
دوسرا مطلب	436
ماہ رمضان میں شب و روز کے مخصوص اعمال	436
پہلی رمضان کا دن	445
چھٹی رمضان کا دن	450
تیرھویں رمضان کی رات	450
پندرہویں رمضان کی رات	451
پندرہویں رمضان کا دن	451
سترھویں رمضان کی رات	452
انیسویں شب کی رات	453
اعمال مخصوصہ:	456
اکیسویں رمضان کی رات	457
اکیسویں رات کے باقی اعمال:	469
اکیسویں رمضان کا دن	471
تئیسویں رمضان کی رات	471
ماہ رمضان کی آخری رات	474
ستائیسویں رمضان کی رات	474
تیسویں رمضان کا دن	476
خاتمہ	477
ماہ رمضان کی راتوں کی نمازیں اور دنوں کی دعائیں	477
ماہ رمضان کے دنوں کی دعائیں	479
چوتھی فصل:	485
ماہ شوال کے اعمال	485
پہلی شوال کا دن:	490
پچیسویں شوال کا دن	494

پانچویں فصل: ماہ ذیقعد کے اعمال	494
گیارہویں ذیقعد کا دن	495
پندرھویں رات:	495
تئیسویں ذیقعد کا دن	495
پچیسویں ذیقعد کی رات	496
پچیسویں ذیقعد کا دن	496
ذیقعد کا آخری دن	499
چھٹی فصل	500
ماہ ذی الحجہ کے اعمال	500
ذالحجہ کا پہلا دن:	504
ساتویں ذی الحجہ کا دن	505
آٹھویں ذی الحجہ کا دن	505
نویں ذی الحجہ کی رات	505
نویں ذی الحجہ کا دن	514
دسویں ذی الحجہ کی رات	545
دسویں ذی الحجہ کا دن	546
پندرھویں ذی الحجہ کا دن	547
اٹھارویں ذی الحجہ کی رات	547
اٹھارویں ذی الحجہ کا دن	547
چوبیسویں ذی الحجہ کا دن	557
پچیسویں ذی الحجہ کا دن	564
ذی الحجہ کا آخری دن	564
ساتویں فصل:	565
ماہ محرم کے اعمال	565
پہلی محرم کی رات	565
پہلی محرم کا دن	565
تیسری محرم کا دن	567
نویں محرم کا دن	567
دسویں محرم کی رات	567
دسویں محرم کا دن	568
پچیسویں محرم کا دن	576
پہلی صفر کا دن	577

آٹھویں فصل	577
ماہ صفر کے اعمال	577
ساتویں صفر کا دن	578
بیسویں صفر کا دن	578
تیسری صفر کا دن	578
اٹھائیسویں صفر کا دن	579
صفر کا آخری دن	580
پہلی ربیع الاول کا دن	581
آٹھویں ربیع الاول کا دن	581
نویں فصل	581
ماہ ربیع الاول کے اعمال	581
پہلی ربیع الاول کی رات	581
نویں ربیع الاول کا دن	582
بارھویں ربیع الاول کا دن	582
چودھویں ربیع الاول کا دن	582
سترھویں ربیع الاول کی رات	582
سترھویں ربیع الاول کا دن	583
دسویں فصل	584
ربیع الثانی، جمادی الاول اور جمادی الثانی کے اعمال	584
تیسری جمادی الثانی کا دن	585
بیسویں جمادی الثانی کا دن	586
گیارہویں فصل	586
ہر نئے قمری مہینے، عید نوروز	586
اور رومی مہینوں کے اعمال	586
اعمال عید نوروز	588
رومی مہینوں کے اعمال	589

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

فضائل سورۂ یاسین

مفتاح النجاح میں سورہ یاسین کے فضائل کے ضمن میں حضرت رسول اکرمؐ سے منقول ہے کہ جو شخص خدا کی خوشنودی کیلئے سورہ یاسین پڑھے تو خدا اسکے گناہ معاف کر دیگا اور اسے بارہ مرتبہ قرآن کو ختم کرنے ثواب عطا فرمائیگا۔ نیز جب یہ سورہ کسی مریض کے پاس تلاوت کیا جائے تو اسکے سامنے ہر حرف کے بدلے میں دس فرشتے صف بستہ ہو کر نازل ہوتے ہیں جو اس کیلئے مغفرت طلب کرتے ہیں اور اسکی روح قبض ہونے تک حاضر رہتے ہیں اسکے جنازے کے ساتھ چلتے ہیں اس پر نماز پڑھتے ہیں اور اسکے دفن میں شریک ہوتے ہیں اگر کوئی مریض وقت نزع خود یا کوئی دوسرا شخص اس کے پاس سورہ یاسین کی تلاوت کرے تو رضوان جنت بہشت کے پانی کا ایک کاسہ لا کر اسے دیتا ہے جسے وہ پیتا ہے اور سیراب ہو کر اس دنیا سے رخصت ہوتا ہے اور اپنی قبر سے سیراب ہی اٹھے گا اور نبیوں کے کسی حوض کا محتاج نہ ہوگا حتی کہ وہ سیراب ہو کر جنت میں داخل ہوگا۔ نیز منقول ہے کہ سورہ یاسین اپنے پڑھنے والے کو دنیا اور آخرت کی بھلائی عنایت کرے گا، قیامت کی ہولنا کی اور دنیا کی بلاؤں سے بچائے گا نیز ہر شر کو اس سے دور کرے گا اور اسکی ہر حاجت بر لائے گا سورہ یاسین پڑھنے والے کے لیے بیس حج کا ثواب ہے اور اسے سننے والے کے لیے ہزار نور، ہزار رحمتیں اور ہزار برکتیں ہوں گی اور یہ سورہ اس کو ہر مصیبت سے نجات دلائے گا حضورؐ سے مروی ہے کہ جو شخص قبرستان میں سورہ یاسین کی تلاوت کرے تو خدا وہاں مدفون لوگوں کے عذاب میں کمی کریگا اور اسکو مردوں کی تعداد کے برابر نیکیاں عطا فرمائیگا امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو شخص دن میں سورہ یاسین پڑھے وہ رات تک محفوظ رہے گا اور روزی سے نوازا جائے گا اور جو شخص رات کو سونے سے پہلے یہ سورہ پڑھے تو خدا اسکو ہر آفت اور شیطان کے ہر شر سے بچانے کیلئے ہزار فرشتے مقرر کرے گا اور اگر وہ اسی روز مر جائے تو خدا اسکو جنت میں داخل فرمائے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

يٰسٓ ﴿١﴾ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ ﴿٢﴾ اِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ ﴿٣﴾ عَلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ ﴿٤﴾

یاسین۔ پُرحکمت قرآن کی قسم۔ (اے رسول) بے شک آپ ضرور پیغمبروں میں سے ہیں۔ سیدھے راستے پر (قائم) ہیں

تَنْزِيْلَ الْعَزِيْزِ الرَّحِيْمِ ﴿٥﴾ لِتُنْذِرَ قَوْمًا مَّآ اُنْذِرَ اٰبَآؤُهُمْ فَهُمْ غٰفِلُوْنَ ﴿٦﴾ لَقَدْ

یہ (قرآن) بڑے مہربان غالب خدا کا نازل کردہ ہے تاکہ تم ان لوگوں کو ڈراؤ جن کے باپ دادا نہیں ڈرائے گئے پس وہ بے خبر ہیں یقیناً

حَقَّ الْقَوْلُ عَلٰٓى اَكْثَرِهِمْ فَهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝٧ اِنَّا جَعَلْنَا فِيْٓ اَعْنَاقِهِمْ اَغْلٰلًا

ان میں اکثر پر حق واضح ہو چکا لیکن وہ ایمان نہ لائیں گے بے شک ہم نے ان کی گردنوں میں طوق ڈال دیئے ہیں

فَهِيَ اِلَى الْاَذْقَانِ فَهُمْ مُّقْمَحُوْنَ ۝٨ وَجَعَلْنَا مِنْۢ بَيْنِ اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَّمِنْ

جو انکی ٹھوڑیوں تک ہیں اور انہوں نے منہ اٹھا رکھے ہیں ہم نے ان کے آگے اور پیچھے دیوار

خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لَا يُبْصِرُوْنَ ۝٩ وَسَوَآءٌ عَلَيْهِمْ ءَاَنْذَرْتَهُمْ اَمْ

کھڑی کر کے انہیں ڈھانپ دیا لہذا وہ کچھ نہیں دیکھتے اور ان کیلئے برابر ہے آپ انہیں ڈرائیں یا نہ ڈرائیں

لَمْ تُنْذِرْهُمْ لَا يُؤْمِنُوْنَ ۝١٠ اِنَّمَا تُنْذِرُ مَنِ اتَّبَعَ الذِّكْرَ وَخَشِيَ الرَّحْمٰنَ

وہ ایمان نہیں لائیں گے بس آپ اسی کو ڈرا سکتے ہیں جو نصیحت مانے اوران دیکھے خدا سے

بِالْغَيْبِ ۚ فَبَشِّرْهُ بِمَغْفِرَةٍ وَّاَجْرٍ كَرِيْمٍ ۝١١ اِنَّا نَحْنُ نُحْيِ الْمَوْتٰى وَنَكْتُبُ مَا

ڈرے آپ اسے بخشش اورباعزت اجر کی نوید دے دیں یقینا ہم ہی مردوں کو زندہ کرتے ہیں اور جو کچھ پہلے

قَدَّمُوْا وَاٰثَارَهُمْ ۭ وَكُلَّ شَيْءٍ اَحْصَيْنٰهُ فِيْٓ اِمَامٍ مُّبِيْنٍ ۝١٢ۧ وَاضْرِبْ لَهُمْ مَّثَلًا

لوگ کر چکے اور ہم انکے آثار کو لکھتے جاتے ہیں اور ہم نے ہر چیز کو ایک واضح پیشوا کے تابع کر دیا ہے اور ان کیلئے (بستی انطاکیہ)

اَصْحٰبَ الْقَرْيَةِ ۘ اِذْ جَاۗءَهَا الْمُرْسَلُوْنَ ۝١٣ۚ اِذْ اَرْسَلْنَآ اِلَيْهِمُ اثْنَيْنِ فَكَذَّبُوْهُمَا

والوں کی مثال بیان کریں جب انکے پاس رسول آئے جب ہم نے انکی طر ف دو رسول بھیجے

فَعَزَّزْنَا بِثَالِثٍ فَقَالُوْٓا اِنَّآ اِلَيْكُمْ مُّرْسَلُوْنَ ۝١٤ قَالُوْا مَآ اَنْتُمْ اِلَّا بَشَرٌ مِّثْلُنَا ۙ

تو انھوں انکو جھٹلایا تب ہم نے انکو تیسرے(رسول) سے قوت دی تو انہوں نے کہا ہم تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں ان لوگوں نے کہا

وَمَآ اَنْزَلَ الرَّحْمٰنُ مِنْ شَيْءٍ ۙ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا تَكْذِبُوْنَ ۝١٥ قَالُوْا رَبُّنَا يَعْلَمُ اِنَّآ

تم بھی ہمارے جیسے آدمی ہی ہو اور رحمن نے کچھ بھی نازل نہیں کیا تم واضح جھوٹ بول رہے ہو انہوں نے کہا ہمارا رب جانتا ہے کہ

اِلَيْكُمْ لَمُرْسَلُوْنَ ۝١٦ وَمَا عَلَيْنَآ اِلَّا الْبَلٰغُ الْمُبِيْنُ ۝١٧ قَالُوْٓا اِنَّا تَطَيَّرْنَا بِكُمْ ۚ

ہم ضرور تمہاری طرف بھیجے گئے ہیں اور ہمارا کام تو بس پیغام پہنچا دینا ہے وہ بولے ہم نے تمہیں بد شگون پایا

لَىِٕنْ لَّمْ تَنْتَهُوْا لَنَرْجُمَنَّكُمْ وَلَيَمَسَّنَّكُمْ مِّنَّا عَذَابٌ اَلِيْمٌ ۝١٨ قَالُوْا طَاۗىِٕرُكُمْ

اگر تم باز نہ آئے تو ہم تمہیں ضرور سنگسار کریں گے اور ہمارے ہاتھوں تمہیں درد ناک عذاب پہنچے گا وہ بولے

مَّعَكُمْ ۭ اَىِٕنْ ذُكِّرْتُمْ ۭ بَلْ اَنْتُمْ قَوْمٌ مُّسْرِفُوْنَ ۝١٩ وَجَاۗءَ مِنْ اَقْصَا الْمَدِيْنَةِ

تمہاری بدشگونی تمہارے ساتھ ہے کیا تم نصیحت کو برا سمجھتے ہو بلکہ تم حد سے بڑھنے والے ہو اور شہر کے آخری کنارے سے

رَجُلٌ يَّسْعٰى قَالَ يٰقَوْمِ اتَّبِعُوا الْمُرْسَلِيْنَ ۙ﴿۲۰﴾ اتَّبِعُوْا مَنْ لَّا يَسْـَٔلُكُمْ اَجْرًا

ایک شخص دوڑتا ہوا آیا اس نے کہا اے لوگو ان رسولوں کی پیروی کرو ۔ہاں ان کی پیروی کرو جو تم سے کوئی اجر نہیں مانگتے

وَّهُمْ مُّهْتَدُوْنَ ﴿۲۱﴾ وَمَا لِيَ لَآ اَعْبُدُ الَّذِيْ فَطَرَنِيْ وَاِلَيْهِ تُرْجَعُوْنَ ﴿۲۲﴾ ءَاَتَّخِذُ مِنْ

اور یہ تو ہدایت یافتہ ہیں مجھے کیا ہوا ہے کہ میں اپنے پیدا کرنے والے کی عبادت نہ کروں اور تم اسی کی طرف لوٹائے جاؤ گے۔کیا میں

دُوْنِهٖٓ اٰلِهَةً اِنْ يُّرِدْنِ الرَّحْمٰنُ بِضُرٍّ لَّا تُغْنِ عَنِّيْ شَفَاعَتُهُمْ شَيْـًٔا وَّلَا

اس کے سوا دوسرے معبود بنا لوں؟ اگر خدا مجھے کوئی تکلیف دے تو نہ انکی شفاعت کام آئے نہ وہ مجھے چھڑا سکیں تب یقیناً

يُنْقِذُوْنِ ﴿۲۳﴾ اِنِّيْٓ اِذًا لَّفِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ﴿۲۴﴾ اِنِّيْٓ اٰمَنْتُ بِرَبِّكُمْ فَاسْمَعُوْنِ ﴿۲۵﴾ قِيْلَ

میں کھلی گمراہی میں ہوں گا میری مانو کہ میں تمہارے رب پر ایمان لایا ہوں (قوم نے اسے مار ڈالا تو) کہا گیا

ادْخُلِ الْجَنَّةَ ۭ قَالَ يٰلَيْتَ قَوْمِيْ يَعْلَمُوْنَ ﴿۲۶﴾ بِمَا غَفَرَ لِيْ رَبِّيْ وَجَعَلَنِيْ مِنَ

جنت میں داخل ہو جا اس نے کہا کاش میری قوم جان لیتی کہ میرے رب نے مجھے بخش دیا اور عزت والوں میں

الْمُكْرَمِيْنَ ﴿۲۷﴾ وَمَآ اَنْزَلْنَا عَلٰي قَوْمِهٖ مِنْۢ بَعْدِهٖ مِنْ جُنْدٍ مِّنَ السَّمَاۗءِ وَمَا كُنَّا

شامل کردیا ہے اس شہید کے بعد ہم نے اسکی قوم پر آسمان سے لشکر نہ اتارا نہ ہم اتارنے والے تھے

مُنْزِلِيْنَ ﴿۲۸﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ خٰمِدُوْنَ ﴿۲۹﴾ يٰحَسْرَةً عَلَى

وہ تو ایک چنگھاڑ ہی تھی جس سے وہ بجھ کر رہ گئے لوگوں کے حال پر

الْعِبَادِ ۚ مَا يَاْتِيْهِمْ مِّنْ رَّسُوْلٍ اِلَّا كَانُوْا بِهٖ يَسْتَهْزِءُوْنَ ﴿۳۰﴾ اَلَمْ يَرَوْا كَمْ

افسوس ہے کہ ان کے پاس جو بھی رسول آیا وہ اس کا مذاق اڑاتے تھے ۔کیا انہوں نے دیکھا

اَهْلَكْنَا قَبْلَهُمْ مِّنَ الْقُرُوْنِ اَنَّهُمْ اِلَيْهِمْ لَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۳۱﴾ وَاِنْ كُلٌّ لَّمَّا جَمِيْعٌ

نہیں کہ ہم نے ان سے پہلے کئی قومیں ہلاک کر دیں جو ان کی طرف لوٹنے والی نہیں۔البتہ وہ اکٹھے ہمارے سامنے

لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۳۲﴾ وَاٰيَةٌ لَّهُمُ الْاَرْضُ الْمَيْتَةُ ۚ اَحْيَيْنٰهَا وَاَخْرَجْنَا مِنْهَا حَبًّا

حاضر ہوں گے اور مردہ زمین بھی ان کیلئے ایک نشانی ہے جسے ہم نے زندہ کیا ہم نے اس سے غلہ نکالا اور وہ اسے کھاتے ہیں

فَمِنْهُ يَاْكُلُوْنَ ﴿۳۳﴾ وَجَعَلْنَا فِيْهَا جَنّٰتٍ مِّنْ نَّخِيْلٍ وَّاَعْنَابٍ وَّفَجَّرْنَا فِيْهَا مِنَ

اور ہم نے اس میں کھجوروں اور انگوروں کے باغ اگائے اور ہم نے اس میں کچھ

الْعُيُوْنِ ﴿۳۴﴾ لِيَاْكُلُوْا مِنْ ثَمَرِهٖ ۙ وَمَا عَمِلَتْهُ اَيْدِيْهِمْ ۭ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۳۵﴾ سُبْحٰنَ

چشمے جاری کیے تاکہ وہ زمین کے ان پھلو ں کو کھا ئیں جسے ان کے ہاتھوں نے نہیں اگایا۔ کیا وہ شکر نہیں کرتے؟ پاک ہے

الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا

وہ ذات جس نے زمین سے اگنے والی سب چیزوں کے جوڑے پیدا کیے اور انکی جانوں سے بھی اور ان چیزوں سے

یَعْلَمُوْنَ﴿۳۶﴾ وَاٰیَةٌ لَّهُمُ الَّیْلُ ۖۚ نَسْلَخُ مِنْهُ النَّهَارَ فَاِذَا هُمْ مُّظْلِمُوْنَ﴿۳۷﴾

جن کو وہ نہیں جانتے اور رات بھی ان کیلئے ایک نشانی ہے کہ ہم اس میں سے دن کو کھینچ لیتے ہیں تو وہ اندھیرے میں رہ جاتے ہیں۔

وَالشَّمْسُ تَجْرِیْ لِمُسْتَقَرٍّ لَّهَا ؕ ذٰلِكَ تَقْدِیْرُ الْعَزِیْزِ الْعَلِیْمِ﴿۳۸﴾ وَالْقَمَرَ

اور سورج اپنے مدار پر چلتا رہتاہے اور یہ بڑے علم اور غلبے والے کا مقرر کیا ہوا اندازہ ہے اور ہم نے چاند

قَدَّرْنٰهُ مَنَازِلَ حَتّٰى عَادَ كَالْعُرْجُوْنِ الْقَدِیْمِ﴿۳۹﴾ لَا الشَّمْسُ یَنْۢبَغِیْ لَهَاۤ اَنْ

کے لیے منزلیں مقررکی ہیں کہ آخر میں کھجور کی سوکھی ٹہنی کا سا ہو جاتا ہے نہ سو رج کے بس میں ہے کہ چاند کو لے جائے

تُدْرِكَ الْقَمَرَ وَلَا الَّیْلُ سَابِقُ النَّهَارِ ؕ وَكُلٌّ فِیْ فَلَكٍ یَّسْبَحُوْنَ﴿۴۰﴾ وَاٰیَةٌ لَّهُمْ اَنَّا

اور نہ رات دن پر سبقت کر سکتی ہے اور یہ سب اپنے اپنے مدار میں چکر لگارہے ہیں اور ان کے لیے ایک نشانی یہ ہے

حَمَلْنَا ذُرِّیَّتَهُمْ فِی الْفُلْكِ الْمَشْحُوْنِ﴿۴۱﴾ وَخَلَقْنَا لَهُمْ مِّنْ مِّثْلِهٖ مَا یَرْكَبُوْنَ﴿۴۲﴾

کہ ہم نے بھری کشتی میں ان کی اولاد کو اٹھایا اور ہم نے ان کیلئے کشتی کی مانند ہی چیزیں بنائیں جن پر و ہ سوار ہوتے ہیں

وَاِنْ نَّشَاْ نُغْرِقْهُمْ فَلَا صَرِیْخَ لَهُمْ وَلَا هُمْ یُنْقَذُوْنَ﴿۴۳﴾ اِلَّا رَحْمَةً مِّنَّا وَمَتَاعًا

اور اگر ہم چاہیں تو انہیں غرق کر دیں تو نہ کوئی انکا فریاد رس ہو گا نہ وہ بچ سکیں گے مگر یہ کہ ہم ان پر رحمت کریں

اِلٰى حِیْنٍ﴿۴۴﴾ وَاِذَا قِیْلَ لَهُمُ اتَّقُوْا مَا بَیْنَ اَیْدِیْكُمْ وَمَا خَلْفَكُمْ لَعَلَّكُمْ

اور ایک وقت تک فائدہ پہنچائیں اور جب ان سے کہا جائے کہ اس عذاب سے ڈرو جو تمہارے سامنے اور تمہارے پیچھے ہے تاکہ تم پر

تُرْحَمُوْنَ﴿۴۵﴾ وَمَا تَاْتِیْهِمْ مِّنْ اٰیَةٍ مِّنْ اٰیٰتِ رَبِّهِمْ اِلَّا كَانُوْا عَنْهَا مُعْرِضِیْنَ﴿۴۶﴾

رحم کیا جائے تو وہ توجہ نہیں کرتے اور انکے رب کی نشانیوں میں سے جو نشانی بھی انکے پاس آتی ہے وہ اس سے منہ پھیر لیتے ہیں

وَاِذَا قِیْلَ لَهُمْ اَنْفِقُوْا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللّٰهُ ۙ قَالَ الَّذِیْنَ كَفَرُوْا لِلَّذِیْنَ اٰمَنُوْۤا

اور جب ان سے کہا جائے کہ اللہ کے دیئے ہوئے رزق سے خرچ کرو تو کافرمؤمنین سے کہتے ہیں کیا ہم اسے کھلائیں

اَنُطْعِمُ مَنْ لَّوْ یَشَآءُ اللّٰهُ اَطْعَمَهٗۤ ۖۗ اِنْ اَنْتُمْ اِلَّا فِیْ ضَلٰلٍ مُّبِیْنٍ﴿۴۷﴾ وَیَقُوْلُوْنَ

جسے اللہ چاہتا تو کھلا دیتا۔تم توکھلی گمراہی میں ہو۔ اور وہ کہتے ہیں کہ اگر تم سچے ہو تو بتاؤ یہ وعدہ

مَتٰى هٰذَا الْوَعْدُ اِنْ كُنْتُمْ صٰدِقِیْنَ﴿۴۸﴾ مَا یَنْظُرُوْنَ اِلَّا صَیْحَةً وَّاحِدَةً

کب پورا ہو گا؟یہ ایک سخت آواز کا ہی تو انتظار کر رہے ہیں جو ان کو آ پکڑے گی

تَاْخُذُهُمْ وَهُمْ يَخِصِّمُوْنَ ﴿۴۹﴾ فَلَا يَسْتَطِيْعُوْنَ تَوْصِيَةً وَّلَآ اِلٰٓى اَهْلِهِمْ

اور وہ جھگڑ رہے ہوں گے پس نہ وہ وصیت کر سکیں گے نہ وہ اپنے گھر والوں کی طرف لوٹ سکیں گے اور(جب) صور پھونک

يَرْجِعُوْنَ ﴿۵۰﴾ وَنُفِخَ فِي الصُّوْرِ فَاِذَا هُمْ مِّنَ الْاَجْدَاثِ اِلٰى رَبِّهِمْ يَنْسِلُوْنَ ﴿۵۱﴾

دیا جائے گا تو وہ اپنی قبروں سے (نکل کر)اپنے رب کی طرف چل پڑیں گے اور کہیں گے ہائے ہماری تباہی ہو گئی ہمیں کس نے ہماری

قَالُوْا يٰوَيْلَنَا مَنْۢ بَعَثَنَا مِنْ مَّرْقَدِنَا ۜ هٰذَا مَا وَعَدَ الرَّحْمٰنُ وَصَدَقَ

خوابگاہ سے اٹھا دیا؟ یہ ہے جس کا وعدہ رحمن نے کیا تھا اور رسولوں نے سچ کہا تھا کہ وہ ایک سخت

الْمُرْسَلُوْنَ ﴿۵۲﴾ اِنْ كَانَتْ اِلَّا صَيْحَةً وَّاحِدَةً فَاِذَا هُمْ جَمِيْعٌ لَّدَيْنَا مُحْضَرُوْنَ ﴿۵۳﴾

آواز ہوگی اور اسی وقت وہ سب ہمارے ہاں حاضر کیے جائیں گے۔

فَالْيَوْمَ لَا تُظْلَمُ نَفْسٌ شَيْـًٔا وَّلَا تُجْزَوْنَ اِلَّا مَا كُنْتُمْ تَعْمَلُوْنَ ﴿۵۴﴾ اِنَّ

پس آج کسی جان پر کچھ ظلم نہ ہو گا اور جو تم کرتے رہے صرف اسی کا

اَصْحٰبَ الْجَنَّةِ الْيَوْمَ فِيْ شُغُلٍ فٰكِهُوْنَ ﴿۵۵﴾ هُمْ وَاَزْوَاجُهُمْ فِيْ ظِلٰلٍ عَلَى

تمہیں بدلہ دیا جائے گا بے شک آج کے دن اہلِ جنت دل بہلانے میں لگے ہوئے ہیں۔ وہ اور انکی بیویاں گھنے سایوں میں

الْاَرَآئِكِ مُتَّكِـُٔوْنَ ﴿۵۶﴾ لَهُمْ فِيْهَا فَاكِهَةٌ وَّلَهُمْ مَّا يَدَّعُوْنَ ﴿۵۷﴾ سَلٰمٌ ۚ قَوْلًا مِّنْ

تختوں پر تکیے لگائے ہوئے ہیں۔ جنت میں ان کے لیے میوے ہیں اور جو کچھ بھی وہ طلب کریں (ان پر) مہربان خدا کی طرف سے

رَّبٍّ رَّحِيْمٍ ﴿۵۸﴾ وَامْتَازُوا الْيَوْمَ اَيُّهَا الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۵۹﴾ اَلَمْ اَعْهَدْ اِلَيْكُمْ يٰبَنِيْٓ

سلام آئے گا (حکم ہو گا) گنہگارو آج تم الگ ہو جاؤ۔ اے اولاد آدم کیا میں نے تمہیں حکم نہیں دیا تھا کہ

اٰدَمَ اَنْ لَّا تَعْبُدُوا الشَّيْطٰنَ ۚ اِنَّهٗ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِيْنٌ ﴿۶۰﴾ وَّاَنِ اعْبُدُوْنِيْ ؕ هٰذَا

شیطان کی عبادت نہ کرنا کیونکہ یقینا وہ تمہارا کھلا دشمن ہے اور یہ کہ میری ہی عبادت کرنا

صِرَاطٌ مُّسْتَقِيْمٌ ﴿۶۱﴾ وَلَقَدْ اَضَلَّ مِنْكُمْ جِبِلًّا كَثِيْرًا ؕ اَفَلَمْ تَكُوْنُوْا

کیونکہ یہی سیدھا راستہ ہے اور اس(شیطان) نے تم میں سے بہت سے لوگوں کو گمراہ کیا۔کیا تم

تَعْقِلُوْنَ ﴿۶۲﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ كُنْتُمْ تُوْعَدُوْنَ ﴿۶۳﴾ اِصْلَوْهَا الْيَوْمَ بِمَا كُنْتُمْ

سمجھتے نہیں تھے؟یہ وہی جہنم ہے جس کا تم سے وعدہ کیا تھا آج اس میں داخل ہو جاؤ کیونکہ تم

تَكْفُرُوْنَ ﴿۶۴﴾ اَلْيَوْمَ نَخْتِمُ عَلٰٓى اَفْوَاهِهِمْ وَتُكَلِّمُنَآ اَيْدِيْهِمْ وَتَشْهَدُ اَرْجُلُهُمْ

کفر کرتے تھے۔آج ہم ان کے ہونٹوں پر مہر لگادیں گے تو ان کے ہاتھ ہم سے کلام کریں گے اور انکے پاؤں

بِمَا كَانُوْا يَكْسِبُوْنَ ﴿۶۵﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَطَمَسْنَا عَلٰٓى اَعْيُنِهِمْ فَاسْتَبَقُوا الصِّرَاطَ

ان کاموں کی گواہی دیں گے جو وہ کرتے تھے اور اگر ہم چاہتے تو ان کی آنکھیں اندھی کر دیتے پھر وہ راستے کی طرف

فَاَنّٰى يُبْصِرُوْنَ ﴿۶۶﴾ وَلَوْ نَشَآءُ لَمَسَخْنٰهُمْ عَلٰى مَكَانَتِهِمْ فَمَا اسْتَطَاعُوْا مُضِيًّا

دوڑتے تو کہاں دیکھ پاتے؟ اور اگر ہم چاہتے تو ان کے گھروں میں ہی انکی صورتیں بدل دیتے پھرنہ وہ آگے جاسکتے

وَّلَا يَرْجِعُوْنَ ﴿۶۷﴾ وَمَنْ نُّعَمِّرْهُ نُنَكِّسْهُ فِى الْخَلْقِ ؕ اَفَلَا يَعْقِلُوْنَ ﴿۶۸﴾ وَمَا عَلَّمْنٰهُ

نہ پیچھے مڑسکتے اور جسے ہم لمبی عمر دیتے ہیں ،اسے کمزور خلقت میں پھیر دیتے ہیں۔کیا یہ سمجھتے نہیں؟ اور ہم نے اپنے نبی کو

الشِّعْرَ وَمَا يَنْۢبَغِىْ لَهٗ ؕ اِنْ هُوَ اِلَّا ذِكْرٌ وَّقُرْاٰنٌ مُّبِيْنٌ ﴿۶۹﴾ لِّيُنْذِرَ مَنْ كَانَ حَيًّا

شعر کہنا نہیں سکھایا اورنہ یہ انکے شایان شان ہے یہ کتاب تو نصیحت اور روشن قرآن ہے تاکہ وہ اسے ڈرائیں جو زندہ ہو

وَّيَحِقَّ الْقَوْلُ عَلَى الْكٰفِرِيْنَ ﴿۷۰﴾ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّا خَلَقْنَا لَهُمْ مِّمَّا عَمِلَتْ اَيْدِيْنَآ

اور کافروں پر حجت قائم ہو جائے کیا انہوں نے نہیں دیکھا کہ ہم نے اپنے دست قدرت سے بنائی ہوئی

اَنْعَامًا فَهُمْ لَهَا مٰلِكُوْنَ ﴿۷۱﴾ وَذَلَّلْنٰهَا لَهُمْ فَمِنْهَا رَكُوْبُهُمْ وَمِنْهَا يَاْكُلُوْنَ ﴿۷۲﴾

مخلوق میں سے ان کیلئے مویشی بنائے جنکے وہ مالک ہیں اور ہم نے چوپاؤں کو انکے تابع کر دیا تو ان میں سے بعض انکی سواریاں ہیں

وَلَهُمْ فِيْهَا مَنَافِعُ وَمَشَارِبُ ؕ اَفَلَا يَشْكُرُوْنَ ﴿۷۳﴾ وَاتَّخَذُوْا مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ اٰلِهَةً

اور بعض کو وہ کھاتے ہیں اور ان کیلئے ان میں فائدے اور پینے کی چیزیں ہیں تو کیا وہ شکر نہیں کرتے؟ اور انہوں نے خدا کے علاوہ

لَّعَلَّهُمْ يُنْصَرُوْنَ ﴿۷۴﴾ ؕ لَا يَسْتَطِيْعُوْنَ نَصْرَهُمْ ۙ وَهُمْ لَهُمْ جُنْدٌ مُّحْضَرُوْنَ ﴿۷۵﴾

معبود بنا لیے شاید کہ ان سے مدد پائیں وہ انکی مدد نہیں کر سکتے اور یہ کافر انکے لشکر ہیں جو حاضر کیے جائیں گے

فَلَا يَحْزُنْكَ قَوْلُهُمْ ۘ اِنَّا نَعْلَمُ مَا يُسِرُّوْنَ وَمَا يُعْلِنُوْنَ ﴿۷۶﴾ اَوَلَمْ يَرَ الْاِنْسَانُ

پس انکی باتیں تمہیں غمزدہ نہ کریں بے شک ہم جانتے ہیں جو کچھ وہ چھپاتے اور جو ظاہر کرتے ہیں۔ کیا انسان نے

اَنَّا خَلَقْنٰهُ مِنْ نُّطْفَةٍ فَاِذَا هُوَ خَصِيْمٌ مُّبِيْنٌ ﴿۷۷﴾ وَضَرَبَ لَنَا مَثَلًا وَّنَسِيَ

نہیں دیکھا کہ ہم نے اسے نطفے سے پیدا کیاپھر اچانک وہ ہمارا ہی کھلا مقابل بن گیا ہے اور ہمارے لیے مثال بیان کرنے لگا

خَلْقَهٗ ؕ قَالَ مَنْ يُّحْىِ الْعِظَامَ وَهِىَ رَمِيْمٌ ﴿۷۸﴾ قُلْ يُحْيِيْهَا الَّذِىْٓ اَنْشَاَهَآ اَوَّلَ

اور اپنی پیدائش کو بھول گیا کہنے لگا کون ہڈیوں کو زندہ کرے گا جبکہ وہ گل سڑ گئیں ہونگیں کہہ دو انہیں وہی زندہ کرے گا جس نے ان کو

مَرَّةٍ ؕ وَهُوَ بِكُلِّ خَلْقٍ عَلِيْمٌ ﴿۷۹﴾ ۙ الَّذِىْ جَعَلَ لَكُمْ مِّنَ الشَّجَرِ الْاَخْضَرِ نَارًا

پہلی مرتبہ پیدا کیا اور وہ ہر پیدائش کو جاننے والا ہے جس نے تمہارے لیے سبز درخت سے آگ پیدا کی کہ تم فورا ہی

فَاِذَآ اَنْتُمْ مِّنْهُ تُوْقِدُوْنَ﴿۸۰﴾ اَوَلَیْسَ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ بِقٰدِرٍ

اس سے آگ روشن کرتے ہو کیا وہ جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا وہ ان جیسے اور لوگوں کو پیدا کرنے پر

عَلٰۤى اَنْ یَّخْلُقَ مِثْلَهُمْ ؕ بَلٰى ۙ وَهُوَ الْخَلّٰقُ الْعَلِیْمُ﴿۸۱﴾ اِنَّمَاۤ اَمْرُهٗۤ اِذَاۤ اَرَادَ شَیْــٴًـا

قادر نہیں ہے ؟ ہاں وہ بہت کچھ پیدا کرنے والا ہے یہی تو اس کا حکم ہے کہ جب وہ کسی چیز کا

اَنْ یَّقُوْلَ لَهٗ كُنْ فَیَكُوْنُ﴿۸۲﴾ فَسُبْحٰنَ الَّذِیْ بِیَدِهٖ مَلَكُوْتُ كُلِّ شَیْءٍ وَّاِلَیْهِ

ارادہ کرے اور کہے ہو جا ،تو وہ ہو جاتی ہے پس پاک ہے وہ ذات جس کے دست قدرت میں ہر چیز کی حکومت ہے اور تم اسی کی طرف

تُرْجَعُوْنَ﴿۸۳﴾

پلٹائے جاؤ گے۔

فضائل سورۂ رحمن

حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے مروی ہے کہ سورہ رحمن کی تلاوت کبھی ترک نہ کرو، کیونکہ یہ سورہ منافقوں کے دل میں نہیں ٹھہرتا، یہ سورہ قیامت کے دن ایک خوبصورت شخص کی شکل میں عمدہ ترین خوشبو کیساتھ بارگاہ الٰہی میں ایسی جگہ پر آ کر کھڑا ہوگا کہ خدا کے نزدیک اس سے زیادہ اور کوئی نہ ہوگا اور خدا تعالیٰ اس سورہ سے فرمائے گا کہ کون تجھے اپنی دنیاوی زندگی میں ہمیشہ پڑھا کرتا تھا۔تو یہ عرض کرے گا کہ فلاں فلاں شخص میری تلاوت کرتا تھا تو اسی لمحے میں پڑھنے والوں کے چہرے روشن ہو جائیں گے۔خدا ان سے فرمائے گا کہ تم لوگ جس کی چاہو شفاعت کرو۔اور وہ اتنی شفاعت کرینگے کہ کوئی بھی ایسا شخص باقی نہ رہیگا کہ جسکی شفاعت کا ارادہ رکھتے ہوں اور اسکی شفاعت نہ کرسکیں پھر خدا ان سب کو فرمائے گا کہ تم جنت میں داخل ہو جاؤ اور جہاں چاہو اس میں رہو۔امام جعفر صادقؑ کا فرمان ہے کہ جو شخص سورہ رحمن پڑھے اور جب فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ پر پہنچے تو کہے: لَا بِشَیْءٍ مِنْ اٰلَائِكَ رَبِّ اُكَذِّبُ۔ (اے پروردگار میں تیری نعمتوں میں سے کسی بھی نعمت کی تکذیب نہیں کرتا) اگر کوئی شخص رات کو یہ سورہ پڑھے اور اسی رات مرجائے تو وہ شہید قرار پائے گا اسی طرح اگر دن میں پڑھے اور مرجائے تو بھی شہید کی موت مرے گا۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَلرَّحْمٰنُ ۙ﴿۱﴾ عَلَّمَ الْقُرْاٰنَ ؕ﴿۲﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ ۙ﴿۳﴾ عَلَّمَهُ الْبَیَانَ ﴿۴﴾ اَلشَّمْسُ وَالْقَمَرُ

بڑا مہربان (خدا ہے) اسی نے قرآن سکھایا (اور)انسان کو پیدا کیا(اور)اسے بات کرنا سکھایا سورج اور چاند

بِحُسْبَانٍ ﴿۵﴾ وَّالنَّجْمُ وَالشَّجَرُ یَسْجُدٰنِ ﴿۶﴾ وَالسَّمَآءَ رَفَعَهَا وَوَضَعَ الْمِیْزَانَ ﴿۷﴾ۙ

حساب سے چلتے ہیں زمین پر پھیلنے والی بیلیں اور درخت اسے سجدہ کرتے ہیں خدا نے آسمان کو اونچا بنایا اور ترازو کو قائم کیا

اَلَّا تَطْغَوْا فِی الْمِیْزَانِ ﴿۸﴾ وَاَقِیْمُوا الْوَزْنَ بِالْقِسْطِ وَلَا تُخْسِرُوا الْمِیْزَانَ ﴿۹﴾

کہ تم تولنے میں بے انصافی نہ کرو اور انصاف سے وزن کو درست رکھو اور تولنے میں کمی نہ کرو

وَالْاَرْضَ وَضَعَهَا لِلْاَنَامِ ۙ﴿۱۰﴾ فِیْهَا فَاكِهَةٌ ۙ وَّالنَّخْلُ ذَاتُ الْاَكْمَامِ ﴿۱۱﴾ۖ وَالْحَبُّ

اور اسی نے مخلوق کیلئے زمین بنائی کہ جس میں میوے اور کھجور کے درخت ہیں جنکے خوشے غلافوں میں ہیں اوربھوسے دار

ذُو الْعَصْفِ وَالرَّیْحَانُ ﴿۱۲﴾ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۱۳﴾ خَلَقَ الْاِنْسَانَ مِنْ

غلہ اور خوشبودار پھول پیدا کئے۔ اے جن و انس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو نہ مانو گے اس نے انسان کو ٹھیکری کی طرح بجتی ہوئی

صَلْصَالٍ كَالْفَخَّارِ ۙ﴿۱۴﴾ وَخَلَقَ الْجَآنَّ مِنْ مَّارِجٍ مِّنْ نَّارٍ ﴿۱۵﴾ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

مٹی سے پیدا کیا اور جنات کو آگ کے شعلے سے بنایا تو اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو نہ مانو گے وہی دونوں مشرقوں

تُكَذِّبٰنِ ﴿۱۶﴾ رَبُّ الْمَشْرِقَیْنِ وَرَبُّ الْمَغْرِبَیْنِ ﴿۱۷﴾ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۱۸﴾

اور دونوں مغربوں کا رب ہے تو اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو نہ مانو گے اس نے دو سمندر جاری کیے (جو) ملے

مَرَجَ الْبَحْرَیْنِ یَلْتَقِیٰنِ ۙ﴿۱۹﴾ بَیْنَهُمَا بَرْزَخٌ لَّا یَبْغِیٰنِ ﴿۲۰﴾ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

ہوئے ہیں انکے درمیان آڑ سی ہے وہ تجاوز نہیں کر سکتے تو اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو نہ مانو گے ان سمندروں

تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۱﴾ یَخْرُجُ مِنْهُمَا اللُّؤْلُؤُ وَالْمَرْجَانُ ﴿۲۲﴾ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۳﴾ وَلَهُ

سے موتی اور گھونگے نکلتے ہیں تو اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو نہ مانو گے اور سمندر میں چلنے والی پہاڑ جیسی اونچی

الْجَوَارِ الْمُنْشَـَٔاتُ فِی الْبَحْرِ كَالْاَعْلَامِ ﴿۲۴﴾ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۵﴾ۚ كُلُّ مَنْ

کشتیاں بھی اسی کی ہیں تو اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو نہ مانو گے۔ زمین پر موجود ہر چیز کو فنا ہے صرف تمہارے

عَلَیْهَا فَانٍ ﴿۲۶﴾ۖ وَّیَبْقٰى وَجْهُ رَبِّكَ ذُو الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿۲۷﴾ۚ فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

رب کی ذات باقی رہے گی جو عزت وکرامت والی ہے تو اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو نہ مانو گے ۔آسمانوں اور

تُكَذِّبٰنِ ﴿۲۸﴾ یَسْـَٔلُهٗ مَنْ فِی السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ؕ كُلَّ یَوْمٍ هُوَ فِیْ شَاْنٍ ﴿۲۹﴾ۚ فَبِاَیِّ

زمینوں میں موجود ہر کوئی اسی سے مانگتا ہے وہ ہر آن نئی شان میں ہے تو اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو نہ مانو گے

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۰﴾ سَنَفْرُغُ لَكُمْ اَيُّهَا الثَّقَلٰنِ ﴿۳۱﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

اے دونوں گروہو۔ہم عنقریب تمہاری طرف متوجہ ہوں گے تو اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو نہ مانو گے اے

تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۲﴾ يٰمَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ اِنِ اسْتَطَعْتُمْ اَنْ تَنْفُذُوْا مِنْ اَقْطَارِ

گروہ جن و انس اگر آسمانوں اور زمین کے کناروں سے نکل سکتے ہو تو نکل جاؤ تم کہیں نہ جا سکو گے مگر یہ کہ وہاں بھی اسی کی سلطنت

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ فَانْفُذُوْا ؕ لَا تَنْفُذُوْنَ اِلَّا بِسُلْطٰنٍ ﴿۳۳﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

ہو گی تو اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو نہ مانو گے تم دونوں پر (قیامت میں) آگ کا شعلہ اور دھواں چھوڑا جائے

تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۴﴾ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ ۙ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرٰنِ ﴿۳۵﴾ فَبِاَيِّ

گا تو تم اسے نہ ہٹا سکو گے تو اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو نہ مانو گے پھر جب آسمان پھٹ جائے گا تو وہ سرخ

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۶﴾ فَاِذَا انْشَقَّتِ السَّمَآءُ فَكَانَتْ وَرْدَةً كَالدِّهَانِ ﴿۳۷﴾ فَبِاَيِّ

چمڑے کی طرح ہو جائے گا تو اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو نہ مانو گے پس اس دن کسی کے گناہ کے بارے میں کسی

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۳۸﴾ فَيَوْمَئِذٍ لَّا يُسْـَٔلُ عَنْ ذَنْۢبِهٖٓ اِنْسٌ وَّلَا جَآنٌّ ﴿۳۹﴾ فَبِاَيِّ

جن اور انسان سے نہیں پوچھا جائیگا تو اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو نہ مانو گے (اس دن) مجرم اپنی صورتوں سے

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۰﴾ يُعْرَفُ الْمُجْرِمُوْنَ بِسِيْمٰهُمْ فَيُؤْخَذُ بِالنَّوَاصِيْ

پہچانے جائیں گے اور انہیں پیشانی اور پاؤں سے پکڑا جائیگا تو اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو نہ مانو گے یہ ہے وہ

وَالْاَقْدَامِ ﴿۴۱﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۲﴾ هٰذِهٖ جَهَنَّمُ الَّتِيْ يُكَذِّبُ بِهَا

جہنم جسکا مجرم (لوگ) انکار کیا کرتے تھے وہ آگ اور کھولتے پانی میں چکر لگاتے پھریں گے تو اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن

الْمُجْرِمُوْنَ ﴿۴۳﴾ يَطُوْفُوْنَ بَيْنَهَا وَبَيْنَ حَمِيْمٍ اٰنٍ ﴿۴۴﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۵﴾

کن نعمتوں کو نہ مانو گے اور جو اپنے رب کے سامنے پیشی سے ڈرے اس کیلئے دو باغ ہیں تو اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن کن

وَلِمَنْ خَافَ مَقَامَ رَبِّهٖ جَنَّتٰنِ ﴿۴۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۷﴾ ذَوَاتَآ اَفْنَانٍ ﴿۴۸﴾

نعمتوں کو نہ مانو گے دونوں باغ ہرے بھرے اور لدے ہوئے ہیں تو اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو نہ مانو گے ان

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۴۹﴾ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ تَجْرِيٰنِ ﴿۵۰﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

باغوں میں دو چشمے جاری ہیں تو اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو نہ مانو گے ان باغوں میں ہر پھل کی دو دو قسمیں ہیں تو

تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۱﴾ فِيْهِمَا مِنْ كُلِّ فَاكِهَةٍ زَوْجٰنِ ﴿۵۲﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۳﴾

اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو نہ مانو گے وہ ایسے بستروں پر تکیئے لگائے ہوں گے جن کے استر موٹے ریشم کے

مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى فُرُشٍۭ بَطَآىِٕنُهَا مِنْ اِسْتَبْرَقٍ ؕ وَجَنَا الْجَنَّتَيْنِ دَانٍ ﴿۵۴﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ

ہونگے اور ان باغوں کے پھل قریب تر ہونگے تو اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو نہ مانو گے ان باغوں میں نیچی

رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۵﴾ فِيْهِنَّ قٰصِرٰتُ الطَّرْفِ ۙ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا

نظروں والی بیویاں ہیں جن کو ان سے پہلے کسی جنّ اور انسان نے چھوا تک نہیں تو اے جن و انس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو نہ

جَآنٌّ ﴿۵۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۷﴾ كَاَنَّهُنَّ الْيَاقُوْتُ وَالْمَرْجَانُ ﴿۵۸﴾ فَبِاَيِّ

مانو گے گویا وہ یاقوت اور مونگے ہیں تو اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو نہ مانو گے نیکی کا بدلہ نیکی کے سواء کچھ اور

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۵۹﴾ هَلْ جَزَآءُ الْاِحْسَانِ اِلَّا الْاِحْسَانُ ﴿۶۰﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

نہیں ہوتا تو اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو نہ مانو گے اور ان دونوں کے سوا اور بھی باغ ہیں تو اے جنّ و انس تم

تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۱﴾ وَمِنْ دُوْنِهِمَا جَنَّتٰنِ ﴿۶۲﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۳﴾ مُدْهَآمَّتٰنِ ﴿۶۴﴾

اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو نہ مانو گے وہ دونوں باغ ہرے بھرے ہیں تو اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو نہ مانو

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۵﴾ فِيْهِمَا عَيْنٰنِ نَضَّاخَتٰنِ ﴿۶۶﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا

گے ان میں دو چھلکتے ہوئے چشمے ہیں تو اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو نہ مانو گے ان میں کھجوریں انار اور دوسرے

تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۷﴾ فِيْهِمَا فَاكِهَةٌ وَّنَخْلٌ وَّرُمَّانٌ ﴿۶۸﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۶۹﴾ فِيْهِنَّ

درخت ہیں تو اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو نہ مانو گے ان میں خوبصورت نیک سیرت بیویاں ہیں تو اے جنّ و انس

خَيْرٰتٌ حِسَانٌ ﴿۷۰﴾ فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۱﴾ حُوْرٌ مَّقْصُوْرٰتٌ فِي الْخِيَامِ ﴿۷۲﴾

تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں کو نہ مانو گے وہ حوریں ہیں جو خیموں میں ٹھہرائی ہوئی ہیں تو اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن کن

فَبِاَيِّ اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۳﴾ لَمْ يَطْمِثْهُنَّ اِنْسٌ قَبْلَهُمْ وَلَا جَآنٌّ ﴿۷۴﴾ فَبِاَيِّ

نعمتوں کو نہ مانو گے ان جنتیوں سے پہلے ان حوروں کو کسی جن وبشر نے ہاتھ تک نہیں لگایا تو اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن کن

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۵﴾ مُتَّكِـِٕيْنَ عَلٰى رَفْرَفٍ خُضْرٍ وَّعَبْقَرِيٍّ حِسَانٍ ﴿۷۶﴾ فَبِاَيِّ

نعمتوں کو نہ مانو گے وہ سبز قالینوں اور نفیس بستروں پر تکیے لگائے ہوئے ہوں گے تو اے جنّ و انس تم اپنے رب کی کن کن نعمتوں

اٰلَآءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبٰنِ ﴿۷۷﴾ تَبٰرَكَ اسْمُ رَبِّكَ ذِي الْجَلٰلِ وَالْاِكْرَامِ ﴿۷۸﴾

کو نہ مانو گے تمہارے رب کا نام بڑا بابرکت ہے جو عظمت و بزرگی کا مالک ہے۔

فضائل سورۂ واقعہ

روایت ہوئی ہے کہ عبداللہ ابن مسعود جس بیماری میں فوت ہوئے تھے اسی بیماری میں عثمان بن عفان انکی عیادت کیلئے آئے تھے انہوں نے ابن مسعود سے پوچھا تھا کہ آپ کو کس سے شکایت ہے؟ جواب دیا اپنے گناہوں سے پوچھا کس چیز کی خواہش ہے۔ کہا پالنے والے کی رحمت کی۔ پھر کہا کیا آپ کیلئے طبیب بلاؤں؟ کہنے لگے طبیب ہی نے بیمار کیا ہے مزید کہا کہ آپ کو مال دیئے جانے کا حکم صادر کروں؟ کہا کہ جب میں محتاج تھا تو نہیں دیا اور اب مجھے اسکی حاجت نہیں تو دیتے ہو کہا جو آپ کو میں دے رہا ہوں وہ آپ کی لڑکیوں کیلئے ہوگا ابن مسعود کہنے لگے کہ انہیں اس مال کی حاجت نہیں ہے کیونکہ میں نے انہیں سورہ واقعہ کے پڑھنے کا حکم دیا ہے میں نے رسول اکرمؐ سے سنا ہے کہ جو شخص ہر شب سورۂ واقعہ کی تلاوت کرے تو اسکو کسی قسم کی پریشانی نہ ہوگی۔ امام جعفر صادقؑ سے مروی ہے کہ جو شخص ہر رات سونے سے پہلے سورہ واقعہ پڑھے تو وہ خداوند عالم کے حضور اس طرح آئیگا کہ اسکا چہرہ تابناک ہوگا نیز امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو شخص بہشت اور اس کی نعمتوں کا اشتیاق رکھتا ہو وہ ہر رات سورۂ واقعہ پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہو) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اِذَا وَقَعَتِ الْوَاقِعَةُ ۝١ لَيْسَ لِوَقْعَتِهَا كَاذِبَةٌ ۝٢ خَافِضَةٌ رَّافِعَةٌ ۝٣ اِذَا رُجَّتِ

جب قیامت واقع ہو جائے گی۔ اس کے واقع ہونے میں کوئی جھوٹ نہیں۔ وہ کسی کو پست کسی کو بلند کرے گی۔ جب زمین

الْاَرْضُ رَجًّا ۝٤ وَّبُسَّتِ الْجِبَالُ بَسًّا ۝٥ فَكَانَتْ هَبَآءً مُّنْۢبَثًّا ۝٦ وَّكُنْتُمْ

بڑے زور سے ہلنے لگے گی اور پہاڑ چکنا چور ہو جائیں گے پھر ذرے بن کر اڑنے لگیں گے اور تم لوگ

اَزْوَاجًا ثَلٰثَةً ۝٧ فَاَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْمَيْمَنَةِ ۝٨ وَاَصْحٰبُ

تین قسم کے ہوگے پس داہنے ہاتھ (میں اعمال نامہ لینے) والے۔ کیا ہی اچھے ہیں داہنے ہاتھ والے اور بائیں طرف والے۔ کیا ہی بدبخت

الْمَشْئَمَةِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْمَشْئَمَةِ ۝٩ وَالسّٰبِقُوْنَ السّٰبِقُوْنَ ۝١٠ اُولٰٓئِكَ

ہیں بائیں طرف والے اور آگے رہنے والے تو آگے ہی رہنے والے ہیں وہی خدا کے نزدیک ہیں وہ راحت بخش

الْمُقَرَّبُوْنَ ۝١١ فِيْ جَنّٰتِ النَّعِيْمِ ۝١٢ ثُلَّةٌ مِّنَ الْاَوَّلِيْنَ ۝١٣ وَقَلِيْلٌ مِّنَ الْاٰخِرِيْنَ ۝١٤

باغوں میں ہیں۔ پہلے لوگوں میں سے بڑا گروہ اور پچھلے لوگوں میں سے تھوڑے سے لوگ جوڑواں تختوں پر

عَلٰى سُرُرٍ مَّوْضُوْنَةٍ ۙ﴿۱۵﴾ مُّتَّكِـِٕيْنَ عَلَيْهَا مُتَقٰبِلِيْنَ ﴿۱۶﴾ يَطُوْفُ عَلَيْهِمْ وِلْدَانٌ

تکیہ لگائے آمنے سامنے بیٹھے ہوں گے سدا جوان لڑکے ان کے آگے پیچھے پھرتے ہوں گے جن کے پاس

مُّخَلَّدُوْنَ ۙ﴿۱۷﴾ بِاَكْوَابٍ وَّاَبَارِيْقَ ۙ وَكَاْسٍ مِّنْ مَّعِيْنٍ ۙ﴿۱۸﴾ لَّا يُصَدَّعُوْنَ عَنْهَا وَلَا

ساغر صراحیاں اور شفاف شراب کے جام ہوں گے جس سے نہ ان کو سردرد ہو گا۔اور نہ وہ مدہوش ہوں گے اور انکے دل پسند

يُنْزِفُوْنَ ۙ﴿۱۹﴾ وَفَاكِهَةٍ مِّمَّا يَتَخَيَّرُوْنَ ۙ﴿۲۰﴾ وَلَحْمِ طَيْرٍ مِّمَّا يَشْتَهُوْنَ ؕ﴿۲۱﴾ وَحُوْرٌ عِيْنٌ ۙ﴿۲۲﴾

مزے دار پھل، اور انکے پسندیدہ پرندوں کا گوشت ، اور بڑی آنکھوں والی حور، چھپا کر رکھے ہوئے

كَاَمْثَالِ اللُّؤْلُؤِ الْمَكْنُوْنِ ۚ﴿۲۳﴾ جَزَآءًۢ بِمَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ ﴿۲۴﴾ لَا يَسْمَعُوْنَ فِيْهَا لَغْوًا

موتی طرح کی (حوریں)ہونگیں یہ ان نیک اعمال کی جزا ہے جو وہ کرتے تھے وہاں وہ کوئی بے ہودہ اور گناہ کی بات نہ سنیں گے البتہ

وَّلَا تَاْثِيْمًا ۙ﴿۲۵﴾ اِلَّا قِيْلًا سَلٰمًا سَلٰمًا ﴿۲۶﴾ وَاَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ۙ مَآ اَصْحٰبُ الْيَمِيْنِ ؕ﴿۲۷﴾ فِيْ

ہر طرف سے سلام سلام کی آوازیں ہونگیں اور داہنے ہاتھ والے۔کیا ہی اچھے ہیں داہنے ہاتھ والے وہ

سِدْرٍ مَّخْضُوْدٍ ۙ﴿۲۸﴾ وَّطَلْحٍ مَّنْضُوْدٍ ۙ﴿۲۹﴾ وَّظِلٍّ مَّمْدُوْدٍ ۙ﴿۳۰﴾ وَّمَآءٍ مَّسْكُوْبٍ ۙ﴿۳۱﴾ وَّفَاكِهَةٍ

بے کانٹے کی بیریوں اور گھرے پرے کیلوں اور لمبی چھاؤں اور چھلکتے ہوئے پانی اور بہت سے

كَثِيْرَةٍ ۙ﴿۳۲﴾ لَّا مَقْطُوْعَةٍ وَّلَا مَمْنُوْعَةٍ ۙ﴿۳۳﴾ وَّفُرُشٍ مَّرْفُوْعَةٍ ؕ﴿۳۴﴾ اِنَّاۤ اَنْشَاْنٰهُنَّ

پھلوں میں ہونگے جو نہ ختم ہوں گے نہ کوئی روک ٹوک ہوگی وہ اونچے بستروں پر ہوں گے یقینا ہم نے ان عورتوں کو خاص طور پر بنایا

پھر دو سلاموں کیساتھ مغرب کی چار رکعت نماز نافلہ بجالائیں اور درمیان میں کسی سے بات نہ کریں۔شیخ مفیدؒ فرماتے ہیں: مروی ہے کہ پہلی رکعت میں سورہ کافرون اور دوسری رکعت میں سورہ اخلاص اور دیگر دو رکعتوں میں جو سورہ چاہے پڑھیں۔البتہ روایت ہے کہ امام علی نقیؑ تیسری رکعت میں سورہ حمد کے بعد سورہ حدید کی پہلی آیت سے وَهُوَ عَلِيْمٌ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ تک اور چوتھی رکعت میں سورہ حمد کے بعد سورہ حشر کی آیت لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ سے آخر سورہ پڑھا کرتے تھے اور مستحب ہے کہ ہر شب کے نوافل کے آخری سجدہ اور خصوصاً شب جمعہ کو سات مرتبہ یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ وَاسْمِكَ الْعَظِيْمِ وَمُلْكِكَ الْقَدِيْمِ اَنْ

خدا وندا! تیری ذات کریم ،تیرے بلند وبالا نام اور تیرے قدیم اقتدار کے واسطے سے میں سوال کرتا ہوں کہ تو

تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَنْ تَغْفِرَ لِيْ ذَنْبِيَ الْعَظِيْمَ اِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الْعَظِيْمَ اِلَّا

محمدؐ اور آلؑ محمدؐ پر رحمت فرما اور میرے کبیرہ(بڑے) گناہ معاف کردے کہ بڑے گناہ کو عظیم ذات ہی معاف کر

الْعَظِيْمُ۔ جب مغرب کے نوافل سے فارغ ہوجائیں تو جو چاہیں پڑھیں۔اور پھر دس مرتبہ کہیں:

سکتی ہے۔

مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ پھر یہ کہیں: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ

جو کچھ خدا چاہے۔نہیں کوئی قوت سوائے خدا کے میں اس سے بخشش چاہتا ہوں، خداوند میں تجھ سے سوال کرتا

مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِكَ، وَالنَّجَاةَ مِنَ النَّارِ، وَمِنْ كُلِّ بَلِيَّةٍ،

ہوں۔تیری رحمت کے وسائل اور تیری طرف سے یقینی مغفرت آتش جہنم سے نجات ،بلاؤں سے بچانے، جنت میں

وَالْفَوْزَ بِالْجَنَّةِ، وَالرِّضْوَانَ فِيْ دَارِ السَّلَامِ، وَجِوَارِ نَبِيِّكَ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ

داخل کیے جانے ، دارالسلام میں تیری خوشنودی حاصل ہونے اور تیرے نبی حضرت محمدؐ کے قرب کا ، خداوندا

السَّلَامُ۔ اَللّٰهُمَّ مَا بِنَا مِنْ نِّعْمَةٍ فَمِنْكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، اَسْتَغْفِرُكَ وَاَتُوْبُ

ہمارے پاس جو نعمت ہے وہ تیری طرف سے ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں میں تجھ سے بخشش چاہتا اور تیرے حضور توبہ

اِلَيْكَ۔

کرتا ہوں۔

نماز مغرب وعشاء کے درمیان دو رکعت نماز غفیلہ پڑھیں۔ پہلی رکعت میں حمد کے بعد پڑھیں:

وَذَا النُّوْنِ اِذْ ذَّهَبَ مُغَاضِبًا فَظَنَّ اَنْ لَّنْ نَّقْدِرَ عَلَيْهِ فَنَادٰى فِي الظُّلُمٰتِ اَنْ

اور جب ذالنون غصے کی حالت میں چلا گیا تو اس کا گمان تھا کہ ہم اسے نہیں پکڑیں گے پھر اس نے تاریکیوں میں فریاد کی کہ تیرے

لَا اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ، فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ

سواء کوئی معبود نہیں تو پاک ہے بے شک میں ہی خطا کاروں میں سے ہوں تب ہم نے اسکی گزارش قبول کی اور اسے پریشانی سے بچایا

الْغَمِّ وَكَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ۔ دوسری رکعت میں سورۂ حمد کے بعد پڑھیں: وَعِنْدَهٗ

اور ہم مومنوں کو اسی طرح نجات دیتے ہیں۔ اور غیب کی

مَفَاتِحُ الْغَيْبِ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّا هُوَ وَيَعْلَمُ مَا فِي الْبَرِّ وَالْبَحْرِ وَمَا تَسْقُطُ مِنْ

کنجیاں اسی کے پاس ہیں جسے اس کے سوا کوئی نہیں جانتا اسی کو معلوم ہے جو کچھ خشکی وتری میں ہے کوئی پتہ نہیں گرتا

وَّرَقَةٍ اِلَّا يَعْلَمُهَا وَلَا حَبَّةٍ فِيْ ظُلُمَاتِ الْاَرْضِ وَلَا رَطْبٍ وَّلَا يَابِسٍ اِلَّا فِيْ

مگر یہ کہ وہ اسے جانتا ہے اورزمین کی تاریکیوں میں کوئی دانہ نہیں۔ کوئی خشک وتر نہیں مگر وہ روشن کتاب میں

كِتَابٍ مُّبِيْنٍ اسکے بعد دعائے قنوت کیلئے ہاتھ اٹھائیں اور پڑھیں: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ

مذکور ہے۔ خداوندا میں تجھ سے

بِمَفَاتِحِ الْغَيْبِ الَّتِيْ لَا يَعْلَمُهَا اِلَّآ اَنْتَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاَنْ تَفْعَلَ بِيْ

کلیدہائے غیب کے واسطے سے سوال کرتا ہوں جسے تیرے سوا کوئی نہیں جانتا کہ محمدوآل محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور میرے حق

كَذَا وَكَذَا، کی جگہ اپنی حاجت بیان کریں پھر کہیں: اَللّٰهُمَّ اَنْتَ وَلِيُّ نِعْمَتِيْ

میں یہ کام کردے اے معبود! تو مجھے نعمت عطا

وَالْقَادِرُ عَلٰى طَلِبَتِيْ تَعْلَمُ حَاجَتِيْ فَاَسْئَلُكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ عَلَيْهِ

کرنے والا ہے اور میری حاجت پر قدرت رکھتا ہے میری حاجت کو جانتا ہے پس محمدؐ وآل محمدؐ کے واسطے سے سوال کرتا

وَعَلَيْهِمُ السَّلَامُ لَمَّا قَضَيْتَهَا لِيْ۔

ہوں کہ میری حاجت پوری فرما۔

اس کے بعد اپنی حاجت طلب کریں کیونکہ روایت ہے کہ جو یہ نماز پڑھ کر حاجت طلب کرے تو اسکی حاجت پوری ہوجائے گی۔

تعقیب نماز عشاء منقول از متہجد

اَللّٰھُمَّ اِنَّہٗ لَیْسَ لِیْ عِلْمٌ بِمَوْضِعِ رِزْقِیْ، وَاِنَّمَا اَطْلُبُہٗ بِخَطَرَاتٍ تَخْطُرُ عَلٰی قَلْبِیْ

خداوند ا! مجھے اپنی روزی کے مقام کا علم نہیں اور میں اسے اپنے خیال کے تحت ڈھونڈتا ہوں پس میں طلب رزق میں شہر

فَاَجُوْلُ فِیْ طَلَبِہِ الْبُلْدَانَ، فَاَنَا فِیْمَآ اَنَا طَالِبٌ کَالْحَیْرَانِ، لَآ اَدْرِیْ اَفِیْ سَھْلٍ ھُوَ

ودیار کے چکر کاٹتا ہوں پس میں جس کی طلب میں ہوں اس میں سرگرداں ہوں اور میں نہیں جانتا کہ آیا میرا رزق صحرا میں

اَمْ فِیْ جَبَلٍ، اَمْ فِیْ اَرْضٍ اَمْ فِیْ سَمَآءٍ، اَمْ فِیْ بَرٍّ اَمْ فِیْ بَحْرٍ، وَعَلٰی یَدَیْ مَنْ، وَمِنْ

ہے یا پہاڑ میں زمین میں ہے یا آسمان میں، خشکی میں ہے یا تری میں، کس کے ہاتھ اور کس کی طرف سے ہے اور میں جانتا

قِبَلِ مَنْ، وَقَدْ عَلِمْتُ اَنَّ عِلْمَہٗ عِنْدَکَ، وَاَسْبَابَہٗ بِیَدِکَ، وَاَنْتَ الَّذِیْ

ہوں کہ اسکا علم تیرے پاس ہے اسکے اسباب تیرے قبضے میں ہیں اور تو اپنے کرم سے رزق تقسیم کرتا ہے اپنی رحمت سے اس

تَقْسِمُہٗ بِلُطْفِکَ، وَتُسَبِّبُہٗ بِرَحْمَتِکَ اَللّٰھُمَّ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ، وَاجْعَلْ یَا

کے اسباب فراہم کرتا ہے یا خدایا محمدؐ وآل محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور اے پروردگار! اپنا رزق میرے لیے وسیع کر

رَبِّ رِزْقَکَ لِیْ وَاسِعًا وَّمَطْلَبَہٗ سَھْلًا وَمَاْخَذَہٗ قَرِیْبًا، وَلَا تُعَنِّنِیْ بِطَلَبِ مَا

دے اس کا طلب کرنا آسان بنا دے اور اسکے ملنے کی جگہ قریب کر دے جس چیز میں تو نے رزق نہیں رکھا مجھے اسکی طلب

لَمْ تُقَدِّرْ لِیْ فِیْہِ رِزْقًا فَاِنَّکَ غَنِیٌّ عَنْ عَذَابِیْ وَاَنَا فَقِیْرٌ اِلٰی رَحْمَتِکَ، فَصَلِّ عَلٰی

کے رنج میں نہ ڈال کہ تو مجھے عذاب دینے میں بےنیاز ہے میں تیری رحمت کا محتاج ہوں پس محمدؐ وآل محمدؐ پر رحمت فرما اور اس

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ، وَجُدْ عَلٰی عَبْدِکَ بِفَضْلِکَ اِنَّکَ ذُوْ فَضْلٍ عَظِیْمٍ۔

ناچیز بندے کو اپنے فضل سے حصہ عطا فرما کہ تو بڑا فضل کرنے والا ہے۔

مولف کہتے ہیں کہ یہ طلبِ رزق کی دعاؤں میں سے ہے نیز مستحب ہے کہ نماز عشاء کی تعقیب میں سات مرتبہ سورۂ قدر پڑھیں اور نماز وتر (نماز عشاء کے بعد بیٹھ کر پڑھی جانے والی دو رکعت نمازِ نافلہ) میں قرآن کی سو آیات پڑھیں اور نیز مستحب ہے کہ ان سو آیتوں کی بجائے پہلی رکعت میں سورۂ واقعہ اور دوسری رکعت میں سورۂ اخلاص پڑھیں:

تعقیب نماز صبح منقول از مصباح متہجد

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ، وَاهْدِنِيْ لِمَا اخْتُلِفَ فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِكَ،

اے معبود ! محمدؐ وآل محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور حق میں اختلاف کے مقام پر اپنے حکم سے مجھے ہدایت

اِنَّكَ تَهْدِيْ مَنْ تَشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ۔ اس کے بعد دس مرتبہ کہیں: اَللّٰهُمَّ

دے۔ بے شک تو جسے چاہے سیدھی راہ کی ہدایت فرماتا ہے اے معبود!

صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ الْاَوْصِيَاءِ الرَّاضِيْنَ الْمَرْضِيِّيْنَ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِكَ،

محمدؐ و آل محمد پر رحمت فرما جو اوصیاء ہیں کہ جو خدا سے راضی اور خدا ان سے راضی ہے،ان کے لیے اپنی

وَبَارِكْ عَلَيْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَكَاتِكَ، وَالسَّلَامُ عَلَيْهِمْ وَعَلٰى اَرْوَاحِهِمْ

بہترین رحمتیں اور اپنی بہترین برکتیں قرار دے، ان پر اوران کی ارواح واجسام پرسلام ہو اور اللہ

وَاَجْسَادِهِمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔ اس درود وسلام کی جمعہ کے عصر میں پڑھنے کی بڑی فضیلت بیان ہوئی

کی رحمت وبرکت نازل ہو۔

ہے اسکے بعد کہیں: اَللّٰهُمَّ اَحْيِنِيْ عَلٰى مَا اَحْيَيْتَ عَلَيْهِ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ، وَاَمِتْنِيْ

اے معبود ! مجھے اس راہ پر زندہ رکھ جس پر تو نے علیؑ ابن ابی طالبؑ کوزندہ رکھا اور مجھے اسی راہ پر موت

عَلٰى مَا مَاتَ عَلَيْهِ عَلِيُّ بْنُ اَبِيْ طَالِبٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ۔ پھرسومرتبہ کہیں: اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ

دے جس پر تونے امیر المومنین علیؑ بن ابی طالبؑ کو شہادت عطا فرمائی میں اللہ سے بخشش چاہتاہوں

وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ۔ پھرسومرتبہ کہیں: اَسْئَلُ اللّٰهَ الْعَافِيَةَ۔ سومرتبہ کہیں: اَسْتَجِيْرُ بِاللّٰهِ مِنَ

اور اسکے حضور توبہ کرتا ہوں خدا سے صحت وعافیت مانگتاہوں میں آتش جہنم سے خدا کی پناہ

النَّارِ۔ پھرسومرتبہ کہیں: وَاَسْاَلُهُ الْجَنَّةَ۔ پھرسومرتبہ کہیں: اَسْاَلُ اللّٰهَ الْحُوْرَ الْعِيْنَ۔ پھرسومرتبہ

چاہتا ہوں اس سے جنت کا طالب ہوں میں اللہ سے حورعین کا طالب ہوں

کہیں: لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ۔ سومرتبہ سورہ اخلاص پڑھیں اور پھرسومرتبہ کہیں:

اللہ کے سواءکوئی معبودنہیں جو بادشاہ اوررروشن حق ہے۔

صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ۔ سومرتبہ کہیں: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

محمدؐ وآلؐ محمدؐ پر خدا کی رحمت ہو اللہ پاک ہے اور اسی کیلئے حمد ہے اور اللہ کے سوا

وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔ سومرتبہ کہیں: مَا شَآءَ

کوئی معبودنہیں اور اللہ برتر ہے نہیں کوئی طاقت وقوت مگر وہ جو اللہ بزرگ وبرتر سے ملتی ہے۔ جو خدا چاہے

اللّٰهُ كَانَ وَلاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۔ پھر کہیں: اَصْبَحْتُ اَللّٰهُمَّ

وہی ہوتا ہے اور اللہ بزرگ و برتر سے بڑھ کر کوئی طاقت وقوت نہیں ہے۔ اے معبود میں نے تیری

مُعْتَصِمًا بِذِمَامِكَ الْمَنِيعِ الَّذِیْ لاَ يُطَاوَلُ وَلاَ يُحَاوَلُ مِنْ شَرِّ كُلِّ غَاشِمٍ

عظیم نگہبانی میں صبح کی ہے ،جس تک کسی کا ہاتھ نہیں پہنچتا، نہ کوئی نیرنگ بار شب میں اس پر یورش کر پاتا ہے،

وَطَارِقٍ مِنْ سَآئِرِ مَّنْ خَلَقْتَ وَمَا خَلَقْتَ مِنْ خَلْقِكَ الصَّامِتِ وَالنَّاطِقِ فِیْ

اس مخلوق میں سے جو تو نے خلق فرمائی ہے اور نہ وہ مخلوق جسے تو نے زبان دی اور جسے زبان نہیں دی ہر

جُنَّةٍ مِّنْ كُلِّ مَخُوْفٍ بِلِبَاسٍ سَابِغَةٍ وَّلَآءِ اَهْلِ بَيْتِ نَبِيِّكَ مُحْتَجِبًا مِّنْ كُلِّ

خوف میں تیری پناہ میں تیرے نبی ؐ کے اہلبیتؑ کی ولا سے ساختہ لباس میں ملبوس ہر چیز سے محفوظ جو میرے

قَاصِدٍ لِّیْ اِلٰی اَذِيَّةٍ، بِجِدَارٍ حَصِيْنٍ الاِخْلاَصِ فِیْ الاعْتِرَافِ بِحَقِّهِمْ

اخلاص کی مضبوط دیوار میں رخنا ڈالنا چاہے، یہ مانتے ہوئے کہ وہ حق ہیں ان کی رسی سے وابستگی ہے اس

وَالتَّمَسُّكِ بِحَبْلِهِمْ، مُوقِنًا اَنَّ الْحَقَّ لَهُمْ وَمَعَهُمْ وَفِيْهِمْ وَبِهِمْ، اُوَالِیْ مَنْ

یقین سے کہ حق ان کیلئے ان کے ساتھ اور ان میں ہے جو ان کو چاہے میں اسے چاہتا ہوں جوان سے دور ہو

وَّالَوْا، وَاُجَانِبُ مَنْ جَانَبُوْا، فَاَعِذْنِیْ اَللّٰهُمَّ بِهِمْ مِنْ شَرِّ كُلِّ مَا اَتَّقِيْهِ يَا

میں اس سے دور ہوں پس اے خدا ان کے طفیل مجھے ہر اس شر سے پناہ دے جسکا مجھے خوف ہے اے بلند

عَظِيْمُ ۔ حَجَزْتُ الْاَعَادِیَ عَنِّیْ بِبَدِيْعِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ، اِنَّا جَعَلْنَا مِنْ بَيْنِ

ذات زمین وآسمان کی پیدائش کے واسطے سے دشمنوں کو مجھ سے دور کر دے بے شک ہم نے ایک دیوار

اَيْدِيْهِمْ سَدًّا وَمِنْ خَلْفِهِمْ سَدًّا فَاَغْشَيْنٰهُمْ فَهُمْ لاَ يُبْصِرُوْنَ۔

ان کے سامنے اور ایک دیوار ان کے پیچھے بنا دی پس ان کو ڈھانپ دیا کہ وہ دیکھتے نہیں ہیں۔

یہ امیر المومنینؑ کی دعائے لیلۃ المبیت ہے اور ہر صبح وشام پڑھی جاتی ہے اور تہذیب میں روایت ہے کہ جو شخص نماز صبح کے بعد درج ذیل دعا دس مرتبہ پڑھے:

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهٖ وَلاَ حَوْلَ وَلاَ قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ ۔

پاک ہے عظیم اللہ اپنی حمد کے ساتھ۔ کوئی طاقت اور قوت نہیں سوائے اللہ کے جو بلند اور عظیم ہے۔

توحق تعالیٰ اسکو اندھے پن، دیوانگی، کوڑھ، تہی دستی، چھت تلے دبنے، اور بڑھاپے میں حواس کھو بیٹھنے سے محفوظ فرماتا ہے: نیز شیخ کلینیؒ نے حضرت امام جعفر صادق ؑ سے روایت کی ہے کہ جو نماز صبح اور نماز مغرب کے بعد سات مرتبہ درج ذیل دعا پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

پاک ہے خدائے برتر اور تعریف سب اسی کی ہے اور نہیں کوئی حرکت وقوت مگر وہ جو خدائے بلند وبرتر سے ملتی ہے۔

نیز شیخ کلینیؒ نے حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ جو نماز صبح اور نماز مغرب کے بعد سات مرتبہ درج ذیل دعا پڑھے تو حق تعالیٰ اس سے ستر قسم کی بلائیں دور کر دیتا ہے (ان میں سب سے معمولی زہر باد، پھلبھری اور دیوانگی ہے) اور اگر وہ شقی ہے تو اسے اس زمرے سے نکال کر سعید و نیک بخت لوگوں میں داخل کر دیا جائے گا۔ نیز آنحضرتؑ سے روایت ہے کہ دنیا و آخرت کی کامیابی اور دردِ چشم کے خاتمے کیلئے صبح اور مغرب کی نماز کے بعد یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْكَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

خداوندا! محمدؐ وآل محمدؐ کا جو تجھ پر حق ہے میں اس کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ محمدؐ وآل محمدؐ پر اپنی رحمت نازل فرما

وَّاجْعَلِ النُّوْرَ فِیْ بَصَرِیْ وَالْبَصِيْرَةَ فِیْ دِيْنِیْ وَالْيَقِيْنَ فِیْ قَلْبِیْ وَالْاِخْلَاصَ فِیْ

کہ میری آنکھوں میں نور ، میرے دین میں بصیرت، میرے دل میں یقین، میرے عمل میں اخلاص، میرے نفس میں سلامتی

عَمَلِیْ وَالسَّلَامَةَ فِیْ نَفْسِیْ وَالسَّعَةَ فِیْ رِزْقِیْ وَالشُّكْرَ لَكَ اَبَدًا مَّا اَبْقَيْتَنِیْ۔

اور میرے رزق میں کشادگی عطا فرما اور جب تک زندہ رہوں مجھے اپنے شکر کی توفیق دیتا رہ۔

شیخ ابن فہد نے عدۃ الداعی میں امام رضاؑ سے نقل کیا ہے کہ جو شخص نماز صبح کے بعد یہ دعا پڑھے تو وہ جو بھی حاجت طلب کرے گا، خدا پوری فرمائے گا اور اسکی ہر مشکل آسان کر دے گا:

بِسْمِ اللّٰهِ وَ صَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاُفَوِّضُ اَمْرِیْ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌ

اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں ۔ خدا رحمت فرمائے محمدؐ وآل محمدؐ پر اور میں اپنا معاملہ سپرد خدا کرتا ہوں بے شک خدا بندوں کو دیکھتا ہے

بِالْعِبَادِ فَوَقَاهُ اللّٰهُ سَيِّاٰتِ مَا مَكَرُوْا لَآاِلٰهَ اِلَّآاَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ

پس خدا اس شخص کو ان برائیوں سے بچائے جو لوگوں نے پیدا کیں۔اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں، پاک ہے تیری ذات ۔بیشک میں

الظّٰلِمِيْنَ فَاسْتَجَبْنَالَهٗ وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ وَ كَذٰلِكَ نُنْجِی الْمُؤْمِنِيْنَ

ظالموں میں سے تھا تو ہم (خدا) نے اس کی دعا قبول کی اور اسے غم سے نجات دی اور ہم مومنوں کو اسی طرح نجات دیتے ہیں ہمارے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ، فَانْقَلَبُوْا بِنِعْمَةٍ مِّنَ اللّٰهِ وَفَضْلٍ لَّمْ يَمْسَسْهُمْ

لیے خدا کافی ہے اور بہترین سرپرست ہے پس (مجاہد) خدا کے فضل وکرم سے اسطرح آئے کہ انہیں تکلیف نہ پہنچی تھی جو اللہ چاہے وہ

سُوْٓءٌ مَّا شَآءَ اللّٰهُ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا مَا شَآءَ النَّاسُ مَا

ہو گا نہیں کوئی طاقت وقوت مگر وہ جو اللہ سے ملتی ہے جو اللہ چاہے وہ ہوگا نہ وہ جو لوگ چاہیں اور جو اللہ چاہے وہ ہوگا اگرچہ لوگوں پر

شَآءَ اللّٰهُ وَاِنْ كَرِهَ النَّاسُ، حَسْبِيَ الرَّبُّ مِنَ الْمَرْبُوْبِيْنَ حَسْبِيَ الْخَالِقُ مِنَ

گراں ہو میرے لئے پلنے والوں کے بجائے پالنے والا کافی ہے میرے لئے خلق ہونے والوں کی بجائے خلق کرنے والا کافی ہے

الْمَخْلُوْقِيْنَ حَسْبِيَ الرَّازِقُ مِنَ الْمَرْزُوْقِيْنَ حَسْبِيَ اللّٰهُ رَبُّ الْعَالَمِيْنَ حَسْبِيْ

میرے لیے رزق پانے والوں کی بجائے رزق دینے والا کافی ہے۔جہانوں کا پالنے والا ؛اللہ؛ میرے لیے کافی ہے۔ وہ جو میرے

مَنْ هُوَ حَسْبِيْ حَسْبِيْ مَنْ لَّمْ يَزَلْ حَسْبِيْ حَسْبِيْ مَنْ كَانَ مُذْ كُنْتُ لَمْ يَزَلْ

لیے کافی ہے وہی میرے لیے کافی ہے وہ جو ہمیشہ سے کافی ہے میرے لیے کافی ہے۔وہ جو کافی ہے میں جب سے ہوں اور کافی رہے گا

حَسْبِيَ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ

،میرے لیے کافی ہے وہ اللہ جسکے سوا کوئی معبودنہیں میں اسی پر توکل کرتا ہوں اور وہی عرش عظیم کا مالک ہے۔

مؤلف کہتے ہیں میرے استاد ثقۃ الاسلام نوریؒ (خدا انکی قبر کو روشن کرے) کتاب دارالسلام میں اپنے استاد عالم ربانی حاج ملا فتح علی سلطان آبادی سے نقل کرتے ہیں کہ فاضل مقدس اخوند ملا محمد صادق عراقی بہت پریشانی، سختی اور بدحالی میں مبتلا تھے انہیں اس تنگی سے چھٹکارے کی کوئی صورت نظر نہیں آ رہی تھی۔ایک رات خواب میں دیکھا کہ ایک وادی میں بہت بڑا خیمہ نصب ہے، جب پوچھا تو معلوم ہوا کہ یہ فریادیوں کے فریادرس اور پریشان حال لوگوں کے سہارے، امام زمانہؑ (عج) کا خیمہ ہے۔ یہ سن کر جلدی سے حضرت کی خدمت میں حاضر ہوئے اپنی بدحالی کا قصہ سنایا اور ان سے غم کے خاتمے اور کشائش کیلئے دعا کے خواستگار ہوئے۔آنحضرتؑ نے انکو اپنی اولاد میں سے ایک بزرگ کی طرف بھیجا اور انکے خیمہ کی طرف اشارہ کیا اخوند حضرتؑ کے خیمہ سے نکل کر اس بزرگ کے خیمہ میں پہنچے۔مگر کیا دیکھتے ہیں کہ وہاں سید سند جبر معتمد عالم امجد، مؤید بارگاہ آقای سید محمد سلطان آبادی مصلائے عبادت پر بیٹھے دعا وقرأت میں مشغول ہیں۔اخوند نے انہیں سلام کیا اور اپنی حالت زار بیان کی تو سید نے انکو رفع مصائب اور وسعت رزق کی ایک دعا تعلیم فرمائی، وہ خواب سے بیدار ہوئے تو مذکورہ دعا انہیں ازبر ہو چکی تھی۔ اسی وقت سید کے گھر کا قصد کیا۔حالانکہ ذہنی طور پر سید سے بے تعلق تھے اور انکے ہاں آمد ورفت نہ رکھتے تھے۔اخوند جب سید کی خدمت میں پہنچے تو انکو اسی حالت میں پایا جیسا کہ خواب میں دیکھا تھا۔وہ مصلے پر بیٹھے، اذکار واستغفار میں مشغول تھے۔

جب انہیں سلام کیا تو ہلکے سے تبسم کے ساتھ سلام کا جواب دیا، گویا وہ صورت حال سے واقف ہیں اخوند نے ان سے دعا کی درخواست کی تو انہوں نے وہی دعا بتائی جو خواب میں تعلیم کر چکے تھے اخوند نے وہ دعا پڑھنا شروع کر دی اور پھر چند ہی دنوں میں ہر طرف سے دنیا کی فراوانی ہونے لگی۔ سختی اور بدحالی ختم ہوئی اور خوشحالی حاصل ہوگئی۔ حاجی ملا فتح علی سلطان آبادی علیہ الرحمہ سید موصوف کی تعریف کیا کرتے تھے کیونکہ آپ نے ان سے ملاقات کی بلکہ کچھ عرصہ انکی شاگرد بھی رہے۔ سید نے خواب و بیداری میں حاجی ملا فتح علی کو جو دعا تعلیم کی تھی اس میں یہ تین اعمال شامل ہیں:

(۱) فجر کے بعد سینے پر ہاتھ رکھ کر ستر مرتبہ یَافَتَّاحُ کہیں۔

(۲) پابندی سے کافی میں مذکورہ دعا پڑھتے رہیں جس کی رسول اللہؐ نے اپنے ایک پریشان حال صحابی کو تعلیم فرمائی تھی اور اس دعا کی برکت سے چند دنوں میں اس کی پریشانی دور ہوگئی

لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَا يَمُوْتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ

نہیں کوئی طاقت وقوت مگر وہ جو خدا سے ملتی ہے میں نے اس زندہ خدا پر توکل کیا جس کیلئے موت نہیں اور حمد اس اللہ کیلئے ہے جسکی

لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا، وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ، وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ

کوئی اولاد نہیں اور نہ کوئی اس کی سلطنت میں اس کا شریک ہے نہ اس کے عجز کی وجہ سے کوئی اس کا مددگار ہے اور تم اس کی بڑائی

وَ كَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا۔

بیان کیا کرو

(۳) نماز فجر کے بعد شیخ ابن فہد سے نقل شدہ دعا پڑھا کریں اسکو غنیمت سمجھیں اور اس میں غفلت نہ کریں۔ اور وہ دعا یہ ہے:

نیز جاننا چاہیے کہ نمازوں کے بعد سجدہ شکر مستحب مؤکد ہے اور اس کیلئے بہت سی دعائیں اور اذکار بیان ہوئے ہیں۔ امام علی رضاؑ فرماتے ہیں کہ سجدۂ شکر میں چاہیں تو سو مرتبہ شُكْرًا شُكْرًا لِلّٰهِ یا سو مرتبہ عَفْوًا عَفْوًا کہیں، حضرت سے یہ بھی منقول ہے کہ سجدۂ شکر میں کم سے کم تین مرتبہ شُكْرًا لِلّٰهِ کہیں۔

واضح رہے کہ رسول اللہؐ اور آئمہ طاہرینؑ سے طلوع وغروب آفتاب کے وقت بہت سی دعائیں اور اذکار نقل ہوئے ہیں نیز معتبر روایات میں ان دونوں وقتوں میں دعا کرنے کی بہت زیادہ ترغیب دی گئی ہے اس مختصر کتاب میں ہم محض چند مستند دعاؤں کے ذکر پر اکتفا کرتے ہیں۔

اول: مشائخ حدیث نے معتبر سند کے ساتھ امام جعفر صادقؑ سے روایت کی ہے کہ ہر مسلمان پر واجب ہے کہ وہ طلوع آفتاب اور غروب آفتاب سے پہلے دس مرتبہ یہ دعا پڑھے: بعض روایات میں ہے کہ اگر یہ دعا وقت پر نہ پڑھ سکے تو اسکی قضا کرنا ضروری ہے

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَيُمِيْتُ

خدا کے سواء کوئی معبود نہیں وہ یکتا ہے اس کا کوئی شریک نہیں ملک اسی کا ہے اور اسی کیلئے حمد ہے وہ زندہ کرتا ہے اور موت دیتا ہے اور موت دیتا

وَيُحْيِيْ، وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ، بِيَدِهِ الْخَيْرُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

ہے اور زندہ کرتا ہے وہ زندہ ہے اسے موت نہیں آتی۔ بھلائی اسی کے ہاتھ میں ہے اوروہ ہر چیز پرقدرت رکھتا ہے

دوم: انہی حضرتؑ کی معتبر روایات میں یہ بھی وارد ہوا ہے کہ طلوع وغروب سے پہلے دس مرتبہ یہ دعا پڑھیں:

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ السَّمِيْعِ الْعَلِيْمِ مِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ اَنْ

میں شیاطین کے وسوسوں سے سننے جاننے والے خدا کی پناہ کا طلبگار ہوں اورخدا کی پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ وہ میرے قریب آئیں

يَّحْضُرُوْنَ، اِنَّ اللّٰهَ هُوَ السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ۔

بے شک اللہ ہی سننے اور جاننے والا ہے۔

سوم: آنجناب سے منقول ہے کہ تمہارے لیے کیا رکاوٹ ہے کہ صبح اور شام یہ دعا پڑھ لیا کریں:

اَللّٰهُمَّ مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ ثَبِّتْ قَلْبِيْ عَلٰى دِيْنِكَ، وَلَا تُزِغْ قَلْبِيْ بَعْدَ

اے دلوں اور آنکھوں کے منقلب کرنے والے خدائے پاک میرے دل کو اپنے دین پر جما دے اسکے بعد میرے دل کو ٹیڑھا نہ کر

اِذْ هَدَيْتَنِيْ وَهَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ، وَاَجِرْنِيْ مِنَ النَّارِ

جب تو نے مجھے ہدایت دی ہے۔ مجھ پر اپنی طرف سے رحمت نازل فرما اسمیں شک نہیں کہ تو بڑا ہی عطا کرنے والا ہے اور اپنی

بِرَحْمَتِكَ اَللّٰهُمَّ امْدُدْلِيْ فِيْ عُمْرِيْ وَاَوْسِعْ عَلَيَّ فِيْ رِزْقِيْ، وَانْشُرْ عَلَيَّ رَحْمَتَكَ وَ

رحمت سے مجھے آگ سے بچا اور محفوظ رکھ اے اللہ میری عمر طویل کر دے میرے رزق میں وسعت پیدا کر دے اور مجھ پر اپنی

اِنْ كُنْتُ عِنْدَكَ فِيْ اُمِّ الْكِتَابِ شَقِيًّا فَاجْعَلْنِيْ سَعِيْدًا، فَاِنَّكَ تَمْحُوْ مَا

رحمت کا سایہ فرما دے اور اگر میں لوح محفوظ میں تیرے نزدیک بدبخت ہوں تو مجھے نیک بخت بنا دے یقینا تو جو چاہے مٹاتا اور

تَشَآءُ وَتُثْبِتُ، وَعِنْدَكَ اُمُّ الْكِتٰبِ۔

لکھتا ہے اورلوح محفوظ تیرے پاس ہے۔

چہارم: آنجناب سے مروی ہے کہ صبح شام یہ دعا پڑھے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ یَفْعَلُ مَا یَشَآءُ وَلَا یَفْعَلُ مَا یَشَآءُ غَیْرُهٗ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَمَا یُحِبُّ

ساری تعریف اس اللہ کیلئے ہے کہ جو وہ چاہے کرتا ہے اور اسکے سوا کوئی نہیں جو چاہے کر پائے ساری تعریف اللہ کیلئے ہے کہ جیسی

اللّٰهُ اَنْ یُّحْمَدَ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَمَا هُوَ اَهْلُهٗ اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْنِیْ فِیْ كُلِّ خَیْرٍ اَدْخَلْتَ فِیْهِ

تعریف وہ پسندکرتا ہے اور ساری تعریف اللہ کیلئے ہے جیسا کہ وہ اسکا اہل ہے اے معبود! مجھے ہر اس نیکی میں داخل فرما جس میں تو نے

مُحَمَّدًا وَّاٰلَ مُحَمَّدٍ، وَاَخْرِجْنِیْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ اَخْرَجْتَ مِنْهُ مُحَمَّدًا وَاٰلَ مُحَمَّدٍ، صَلَّى اللّٰهُ

محمدؐ وآل محمدؐ کو داخل فرمایا ہے اور مجھے ہر اس برائی سے بچا کہ جس سے تونے محمدؐ وآل محمدؐ کو محفوظ ومامون رکھا خدا کی رحمت ہو محمدؐ

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاٰلِ مُحَمَّدٍ۔ سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ۔

وآل محمدؐ پر۔ اللہ پاک ہے ساری تعریفیں اسی کیلئے ہیں اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ ہی بزرگتر ہے۔

تیسری فصل:

ملحقاتِ صحیفہ سجادیہ سے منقول ایام ہفتہ کی دعائیں

دعائے روز بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ یک شنبہ (اتوار)

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَآ اَرْجُوْ اِلَّا فَضْلَهٗ، وَلَآ اَخْشٰى اِلَّا عَدْلَهٗ، وَلَآ اَعْتَمِدُ اِلَّا قَوْلَهٗ،

اس اللہ کے نام سے جسکے فضل و کرم ہی کا امید وار ہوں اور اس کے عدل ہی سے ڈرتا ہوں اور اسی کے قول پر

وَلَا اُمْسِكُ اِلَّا بِحَبْلِهٖ، بِكَ اَسْتَجِیْرُ یَا ذَا الْعَفْوِ وَالرِّضْوَانِ مِنَ الظُّلْمِ

بھروسہ رکھتا ہوں اور اسی کی رسی پکڑے ہوئے ہوں اور درگزر کرنے اور راضی ہو جانے والے (خداوند)

وَالْعُدْوَانِ، وَمِنْ غِیَرِ الزَّمَانِ، وَتَوَاتُرِ الْاَحْزَانِ، وَطَوَارِقِ الْحَدَثَانِ، وَمِنِ

میں ظلم و دشمنی سے۔ اور زمانے کے تغیرات سے اور پے در پے غموں سے اور پیش آنے والے حادثوں سے

انْقِضَآءِ الْمُدَّةِ قَبْلَ التَّاَهُّبِ وَالْعُدَّةِ، وَ اِیَّاكَ اَسْتَرْشِدُ لِمَا فِیْهِ الصَّلَاحُ

اورآخرت کیلئے خیر ونیکی کے ذخیرہ کی فراہمی سے قبل زندگی ختم ہونے سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور جس چیز میں

وَالْاِصْلَاحُ، وَبِكَ اَسْتَعِیْنُ فِیْمَا یَقْتَرِنُ بِهِ النَّجَاحُ وَالْاِنْجَاحُ، وَ اِیَّاكَ اَرْغَبُ

بہتری و درستی ہے اس میں تیری رہبری چاہتا ہوں اور اس چیز میں تیری مدد چاہتا ہوں جس میں کامیابی و سہولت ہو

فِيْ لِبَاسِ الْعَافِيَةِ وَتَمَامِهَا وَشُمُوْلِ السَّلَامَةِ وَدَوَامِهَا، وَاُعُوْذُ بِكَ يَا رَبِّ مِنْ

اور میں تجھ سے مکمل صحت و تندرستی کی تمنا رکھتا ہوں کہ جس میں ہمیشہ کی سلامتی بھی شامل ہو۔ خدایا میں شیطانی وسوسوں

هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ، وَاَحْتَرِزُ بِسُلْطَانِكَ مِنْ جَوْرِ السَّلَاطِيْنِ، فَتَقَبَّلْ مَا كَانَ

سے تیری پناہ چاہتا ہوں اور بادشاہوں کے ظلم کے مقابل تیری سلطنت کی پناہ لیتا ہوں پس میری نمازیں اور

مِنْ صَلَاتِيْ وَصَوْمِيْ، وَاجْعَلْ غَدِيْ وَمَا بَعْدَهٗ اَفْضَلَ مِنْ سَاعَتِيْ وَيَوْمِيْ،

روزے جیسے بھی ہیں انہیں قبول فرما کل کا دن اور اس سے اگلے وقت کو میرے آج کے دن اور اس گھڑی سے بہتر

وَاَعِزَّنِيْ فِيْ عَشِيْرَتِيْ وَقَوْمِيْ، وَاحْفَظْنِيْ فِيْ يَقْظَتِيْ وَنَوْمِيْ، فَاَنْتَ اللّٰهُ خَيْرٌ

بنا دے مجھے اپنے قبیلے اور قوم میں عزت عطا فرما خواب و بیداری ہر حال میں میری حفاظت فرما۔ اے اللہ تو

حَافِظًا، وَّاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَبْرَءُ اِلَيْكَ فِيْ يَوْمِيْ هٰذَا وَمَا

بہترین نگہبان ہے اور سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔ اے اللہ میں تیرے حضور میں آج کے دن اور اس

بَعْدَهٗ مِنَ الْاَحَادِ، مِنَ الشِّرْكِ وَالْاِلْحَادِ، وَاُخْلِصُ لَكَ دُعَآئِيْ تَعَرُّضًا

سے اگلے اتوار کے دنو ں میں شرک و بے دینی سے بری ہوں اور خلوص کے ساتھ تجھ سے دعا کرتا ہوں کہ قبول ہو

لِلْاِجَابَةِ، وَاُقِيْمُ عَلٰى طَاعَتِكَ رَجَآءً لِلْاُثَابَةِ، فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ خَيْرِ خَلْقِكَ،

جائے اور میں ثواب کی امید پر تیری اطاعت پر قائم ہوں۔پس تو بہترین مخلوق اور حق کے دا عی محمد مصطفےٰ پر

الدَّاعِيْ اِلٰى حَقِّكَ، وَاَعِزَّنِيْ بِعِزِّكَ الَّذِيْ لَا يُضَامُ، وَاحْفَظْنِيْ بِعَيْنِكَ الَّتِيْ لَا

رحمت نا ز ل فر ما اور اپنی عزت کے صدقے مجھے وہ عزت دے جس میں ظلم نہ ہو اپنی نہ سونے والی آنکھ سے میری

تَنَامُ، وَاخْتِمْ بِالْاِنْقِطَاعِ اِلَيْكَ اَمْرِيْ، وَبِالْمَغْفِرَةِ عُمْرِيْ، اِنَّكَ اَنْتَ

نگہبانی فرما ۔ میرا خا تمہ یوں ہو کہ تجھی سے امید لگا ئے رکھو ں اور میری زند گی کو بخشش پر تمام کر دے ۔بے شک تو

الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ۔

بخشنے والا مہربان ہے۔

دعائے روز بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ دوشنبہ (سوموار)

خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان اور نہایت ہی رحم کرنے والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يُشْهِدْ اَحَدًا حِيْنَ فَطَرَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ، وَلَا اتَّخَذَ

حمد اس خدا کے لیے ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کرتے وقت کسی کو اپنے ساتھ نہیں ملایا اور جانداروں کو

مُعِيْنًا حِيْنَ بَرَاَ النَّسَمَاتِ، لَمْ يُشَارِكْ فِي الْاِلٰهِيَّةِ، وَلَمْ يُظَاهِرْ فِيْ

پیدا کرنے میں کسی سے مدد نہیں لی اس کے معبود ہونے میں کوئی شریک نہیں اور نہ اس کی یکتائی میں کوئی معاون

الْوَحْدَانِيَّةِ، كَلَّتِ الْاَلْسُنُ عَنْ غَايَةِ صِفَتِهٖ وَالْعُقُوْلُ عَنْ كُنْهِ مَعْرِفَتِهٖ،

ہے۔ زبانیں اس کی تعریف کرنے سے قاصر ہیں اور عقلیں اس کی ذات کو سمجھنے سے عاجز ہیں اور بڑے بڑے

وَتَوَاضَعَتِ الْجَبَابِرَةُ لِهَيْبَتِهٖ وَعَنَتِ الْوُجُوْهُ لِخَشْيَتِهٖ، وَانْقَادَ كُلُّ عَظِيْمٍ

سرکش اس کی ہیبت سے سرنگوں ہیں اور چہرے اسکے خوف سے جھکے ہوئے ہیں اور اس کی عظمت کے سامنے ہر عظیم مطیع

لِّعَظَمَتِهٖ، فَلَكَ الْحَمْدُ مُتَوَاتِرًا مُّتَّسِقًا وَمُتَوَالِيًا مُّسْتَوْسِقًا وَصَلَوَاتُهٗ عَلٰى

ہے پس تیرے لیے حمد ہے لگاتار اور سلسلہ وار اور بار بار استوار اور اس کے رسولؐ پر دائمی رحمت اور سرمدی

رَسُوْلِهٖ اَبَدًا، وَسَلَامُهٗ دَآئِمًا سَرْمَداً، اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوَّلَ يَوْمِيْ هٰذَا صَلَاحًا،

سلام ہو۔ اے معبود! میرے لیے آج کے دن کے پہلے حصے کو بھلائی ، درمیانی حصے کو فائدہ وبخش اور آخری حصے کو

وَاَوْسَطَهٗ فَلَاحًا، وَآخِرَهٗ نَجَاحًا، وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ يَوْمٍ اَوَّلُهٗ فَزَعٌ، وَاَوْسَطُهٗ

کامیابی کا حامل بنا دے اور اس دن سے تیری پناہ لیتا ہوں جس کا اول فریاد، اوسط بے تابی اور آخر تکلیف دہ

جَزَعٌ، وَآخِرُهٗ وَجَعٌ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْتَغْفِرُكَ لِكُلِّ نَذْرٍ نَذَرْتُهٗ، وَكُلِّ وَعْدٍ

ہو۔اے اللہ وہ نذریں جو میں نے کیں، وہ تمام وعدے جو میں نے کیے اور وہ ذمہ داریاں جو میں نے قبول کیں

وَعَدْتُّهٗ، وَكُلِّ عَهْدٍ عَاهَدْتُّهٗ ثُمَّ لَمْ اَفِ بِهٖ، وَاَسْاَلُكَ فِيْ مَظَالِمِ عِبَادِكَ

اور انہیں پورا نہیں کر سکا، ان پر تجھ سے بخشش کا طالب ہوں اور تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تیرے بندوں کے جو

عِنْدِيْ، فَاَيُّمَا عَبْدٍ مِنْ عَبِيْدِكَ اَوْ اَمَةٍ مِنْ اِمَآئِكَ، كَانَتْ لَهٗ قِبَلِيْ مَظْلِمَةٌ

حقوق مجھ پر رہ گئے کہ تیرے بندوں میں سے کسی بندہ یا تیری کنزوں میں سے کسی کنیز سے میں نے ناانصافی و زیادتی

ظَلَمْتُهَا اِيَّاهُ، فِيْ نَفْسِهٖ، اَوْ فِيْ عِرْضِهٖ، اَوْ فِيْ مَالِهٖ، اَوْ فِيْ اَهْلِهٖ وَوَلَدِهٖ، اَوْ غِيْبَةٌ

کی ہو۔چاہے وہ اسکی جان یا اسکی عزت یا اسکے مال یا اسکے اعزّہ اور اولاد کے بارے میں ہے یامیں نے اسکی

اغْتَبْتُهٗ بِهَا اَوْ تَحَامُلٌ عَلَيْهِ بِمَيْلٍ اَوْ هَوًى اَوْ اَنَفَةٍ اَوْ حَمِيَّةٍ اَوْ رِيَآءٍ اَوْ عَصَبِيَّةٍ

غیبت کی یا اپنی خواہش کے تحت ان پر دباؤ ڈالا یا خودپسندی یا بیزاری یا خودنمائی یا تعصب کا برتاؤ کیا وہ غائب

غَآئِبًا كَانَ اَوْ شَاهِدًا وَحَيًّا كَانَ اَوْ مَيِّتًا فَقَصُرَتْ يَدِيْ وَضَاقَ وُسْعِيْ عَنْ

ہے یا حاضر ہے۔ زندہ ہے یا مردہ ہے تو اب اس کا حق دینا ۔یا معاف کرانا میری طاقت سے بالاتر اور دسترس

رَدِّهَآ اِلَيْهِ وَالتَّحَلِّلِ مِنْهُ فَاَسْئَلُكَ يَا مَنْ يَّمْلِكُ الْحَاجَاتِ وَهِيَ مُسْتَجِيْبَةٌ

سے باہر ہے پس اے حاجات کے مالک کہ وہ حاجات تیری مشیت میں قبول ہیں اور جلد تیرے ارادے میں آنے

لِّمَشِيَّتِهٖ وَمُسْرِعَةٌ اِلٰى اِرَادَتِهٖ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تُرْضِيَهٗ عَنِّيْ

والی ہیں میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ محمدؐ وآل محمدؐ پر رحمت فرما اور ان لوگوں کو جیسے تو چاہے مجھ سے راضی فرما اور

بِمَا شِئْتَ وَتَهَبَ لِيْ مِنْ عِنْدِكَ رَحْمَةً اِنَّهٗ لَا تَنْقُصُكَ الْمَغْفِرَةُ وَلَا تَضُرُّكَ

مجھ پر مہربانی فرما۔ بے شک بخش دینے سے تیرا کوئی نقصان نہیں اور عطا کرنے میں تجھے کوئی ضرر نہیں ہوتا۔اے سب

الْمَوْهِبَةُ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اَوْلِنِيْ فِيْ كُلِّ يَوْمٍ اثْنَيْنِ نِعْمَتَيْنِ مِنْكَ

سے زیادہ رحم کرنے والے۔ اے معبود! ہر سوموار کو مجھے دونعمتیں اکٹھی عطا فرما کہ اس دن کے پہلے حصے میں مجھے

ثِنْتَيْنِ سَعَادَةً فِيْ اَوَّلِهٖ بِطَاعَتِكَ، وَنِعْمَةً فِيْ آخِرِهٖ بِمَغْفِرَتِكَ، يَا مَنْ هُوَ لَهُ الْاِلٰهُ

اپنی اطاعت کی سعادت عنایت فرما اور اسکے دوسرے حصے میں مغفرت کی نعمت دے اے وہ جو معبود ہے اور جسکے

وَلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ سِوَاهُ۔

سوا کوئی گناہ معاف کرنے والا نہیں

دعائے روز بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سہ شنبہ (منگل)

اللہ کے نام سے شروع جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ حَقُّهٗ كَمَا يَسْتَحِقُّهٗ حَمْدًا كَثِيْرًا، وَاَعُوْذُ بِهٖ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ اِنَّ

حمد خدا کے لیے ہے اور حمد اسی کا حق ہے جیسا کہ حمد کثیر اسی کے شا یا ں شان ہے اور میں اپنے نفس کے شر سے اس کی پنا ہ

النَّفْسَ لَاَمَّارَةٌ بِالسُّوْءِ اِلَّا مَا رَحِمَ رَبِّيْ، وَاَعُوْذُ بِهٖ مِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ الَّذِيْ

چاہتا ہوں بے شک نفس برا ئی پر اکسا نے والا ہے مگر یہ کہ میرا رب رحم کردے اور اسی کی پنا ہ لیتا ہوں شیطان کے شر

يَزِيْدُنِيْ ذَنْبًا اِلٰى ذَنْبِيْ، وَاَحْتَرِزُ بِهٖ مِنْ كُلِّ جَبَّارٍ فَاجِرٍ، وَسُلْطَانٍ جَآئِرٍ، وَعَدُوٍّ

سے جو میر ے لیے ایک گناہ پر دوسرے کا اضافہ کرتا رہتا ہے میں ہر جابر بدکار اور ظالم حکمران اور قو ی دشمن کے

قَاهِرٍ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِنْ جُنْدِكَ فَاِنَّ جُنْدَكَ هُمُ الْغَالِبُوْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنْ

مقابل خدا سے تحفظ چاہتا ہوں۔اے معبود مجھے اپنے لشکر میں قرار دے کیونکہ تیرا لشکر ہی غالب رہنے والا ہے اور مجھے

حِزْبِكَ فَاِنَّ حِزْبَكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ، وَاجْعَلْنِيْ مِنْ اَوْلِيَآئِكَ فَاِنَّ اَوْلِيَآئَكَ لَا

اپنے گر وہ میں قرا ردے کیو نکہ تیرا ہی گر وہ کامیاب ہونے والاہے اور مجھے اپنے دوستوں میں شامل فرما کہ تیرے

خَوْفٌ عَلَيْهِمْ وَلاَ هُمْ يَحْزَنُوْنَ، اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيْ فَاِنَّهٗ عِصْمَةُ اَمْرِيْ،

دوستوں کو کچھ بھی خوف اور حزن و رنج نہ ہو گا ۔اے معبود میرے دین میں بہتری فرما دے کیونکہ یہ میری ذات کا

وَاَصْلِحْ لِيْ اٰخِرَتِيْ فَاِنَّهَا دَارُ مَقَرِّيْ، وَ اِلَيْهَا مِنْ مُجَا وَ رَةِ اللِّئَامِ مَفَرِّيْ،

نگہبان ہے اور میری آخرت کو سنوار دے کہ وہ میرا پکا ٹھکانہ ہے اور وہ پست لوگوں سے فرار کر جانے کی جگہ ہے اور

وَاجْعَلِ الْحَيَاةَ زِيَادَةً لِّيْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ، وَالْوَفَاةَ رَاحَةً لِّيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ

میری زندگی میں ہر خیر ونیکی کو بڑھا دے اور میری موت کو ہر برائی سے بچ جانے کا زریعہ بنا ۔اے معبود محمدؐ پر رحمت فرما

عَلٰى مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ، وَتَمَامِ عِدَّةِ الْمُرْسَلِيْنَ، وَعَلٰٓى اٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ،

جو نبیوں کے خاتم ہیں اور جن پر آ کر رسولوں کی تعداد پوری ہوئی اور ان کی پاک و پاکیز ہ آل پر اور ان کے صاحب

وَاَصْحَابِهِ الْمُنْتَجَبِيْنَ، وَهَبْ لِيْ فِيْ الثُّلَاثَاۤءِ ثَلَاثًا اَلَّا تَدَعَ لِيْ ذَنْبًا اِلَّا غَفَرْتَهٗ

عزت اصحاب پر رحمت فرما اور منگل کے دن مجھے تین چیزیں عطا فرما میرا ہر گناہ بخش دے اور میرا ہر رنج دور کر دے

وَلاَ غَمًّا اِلَّا اَذْهَبْتَهٗ، وَلاَ عَدُوًّا اِلَّا دَفَعْتَهٗ، بِبِسْمِ اللّٰهِ خَيْرِ الْاَسْمَاۤءِ، بِسْمِ اللّٰهِ

اور میرے ہر دشمن کو مجھ سیدور ہٹادے خدا کے نام کے واسطے سے کہ جو بہترین نام ہے اسکے نام سے جو زمین و آسما ن

رَبِّ الْاَرْضِ وَالسَّمَاۤءِ، اَسْتَدْفِعُ كُلَّ مَكْرُوهٍ اَوَّلُهٗ سَخَطُهٗ، وَاَسْتَجْلِبُ كُلَّ

کو زندہ رکھنے والا ہے میں اپنے آپ سے ہر مکروہ کا خاتمہ چاہتا ہوں جسکا آغاز خدا کا غضب ہے اور ہر محبوب چیز کو

مَحْبُوْبٍ اَوَّلُهٗ رِضَاهُ، فَاخْتِمْ لِيْ مِنْكَ بِالْغُفْرَانِ يَا وَ لِيَّ الْاِحْسَانِ ۔

چاہتا ہوں کہ جسکاآغاز رضائے الٰہی ہے ۔پس اے احسان کے مالک میرا خاتمہ اپنی طرف سے بخشش کے ساتھ فرما ۔

دعائے روز بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ چہارشنبہ (بدھ)

خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان اور نہایت ہی رحم کرنے والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ جَعَلَ اللَّيْلَ لِبَاسًا، وَّالنَّوْمَ سُبَاتًا، وَجَعَلَ النَّهَارَ نُشُوْرًا،

حمد اس خدا کے لیے ہے جس نے رات کو پر دے اور نیند کو آرام کا ذریعہ بنا یا او ر دن کو کا م کا ج کے لیے قرار دیا

لَكَ الْحَمْدُ اَنْ بَعَثْتَنِيْ مِنْ مَرْقَدِيْ وَلَوْ شِئْتَ جَعَلْتَهٗ سَرْمَدًا، حَمْدًا دَائِمًا لَّا

تیرے لیے حمد ہے کہ تو نے مجھے میری خوابگاہ سے زندہ اٹھایا اور اگر تو چاہتا تو اس نیند کو دائمی بنا دیتا۔ تیری ایسی حمد

يَنْقَطِعُ اَبَدًا، وَلاَ يُحْصِيْ لَهُ الْخَلَاۤئِقُ عَدَدًا، اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ اَنْ خَلَقْتَ

جو ہمیشہ رہے کبھی ختم نہ ہو کہ جسکی تعداد کو مخلوق شمار نہ کر سکے۔ اے معبود تیرے ہی لیے حمد ہے کہ تو نے پیدا کیا تو

فَسَوَّيْتَ، وَقَدَّرْتَ وَقَضَيْتَ، وَاَمَتَّ وَاَحْيَيْتَ، وَاَمْرَضْتَ وَشَفَيْتَ،

درست پیدا کیا اور قضاء و قدر بنائی تو موت دیتا اور زندگی بخشتا ہے بیمار کرتا ہے شفا دیتا ہے تو بچاتا ہے اور

وَعافَيْتَ وَاَبْلَيْتَ، وَعَلَى الْعَرْشِ اسْتَوَيْتَ، وَعَلَى الْمُلْكِ احْتَوَيْتَ، اَدْعُوكَ

آزماتا ہے اور عرش پر تیری حکومتاور ملک تیرے قبضہ قدرت میں ہے میں تجھے ایسے شخص کی طرح پکارتا ہوں جس کا

دُعَآءَ مَنْ ضَعُفَتْ وَسِيلَتُهُ، وَانْقَطَعَتْ حِيلَتُهُ، وَاقْتَرَبَ اَجَلُهُ، وَتَدَانٰى فِيْ

وسیلہ کمزور ہو،چارۂ کار منقطع ہو گیا ہو، موت قریب آ گئی ہو اور وہ دنیا کی آرزو میں گرفتار ہو اور تیری رحمت کا

الدُّنْيَا اَمَلُهُ، واشْتَدَّتْ اِلٰى رَحْمَتِكَ فاقَتُهُ، وَعَظُمَتْ لِتَفْرِيطِهِ حَسْرَتُهُ

بہت زیادہ محتاج ہو،اسکی کوتاہیوں کے باعث اسکی حسرتیں بڑھ چکی ہوں اور اسکی لغزشیں اور ٹھوکریں بہت زیادہ

وَكَثُرَتْ زَلَّتُهُ وَعَثْرَتُهُ وَخَلُصَتْ لِوَجْهِكَ تَوْبَتُهُ فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ خَاتَمِ

ہوں اور تیرے حضور سچی توبہ کر رہا ہوں پس تو نبیوں کے خاتم محمدمصطفیؐ پر رحمت فرما اور انکے پاک وپاکیزہ اہل

النَّبِيِّيْنَ وَعَلٰى اَهْلِ بَيْتِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ وَارْزُقْنِيْ شَفَاعَةَ مُحَمَّدٍ صَلَّى

بیتؑ پر بھی رحمت فرمااور مجھے محمدؐ وآل محمدؐ کی شفاعت وحمایت نصیب فرمااور مجھے انکے قرب سے محروم نہ فرما۔ بے

اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ وَلَا تَحْرِمْنِيْ صُحْبَتَهُ اِنَّكَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اقْضِ لِيْ

شک تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔ اے معبود!اس بدھ کے دن میری چار حاجتیں پوری فرما کہ میری قوت

فِي الْاَرْبَعَآءِ اَرْبَعًا اِجْعَلْ قُوَّتِيْ فِيْ طَاعَتِكَ وَنَشَاطِيْ فِيْ عِبَادَتِكَ وَرَغْبَتِيْ فِيْ

اپنی اطاعت میں لگا دے ،میری خوشی اپنی عبادت میں قرار دے اور میری توجہ اپنے ثواب کیطرف کر دے اور

ثَوَابِكَ وَزُهْدِيْ فِيْمَا يُوجِبُ لِيْ اَلِيْمَ عِقَابِكَ اِنَّكَ لَطِيْفٌ لِّمَا تَشَآءُ۔

جس چیز سے مجھ پر تیرا سخت عذاب آتا ہو مجھے اس سے دور فرما کہ بیشک تو جس پر چاہے لطف فرماتا ہے

دعائے روز بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پنجشنبہ(جمعرات)

خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں جو بڑا مہربان اور نہایت رحم کرنے والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ اَذْهَبَ اللَّيْلَ مُظْلِمًا بِقُدْرَتِهِ، وَجَآءَ بِالنَّهَارِ مُبْصِرًا بِرَحْمَتِهِ

حمد اس خدا کے لیے ہے جس نے اپنی قدرت سے تاریک رات کو ختم کیا اور روشن دن کو اپنی رحمت سے وجود بخشا اور مجھ

وَكَسَانِيْ ضِيَآئَهُ وَاَنَا فِيْ نِعْمَتِهِ۔ اَللّٰهُمَّ فَكَمَا اَبْقَيْتَنِيْ لَهُ فَاَبْقِنِيْ لِاَمْثَالِهِ،

پر بھی روشنی بکھیری اور میں اسکی نعمت سے مستفید ہوتا ہوں۔اے معبود! جس طرح تو نے مجھے آج کے دن زندہ رکھا اسی

وَصَلِّ عَلَى النَّبِيِّ مُحَمَّدٍ وَاٰلِهٖ، وَلَا تَفْجَعْنِيْ فِيْهِ وَفِيْ غَيْرِهٖ مِنَ اللَّيَالِيْ وَالْاَيَّامِ،

طرح آئندہ بھی زندہ رکھ اور اپنے نبی محمدؐ اور انکی آلؑ پر رحمت فرما اور مجھے آج اور دیگر راتوں اور دنوں میں حرام

بِارْتِكَابِ الْمَحَارِمِ وَاكْتِسَابِ الْمَاْثَمِ وَارْزُقْنِيْ خَيْرَهٗ وَخَيْرَ مَا فِيْهِ وَخَيْرَ

کام کرنے اور گناہ کمانے سے داغدار نہ بنا، آج کے دن میں جو بھلائی ہے اور بعد میں آنے والے انہی دنوں میں جو

مَا بَعْدَهٗ، وَاصْرِفْ عَنِّيْ شَرَّهٗ، وَشَرَّ مَا فِيْهِ، وَشَرَّ مَا بَعْدَهٗ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ بِذِمَّةِ

بھلائی ہے، عطا فرما۔اور مجھے اس دن کے شر جو کچھ اسمیں ہے اسکے شر اور اسکے بعد بھی شر سے بچا ۔اے معبود!میں اسلام

الْاِسْلَامِ اَتَوَسَّلُ اِلَيْكَ،وَبِحُرْمَةِ الْقُرْاٰنِ اَعْتَمِدُ عَلَيْكَ، وَبِمُحَمَّدٍ الْمُصْطَفٰى

کے ذریعے سے تیری طرف وسیلہ پکڑتا ہوں اور قرآن کے احترام کیساتھ تجھ پر بھروسہ کرتا ہوں۔اور محمد مصطفی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ اَسْتَشْفِعُ لَدَيْكَ، فَاعْرِفِ اَللّٰهُمَّ ذِمَّتِيَ الَّتِيْ رَجَوْتُ بِهَا

تیرے حضور اپنا شفیع بناتا ہوں پس اے معبود! جس ضمانت کے ساتھ میں اپنی حاجت براری کا امیدوار ہوں اس پر توجہ

قَضَآءَ حَاجَتِيْ، يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔ اَللّٰهُمَّ اقْضِ لِيْ فِي الْخَمِيْسِ خَمْسًا لَّا يَتَّسِعُ

فرما اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔ اے معبود! اس جمعرات میں میری پانچ حاجات پوری فرما کہ سوائے تیرے

لَهَآ اِلَّا كَرَمُكَ وَلَا يُطِيْقُهَا اِلَّا نِعَمُكَ، سَلَامَةً اَقْوٰى بِهَا عَلٰى طَاعَتِكَ،

کرم کے کوئی اس کی گنجائش نہیں رکھتا اور سوائے تیری نعمتوں کے کوئی اسکی طاقت نہیں رکھتا ایسی صحت وسلامتی عطا فرما جسکے

وَعِبَادَةً اَسْتَحِقُّ بِهَا جَزِيْلَ مَثُوْبَتِكَ،وَسَعَةً فِي الْحَالِ مِنَ الرِّزْقِ الْحَلَالِ،

ذریعے تیری اطاعت پر قوت حاصل ہوایسی عبادت کی توفیق دے جس سے میں تیرے عظیم ثواب کا حق دار بن جاؤں۔

وَاَنْ تُؤْمِنَنِيْ فِيْ مَوَاقِفِ الْخَوْفِ بِاَمْنِكَ، وَتَجْعَلَنِيْ مِنْ طَوَارِقِ الْهُمُوْمِ

رزق حلال سمیری حالت میں کشادگی فرما۔ خوف و خطرے کے مواقع پر اپنے امان کے ذریعے محفوظ فرما غم وآلام کے ہجوم

وَالْغُمُوْمِ فِيْ حِصْنِكَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْ تَوَسُّلِيْ بِهٖ شَافِعًا،

میں مجھے اپنی پناہ میں رکھ اور محمدؐ وآل محمدؐ پر رحمت فرما اور ان میں سے میرے لیے توسل کوروز قیامت نفع دینے والا

يَوْمَ الْقِيٰمَةِ نَافِعًا اِنَّكَ اَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ۔

شفیع بنا کہ تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے۔

دعائے روز بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ آدینہ (جمعہ)

خدا کے نام سے (شروع) جو بڑ امہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الْاَوَّلِ قَبْلَ الْاِنْشَآءِ وَالْاِحْيَآءِ، وَالْاٰخِرِ بَعْدَ فَنَآءِ الْاَشْيَآءِ، الْعَلِيْمِ
حمد اس خدا کیلئے ہے جو ہستی وزندگی میں سب سے اول اور چیزوں کے فنا کے بعد سب سے آخر میں موجود ہوگا، وہ
الَّذِیْ لَا يَنْسٰى مَنْ ذَكَرَهٗ، وَلَا يَنْقُصُ مَنْ شَكَرَهٗ، وَلَا يُخَيِّبُ مَنْ دَعَاهُ، وَلَا
ایسا علم والا ہے جو اس کو یاد کرے اسے بھولتا نہیں جو شکر کرے اسے کمی نہیں آنے دیتا پکارنے والے کو مایوس
يَقْطَعُ رَجَآءَ مَنْ رَجَاهُ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اُشْهِدُكَ وَكَفٰى بِكَ شَهِيْدًا، وَاُشْهِدُ جَمِيْعَ
نہیں کرتا اور جو امید رکھے اس کی امید منقطع نہیں کرتا خداوندا! میں تجھے گواہ بناتا ہوں اور تیرا گواہ ہونا کافی
مَلَآئِكَتِكَ وَسُكَّانَ سَمٰوَاتِكَ وَحَمَلَةِ عَرْشِكَ، وَمَنْ بَعَثْتَ مِنْ اَنْبِيَآئِكَ
ہے اور میں تیرے تمام فرشتوں، آسمانوں کے رہنے والوں حاملین عرش اور تیرے ان نبیوں اور رسولوں کو
وَرُسُلِكَ، وَاَنْشَاْتَ مِنْ اَصْنَافِ خَلْقِكَ، اَنِّیْٓ اَشْهَدُ اَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ
جنہیں تو نے بھیجا اور ہر قسم کی مخلوق جو تو نے پیدا کی سبھی کو گواہ بناکر شہادت دیتا ہوں کہ بے شک تو خدا ہے تیرے
اَنْتَ، وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَلَا عَدِيْلَ، وَلَا خُلْفَ لِقَوْلِكَ وَلَا تَبْدِيْلَ، وَاَنَّ
سوا کوئی معبود نہیں تو یکتا ہے تیرا کوئی شریک نہیں اور نہ برابر کا ہے اور تیرے قول میں اختلاف اور تبدیلی نہیں ہے
مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ، اَدّٰى مَا حَمَّلْتَهٗ اِلَى الْعِبَادِ،
اور شہادت دیتا ہوں کہ محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تیرے عبد خاص اور تیرے رسولؐ ہیں انہوں نے تیرے احکام تیرے بندوں
وَجَاهَدَ فِی اللّٰهِ عَزَّ وَجَلَّ حَقَّ الْجِهَادِ وَاَنَّهٗ بَشَّرَ بِمَا هُوَ حَقٌّ مِنَ الثَّوَابِ، وَاَنْذَرَ
تک پہنچائے اور تیری الوہیت کیلئے جہاد کیا جس طرح جہاد کرنے کا حق ہے انہوں نے تیرے ثواب کی بشارت دی
بِمَا هُوَ صِدْقٌ مِّنَ الْعِقَابِ ۔ اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْنِیْ عَلٰى دِيْنِكَ مَا اَحْيَيْتَنِیْ، وَلَا تُزِغْ
جو حق ہے اور تیرے اس عذاب سے ڈرایا جو بجا ہے، خداوندا! جب تک مجھے زندہ رکھے اپنے دین پر قائم رکھنا
قَلْبِیْ بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنِیْ، وَهَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۔ صَلِّ عَلٰى
اور ہدایت دینے کے بعد میرے دل کو ٹیڑھا نہ کرنا اور مجھے اپنی طرف سے رحمت عطا فرمانا بیشک تو بڑا عطا کرنے
مُحَمَّدٍ وَعَلٰى اٰلِ مُحَمَّدٍ، وَّاجْعَلْنِیْ مِنْ اَتْبَاعِهٖ وَشِيْعَتِهٖ وَاحْشُرْنِیْ فِیْ زُمْرَتِهٖ
والا ہے محمدؐ وآل محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور مجھے ان کے پیروکاروں اور شیعوں میں قرار دے اور ان ہی کے
وَوَفِّقْنِیْ لِاَدَآءِ فَرْضِ الْجُمُعَاتِ، وَمَا اَوْجَبْتَ عَلَیَّ فِيْهَا مِنَ الطَّاعَاتِ، وَقَسَمْتَ
گروہ کے ساتھ محشور فرما مجھے نماز ہائے جمعہ اور جو کچھ مجھ پر تو نے اس دن میں واجب کیا اسے ادا کرنے کیتوفیق

لِاَهْلِهَآ مِنَ الْعَطَآءِ فِيْ يَوْمِ الْجَزَآءِ، اِنَّكَ اَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ۔

دے اور روز قیامت جب اہل اطاعت پر تیری عنایت ہو تو مجھے بھی حصہ دے کہ تو صاحب اقتدار اور حکمت والا ہے۔

دعائے روز بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ شنبہ (ہفتہ)

خدا کے نام سے (شروع کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

بِسْمِ اللّٰهِ كَلِمَةِ الْمُعْتَصِمِيْنَ، وَمَقَالَةِ الْمُتَحَرِّزِيْنَ، وَاَعُوْذُ بِاللّٰهِ تَعَالٰى مِنْ

خدا کے نام سے شروع جو پناہ چاہنے والوں کا شعار اور بچاؤ چاہنے والوں کا ورد ہے اور میں ظالموں کی سختی ،حسد کرنے

جَوْرِ الْجَآئِرِيْنَ، وَكَيْدِ الْحَاسِدِيْنَ، وَبَغْيِ الظَّالِمِيْنَ، وَاَحْمَدُهٗ فَوْقَ حَمْدِ

والوں کے مکر اور ستمگاروں کے ستم سے خدا کی پناہ لیتا ہوں اور میں حمد کرنے والوں سے بڑھ کر اس کی حمد کرتا ہوں خدایا!

الْحَامِدِيْنَ۔ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْوَاحِدُ بِلَا شَرِيْكٍ وَّالْمَلِكُ بِلَا تَمْلِيْكٍ لَا تُضَآدُّ فِيْ

تو وہ یکتا ہے جس کا کوئی شریک نہیں اور وہ بادشاہ ہے جس کا کوئی حصہ دار نہیں تیرے حکم میں تضاد نہیں اور تیری سلطنت میں

حُكْمِكَ وَلَا تُنَازَعُ فِيْ مُلْكِكَ، اَسْاَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ،

اختلاف نہیں میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ اپنے عبد خاص اور اپنے رسول محمد مصطفیٰ ؐ پر رحمت فرما ، مجھے اپنی نعمتوں کے شکر ادا

وَاَنْ تُوْزِعَنِيْ مِنْ شُكْرِ نُعْمَاكَ مَا تَبْلُغُ بِيْ غَايَةَ رِضَاكَ، وَاَنْ تُعِيْنَنِيْ عَلٰى

کرنے کی اس طرح توفیق دے کہ جس سے تیری رضا کی انتہا حاصل کر سکوں اور مجھے اپنی فرمانبرادری کرنے، عبادت کو

طَاعَتِكَ وَلُزُوْمِ عِبَادَتِكَ وَاسْتِحْقَاقِ مَثُوْبَتِكَ بِلُطْفِ عِنَايَتِكَ، وَتَرْحَمَنِيْ

ضروری سمجھنے اور اپنے فضل وکرم سے اپنے اجرو ثواب کا حق دار بننے میں میری مدد فرما تاکہ میں تیری نافرمانیوں سے بچ

بِصَدِّيْ عَنْ مَعَاصِيْكَ مَآ اَحْيَيْتَنِيْ وَتُوَفِّقَنِيْ لِمَا يَنْفَعُنِيْ مَآ اَبْقَيْتَنِيْ، وَاَنْ

سکوں جب تک زندہ رہوں اور مجھے اسکی توفیق دے جو میرے لیے مفید ہے جب تک باقی ہوں اپنی کتاب کے ذریعے میرا

تَشْرَحَ بِكِتَابِكَ صَدْرِيْ، وَتَحُطَّ بِتِلَاوَتِهٖ وِزْرِيْ، وَتَمْنَحَنِيَ السَّلَامَةَ فِيْ دِيْنِيْ

سینہ کھول دے اور اسکی تلاوت کے ذریعے میرے گناہ کم کر دے میری جان اور میرے دین میں سلامتی عطا فرما اور اہل

وَنَفْسِيْ، وَلَا تُوْحِشَ بِيْ اَهْلَ اُنْسِيْ وَتُتِمَّ اِحْسَانَكَ فِيْمَا بَقِيَ مِنْ عُمْرِيْ كَمَآ

انس کو مجھ سے خائف نہ کر اور میری باقی زندگی میں مجھ پر کامل احسان فرما جیسے کہ میری گزری ہوئی زندگی میں مجھ پر احسان

اَحْسَنْتَ فِيْمَا مَضٰى مِنْهُ، يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

فرمایا ہے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے

چوتھی فصل:

جمعرات و جمعہ کے فضائل و اعمال

واضح ہے کہ جمعہ کو تمام ایام پر ایک خاص امتیاز اور شرف حاصل ہے۔ چنانچہ حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا فرمان ہے کہ شب جمعہ و جمعہ کی چوبیس ساعتیں ہیں اور ہر ایک ساعت میں خداوند عالم چھ لاکھ انسانوں کو جہنم سے آزاد کرتا ہے۔ امام جعفر صادقؑ کا ارشاد ہے کہ زوال جمعرات سے زوال جمعہ کے درمیان جس شخص کو موت واقع ہو وہ فشار قبر سے محفوظ رہے گا۔ حضرت ہی کا فرمان ہے کہ جمعہ کا خاص احترام اور حق ہے۔ اس حق کو ضائع نہ کرو، اس دن کی عبادت میں کوتاہی نہ کرو۔ اچھے اعمال سے خدا کا قرب حاصل کرو اور تمام محرمات کو ترک کرو کیونکہ خدا تعالیٰ اس روز اطاعت کا ثواب بڑھا دیتا ہے۔ گناہوں کی سزا ختم کر دیتا ہے اور دنیا و آخرت میں مومنین کے درجات بلند کرتا ہے اور روز جمعہ کی طرح شب جمعہ کی بھی بہت فضیلت ہے اور ممکن ہو تو شب جمعہ صبح تک دعا و نماز میں گزارو۔ شب جمعہ میں خدا مومنین کی عزت بڑھانے کے لیے ملائکہ کو پہلے آسمان پر بھیجتا ہے تاکہ وہ انکی نیکیوں میں اضافہ کریں اور انکے گناہ مٹا ڈالیں۔ اسکی وجہ یہ ہے کہ حق تعالیٰ رحیم و کریم ہے اور اسکی عنایتیں اور عطائیں وسیع ہیں۔ معتبر حدیث میں رسول اللہؐ سے مروی ہے کہ کبھی ایسا بھی ہوتا ہے کہ ایک مومن اپنی حاجت کیلئے دعا کرتا ہے مگر خدا اسکی وہ حاجت پوری کرنے میں تاخیر کرتا ہے تاکہ روز جمعہ اسکی حاجت کو پورا کرے اور جمعہ کی فضیلت کی وجہ سے کئی گناہ معاف کر دیتا ہے۔ نیز فرمایا کہ جب برادران یوسفؑ نے حضرت یعقوبؑ سے کہا کہ وہ انکے گناہوں کی معافی کیلئے دعا کریں تو انہوں نے فرمایا: سَوْفَ اَسْتَغْفِرُ لَكُمْ رَبِّیْ کہ عنقریب میں تمہارے گناہوں کی بخشش کے لیے اپنے پروردگار سے دعا کروں گا، یہ تاخیر اس لیے کی گئی کہ جمعہ کی سحر کو دعا کی جائے تاکہ وہ قبولیت تک پہنچے۔ حضرت سے یہ بھی مروی ہے کہ شب جمعہ میں مچھلیاں سر پانی سے باہر نکالتی ہیں اور صحرائی جانور اپنی گردنیں بلند کر کے بارگاہ الٰہی میں عرض کرتے ہیں کہ اے پروردگار ا انسانوں کے گناہوں کے باعث ہم پر عذاب نہ کرنا۔ امام محمد باقر علیہ السلام فرماتے ہیں کہ ہر شب جمعہ ایک فرشتہ ابتداءِ شب سے آخر شب تک عرش کے اوپر سے یہ ندا کرتا ہے کہ ہے کوئی مومن بندہ ہے جو طلوع فجر سے پہلے دنیا و آخرت کی کوئی حاجت طلب کرے تاکہ میں اس کی حاجت پوری کروں۔ ہے کوئی مومن بندہ جو طلوع فجر سے پہلے گناہوں سے معافی کا طالب ہو اور میں اس کے گناہ معاف کر دوں کوئی بندۂ مومن ہے کہ جس کی روزی میں نے تنگ کر رکھی ہو وہ طلوع صبح سے قبل مجھ سے وسعت رزق طلب کرے پس میں اس کی روزی میں وسعت عطا کروں، آیا کوئی بیمار مومن ہے

جو مجھ سے طلوع صبح سے پہلے شفا کا طالب ہو تو میں اسے شفا دے دوں، کوئی قیدی و غم زدہ مومن ہے جو صبح جمعہ سے پہلے مجھ سے سوال کرے تو میں اسکو قید سے رہائی دے کر اس کا غم دور کروں، آیا کوئی مظلوم مومن ہے جو طلوع صبح سے پہلے ظالم کے ظلم کو دور کرنے کا مجھ سے سوال کرے تو میں اس کیلئے ہر ظلم کرنے والے سے انتقام لوں اور اس کا حق اسے دلا دوں، پس وہ فرشتہ جمعہ کی صبح طلوع ہونے تک اسی طرح آواز دیتا رہتا ہے۔

امیر المومنینؑ سے منقول ہے کہ حق تعالیٰ نے جمعہ کو تمام دنوں پر فضیلت دی ہے اور اسکو روز عید قرار دیا ہے، اس طرح شب جمعہ کو بھی باعظمت قرار دیا ہے۔ جمعہ کی ایک فضیلت یہ ہے کہ اس روز خدا سے جو سوال کیا جائے وہ پورا کر دیا جاتا ہے اگر کوئی گروہ مستحق عذاب ہے لیکن وہ شب جمعہ یا روز جمعہ دعا کرے تو اسے عذاب سے چھٹکارا مل جاتا ہے۔ حق تعالی روز جمعہ مقدر کو محکم اور ناقابل تغیر بنا دیتا ہے۔ لہذا شب جمعہ عام راتوں سے اور روز جمعہ عام دنوں سے افضل ہے۔

حضرت امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں: شب جمعہ میں گناہوں سے بچو کیونکہ اس رات کئی گنا عذاب بڑھ جاتا ہے جیسا کہ اس شب میں نیکیوں کا ثواب بھی کئی گنا زیادہ ہوتا ہے، اگر کوئی شخص شب جمعہ میں گناہ سے پرہیز کرے تو خدا اس کے سابقہ گناہ معاف کر دیتا ہے اور اگر کوئی شخص شب جمعہ میں اعلانیہ گناہ کرے تو خدا اسکو ساری زندگی کے گناہوں کے برابر عذاب دے گا اور اس گناہ کا عذاب بھی زیادہ ہوگا، اور معتبر سند کے ساتھ امام علی رضاؑ سے منقول ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: جمعہ کا دن تمام دنوں کا سردار ہے اس میں نیکیوں کا ثواب کئی گنا ہوتا ہے اور گناہ معاف ہو جاتے ہیں، درجات بلند، دعائیں قبول، رنج والم زائل اور بڑی بڑی حاجات پوری کر دی جاتی ہیں۔ اس دن خدا تعالی بندوں کے لیے اپنی رحمت میں اضافہ کرتا ہے اور لوگوں کی ایک کثیر تعداد کو جہنم کی آگ سے آزاد کرتا ہے۔ جو شخص اس دن خدا کو پکارے اور وہ اس دن کی عزت و عظمت کا قائل بھی ہو تو خدا پر اسکا حق ہے کہ وہ اسے جہنم کی آگ سے چھٹکارا عطا کرے اگر کوئی شخص شب جمعہ یا روز جمعہ میں وفات پا جائے تو وہ شہید شمار ہوگا اور قیامت کے دن عذاب الٰہی سے محفوظ رہے گا۔ جو آدمی جمعہ کے دن کی عظمت کی پرواہ نہ کرے اور اسکے حق کو ضائع کرے مثلاً نماز جمعہ بجا نہ لائے یا حرام کاموں سے نہ بچے، خدا کے لیے ضروری ہے کہ وہ اس شخص کو جہنم کا ایندھن بنائے مگر یہ کہ وہ توبہ کر لے۔ معتبر اسناد کے ساتھ امام محمد باقرؑ سے مروی ہے کہ آفتاب نے کبھی کسی ایسے دن طلوع نہیں کیا جو جمعہ سے بہتر ہو۔ اس روز پرندے جب ایک دوسرے سے ملتے ہیں تو سلام کرتے اور کہتے ہیں کہ آج بڑا ہی عظیم دن ہے۔ نیز معتبر سند کے ساتھ امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن کو درک کرے وہ عبادت الٰہی کے علاوہ کچھ نہ کرے کہ اس دن خدا تعالی اپنے بندوں کے گناہ معاف کرتا ہے اور ان پر رحمت خداوندی نازل ہوتی ہے۔ حق تو یہ ہے کہ شب جمعہ اور روز جمعہ کے فضائل کثیر ہیں اور اس مختصر کتاب میں اتنی گنجائش نہیں کہ ان سب کا تذکر کیا جائے۔

شب جمعہ کے اعمال

شب جمعہ کے اعمال بہت زیادہ ہیں اور یہاں ہم چند اعمال کے ذکر پر اکتفاء کرتے ہیں۔

اول: روایت ہے کہ شب جمعہ رات کا نور اور روز جمعہ روشن ترین دن ہے لہذا اس شب و روز میں بکثرت درود شریف اور مذکورہ ذکر کو پڑھیں:

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ وَلَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

پاک اور بزرگ تر ہے خدا اور خدا کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

ایک اور روایت میں ہے کہ اس رات کم از کم سو مرتبہ درود پڑھیں اور جس قدر زیادہ پڑھ سکیں بہتر ہے۔ امام جعفر صادقؑ سے مروی ہے کہ شب جمعہ میں محمدؐ و آل محمدؐ پر درود بھیجنے سے ہزار نیکیوں کا ثواب ملتا ہے۔ ہزار گناہ معاف ہوتے ہیں اور ہزار درجے بلند ہو جاتے ہیں۔ مستحب ہے کہ جمعرات کی عصر سے روز جمعہ کے آخر تک محمدؐ و آل محمدؐ پر زیادہ سے زیادہ درود بھیجیں اور بہ سند صحیح امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جمعرات کی عصر کو ملائکہ آسمان سے اترتے ہیں اور انکے ہاتھوں میں طلائی قلم اور نقرئی کاغذ ہوتا ہے اور وہ اس میں جمعرات کی عصر سے روز جمعہ کے آخر تک محمدؐ و آل محمدؐ پر بھیجے ہوئے درود کے سوا کچھ نہیں لکھتے۔ شیخ طوسیؒ فرماتے ہیں کہ جمعرات کے دن محمدؐ و آل محمدؐ پر ایک ہزار مرتبہ درود پڑھنا مستحب ہے اور بہتر ہے کہ اس طرح درود پڑھیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَعَجِّلْ فَرَجَھُمْ، وَاَھْلِكْ عَدُوَّھُمْ مِنَ الْجِنِّ

اے معبود محمدؐ اور اسکی آلؑ پر رحمت فرما اور ان کے ظہور میں تعجیل فرما اور محمدؐ و آل محمدؐ کے دشمنوں کو ہلاک کر خواہ وہ جنہیں

وَالْاِنْسِ مِنَ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ۔

یا انسان اولین سے ہیں یا آخرین سے۔

جمعرات کی عصر کے بعد سے روز جمعہ کے آخر تک مذکورہ درود کا سو مرتبہ پڑھنا بہت فضیلت رکھتا ہے نیز شیخ فرماتے ہیں جمعرات کو دن کے آخری حصے میں اس طرح استغفار کرنا مستحب ہے:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰہَ الَّذِیْ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ، وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ تَوْبَةَ عَبْدٍ خَاضِعٍ

اس خدا سے طالب مغفرت ہوں جسکے سوا کوئی معبود نہیں جو زندہ و پائندہ ہے میں اسکے حضور ایسے بندے کیطرح توبہ

مِّسْكِينٍ مُّسْتَكِيْنٍ، لاَ يَسْتَطِيْعُ لِنَفْسِهٖ صَرْفًا وَّلاَ عَدْلًا وَّلاَ نَفْعًا وَّلاَ ضَرًّا

کرتا ہوں ہوں جو ذلیل، محتاج اور بے چارہ ہے جو اپنے کاروبار، دفاع اور نفع ونقصان کا مالک نہیں اپنی موت

وَّلاَحَيَاةً وَّلاَ مَوْتًا وَّلاَ نُشُوْرًا، وَّصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعِتْرَتِهِ الطَّيِّبِيْنَ

زندگی اور قیامت کے دن اٹھیٹھر و نشر پر کچھ اختیار نہیں رکھتا اور محمدؐ اور انکی پاک و پاکیزہ اور نیک و پاکباز آل پر

الطَّاهِرِيْنَ الْاَخْيَارِ الاَبْرَارِ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا۔

خدا کی رحمت اور سلام ہو جس طرح ان پر سلام کا حق ہے۔

دوم:

شب جمعہ میں قرآن کی ان سورتوں کی تلاوت کرنا چاہیے کہ ان میں سے ہر ایک کے فوائد کثیر اور ثواب بہت زیادہ ہے: سورۂ بنی اسرائیل، کہف، طٰسٓ والی تین سورتیں، الٓمٓ سجدہ، یٰسٓ، صٓ، احقاف، واقعہ، حٰمٓ سجدہ، حٰمٓ دخان، طور، اقتربت اور جمعہ کی تلاوت کرے اگر وقت کی کمی ہو تو سورۂ واقعہ اور اس سے قبل سورتوں کی تلاوت کرے کیونکہ امام جعفر صادقؑ سے مروی ہے کہ جو شخص ہر شب جمعہ سورۂ بنی اسرائیل کی تلاوت کرے گا تو اسے امام العصر (عج) کی خدمت میں حاضری نصیب ہونے سے پہلے موت نہیں آئے گی اور وہ وہاں آنجنابؑ کے اصحاب میں سے ہوگا نیز فرمایا کہ شب جمعہ میں سورۂ کہف کی تلاوت کرنے والا نہیں مرے گا مگر شہید اور قیامت میں حق تعالی اس کو شہیدوں کے ساتھ محشور کرے گا اور وہ انہیں کے ساتھ رہے گا۔ جو شخص جمعہ کو طٰسٓ والی تین سورتیں پڑھے وہ خدا کا دوست شمار ہوگا، اسے خدا کی حمایت وامان حاصل ہوگی دنیا میں فقر وتنگ دستی سے محفوظ رہے گا، آخرت کو بہشت میں اس قدر نعمات ملیں گی کہ وہ راضی وخوش ہو جائے گا۔ پھر خدا اسے اس کی رضا سے بھی زیادہ عطا فرمائے گا اور سو حوریں اسکی زوجیت میں رہیں گی آپؑ نے یہ بھی فرمایا کہ جو شخص ہر شب جمعہ میں سورۂ الم سجدہ پڑھے تو قیامت میں خدائے تعالی اسکا نامہ اعمال اسکے دائیں ہاتھ میں دے گا، اس سے اسکے اعمال کا حساب کتاب نہیں لیا جائے گا اور وہ محمدؐ وآل محمدؐ کے رفقاء میں شمار ہوگا، معتبر اسناد کیساتھ امام محمد باقرؑ سے مروی ہے کہ جو شخص شب جمعہ میں سورۂ صٓ کی تلاوت کرے تو اسکو دنیا وآخرت کی بھلائی عطا ہوگی اور اسے اتنا اجر دیا جائے گا جتنا کسی نبی مرسل یا ملک مقرب کو دیا جاتا ہے۔ وہ خود بہشت میں جانے کیساتھ ساتھ اپنے اہل خانہ میں سے جسے چاہے حتی کہ اپنے خدمت گار کو بھی بہشت میں لے جا سکے گا اگرچہ وہ خدمتگار اس شخص کے عیال میں شامل نہ ہو اور اسکی شفاعت کے دائرے میں نہ آتا ہو۔ امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو شخص شب جمعہ یا روز جمعہ میں سورۂ احقاف کی تلاوت کرے تو وہ دنیا میں خوف وخطر اور آخرت میں روز قیامت

کے خوف و پریشانی سے امن میں ہوگا۔ نیز فرمایا کہ جو شخص ہر شب جمعہ میں سورۂ واقعہ پڑھے تو اللہ اس کو اپنا دوست بنائے گا، دنیا میں بدحالی وتنگدستی اور آفات سے محفوظ رہے گا اور امیر المومنینؑ کے رفقاء میں شمار ہوگا کہ یہ سورہ آنجنابؑ سے مخصوص ہے۔ روایت ہے کہ جو شخص ہر شب جمعہ میں سورۂ جمعہ کی تلاوت کرے تو وہ اس جمعہ اور آئندہ جمعہ کے درمیان اسکا کفارہ شمار ہوگا، ہر شب جمعہ میں سورۂ کہف پڑھنے کی بھی یہی فضیلت بیان ہوئی ہے اسی طرح جو شخص جمعہ کی ظہر وعصر کے بعد سورۂ کہف کی تلاوت کرے تو اسکے لیے بھی یہی فضیلت نقل ہوئی ہے۔

شب جمعہ میں پڑھی جانے والی بہت سی نمازیں ذکر ہوئی ہیں:

(۱) نماز امیر المومنینؑ

(۲) یہ دو رکعت نماز ہے اسکی ہر رکعت میں سورۂ حمد کے بعد پندرہ مرتبہ سورۂ اذا زلزلت پڑھی جاتی ہے، روایت ہے کہ اس نماز کو پڑھنے والا قبر کے عذاب اور قیامت کی ہولناکی سے محفوظ رہے گا۔

(۳) نماز مغرب کی پہلی رکعت میں سورۂ حمد کے بعد سورۂ جمعہ اور دوسری رکعت میں حمد کے بعد سورۂ توحید پڑھیں۔ اسی طرح نماز عشاء کی پہلی رکعت میں سورۂ حمد کے بعد سورۂ جمعہ اور دوسری رکعت میں سورۂ حمد کے بعد سورۂ اعلٰی پڑھیں:

(۴) شعر پڑھنا ترک کردے کیونکہ صحیح حدیث میں امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ روزے کے ساتھ، حرم میں، احرام کی حالت میں اور شب جمعہ و روز جمعہ کو شعر پڑھنے مکروہ ہیں۔ راوی نے عرض کیا کہ شعر خواہ مبنی برحق ہی کیوں نہ ہو؟ فرمایا۔ ہاں شعر اگر حق ہو تو بھی اس سے پرہیز کرے۔ معتبر حدیث میں امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا: جو شخص شب جمعہ یا روز جمعہ میں ایک بھی شعر پڑھے تو وہ اس رات اور دن، اسکے سوا کسی اور ثواب سے بہرہ مند نہ ہوگا ایک اور روایت میں ہے کہ ایسے شخص کی اس رات اور دن کی نماز قبول نہیں ہوگی۔

(۵) مومنین کے حق میں زیادہ سے زیادہ دعا کریں، جیسے جناب زہراؑ کیا کرتی تھیں نیز اگر مرحوم مومنین میں سے دس کیلئے مغفرت کی دعا کرے تو (ایک روایت کے مطابق) ایسے شخص کیلئے جنت واجب ہوجاتی ہے۔

(۶) شب جمعہ کی وہ دعائیں پڑھے جو وارد ہوئی ہیں انکی تعداد بہت زیادہ ہے یہاں ہم ان میں سے چند ایک کا تذکرہ کرتے ہیں بہ سند صحیح امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو شخص شب جمعہ نافلہ مغرب کے آخری سجدے میں سات مرتبہ یہ دعا پڑھے تو اس عمل سے فارغ ہونے سے پہلے اسکے سارے گناہ معاف ہو چکے ہونگے اگر ہر شب اس دعا کو پڑھتا رہے تو اور بھی بہتر ہے وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ بِوَجْهِكَ الْكَرِيْمِ، وَاسْمِكَ الْعَظِيْمِ، اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ

خداوندا میں تیری کریم ذات اور تیرے برتر نام کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ محمدؐ و آل محمد پر رحمت نازل فرما

وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ، وَاَنْ تَغْفِرَلِيْ ذَنْبِيَ الْعَظِيْمَ۔

اور میرے بڑے بڑے گناہوں کو بخش دے۔

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہے کہ جو شخص شب جمعہ یا روز جمعہ یہ دعا سات مرتبہ پڑھے اور اگر اس رات یا اس دن فوت ہو جائے تو جنت میں داخل ہوگا۔ وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ رَبِّيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَاَنَا عَبْدُكَ وَابْنُ اَمَتِكَ، وَفِيْ

اے معبود! تو ہی میرا رب ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو نے ہی مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ اور تیری کنیز کا بیٹا ہوں اور تیرے قبضے میں

قَبْضَتِكَ وَنَاصِيَتِيْ بِيَدِكَ، اَمْسَيْتُ عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ اَعُوْذُ

ہوں میری مہار تیرے دست قدرت میں ہے میں نے تیرے عہد و پیمان پر رات گزاری جتنا ہو سکے میں تیری رضا کی پناہ چاہتا ہوں اسکے شر

بِرِضَاكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ، اَبُوْٓءُ بِنِعْمَتِكَ، وَاَبُوْٓءُ بِذَنْبِيْ، فَاغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ اِنَّهٗ

سے جو میں نے انجام دیا ہے تیری نعمت کا بار اور میرے گناہ کا بوجھ میرے کندھے پر ہے پس میرے گناہ معاف فرما دے تیرے سوا کوئی

لَايَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ۔

گناہوں کو معاف نہیں کر سکتا۔

شیخ طوسی، سید، کفعمی اور سید ابن باقی فرماتے ہیں کہ شب جمعہ، روز جمعہ، شب عرفہ اور روز عرفہ یہ دعا پڑھنا مستحب ہے۔ ہم اس دعا کو شیخ کی کتاب مصباح سے نقل کر رہے ہیں:

اَللّٰهُمَّ مَنْ تَعَبَّاَ وَتَهَيَّاَ وَاَعَدَّ وَاسْتَعَدَّ لِوِفَادَةٍ اِلٰى مَخْلُوْقٍ رَجَآءَ رِفْدِهٖ وَطَلَبَ

خدایا جو بھی عطا و بخشش کے لیے مخلوق کی طرف جانے کو آمادہ اور مستعد ہو اس کی امید اسی کی داد و دہش پر لگی ہوتی

نَآئِلِهٖ وَجَآئِزَتِهٖ، فَاِلَيْكَ يَا رَبِّ تَعْبِيَتِيْ وَاسْتِعْدَادِيْ رَجَآءَ عَفْوِكَ وَطَلَبَ

ہے تو اے میرے پروردگار میری آمادگی و تیاری تیرے عفو و درگزر تیری بخشش اور تیرے انعام کے حصول کی

نَآئِلِكَ وَجَآئِزَتِكَ فَلَا تُخَيِّبْ دُعَآئِيْ يَا مَنْ لَا يَخِيْبُ عَلَيْهِ سَآئِلٌ وَلَا يَنْقُصُهٗ

امید پر ہے پس میری دعا کو مایوس نہ کر اے وہ ذات جس سے کوئی سائل ناامید نہیں ہوتا کسی کا حاصل کرنا اسکی عطا کو

نَآئِلٌ، فَاِنِّيْ لَمْ اٰتِكَ ثِقَةً بِعَمَلٍ صَالِحٍ عَمِلْتُهٗ، وَلَا لِوِفَادَةٍ مَخْلُوْقٍ رَجَوْتُهٗ،

کم نہیں کر سکتا ہے پس میں نے جو عمل صالح کیا اس کے بھروسے پر تیری جناب میں نہیں آیا اور نہ ہی مخلوق کے دین کی

اَتَيْتُكَ مُقِرًّا عَلٰى نَفْسِيْ بِالْاِسَآئَةِ وَالظُّلْمِ، مُعْتَرِفًا بِاَنْ لَّا حُجَّةَ لِيْ وَلَا عُذْرَ،

امید رکھتا ہوں میں تو اپنی برائیوں اور ظلم کا اقرار کرتے ہوئے تیری بارگاہ میں حاضر ہوا ہوں اور اعتراف کرتا

اَتَيْتُكَ اَرْجُوْ عَظِيْمَ عَفْوِكَ الَّذِيْ عَفَوْتَ بِهٖ عَنِ الْخَاطِئِيْنَ، فَلَمْ يَمْنَعْكَ

ہوں کہ میں کوئی حجت اور عذر نہیں رکھتا ہوں میں تیرے حضور عفو عظیم کی امید لے کر آیا ہوں جس سے تو خطا کاروں کو

طُوْلُ عُكُوْفِهِمْ عَلٰى عَظِيْمِ الْجُرْمِ اَنْ عُدْتَّ عَلَيْهِمْ بِالرَّحْمَةِ، فَيَا مَنْ رَحْمَتُهٗ

معاف فرماتا ہے کہ ان کے بڑے گناہوں کا تسلسل تجھے ان پر رحمت کرنے سے باز نہیں رکھ سکتا تو اے وہ ذات جسکی

وَاسِعَةٌ، وَعَفْوُهٗ عَظِيْمٌ، يَا عَظِيْمُ يَاعَظِيْمُ يَا عَظِيْمُ، لَا يَرُدُّ غَضَبَكَ اِلَّا

رحمت عام اور عفو وبخشش عظیم ہے اے خدائے عظیم اے خدائے عظیم اے خدائے عظیم تیرا غضب تیرے ہی حلم سے

حِلْمُكَ وَلَا يُنْجِيْ مِنْ سَخَطِكَ اِلَّا التَّضَرُّعُ اِلَيْكَ فَهَبْ لِيْ يَآ اِلٰهِيْ فَرَجًا

پلٹ سکتا ہے اور تیری ناراضگی تیرے حضور نالہ وفریاد سے ہی دور ہوسکتی ہے تو اے میرے خدا مجھے اپنی قدرت

بِالْقُدْرَةِ الَّتِيْ تُحْيِيْ بِهَا مَيْتَ الْبِلَادِ، وَلَا تُهْلِكْنِيْ غَمًّا حَتّٰى تَسْتَجِيْبَ لِيْ،

سے کشائش عطا کر جس سے تو اجڑے ہوئے شہروں کو آباد کرتا ہے مجھے غمگینی میں ہلاک نہ کر یہاں تک کہ تو میری دعا کو

وَتُعَرِّفَنِيْ الْاِجَابَةَ فِيْ دُعَآئِيْ، وَاَذِقْنِيْ طَعْمَ الْعَافِيَةِ اِلٰى مُنْتَهٰى اَجَلِيْ، وَلَا

قبول کر لے اور دعا کی قبولیت سے مجھے آگاہ فرما دے مجھے آخر دم تک صحت وعافیت سے رکھ اور میرے دشمن کو

تُشْمِتْ بِيْ عَدُوِّيْ، وَلَا تُسَلِّطْهُ عَلَيَّ، وَلَا تُمَكِّنْهُ مِنْ عُنُقِيْ اَللّٰهُمَّ اِنْ وَضَعْتَنِيْ

میری بری حالت پر خوش نہ ہونے دے اور اسے مجھ پر تسلط اور اختیار نہ دے اے پروردگار! اگر تو مجھے گرا

فَمَنْ ذَا الَّذِيْ يَرْفَعُنِيْ؟ وَاِنْ رَفَعْتَنِيْ فَمَنْ ذَا الَّذِيْ يَضَعُنِيْ وَاِنْ اَهْلَكْتَنِيْ فَمَنْ

دے تو کون مجھے اٹھانے والا ہے اور اگر تو مجھے بلند کرے تو کون ہے جو مجھے پست کر سکتا ہے اگر تو مجھے ہلاک کرے تو

ذَا الَّذِيْ يَعْرِضُ لَكَ فِيْ عَبْدِكَ اَوْ يَسْاَلُكَ عَنْ اَمْرِهٖ وَقَدْ عَلِمْتُ اَنَّهٗ لَيْسَ فِيْ

کون تیرے بندے سے متعلق تجھے کچھ کہہ سکتا ہے اس کے متعلق سوال کر سکتا ہے بے شک میں جانتا ہوں کہ تیرے فیصلے

حُكْمِكَ ظُلْمٌ، وَلَا فِيْ نَقِمَتِكَ عَجَلَةٌ، وَاِنَّمَا يَعْجَلُ مَنْ يَّخَافُ الْفَوْتَ وَاِنَّمَا

میں ظلم نہیں اور تیرے عذاب میں جلدی نہیں اور بے شک جلدی وہ کرتا ہے جسے وقت نکل جانے کا ڈر ہو اور ظلم وہ

يَحْتَاجُ اِلَى الظُّلْمِ الضَّعِيْفُ، وَقَدْ تَعَالَيْتَ يَا اِلٰهِيْ عَنْ ذٰلِكَ عُلُوًّا كَبِيْرًا

کرتا ہے جو کمزور ہو اور اے میرے معبود! تو ان باتوں سے بہت بلند اور بہت بڑا ہے اے معبود! میں تیری پناہ

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَعُوۡذُ بِكَ فَاَعِذۡنِیۡ، وَاَسۡتَجِیۡرُ بِكَ فَاَجِرۡنِیۡ، وَ اَسۡتَرۡزِقُكَ فَارۡزُقۡنِیۡ

لیتا ہوں تو مجھے پناہ دے تیرے نزدیک آتا ہوں مجھے نزدیک کرلے تجھ سے روزی مانگتا ہوں مجھے روزی دے تجھ

وَاَتَوَكَّلُ عَلَیۡكَ فَاكۡفِنِیۡ، وَاَسۡتَنۡصِرُكَ عَلٰی عَدُوِّیۡ فَانۡصُرۡنِیۡ، وَاَسۡتَعِیۡنُ بِكَ

پر بھروسہ کرتا ہوں میری کفالت فرما اپنے دشمن کے خلاف تجھ سے مدد چاہتا ہوں اور اعانت کا طالبہوں میری مدد

فَاَعِنِّیۡ، وَاَسۡتَغۡفِرُكَ یَآاِلٰھِیۡ فَاغۡفِرۡ لِیۡ، اٰمِیۡنَ اٰمِیۡنَ اٰمِیۡنَ ۔

فرمااور میرے معبود تجھ سے بخشش کا طالب ہوں مجھے بخش دے آمین آمین آمین۔

(۷) دعائے کمیل پڑھیں۔ انشاءاللہ چھٹی فصل میں اس کا تذکرہ ہوگا۔

(۸) شب عرفہ میں پڑھی جانے والی وہ دعا پڑھیں جو ماہ ذی الحج کے اعمال میں درج ہے۔ یعنی

اَللّٰھُمَّ یَا شَاھِدَ كُلِّ نَجۡوٰی۔

اے خدا! اے سب رازوں کے جاننے والے۔

(۹) دس مرتبہ یہ ذکر کہیں۔ نیز یہ ذکر شریف شب عید الفطر میں بھی پڑھا جاتا ہے۔

یَادَآئِمَ الۡفَضۡلِ عَلَی الۡبَرِیَّۃِ، یَابَاسِطَ الۡیَدَیۡنِ بِالۡعَطِیَّۃِ، یَاصَاحِبَ الۡمَوَاھِبِ السَّنِیَّۃِ

اے وہ ذات جسکا احسان مخلوق پر ہمیشہ ہے اے وہ جسکے دونوں ہاتھ عطا کیلئے کھلے ہیں اے بڑی بڑی نعمتیں دینے والے۔ خدا وندا محمدؐ وآل محمدؐ

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ خَیۡرِ الۡوَرٰی سَجِیَّۃً، وَّاغۡفِرۡ لَنَا یَاذَا الۡعُلٰی فِیۡ ھٰذِہِ الۡعَشِیَّۃِ ۔

پر رحمت فرما جو مخلوقات میں سب سے بہتر ہیں اصل فطرت ہیں اور اے بلندیوں کے مالک ! اس رات میں میرے گناہ بخش دے۔

(۱۰) انار کھائیں جیسا کہ امام جعفر صادقؑ ہر شب جمعہ انار تناول فرماتے تھے، اگر سوتے وقت کھائیں تو (شاید) بہتر ہوگا جیسا کہ روایت میں ہے کہ جو شخص سوتے وقت انار کھائے تو صبح تک اسکا جسم وجان امن میں رہے گا۔ مناسب ہوگا کہ انار کھاتے وقت کوئی رومال بچھالے تاکہ دانے اکٹھے کرے اور پھر کھائے اور بہتر یہ ہے کہ اپنے انار میں کسی کو شریک نہ کرے۔

شیخ جعفر بن احمد قمیؒ نے کتابِ عروس میں امام جعفر صادقؑ سے روایت کی ہے کہ حق تعالیٰ اس شخص کو جنت میں ایک محل عطا کرے گا جو صبح کی نماز نافلہ وفریضہ درمیان سو مرتبہ کہے:

سُبۡحَانَ رَبِّیَ الۡعَظِیۡمِ وَبِحَمۡدِہٖ اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ رَبِّیۡ وَاَتُوۡبُ اِلَیۡہِ ۔

پاک ہے میرا ربِ عظیم اور حمد اسی کی ہے میں اپنے رب سے مغفرت کا طالب ہوں اور اس کے حضور توبہ کرتا ہوں۔

شیخ وسید اور دیگر بزرگوں کا فرمان ہے کہ شب جمعہ سحری کے وقت یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَهَبْ لِيَ الْغَدَاةَ رِضَاكَ، وَاَسْكِنْ قَلْبِيْ خَوْفَكَ

اے معبود محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نا زل فرما آج کی صبح مجھے اپنی رضا عطا فر ما میرے دل کو اپنے خو ف سے بھر دے

وَاقْطَعْهُ عَمَّنْ سِوَاكَ، حَتّٰى لَآ اَرْجُوَ وَلَآ اَخَافَ اِلَّا اِيَّاكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

اور اسے اپنے غیر سے ہٹا دے تاکہ تیر ے سو ا کسی سے امید اور خو ف نہ رکھوں خدایا! محمدؐ وآل محمدؐ پر رحمت فرما

وَّاٰلِهٖ وَهَبْ لِيْ ثَبَاتَ الْيَقِيْنِ، وَمَحْضَ الْاِخْلَاصِ، وَشَرَفَ التَّوْحِيْدِ، وَدَوَامَ

اور مجھے یقین میں پختگی اور خلوص کامل عطا فرما یکتا پرستی کا شرف بخش دے اور ہمیشہ کی ثابتقدمی سے نواز اور صبر و

الْاِسْتِقَامَةِ وَمَعْدِنَ الصَّبْرِ وَالرِّضَا بِالْقَضَآءِ وَالْقَدَرِ يَا قَاضِيَ حَوَآئِجِ

رضا کا خزا نہ عطا کر کہ جس سے قضا وقدر پر راضی رہوں اے سائلو ں کی حاجات برلانے والے اے وہ جو

السَّآئِلِيْنَ يَا مَنْ يَعْلَمُ مَا فِيْ ضَمِيْرِ الصَّامِتِيْنَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

خاموش رہنے والوں کے مدعا کو جانتا ہے محمدؐ وآل محمدؐ پر رحمت فرما اور میری دعا قبول فرمامیرے گناہ بخش دے

وَاسْتَجِبْ دُعَآئِيْ وَاغْفِرْ ذَنْبِيْ، وَاَوْسِعْ رِزْقِيْ، وَ اقْضِ حَوَآئِجِيْ فِيْ نَفْسِيْ وَ

میرے رزق میں فراخی پیدا کر دے میری اور میرے دینی بھائیوں اور میرے اہل خاندان کی حاجات پوری

اِخْوَانِيْ فِيْ دِيْنِيْ وَاَهْلِيْ. اِلٰهِيْ طُمُوْحُ الْاٰمَالِ قَدْ خَابَتْ اِلَّا لَدَيْكَ، وَمَعَاكِفُ

فرما خدایا تیری مدد کے بغیر بڑی بڑی امیدیں نا تمام اور بلند ہمتیں بے فائدہ اور بے کار ہو جاتی ہیں اور تیری

الْهِمَمِ قَدْ تَعَطَّلَتْ اِلَّا عَلَيْكَ وَمَذَاهِبُ الْعُقُوْلِ قَدْ سَمَتْ اِلَّا اِلَيْكَ فَاَنْتَ

طرف توجہ کے بغیر عقلوں کی جولانیاں نارسا رہ جاتی ہیں پس تو ہی امید اور تو ہی پناہ گاہ ہے اے بزرگتر معبود !

الرَّجَآءُ وَ اِلَيْكَ الْمُلْتَجَآءُ يَا اَكْرَمَ مَقْصُوْدٍ، وَاَجْوَدَ مَسْئُوْلٍ، هَرَبْتُ اِلَيْكَ

اور سخی تر داتا اے پناہ لینے والوں کی پناہ گاہ میں اپنے گناہوں کے بوجھ کے ساتھ کہ جسے میں اپنی پشت پر

بِنَفْسِيْ يَا مَلْجَاَ الْهَارِبِيْنَ بِاَثْقَالِ الذُّنُوْبِ اَحْمِلُهَا عَلٰى ظَهْرِيْ، لَا اَجِدُ لِيْ

اٹھائے ہوئے ہوں تیری طر ف بھا گے ہو ئے آیا ہو ں تیر ے حضو ر میرا کو ئی سفا رشی نہیں سو ائے میری اس معرفت

اِلَيْكَ شَافِعًا سِوٰى مَعْرِفَتِيْ بِاَنَّكَ اَقْرَبُ مَنْ رَجَاهُ الطَّالِبُوْنَ، وَاَمَلُ مَالَدَيْهِ

کے کہ تو اہل حا جت کی امیدوں کے بہت ہی قریب ہے اور رغبت کرنے وا لوں کو ڈھارس دیتا ہے اے وہ جس

الرَّاغِبُوْنَ، يَا مَنْ فَتَقَ الْعُقُوْلَ بِمَعْرِفَتِهٖ وَاَطْلَقَ الْاَلْسُنَ بِحَمْدِهٖ، وَجَعَلَ مَا

نے عقلوں کو اپنی معرفت کیلئے کھولا زبانوں کو اپنی حمد پر رواں کیا اور بندوں کو اپنے حق کی ادائیگی کی ہمت دے

امْتَنَّ بِهٖ عَلٰى عِبَادِهٖ فِيْ كِفَآءِ لِتَأْدِيَةِ حَقِّهٖ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَلَا تَجْعَلْ

کر ان پر احسان عظیم فرمایا ہے محمدؐ وآل محمدؐ پر رحمت فرما اور شیطان کو میر ی عقل میں آنے کی راہ نہ دے اور

لِلشَّيْطَانِ عَلٰى عَقْلِيْ سَبِيْلًا، وَلَا لِلْبَاطِلِ عَلٰى عَمَلِيْ دَلِيْلًا صبح جمعہ کے طلوع ہونے

باطل کو میر ے عمل و کر دار میں دا خل نہ ہونے دے۔

کے بعد یہ دعا پڑھیں: اَصْبَحْتُ فِيْ ذِمَّةِ اللّٰهِ، وَذِمَّةِ مَلَآئِكَتِهٖ، وَذِمَمِ اَنْبِيَآئِهٖ

میں نے صبح کی ہے خدا کی پنا ہ میں اور اس کے فرشتوں کے زیر حفاظت اور اس کے انبیاء اور رسل

وَرُسُلِهٖ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ،وَذِمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ، وَذِمَمِ

کے زیر حمایت کہ ان پر سلام ہو اور محمد رسو ل اللہؐ کی سپر داری میں اور ان کے جانشینوں کی نگرانی

الْاَوْصِيَآءِ مِنْ آلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ اٰمَنْتُ بِسِرِّ آلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِمُ

میں جو آل محمد ؐ میں سے ہیں میں آل محمد ؐ کے راز پر اعتقاد رکھتا ہوں اور ان کے عیاں پر اور ان

السَّلَامُ وَعَلَانِيَتِهِمْ وَظَاهِرِهِمْ وَبَاطِنِهِمْ، وَاَشْهَدُ اَنَّهُمْ فِيْ عِلْمِ اللّٰهِ

کے ظاہر اور ان کے باطن پر اور گواہی دیتا ہوں کہ وہ علم الٰہی کو جاننے اور اس کی

وَطَاعَتِهٖ كَمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ۔

فرمانبرداری میں حضرت محمدؐ کی مانند ہیں۔

روایت ہے کہ جو شخص نماز صبح سے پہلے تین مرتبہ یہ ورد کرے تو اسکے گناہ بخش دیئے جاتے ہیں چاہے دریا کی جھاگ سے بھی زیادہ ہی کیوں نہ ہوں:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ۔

میں اس خدا سے مغفرت چاہتا ہوں جسکے سوا کوئی معبود نہیں وہ ہمیشہ زندہ و قائم ہے اسی کے حضور توبہ کرتا ہوں۔

روز جمعہ کے اعمال

روز جمعہ کے اعمال بہت زیادہ ہیں اور یہاں ہم ان میں سے چند ایک کا تذکرہ کرتے ہیں۔

(۱) جمعہ کے دن نمازِ صبح کی پہلی رکعت میں سورہ جمعہ اور دوسری رکعت میں سورہ توحید پڑھیں:

(۲) نماز صبح کے بعد کسی سے بات کرنے سے پہلے یہ پڑھیں تاکہ اس جمعہ سے اگلے جمعہ تک اسکے گناہوں کا کفارہ ہو جائے

اَللّٰهُمَّ مَا قُلْتُ فِيْ جُمُعَتِيْ هٰذِهٖ مِنْ قَوْلٍ اَوْ حَلَفْتُ فِيْهَا مِنْ حَلْفٍ اَوْ نَذَرْتُ

اے معبود میں نے اپنے اس جمعہ کے رو زجو با ت کہی یا اس میں کسی بات پر قسم کھائی ہے یا کسی طرح کی نذر و منت مانی ہیتو یہ

فِيْهَا مِنْ نَّذْرٍ فَمَشِيَّتُكَ بَيْنَ يَدَيْ ذٰلِكَ كُلِّهٖ فَمَا شِئْتَ مِنْهُ اَنْ يَّكُوْنَ كَانَ،

سب کچھ تیری مرضی کے تابع ہے پس ان میں سے جسکے پورا ہو نے میں تیری مصلحت ہے اسے پورا فرما اور جسے تو نہ چاہے پورا

وَمَا لَمْ تَشَأْ مِنْهُ لَمْ يَكُنْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَتَجَاوَزْ عَنِّيْ اَللّٰهُمَّ مَنْ صَلَّيْتَ

نہ کر اے معبود مجھے بخش دے اور مجھ سے در گزر فرما اے معبود جس پر تو رحمت کرے میں اس پر رحمت کا طالب ہوں اور

عَلَيْهِ فَصَلَاتِيْ عَلَيْهِ وَمَنْ لَّعَنْتَ فَلَعْنَتِيْ عَلَيْهِ۔

جس پر تولعنت کرے میری بھی اس پر لعنت ہے۔

ہر ماہ کم از کم ایک مرتبہ یہ عمل کرنا ضروری ہے روایت میں آیا ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن نمازِ صبح کے بعد طلوع آفتاب تک تعقیبات میں مشغول رہے تو جنت الفردوس میں اسکے ستر درجات بلند کیے جائیں گے۔ شیخ طوسیؒ سے روایت ہے کہ نماز جمعہ کی تعقیبات میں یہ دعا پڑھنا بہت بہتر ہے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ تَعَمَّدْتُ اِلَيْكَ بِحَاجَتِيْ، وَاَنْزَلْتُ اِلَيْكَ الْيَوْمَ فَقْرِيْ وَفَاقَتِيْ

اے معبود اپنی حاجت لے کر تیرے حضور آیا ہوں اور آج کے دن تیری جناب میں اپنے فقر و فاقہ اور بے چارگی کے ساتھ حا ضر

وَمَسْكَنَتِيْ فَاَنَا لِمَغْفِرَتِكَ اَرْجٰى مِنِّيْ لِعَمَلِيْ، وَلَمَغْفِرَتُكَ وَرَحْمَتُكَ اَوْسَعُ مِنْ

ہوں تو اپنے عمل کی بجائے تیری بخشش و رحمت کی زیادہ امید رکھتا ہوں اور تیری بخشش و رحمت میرے گناہوں سے زیادہ وسعت

ذُنُوْبِيْ فَتَوَلَّ قَضَآءَ كُلِّ حَاجَةٍ لِيْ بِقُدْرَتِكَ عَلَيْهَا وَتَيْسِيْرِ ذٰلِكَ عَلَيْكَ، وَ

رکھتی ہے پس میری تمام حاجات پوری فرما کہ تو ایسا کرنے کی قدرت رکھتا ہے اور یہ تیرے لیے بہت ہی آسان اور میری احتیاج

لِفَقْرِيْ اِلَيْكَ فَاِنِّيْ لَمْ اُصِبْ خَيْرًا قَطُّ اِلَّا مِنْكَ وَلَمْ يَصْرِفْ عَنِّيْ سُوْٓءً قَطُّ

کے مناسب ہے کیونکہ میں تیری توفیق کے بغیر کوئی کام نہیں کرسکتا اور تیرے سوا مجھے برائی سے بچانے والا کوئی نہیں ہے اور میں

اَحَدٌ سِوَاكَ، وَلَسْتُ اَرْجُوْ لِاٰخِرَتِيْ وَدُنْيَايَ وَلَا لِيَوْمِ فَقْرِيْ يَوْمَ يُفْرِدُنِيَ

اپنید نیاو آخرت اور غربت وتنہائی کے بارے میں تیرے علاوہ کسی سے امید نہیں رکھتا اور نہ اس دن جس دن مجھے لوگ قبر میں اکیلا

النَّاسُ فِيْ حُفْرَتِيْ وَاُفْضِيَ اِلَيْكَ بِذَنْبِيْ سِوَاكَ

چھوڑ جائیں گے اور میں اپنے گناہوں میں تیرے سوا کسی کو کارساز نہیں سمجھتا۔

(۳) روایت ہے کہ جو شخص روزِ جمعہ یا غیر جمعہ بعد نماز فجر وظہر یہ صلوات پڑھے تو وہ مرنے سے پہلے حضرت قائم (عج) کا دیدار کریگا۔ جو یہ صلوات سو مرتبہ پڑھے تو حق تعالیٰ اسکی ساٹھ حاجات پوری کرے گا۔ تیس حاجات دنیا میں اور تیس حاجات آخرت میں۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَجِّلْ فَرَجَھُمْ۔

اے معبود محمدؐ وآل محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور انکے آخری ظہور میں تعجیل فرما۔

(۴) نماز فجر کے بعد سورہ رحمن پڑھیں اور فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبَانِ کے بعد ہر دفعہ کہیں: لَا بِشَیْءٍ مِّنْ اٰلَآئِکَ رَبِّ اُکَذِّبُ (میں تیری نعمتوں میں سے کسی بھی نعمت کی تکذیب نہیں کرتا)

(۵) شیخ طوسیؒ کہتے ہیں، سنت ہے کہ روزِ جمعہ نمازِ فجر کے بعد سو مرتبہ درود پڑھیں اور سو مرتبہ استغفار کریں نیز ان سورتوں (نباء، ہود، کہف، صافات اور رحمن) میں سے کسی ایک کی تلاوت کریں۔

(۶) سورہ احقاف اور سورہ مومنون پڑھیں جیسا کہ امام جعفر صادقؑ سے مروی ہے کہ جو شخص ہر شبِ جمعہ یا روزِ جمعہ سورہ احقاف پڑھے گا تو وہ دنیا میں خوف وخطر سے محفوظ رہے گا اور قیامت میں فزع اکبر (بڑی ہولناکی) سے امن میں ہوگا۔ نیز فرمایا کہ جو شخص ہر جمعہ کو پابندی سے سورہ مومنون پڑھے تو اسکے اعمال کا خاتمہ خیر ونیکی پر ہوگا اور اسکا فردوس بریں میں انبیاء ومرسلین کیساتھ قیام ہوگا۔

(۷) طلوع آفتاب سے قبل دس مرتبہ سورہ کافرون پڑھیں اور پھر دعا کریں تو وہ قبول ہوگی۔ روایت میں ہے کہ امام زین العابدینؑ صبح جمعہ سے ظہر تک آیت الکرسی پڑھا کرتے تھے اور جب نمازوں سے فارغ ہوتے تو بعد میں سورہ قدر کی تلاوت شروع کرتے تھے واضح رہے کہ جمعہ کے دن آیت الکرسی (علی التنزیل) پڑھنے کی بڑی فضیلت بیان ہوئی ہے۔ علامہ مجلسی نے فرمایا ہے کہ علی ابن ابراہیم اور کلینی کی روایت کے مطابق علی التنزیل آیۃ الکرسی اس طرح ہے۔

اَللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُہٗ سِنَۃٌ وَّلَا نَوْمٌ لَہٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی

اللہ وہ ہے کہ جسکے سوا کوئی معبود نہیں وہ زندہ اور سارے جہان کا مالک ہے اسکو نہ اونگھ آتی ہے نہ نیند جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے

الْاَرْضِ۔ پھر ان الفاظ کی تلاوت کریں: وَمَا بَیْنَھُمَا وَمَا تَحْتَ الثَّرٰی عَالِمُ الْغَیْبِ

اسی کی ملکیت ہے اور جو زمین اور آسمان کے درمیان ہے اور جو تحت الثریٰ میں ہے وہ پوشیدہ اور

وَالشَّھَادَۃِ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ۔ اس کے بعد مَنْ ذَا الَّذِیْ سے ھُمْ فِیْھَا خٰلِدُوْنَ تک

ظاہر ہے وہ آگاہ ہے وہ رحمن اور رحیم ہے۔

آیت الکرسی کو تمام کرے اور اسکے بعد وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ کہیں:

(۸) جمعہ کے روز غسل کرنا سنت موکدہ ہے روایت میں ہے کہ رسول اللہؐ نے امیر المومنینؑ سے فرمایا: یا علی! جمعہ کے دن غسل کیا کرو اگرچہ اس روز کی خوراک بیچ کر بھی پانی حاصل کرنا اور بھوکا رہنا پڑے کہ اس سے بڑی کوئی اور سنت نہیں ہے۔ امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو شخص جمعہ کے روز غسل کر کے درج ذیل دعا پڑھے تو وہ آئندہ جمعہ تک گناہوں سے پاک ہوگا یا طہارت باطنی کی بدولت اسکے اعمال قبول ہونگے اس میں احتیاط یہ ہے کہ جہاں تک ممکن ہو سکے جمعہ کا غسل ترک نہ کرے اسکا وقت طلوع فجر سے زوال آفتاب تک ہے اور زوال سے جتنا قریب ہو بہتر ہے

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، وَاَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُهٗ وَرَسُوْلُهٗ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے جو یکتا و لاثانی ہے اور گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمدؐ اسکے بندے اور رسول

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاجْعَلْنِيْ مِنَ التَّوَّابِيْنَ وَاجْعَلْنِيْ مِنَ الْمُتَطَهِّرِيْنَ۔

ہیں اے معبود محمدؐ وآل محمدؐ پر رحمت فرما اور مجھے توبہ کرنے والوں اور پاکیزہ لوگوں میں سے قرار دے۔

(۹) اپنے سر کو خطمی سے دھوئے تو برص و دیوانگی سے محفوظ رہے گا۔

(۱۰) اس روز مونچھیں اور ناخن کاٹنے کی بڑی فضیلت ہے اس سے رزق میں وسعت ہوگی آئندہ جمعہ تک گناہوں سے پاک رہیگا اور برص و دیوانگی اور جزام سے محفوظ رہیگا ناخن کاٹتے وقت درج ذیل دعا پڑھے۔

بِسْمِ اللّٰهِ وَبِاللّٰهِ وَعَلٰى سُنَّةِ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ۔

خدا کے نام اور اس کی ذات کے ذکر سے اور محمدؐ آل محمدؐ کی سیرت کے مطابق عمل کرتا ہوں۔

نیز ناخن کاٹنے میں بائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی سے شروع کرے اور دائیں ہاتھ کی چھوٹی انگلی پر ختم کرے۔ پاؤں کے ناخن کاٹنے میں بھی یہ ترتیب قائم رکھے اور کاٹے ہوئے ناخنوں کو دفن کرے۔:

(۱۱) پاکیزہ لباس پہنے اور خوشبو لگائے۔

(۱۲) صدقہ دے کیونکہ روایت میں ہے کہ شب جمعہ و روز جمعہ میں دیا ہوا صدقہ عام دنوں کے صدقے سے ہزار گنا زیادہ شمار ہوتا ہے۔

(۱۳) اہل و عیال کیلئے اچھی چیزیں یعنی گوشت وغیرہ کھانا خریدنا کہ وہ بھی آج کے دن خوش ہوں

(۱۴) ناشتے میں انار کھائے اور قبل از زوال کاسنی (ایک قسم کی جڑی بوٹی ہے) کے سات پتے کھائے اس ضمن میں امام موسیٰ کاظمؑ کا فرمان ہے کہ روز جمعہ ناشتے میں ایک انار کھانے سے چالیس دن تک دل نورانی رہیگا دو انار کھانے سے اسی ۸۰ دن اور تین انار کھانے سے ایک سو بیس ۱۲۰ دن دل نورانی رہیگا اور وسوسہ شیطانی کو اس سے دور کرے گا اور جس سے وسوسہ شیطان دور ہوجائے وہ خدا کی معصیت نہیں کرتا اور جو خدا کی معصیت نہ کرے وہ جنت میں داخل ہوگا۔ مصباح میں شیخ کا ارشاد ہے کہ روایات میں شب جمعہ و روز جمعہ میں انار کھانے کی بڑی فضیلت بیان ہوئی ہے۔

(۱۵) جمعہ کے دن سیر و سیاحت، لوگوں کے باغات اور زراعت میں تفریح، غلط قسم کے لوگوں سے ملنے جلنے، مسخرہ کرنے، لوگوں کی عیب جوئی کرنے، قہقہہ لگا کر ہنسنے، لغو باتوں اور اشعار اور دیگر ناروا کام کرنے والوں سے دوری اختیار کرے کہ جنکی خرابیاں بیان نہیں کی جاسکتیں بلکہ اسکے بجائے خود کو دنیاوی کاموں سے بچا کر مسائل دینی کے سمجھنے اور انہیں یاد کرنے میں مصروف رکھے۔ امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ اس مسلمان پر افسوس ہے جو سات دنوں میں (جمعہ کے دن بھی) خود کو مسائل دینی کی تعلیم حاصل کرنے میں مشغول نہیں رکھ سکا اور دنیا کے کاموں میں پھنسا رہا رسول اللہؐ فرماتے ہیں کہ اگر تم لوگ جمعہ کے دن کسی بوڑھے کو کفر و جاہلیت کے واقعات اور قصے کہانیاں بیان کرتے دیکھو تو اس پر سنگ باری کردو۔

(۱۶) ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھیں جیسا کہ امام محمد باقرؑ فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک جمعہ کے دن محمدؐ و آل محمدؐ پر درود بھیجنے سے بہتر کوئی عبادت نہیں ہے۔

مؤلف کہتے ہیں کہ اگر ایک ہزار مرتبہ درود شریف پڑھنے کی فرصت نہ ہو تو کم از کم ایک سو مرتبہ درود پڑھے تا کہ قیامت کے دن اسکا چہرہ منور ہو۔ روایت میں آیا ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن سو مرتبہ درود شریف سو مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّیْ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ اور سو مرتبہ سورہ توحید پڑھے تو اسکے گناہ معاف ہوجائیں گے ایک اور روایت میں ہے کہ جمعہ کے دن ظہر و عصر کے درمیان محمدؐ و آل محمدؐ پر صلوات بھیجنا ستر حج کرنے کے برابر ہے۔

(۱۷) رسول اللہؐ اور آئمہ طاہرینؑ کی زیارت پڑھے کہ جنکی کیفیت باب زیارات میں آئیگی۔

(۱۸) اپنے والدین اور دیگر مومنین کی قبروں کی زیارت کیلئے جائے کہ اسکی بڑی فضیلت بیان ہوئی ہے۔ جیسا کہ امام محمد باقرؑ فرماتے ہیں کہ جمعہ کے دن مُردوں کی زیارت کرو کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ کون انکی زیارت کیلئے آیا ہے وہ خوش ہوتے ہیں۔

(۱۹) دعائے ندبہ پڑھیں اور یہ دعا چاروں عیدوں میں پڑھی جاتی ہے اور اسکا تذکرہ تیسرے باب میں آئیگا۔

(۲۰) جمعہ کے دن بیس رکعت نافلہ جمعہ کے علاوہ (کہ جنکے پڑھنے کا طریقہ مشہور علماء کے نزدیک یہ ہے کہ چھ رکعت اس وقت پڑھے جب سورج خوب نکل آئے، پھر چھ رکعت چاشت کے وقت اسکے بعد چھ رکعت زوال کے قریب اور دو رکعت زوال کے بعد فریضہ سے پہلے پڑھے یا یہ کہ پہلی چھ رکعت کو نماز جمعہ یا ظہر کے بعد اس طرح بجالائے جس طرح فقہاء کی کتابوں اور مصابیح میں ذکر ہے۔ اسکے علاوہ اور نمازیں بھی منقول ہیں جنکی تعداد بہت زیادہ ہے اور یہاں ہم ان میں سے چند ایک نمازوں کا ذکر کرتے ہیں، اگرچہ ان میں سے اکثر نمازیں جمعہ کے دن کیساتھ مخصوص نہیں ہیں۔ لیکن جمعہ کے دن انکی ادائیگی کا ثواب یقیناً زیادہ ہے۔

پہلی نماز: یہ نماز کاملہ ہے چنانچہ شیخ، سید، شہید، علامہ اور دیگر مشائخ نے معتبر سندوں کے ساتھ امام جعفر صادقؑ سے اور انہوں نے اپنے آباء طاہرینؑ سے روایت کی ہے کہ رسول اللہؐ نے فرمایا: جو شخص جمعہ کے دن زوال سے پہلے چار رکعت نماز پڑھے کہ ہر رکعت میں دس مرتبہ سورۂ حمد اور آیت الکرسی، سورۂ کافرون، سورۂ توحید، سورۂ فلق اور سورۂ ناس میں سے ہر سورہ دس مرتبہ پڑھے ایک اور روایت کے مطابق انکے ساتھ سورۂ قدر اور آیت شَهِدَ اللّٰهُ بھی دس دس مرتبہ پڑھے: یہ چار رکعت نماز پڑھنے کے بعد سو مرتبہ اَسْتَغْفِرُ اللّٰه پڑھے اور سو مرتبہ یہ پڑھے:

سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا

پاک ہے خدا اور حمد خدا ہی کے لیے ہے خدا کے سواء کوئی معبود نہیں اور خدا بزرگتر ہے اور نہیں کوئی قوت وطاقت مگر وہ جو خدائے

بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ۔

بزرگ وبرتر سے ہے

پھر سو مرتبہ درود پڑھے پس جو شخص اس عمل کو بجالائے تو خدا اسکو اہل آسمان، اہل زمین کے شر اور شیطان کے شر سے نیز ظالم حاکموں کے شر سے بھی محفوظ رکھے گا۔ (روایت میں اسکے اور بھی فوائد اور فضیلتیں ذکر ہوئی ہیں)

دوسری نماز: حارث ہمدانی نے امیر المومنینؑ سے روایت کی کہ اگر ممکن ہو تو جمعہ کے دن دس رکعت نماز پڑھے اور رکوع وسجود اچھی طرح بجالائے۔ اس دوران میں ہر رکعت کے بعد سو مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ پڑھے، اس نماز کی بھی بہت زیادہ فضیلت بیان کی گئی ہے۔

تیسری نماز: معتبر سند کے ساتھ امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جمعہ کے دن دو رکعت نماز پڑھے کہ جسکی پہلی رکعت میں سورۂ ابراہیم اور دوسری رکعت میں سورۂ حجر کی تلاوت کرے، پس وہ پریشانی ودیوانگی بلکہ ہر بلا وآفت سے محفوظ رہے گا۔

نماز حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سیّد ابن طاؤس نے معتبر سند کیساتھ امام علی رضاؑ سے روایت کی ہے کہ آنجناب سے نمازِ جعفرؑ طیار کے متعلق سوال کیا گیا تو فرمایا: تم لوگ نمازِ رسول اللہؐ سے کیوں غافل ہو؟ کیا آنحضرتؐ نے نمازِ جعفرؑ طیار نہ پڑھی تھی؟ اور کیا جعفر طیارؑ نے نمازِ رسول اللہؐ نہ پڑھی تھی؟ راوی نے عرض کی: مولا! آپ ہمیں تعلیم فرمائیں! حضرت نے فرمایا کہ یہ دو رکعت نماز ہے کہ ہر رکعت میں سُورۂ حمد کے بعد پندرہ مرتبہ سُورہ قدر پڑھو۔ پھر رکوع اور رکوع سے سر اٹھانے کے بعد، پہلے سجدے میں اور سجدے سے سر اُٹھانے کے بعد، پھر دوسرے سجدے میں اور اس سے سر اٹھانے کے بعد ہر ایک مقام پر (۱۵) پندرہ مرتبہ سورۂ قدر پڑھو۔ پھر تشہد و سلام پڑھو۔ اس کے بعد خدا اور بندے میں حائل ہر گناہ معاف ہو جائیں گے اور ہر حاجت پوری ہو جائے گی۔

نماز سے فارغ ہو کر یہ دُعا پڑھیں:

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّنَا وَرَبُّ اٰبَآئِنَا الْاَوَّلِيْنَ، لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اِلٰهًا وَّاحِدًا وَّنَحْنُ لَهٗ

خدا کے سوا کوئی معبود نہیں جو ہمارا اور ہمارے گذشتہ اباؤ اجداد کا رب ہے خدا کے سوا کوئی معبود نہیں جو یکتا معبود ہے اور ہم

مُسْلِمُوْنَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَا نَعْبُدُ اِلَّا اِيَّاهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ

اسکے فرمانبردار ہیں خدا کے سوا کوئی معبود نہیں ہم اسکی عبادت کرتے ہیں ہم اسی کے دین کیساتھ مخلص ہیں اگرچہ مشرکوں کو ناگوار

الْمُشْرِكُوْنَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ وَحْدَهٗ وَحْدَهٗ اَنْجَزَ وَعْدَهٗ، وَنَصَرَ عَبْدَهٗ، وَاَعَزَّ

گذرے خدا کے سوا کوئی معبود نہیں۔ جو یکتا ہے یکتا ہے یکتا ہے اس نے اپنا وعدہ پورا کیا اپنے بندے کی مدد فرمائی اور اسکے لشکر کو

جُنْدَهٗ وَهَزَمَ الْاَحْزَابَ وَحْدَهٗ فَلَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

غالب کیا اور اکیلے ہی کئی گروہوں کو شکست دی حکومت اسی کیلئے اور حمد اسی کیلئے ہے اور وہ ہر چیز پر اختیار رکھتا ہے اے معبود تو

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ فَلَكَ الْحَمْدُ وَاَنْتَ قَيَّامُ

آسمانوں اور زمین اور جو کچھ ان میں ہے اسے منور کرنے والا ہے پس حمد تیرے ہی لئے ہے اور آسمانوں اور زمین اور جو کچھ

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَنْ فِيْهِنَّ فَلَكَ الْحَمْدُ وَاَنْتَ الْحَقُّ وَوَعْدُكَ الْحَقُّ وَقَوْلُكَ

ان میں ہے تو اسے قائم رکھنے والا ہے تو حمد تیرے ہی لئے ہے تو حق اور تیرا وعدہ حق ہے اور تیرا قول حق ہے تیرا عمل حق ہمیشہ حق

حَقٌّ وَاِنْجَازُكَ حَقٌّ وَالْجَنَّةُ حَقٌّ وَالنَّارُ حَقٌّ۔ اَللّٰهُمَّ لَكَ اَسْلَمْتُ، وَبِكَ اٰمَنْتُ،

ہے اور جہنم حق ہے۔ اے معبود میں تیرا دلدادہ ہوں تجھ پر ایمان رکھتا ہوں تجھ پر بھروسہ کرتا ہوں تیری مدد سے دشمن کا مقابلہ

وَعَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ، وَبِكَ خَاصَمْتُ، وَإِلَيْكَ حَاكَمْتُ، يَارَبِّ يَارَبِّ يَارَبِّ اغْفِرْ

کرتا ہوں اور تجھ سے فیصلہ چاہتا ہوں اے میرے رب اے میرے رب اے میرے رب میرے اگلے پچھلے گناہوں کو معاف کر

لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَاَخَّرْتُ وَاَسْرَرْتُ وَاَعْلَنْتُ اَنْتَ اِلٰهِيْ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ صَلِّ عَلٰى

دے چاہے وہ میں نے چھپائے ہوں یا ظاہراً کیے ہوں تو ہی میرا معبود ہے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں محمدؐ و آلِ محمدؐ پر رحمت نازل

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَتُبْ عَلَيَّ اِنَّكَ اَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ ۔

فرما اور مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما میری توبہ قبول کر لے کہ بے شک تُو توبہ قبول کرنے والا مہربان ہے۔

علامہ مجلسیؒ فرماتے ہیں کہ یہ نماز چند مشہور نمازوں میں سے ہے کہ جسکو عامہ وخاصہ نے اپنی کتابوں میں درج کیا ہے بعض نے اسے روز جمعہ کی نمازوں میں شمار کیا ہے۔لیکن روایت سے اختصاص معلوم نہیں ہوتا اور ظاہراً یہ نماز سبھی دنوں میں پڑھی جاسکتی ہے۔

نماز حضرت امیر المؤمنین علیہ السلام

شیخ وسیّد نے امام جعفرؑ صادقؑ سے نقل کیا ہے کہ تم میں سے جو شخص چار رکعت نماز امیر المؤمنینؑ پڑھے گا تو وہ گناہوں سے اسطرح پاک ہوجائیگا جیسے آج ہی ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا ہے اسکی تمام حاجتیں بھی پوری ہوجائیں گی نماز کا طریقہ یہ ہے ہر رکعت میں ایک مرتبہ حمد اور پچاس مرتبہ سُورہ توحید کی تلاوت کریں اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد یہ دُعا پڑھیں کہ جو حضرتؑ کی تسبیح بھی ہے:

سُبْحَانَ مَنْ لَّا تَبِيْدُ مَعَالِمُهٗ، سُبْحَانَ مَنْ لَّا تَنْقُصُ خَزَآئِنُهٗ، سُبْحَانَ مَنْ لَّا

پاک ہے وہ ذات جسکی نشانیاں مٹتی نہیں ہیں پاک ہے وہ ذات جسکے خزانے کم نہیں ہوتے پاک ہے وہ ذات جسکا فخر کمزور نہیں

اِضْمِحْلَالَ لِفَخْرِهٖ، سُبْحَانَ مَنْ لَّا يَنْفَدُ مَا عِنْدَهٗ، سُبْحَانَ مَنْ لَّا انْقِطَاعَ لِمُدَّتِهٖ

پڑتا پاک ہے وہ ذات جسکے پاس جو کچھ ہے وہ ختم نہیں ہوتا پاک ہے وہ ذات جسکی مدت منقطع نہیں ہوتی پاک ہے وہذات

سُبْحَانَ مَنْ لَّا يُشَارِكُ اَحَدًا فِيْ اَمْرِهٖ، سُبْحَانَ مَنْ لَّآ اِلٰهَ غَيْرُهٗ۔ پس اپنے لیے دعا مانگیں

جسکے حکم میں کوئی شریک نہیں ہے۔پاک ہے وہ ذات جسکے سواء کوئی معبود نہیں۔

اور پھر کہیں: يَا مَنْ عَفَا عَنِ السَّيِّاٰتِ وَلَمْ يُجَازِ بِهَا اِرْحَمْ عَبْدَكَ يَا اَللّٰهُ، نَفْسِيْ

اے وہ جو گناہ گاروں سے درگزر کرتا ہے اور انہیں سزا نہیں دیتا اپنے بندے پر رحم فرما اے اللہ مجھے میرے نفس

نَفْسِیْ اَنَا عَبْدُكَ یَا سَیِّدَاهُ، اَنَا عَبْدُكَ بَیْنَ یَدَیْكَ یَا رَبَّاهُ، اِلٰهِیْ بِكَیْنُوْنَتِیَّتِكَ

امارہ سے بچا کہ اے میرے مالک میں تیرا بندہ ہوں جو تیرے سامنے حاضر ہوں اے پروردگار اے میرے معبود تجھے تیری

یَا اَمَلاَهُ، یَا رَحْمَانَاهُ یَا غِیَاثَاهُ، عَبْدُكَ عَبْدُكَ لَا حِیْلَةَ لَهٗ یَا مُنْتَهٰی رَغْبَتَاهُ یَا

ذات کا واسطہ ہے اے اے مرکزِ امید اے رحم کرنے والے اے پناہ دینے والے تیرا بندہ تیرا ہی بندہ ہے جو کوئی چارہ کار نہیں

مُجْرِیَ الدَّمِ فِیْ عُرُوْقِیْ عَبْدِكَ، یَا سَیِّدَاهُ یَا مَالِكَاهُ اَیَا هُوَ اَیَا هُوَ یَا رَبَّاهُ، عَبْدُكَ

رکھتا اے آخری امیدگاہ اے اپنے بندے کی رگوں میں خون جاری کرنے والے اے اسکے سردار اے اسکے مالک اے وہ

عَبْدُكَ لَا حِیْلَةَ لِیْ وَلاَ غِنٰی بِیْ عَنْ نَفْسِیْ وَلَا اَسْتَطِیْعُ لَهَا ضَرًّا وَلاَ نَفْعًا، وَلَآ

ذات اے وہ ذات اے پروردگار میں صرف تیرا بندہ ہوں میرا کوئی چارہ کار نہیں میں اپنے نفس میں بے نیاز نہیں اور نہ اس

اَجِدُ مَنْ اُصَانِعُهٗ، تَقَطَّعَتْ اَسْبَابُ الْخَدَآئِعِ عَنِّیْ وَاضْمَحَلَّ كُلُّ مَظْنُوْنٍ عَنِّیْ

کیلئے نفع ونقصان پہنچانے کے قابل ہوں میرا کوئی نہیں جس سے یہ باتیں کروں میرے فریب کاری کے سب ذرائع منقطع ہوگئے

اَفْرَدَنِیْ الدَّهْرُ اِلَیْكَ فَقُمْتُ بَیْنَ یَدَیْكَ هٰذَا الْمَقَامَ یَا اِلٰهِیْ بِعِلْمِكَ كَانَ هٰذَا

میرے سارے گمان پڑگئے زمانے نے مجھے تیری بارگاہ میں تنہا چھوڑ دیا پس میں تیرے حضور اس مقام پر کھڑا ہوں اے

كُلُّهٗ فَكَیْفَ اَنْتَ صَانِعٌ بِیْ وَلَیْتَ شِعْرِیْ كَیْفَ تَقُوْلُ لِدُعَآئِیْ اَتَقُوْلُ نَعَمْ

معبود یہ سب کچھ تیرے علم میں ہے پس اب تو مجھ سے کیا سلوک کرے گا ۔اے کاش میں جان لیتا کہ میری دعا پر تو نے کیا کہا کیا تو

اَمْ تَقُوْلُ لَا فَاِنْ قُلْتَ لَا، فَیَا وَیْلِیْ یَا وَیْلِیْ یَا وَیْلِیْ یَا عَوْلِیْ یَا عَوْلِیْ یَا عَوْلِیْ، یَا

نے ہاں کہی ہے یا نہ کی ہے پس اگر تو نے نہ کی ہے تو ہائے میری بربادی ہی بربادی ہے ہائے میری درماندگی درماندگی درماندگی

شِقْوَتِیْ یَا شِقْوَتِیْ یَا شِقْوَتِیْ، یَا ذُلِّیْ یَا ذُلِّیْ یَا ذُلِّیْ، اِلٰی مَنْ وَّمِمَّنْ اَوْ عِنْدَ مَنْ اَوْ

ہائے میری بدبختی بدبختی بدبختی ہائے میری خواری خواری خواری کس کی طرف اور کس طرف سے یا کس کے پاس یا کیسے اور کہاں

كَیْفَ اَوْ مَاذَا اَوْ اِلٰی اَیِّ شَیْءٍ اَلْجَأُ وَمَنْ اَرْجُوْ وَمَنْ یَّجُوْدُ عَلَیَّ بِفَضْلِهٖ حِیْنَ

جاؤں یا کس کی پناہ میں جاؤں کس سے امید لگاؤں کون مجھ پر فضل وکرم کرے گا جب تو نے مجھے چھوڑ دیا ہو اے وسیع بخشش کے

تَرْفُضُنِیْ یَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ وَاِنْ قُلْتَ نَعَمْ، كَمَا هُوَ الظَّنُّ بِكَ وَالرَّجَآءُ لَكَ،

مالک اور اگر تو نے میرے جواب میں ہاں کی جسکا مجھے تجھ سے گمان اور تجھ سے امید ہے تو میرا حال کیا ہی اچھا ہے میں نیک بخت

فَطُوْبٰی لِیْ اَنَا السَّعِیْدُ وَاَنَا الْمَسْعُوْدُ، فَطُوْبٰی لِیْ وَاَنَا الْمَرْحُوْمُ، یَا مُتَرَحِّمُ یَا

اور خوش نصیب ہوں تو میرا حال کیا ہی اچھا ہے کہ میں رحمت شدہ ہوں اے رحمت والے اے مہربان اے دلجوئی کرنے والے

مُتَرَئِّفُ يَا مُتَعَطِّفُ يَا مُتَجَبِّرُ يَا مُتَمَلِّكُ يَا مُقْسِطُ، لَا عَمَلَ لِيْ اَبْلُغُ بِهٖ نَجَاحَ

اے کمی پوری کرنے والےاے حکومت کرنے والے اے معاف کرنے والے میں کوئی ایسا عمل نہیں کرتا جسکے ذریعے اپنی مراد کو

حَاجَتِيْ، اَسْئَلُكَ بِاسْمِكَ الَّذِيْ جَعَلْتَهٗ فِيْ مَكْنُوْنِ غَيْبِكَ وَاسْتَقَرَّ عِنْدَكَ

پہنچ سکوں میں تیرے اس نام کے واسطے سوال کرتا ہوں جسے تو نے پردۂ غیب میں پوشیدہ رکھا کہ تیرے پاس محفوظ ہے وہ تیرے

فَلَا يَخْرُجُ مِنْكَ اِلٰى شَيْءٍ سِوَاكَ،اَسْئَلُكَ بِهٖ وَبِكَ وَبِهٖ فَاِنَّهٗ اَجَلُّ وَاَشْرَفُ

سوا کسی چیز کی طرف اپنا رخ نہیں کرتامیں اسی نام کے واسطے سے اور تیری ذات اور اس نام کے واسطے سوال کرتا ہوں جو

اَسْمَائِكَ، لَاشَيْءَ لِيْ غَيْرُ هٰذَا وَلَآ اَحَدَ اَعْوَدُ عَلَيَّ مِنْكَ، يَا كَيْنُوْنُ يَا مُكَوِّنُ،يَا

تیرے ناموں میں بزرگ و برتر ہے اسکے علاوہ کچھ بھی میرے پاس نہیں تیری ذات کے علا وہ کوئی پناہ دینے والا نہیں ہے اے وہ

مَنْ عَرَّفَنِيْ نَفْسَهٗ، يَا مَنْ اَمَرَنِيْ بِطَاعَتِهٖ، يَا مَنْ نَهَانِيْ عَنْ مَّعْصِيَّتِهٖ، وَيَا مَدْعُوُّ يَا

کہ از خود موجو د اور وجود دینے والا ہے اے وہ جس نے خود کو مجھے پہنچوایا اے وہ جس نے مجھے اپنی اطاعت کا حکم دیا اے وہ جس

مَسْؤُوْلُ، يَا مَطْلُوْبًا اِلَيْهِ رَفَضْتُ وَصِيَّتَكَ الَّتِيْ اَوْصَيْتَنِيْ وَلَمْ اُطِعْكَ، وَلَوْ

نے اپنی نافرمانی سے مجھے روکا ہے اے وہ جسے خدا پکاراجاتا ہے اے وہ جس سے سوال کیا جاتا ہے جس سے مانگا جاتاہے

اَطَعْتُكَ فِيْمَآ اَمَرْتَنِيْ لَكَفَيْتَنِيْ مَا قُمْتُ اِلَيْكَ فِيْهِ، وَاَنَا مَعَ مَعْصِيَّتِيْ لَكَ رَاجٍ

جوہدایت تو نے مجھے فرمائی میں نے اس پر عمل نہیں کیا اور تیری اطاعت نہیں کی اگر میں تیرے حکم پر عمل پیراہوتا تو اس مقصد میں تو

فَلَا تَحُلْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ مَا رَجَوْتُ، يَا مُتَرَحِّمًا لِّيْ اَعِذْنِيْ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِيْ

کافی تھا جس کیلئے میں حا ضر ہواہوں اورمیں تیری نافرمانی کرکے بھی تجھ سے امید رکھتا ہوں پس تو میرے اور میری امید کے

وَمِنْ فَوْقِيْ وَمِنْ تَحْتِيْ، وَمِنْ كُلِّ جِهَاتِ الْاِحَاطَةِ بِيْ۔ اَللّٰهُمَّ بِمُحَمَّدٍ سَيِّدِيْ،

درمیان حائل نہ ہو اے مجھ پر رحم کرنے والے مجھے پناہ میں رکھ۔ میرے آگے، میرے پیچھے ،میرے اُوپر اور میرے نیچے غرض

وَبِعَلِيٍّ وَلِيِّيْ، وَبِالْاَئِمَّةِ الرَّاشِدِيْنَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ اِجْعَلْ عَلَيْنَا صَلَوٰتَكَ

ہر طرف سے جو مجھے گھیرے ہوئے ہے اے معبود تجھے واسطہ میرے آقا محمدؐ کا میرے ولی علیؑ اور ہدایت یافتہ اماموںؑ کا ان پر

وَرَاْفَتَكَ وَرَحْمَتَكَ وَاَوْسِعْ عَلَيْنَا مِنْ رِزْقِكَ، وَاقْضِ عَنَّا الدَّيْنَ وَجَمِيْعَ

درود اور سلام ہو کہ ہم پر اپنی رحمت مہربانی اور اپنا فضل و کرم فرما اور ہم پر اپنا رزق کشادہ کر دے اور ہمارے قرضے ادا کر

حَوَآئِجِنَا يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ، اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

دے اورسب حاجتیں پوری فرما۔ یااللہ یااللہ یااللہ بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

حضرت فرماتے ہیں کہ جو شخص اس نماز کے بعد مذکورہ بالا دُعا پڑھے تو خدا تعالی اسکے تمام گناہ معاف فرما دیتا ہے۔مؤلف کہتے ہیں شب جمعہ وروزِ جمعہ میں اس چار رکعت نماز کی فضیلت بہت سی حدیثوں میں وارد ہوئی ہے اگر نماز کے بعد اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلَی النَّبِیِّ الْعَرَبِیِّ وَآلِہٖ (اے معبود نبیؐ عربی اوران کی آلؑ پر رحمت فرما) کہیں تو اسکے سابقہ وآئندہ گناہ معاف ہو جائیں گے اور وہ ایسے ہوگا کہ گویا اس نے بارہ مرتبہ قرآن ختم کیا ہے نیز خدا قیامت کی بھوک پیاس کو اس سے دور کر دے گا۔

نماز حضرت فاطمہ صلوٰۃ اللہ علیہا

روایت میں ہے کہ جبرائیل نے حضرت فاطمہ زہراؑ کو دو رکعت نماز تعلیم فرمائی کہ جسکی ترکیب یہ ہے پہلی رکعت میں سُورہ حمد کے بعد سومرتبہ سُورۂ قدر اور دوسری رکعت میں سورہ حمد کے بعد سومرتبہ سُورۂ توحید پڑھیں جناب سیّدہؑ اس نماز کے بعد یہ دُعا پڑھتی تھیں:

سُبْحَانَ ذِی الْعِزِّ الشَّامِخِ الْمُنِیْفِ، سُبْحَانَ ذِی الْجَلَالِ الْبَاذِخِ الْعَظِیْمِ،

پاک ہے وہ ذات جو اعلی و بلند عزت کی مالک ہے پاک ہے وہ ذات جو اعلی و ارفع جلالت کی مالک ہے پاک ہے وہ ذات

سُبْحَانَ ذِی الْمُلْکِ الْفَاخِرِ الْقَدِیْمِ سُبْحَانَ مَنْ لَّبِسَ الْبَھْجَۃَ وَالْجَمَالَ، سُبْحَانَ

جو قدیم و عزیم سلطنت کی مالک ہے پاک ہے وہ جس نے حُسن و جمال کا لباس پہنا پاک ہے وہ ذات جس نے نور اوروقار کی

مَنْ تَرَدّٰی بِالنُّوْرِ وَالْوَقَارِ، سُبْحَانَ مَنْ یَّرٰی اَثَرَ النَّمْلِ فِی الصَّفَا، سُبْحَانَ مَنْ

چادر اوڑھی ہوئی ہے پاک ہے وہ جو چٹیل پتھر پر چیونٹی کا نقش پا دیکھ لیتی ہے پاک ہے وہ جو ہوا میں پرندوں کے نشان دیکھ

یَّرٰی وَقْعَ الطَّیْرِ فِی الْھَوَآءِ، سُبْحَانَ مَنْ ھُوَ ھٰکَذَا لَا ھٰکَذَا غَیْرُہٗ

لیتا ہے پاک ہے وہ جو ایسا ہے اور کوئی دوسرا ایسا نہیں ہے۔

سید فرماتے ہیں کہ ایک اور روایت کے مطابق نماز کے بعد ہر نماز کے بعد پڑھی جانے والی تسبیح حضرت فاطمہؑ پڑھیں، پھر سومرتبہ درود شریف پڑھیں۔مصباح المتہجدین میں شیخ فرماتے ہیں کہ نماز حضرت فاطمہؑ دو رکعت ہے اور اسکی ترکیب یہ ہے پہلی رکعت میں سُورۂ حمد کے بعد سومرتبہ سُورۂ قدر اور دوسری رکعت میں سُورۂ حمد کے بعد سومرتبہ سُورہ توحید پڑھیں، سلام کے بعد تسبیح حضرت فاطمہؑ پڑھیں اور پھر مذکورہ دعا (سبحان ذی العز الشامخ...الخ پڑھیں) پھر فرمایا جو شخص یہ نماز بجالائے وہ مذکور تسبیح سے فارغ ہونے کے بعد اپنے گھٹنے اور کہنیاں برہنہ کرے تمام اعضاء سجدۂ زمین پر رکھے کہ کوئی چیز حتی کہ کپڑا بھی حائل نہ ہو، ایسے میں اپنی حاجت طلب کرے اور پھر جو دُعا چاہے مانگے اور پھر سجدہ میں کہے:

يَا مَنْ لَّيْسَ غَيْرَهٗ رَبٌّ يُّدْعٰى، يَا مَنْ لَّيْسَ فَوْقَهٗ اِلٰهٌ يُّخْشٰى، يَا مَنْ لَيْسَ دُوْنَهٗ

اے وہ ذات جسکے سوا کوئی رب نہیں جسے پکاراجائے ۔اے وہ ذات جس سے اُوپرکوئی معبود نہیں جس کا خوف ہو۔اے وہ ذات

مَلِكٌ يُّتَّقٰى، يَا مَنْ لَّيْسَ لَهٗ وَزِيْرٌ يُّؤْتٰى، يَا مَنْ لَّيْسَ لَهٗ حَاجِبٌ يُّرْشٰى، يَا مَنْ

جسکے سوا کوئی بادشاہ نہیں جسکا ڈر ہو۔ اے وہ ذات جسکا کوئی وزیر نہیں جس سے رابطہ کیا جائے۔ اے وہ ذات جسکا کوئی محافظ

لَّاَيْسَ لَهٗ بَوَّابٌ يُّغْشٰى، يَا مَنْ لَّا يَزْدَادُ عَلٰى كَثْرَةِ السُّؤَالِ اِلَّا كَرَمًا وَجُوْدًا،

نہیں جسکو رشوت دی جائے۔ اے وہ ذات جسکا کوئی دربان نہیں جو مانع ہو۔ اے وہ ذات کہ کثرت سوال سے جسکی عطا وبخشش

وَّعَلٰى كَثْرَةِ الذُّنُوْبِ اِلَّا عَفْوًا وَصَفْحًا، صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّافْعَلْ بِيْ

میں اضافہ ہوتا ہے اور گناہوں کی کثرت سے جسکے عفو و درگذر میں وسعت آتی ہے۔ تو محمدؐ وآلِ محمدؐ پر رحمت فرما اور میری یہ حاجت

كَذَا وَ كَذَا۔ کذا کذا کی بجائے اپنی حاجات طلب کرے۔

پوری فرما

حضرت فاطمہ زہرا السلام اللہ علیہا کی ایک اور نماز

شیخ وسّید نے صفوان سے روایت کی ہے کہ جمعہ کے دن محمد ابنِ علی حلبی امام جعفر صادقؑ کی خدمت میں شرفیاب ہوئے تو عرض کی: مولا! مجھے کوئی ایسا عمل تعلیم فرمائیں جو آج کے دن سب سے بہتر ہو حضرت نے فرمایا: میں نہیں سمجھتا کہ رسُول اللہؐ کے نزدیک کوئی حضرت فاطمہؑ سے بڑھ کر عزیز ہو۔ پس حضرت رسولؐ نے جو تعلیم ان کو دی ہو اس سے افضل کیا چیز ہوگی؟ آنحضرتؐ نے جناب فاطمہؑ سے فرمایا کہ جو جُمعہ کی صبح کو درک کرے تو وہ غسل کرے اور چار رکعت نماز (دو دو کرکے) اس طرح پڑھے کہ پہلی رکعت میں حمد کے بعد پچاس مرتبہ سُورہ توحید اور دوسری رکعت میں حمد کے بعد پچاس مرتبہ سُورہ عادیات، تیسری رکعت میں حمد کے بعد پچاس مرتبہ سورہ زلزال اور چوتھی رکعت میں حمد کے بعد پچاس مرتبہ سُورۂ نصر پڑھے۔ یہ نزولِ قرآن کے سلسلے کا آخری سُورہ ہے جب نماز سے فارغ ہوجائے تو یہ دُعا پڑھے:

اِلٰهِيْ وَسَيِّدِيْ مَنْ تَهَيَّاَ اَوْ تَعَبَّاَ اَوْ اَعَدَّ اَوِ اسْتَعَدَّ لِوِفَادَةٍ مَخْلُوْقٍ رَجَآءَ رِفْدِهٖ

اے میرے خدا اور میرے سردا ر جو کوئی آمادہ و تیار ہو یا کمربستہ ہو یا اُٹھ کھڑا ہو کہ کسی مخلوق کی طرف انعام

وَفَوَآئِدِهٖ وَنَآئِلِهٖ وَفَوَاضِلِهٖ وَجَوَآئِزِهٖ فَاِلَيْكَ يَا اِلٰهِيْ كَانَتْ تَهْيِئَتِيْ وَتَعْبِيَتِيْ وَ

کی اُمید، فوائد اور بخشش کی طلب اور عطا وسخاوت کے حصول کیلئے جاسکے تو بھی اے میرے معبود! میری آمادگی

اِعْدَادِیْ وَاسْتِعْدَادِیْ رَجَآءَ فَوَآئِدِكَ وَمَعْرُوْفِكَ وَنَآئِلِكَ وَجَوَآئِزِكَ فَلَا

میری تیاری میری کمربستگی اور میرا اُٹھنا تیری نعمتوں اور تیری عطا وبخشش اور انعام کی اُمید پر ہے تو اے خدا

تُخَيِّبْنِیْ مِنْ ذٰلِكَ يَا مَنْ لَا تَخِيْبُ عَلَيْهِ مَسْآلَةُ السَّآئِلِ، وَلَا تَنْقُصُهٗ عَطِيَّةُ

مجھے اس میں ناکام نہ کر، اے وہ جو مانگنے والوں کے مانگنے سے تنگ نہیں ہوتا اور جسکے ہاں عطاء و سخاء سے کمی

نَائِلٍ، فَاِنِّیْ لَمْ آتِكَ بِعَمَلٍ صَالِحٍ قَدَّمْتُهٗ، وَلَا شَفَاعَةِ مَخْلُوْقٍ رَجَوْتُهٗ، اَتَقَرَّبُ

نہیں آتی۔ میں تیرے حضور اپنے کسی عملِ خیر کی وجہ سے نہیں آیا جو میں نے آگے بھیجا ہو نہ میں کسی مخلوق کی سفارش لا یا

اِلَيْكَ بِشَفَاعَتِهٖ اِلَّا مُحَمَّدًا وَّاَهْلِ بَيْتِهٖ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ، اَتَيْتُكَ

ہوں کہ اسکے ذریعے تیرا تقرب حاصل کروں ہاں محمدؐ و آلِ محمدؐ کہ ان پر تیری رحمتیں ہوں انکی سفارش کے ساتھ

اَرْجُوْ عَظِيْمَ عَفْوِكَ الَّذِیْ عُدْتَّ بِهٖ عَلَى الْخَطَّآئِيْنَ عِنْدَ عُكُوْفِهِمْ عَلٰى

تیرے پاس تیرے عظیم عفو کی امید لے کر آیا ہوں جسکے ذریعے تُو نے خطاکاروں کو معاف فرمایا جبکہ وہ گناہوں

الْمَحَارِمِ، فَلَمْ يَمْنَعْكَ طُوْلُ عُكُوْفِهِمْ عَلَى الْمَحَارِمِ اَنْ جُدْتَّ عَلَيْهِمْ

میں غلطاں تھے اور انکا ایک عرصے تک گناہوں میں رہنا ان پر تیرے کرم اور بخشش میں مانع نہیں ہوسکا اور اے

بِالْمَغْفِرَةِ وَاَنْتَ سَيِّدِیْ الْعَوَّادُ بِالنَّعْمَآءِ وَاَنَا الْعَوَّادُ بِالْخَطَآءِ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ

میرے سردار تو بار بار نعمتیں دینے والا اور میں بار بار خطا کرنے والا ہوں۔ میں حضرت محمدؐ اور انکی پاک آلؑ

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ، وَاَنْ تَغْفِرَ لِیْ ذَنْبِیَ الْعَظِيْمَ، فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُ الْعَظِيْمَ اِلَّا

کے حق کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں کہ میرے بڑے گناہ کو معاف فرما کیونکہ عظیم گناہ کو عظیم ہستی ہی معاف

الْعَظِيْمُ، يَا عَظِيْمُ يَا عَظِيْمُ يَا عَظِيْمُ يَا عَظِيْمُ يَا عَظِيْمُ يَا عَظِيْمُ يَا عَظِيْمُ

کرسکتی ہے اے بزرگ،اے عظیم، اے برتر، اے بزرگ،اے عظیم، اے برتر، اے عظیم۔

مؤلف کہتے ہیں کہ سیّد ابنِ طاؤس نے جمال الاسبوع میں ائمہؑ میں سے ہر ایک کی نماز ودُعا نقل کی۔ پس مناسب ہوگا کہ یہاں ان نمازوں اور دُعاؤں کا ذکر کردیا جائے۔

نمازامام حسن علیہ السلام

جمعہ کے دن، امیر المومنینؑ کی نماز کی طرح یہ بھی چار رکعت نماز ہے۔ اسی طرح امام حسنؑ کی ایک اور چار رکعتی نماز بھی ہے جسکی ہر رکعت میں حمد کے بعد پچیس مرتبہ سُورہ توحید کی تلاوت کریں اور نماز کے بعد حضرتؑ کی یہ دُعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَتَقَرَّبُ اِلَیۡكَ بِجُوۡدِكَ وَ كَرَمِكَ وَاَتَقَرَّبُ اِلَیۡكَ بِمُحَمَّدٍ عَبۡدِكَ

اے معبود میں تیرے جود وکرم کے ذریعے تیرا تقرب چاہتا ہوں اور میں تیرے بندے اور رسول محمدؐ کے ذریعے تجھ سے

وَرَسُوۡلِكَ وَاَتَقَرَّبُ اِلَیۡكَ بِمَلَآئِكَتِكَ الۡمُقَرَّبِیۡنَ وَاَنۡبِیَآئِكَ وَرُسُلِكَ، اَنۡ

تقرب چاہتا ہوں اور میں تیرے مقرب ملائکہ اور تیرے نبیوں اور رسولوں کے ذریعے تیرا تقرب چاہتا ہوں ۔اے اللہ تو

تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبۡدِكَ وَرَسُوۡلِكَ وَعَلٰۤی اٰلِ مُحَمَّدٍ، وَّاَنۡ تُقِیۡلَنِیۡ عَثۡرَتِیۡ، وَتَسۡتُرَ

اپنے بندے اور رسول حضرت محمدؐ اور آلِ محمدؐ پر رحمت نازل فرما۔اور میری خطا معاف فرما دے ۔میرے گناہوں کی پردہ

عَلَیَّ ذُنُوۡبِیۡ وَتَغۡفِرَهَا لِیۡ، وَتَقۡضِیَ لِیۡ حَوَآئِجِیۡ، وَلَا تُعَذِّبۡنِیۡ بِقَبِیۡحٍ كَانَ مِنِّیۡ، فَاِنَّ

ڈال اور انہیں معاف کر دے۔ میری حاجت پوری فرما اور جو بری حرکت مجھ سے ہوئی ہے اس پر مجھے عذاب نہ کر۔بے شک

عَفۡوَكَ وَجُوۡدَكَ یَسَعُنِیۡ، اِنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیۡءٍ قَدِیۡرٌ

تیرا عفو اور تیرا جود میرے شامل حال ہے۔یقیناً تو ہر چیز پر قادر ہے۔

نماز امام حسین علیہ السلام

یہ بھی چار رکعت نماز ہے جسکی ہر رکعت میں سُورہ حمد اور سُورہ توحید پچاس پچاس مرتبہ، اسی طرح دس دس مرتبہ سُورہ حمد و توحید کو رکوع، رکوع کے بعد سیدھے کھڑے ہو کر، پہلے سجدے، دونوں سجدوں کے درمیان اور دوسرے سجدے میں پڑھیں اور نماز سے فارغ ہو کر ہے یہ دعا پڑھیں: اَللّٰهُمَّ اَنۡتَ الَّذِیۡ اسۡتَجَبۡتَ لِاٰدَمَ وَحَوَّا تا آخر۔ یہ دعا کچھ طویل ہے جو مکمل طور پر ملحقات دوم مفاتیح الجنان میں ملاحظہ فرمائی جاسکتی ہے۔

نماز امام زین العابدین علیہ السلام

یہ بھی چار رکعت نماز ہے جسکی ہر رکعت میں ایک مرتبہ سُورہ حمد اور سو مرتبہ سُورہ توحید پڑھیں اور نماز کے بعد حضرتؑ کی یہ دعا پڑھیں:

یَا مَنۡ اَظۡهَرَ الۡجَمِیۡلَ وَسَتَرَ الۡقَبِیۡحَ، یَا مَنۡ لَّمۡ یُؤَاخِذۡ بِالۡجَرِیۡرَةِ، وَلَمۡ یَهۡتِكِ

اے وہ جو اچھائی کو ظاہر اور برائی کو چھپاتا ہے اور وہ جو گناہ پر نہیں پکڑتا اور پردہ فاش نہیں کرتا اے عظیم عفو والے اے

السِّتۡرَ، یَا عَظِیۡمَ الۡعَفۡوِ، یَا حَسَنَ التَّجَاوُزِ، یَا وَاسِعَ الۡمَغۡفِرَةِ، یَا بَاسِطَ الۡیَدَیۡنِ

بہترین درگزر کرنے والے اے وسیع مغفرت والے اے رحمت کرنے کیلئے دونوں ہاتھ کھلے رکھنے والے اے ہر بھید کے

بِالرَّحْمَةِ، يَا صَاحِبَ كُلِّ نَجْوٰى يَا مُنْتَهٰى كُلِّ شَكْوٰى، يَا كَرِيْمَ الصَّفْحِ، يَا

جاننے والے اے تمام شکایتوں کی آخری بارگاہ اے چشم پوشی کرنے والے مہربان اے سب سے بڑی امیدگاہ اے کمی کے

عَظِيْمَ الرَّجَآءِ، يَا مُبْتَدِءًا بِالنِّعَمِ قَبْلَ اسْتِحْقَاقِهَا، يَا رَبَّنَا وَسَيِّدَنَا

حقدار ہونے سے پہلے نعمتیں دینے والے اے ہمارے رب اے ہمارے سردار اے ہمارے آقا اے ہماری رغبت کی انتہا

وَمَوْلَانَا، يَا غَايَةَ رَغْبَتِنَا، اَسْاَلُكَ اَللّٰهُمَّ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ۔

اے اللہ میں سوال کرتا ہوں کہ تو محمدؐ و آلِ محمدؐ پر اپنی رحمت نازل فرما۔

نماز حضرت امام محمد باقر علیہ السلام

یہ دو رکعت نماز ہے کہ جس کی ہر رکعت میں سورۂ حمد کے بعد سو ۱۰۰ مرتبہ یہ کہیں:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ۔

پاک ہے اللہ اور حمد اللہ ہی کے لیے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ بزرگتر ہے۔

نماز کے بعد حضرت کی یہ دعا پڑھیں: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْاَلُكَ يَا حَلِيْمُ ذُوْ اَنَاةٍ غَفُوْرٌ وَّدُوْدٌ اَنْ

اے معبود! اے بردبار اے صاحب بخشش اے محبت کرنے والے میں تجھ سے سوال

تَتَجَاوَزَ عَنْ سَيِّئَاتِيْ وَمَا عِنْدِيْ بِحُسْنِ مَا عِنْدَكَ، وَاَنْ تُعْطِيَنِيْ مِنْ عَطَآئِكَ

کرتا ہوں کہ میرے گناہوں سے درگزر فرما اور جو کچھ میرے پاس ہے تجھی سے ہے اور مجھے اپنی عطا سے اتنا دے کہ جس میں

مَا يَسَعُنِيْ، وَتُلْهِمَنِيْ قِيَامَ اَعْطَيْتَنِيْ الْعَمَلَ فِيْهِ بِطَاعَتِكَ وَطَاعَةِ رَسُوْلِكَ،

میرا پیٹ وسعت ہو اور جو کچھ مجھے دے اس میں اپنی اور اپنے رسولؐ کی اطاعت و پیروی کے لیے توفیق عمل بھی مرحمت فرما

وَاَنْ تُعْطِيَنِيْ مِنْ عَفْوِكَ مَا اَسْتَوْجِبُ بِهٖ كَرَامَتَكَ ۔ اَللّٰهُمَّ اَعْطِنِيْ مَآ اَنْتَ

اور مجھ سے ایسا عفوودرگزر فرما جس سے میں تیرے فضل وکرم کے لائق ہو جاؤں اے معبود! مجھ پر وہ عطا کر جس کا تو اہل

اَهْلُهٗ وَلَا تَفْعَلْ بِيْ مَا اَنَا اَهْلُهٗ فَاِنَّمَا اَنَا بِكَ، وَلَمْ اُصِبْ خَيْرًا قَطُّ اِلَّا مِنْكَ، يَآ

ہے اور مجھ سے وہ برتاؤ نہ کر کہ جسکا میں اہل ہوں پس میں تیری وجہ سے زندہ ہوں اور مجھے تیرے سوا کسی سے بھلائی نہیں مل

اَبْصَرَ الْاَبْصِرِيْنَ، وَيَآ اَسْمَعَ السَّامِعِيْنَ، وَيَآ اَحْكَمَ الْحَاكِمِيْنَ، وَيَا جَارَ

سکتی اے دیکھنے والوں سے بڑھ کر دیکھنے والے اور سننے والوں سے بڑھ کر سننے والے اور حاکموں سے بڑھ کر حکم کرنے

الْمُسْتَجِيْرِيْنَ، وَيَا مُجِيْبَ دَعْوَةِ الْمُضْطَرِّيْنَ، صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ ۔

والے اور اے پناہ دینے والوں کی پناہ گاہ اور لاچاروں کی دعا قبول کرنے والے محمدؐ وآل محمدؐ پر رحمت فرما۔

نماز حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام

یہ دو رکعت نماز ہے جسکی ہر ایک رکعت میں سُورہ حمد کے بعد سو مرتبہ آیت شَهِدَ اللّٰهُ کی تلاوت کریں اور نماز کے بعد یہ دُعا پڑھیں

يَا صَانِعَ كُلِّ مَصْنُوْعٍ، يَا جَابِرَ كُلِّ كَسِيْرٍ، وَيَا حَاضِرَ كُلِّ مَلَاٍ، وَيَا شَاهِدَ كُلِّ

اے ہر بنی ہوئی چیز کے بنانے والے اے ہر شکستہ کو جوڑنے والے اور اے ہر گروہ میں موجود رہنے والے اور ایسے راز کے شاہد و

نَجْوٰى، وَيَا عَالِمَ كُلِّ خَفِيَّةٍ، وَيَا شَاهِدًا غَيْرَ غَآئِبٍ، وَغَالِبًا غَيْرَ مَغْلُوْبٍ، وَيَا

گواہ اور اے ہر چھپی ہوئی چیز کے جاننے والے اور اے وہ حاضر جو کبھی غائب نہیں ہوتا اے وہ غالب جو کبھی مغلوب نہیں ہوتا اے وہ

قَرِيْبُ غَيْرَ بَعِيْدٍ، وَيَا مُؤْنِسَ كُلِّ وَحِيْدٍ، وَيَا حَيُّ مُحْيِيَ الْمَوْتٰى، وَمُمِيْتَ الْاَحْيَآءِ،

قریب جو کبھی دور نہیں ہوتا اے ہر اکیلے کے ساتھ رہنے والے اور اے وہ زندہ جو مردوں کو زندہ کرتا ہے اور زندوں کو موت دیتا

الْقَآئِمُ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ، وَيَا حَيًّا حِيْنَ لَا حَيَّ، لَا اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ صَلِّ

ہے ہر نفس کو اسکے کئے کا بدلہ دینے والے اے اس وقت زندہ رہنے والے جب کوئی زندہ نہ ہوگا۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں محمدؐ اور

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ۔

آلِ محمدؐ پر رحمت فرما۔

نماز حضرت امام موسیٰؑ کاظم علیہ السلام

یہ دو رکعت ہے جسکی ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورہ حمد اور بارہ مرتبہ سورہ توحید پڑھیں۔ نماز کے بعد حضرتؑ کی یہ دعا پڑھیں:

اِلٰهِيْ خَشَعَتِ الْاَصْوَاتُ لَكَ، وَضَلَّتِ الْاَحْلَامُ فِيْكَ، وَوَجِلَ كُلُّ شَيْءٍ مِّنْكَ،

اے معبود! تیری بارگاہ میں آوازیں لرز جاتی ہیں اور تیرے حضور میں تصورات گم ہوجاتے ہیں ہر چیز تجھ سے خوف کھاتی

وَهَرَبَ كُلُّ شَيْءٍ اِلَيْكَ، وَضَاقَتِ الْاَشْيَآءُ دُوْنَكَ، وَمَلَاَ كُلَّ شَيْءٍ نُّوْرُكَ،

ہے اور ہر چیز تیری طرف دوڑ رہی ہے تمام اشیاء تیرے سامنے ہیچ ہیں اور تیرے نور نے ہر چیز کو گھیر لیا ہے پس تو اپنے

فَاَنْتَ الرَّفِيْعُ فِيْ جَلَالِكَ، وَاَنْتَ الْبَهِيُّ فِيْ جَمَالِكَ ، وَاَنْتَ الْعَظِيْمُ فِيْ

جلال میں بلندتر ہے اور تو اپنے جمال میں روشن تر ہے تو اپنی قدرت میں بزرگتر ہے اور تو ہی وہ ہے جسے کوئی چیز تھکاتی

قُدْرَتِكَ، وَاَنْتَ الَّذِيْ لَا يَئُوْدُكَ شَيْءٌ يَا مُنْزِلَ نِعْمَتِيْ، يَا مُفَرِّجَ كُرْبَتِيْ، وَيَا

نہیں اے مجھ پر نعمت نازل کرنے والے اے میرے دکھ دور کرنے والے اور اے میری حا جت برلانے والے میری

قَاضِيَ حَاجَتِيْ، اَعْطِنِيْ مَسْاَلَتِيْ بِلَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، آمَنْتُ بِكَ مُخْلِصًا لَّكَ دِيْنِيْ،

خواہش پوری کر دے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں میں تجھ پر ایمان لایا ہوں تیرے دین میں مخلص ہوں میں نے تیرے عہد

اَصْبَحْتُ عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، اَبُوْٓءُ لَكَ بِالنِّعْمَةِ، وَاَسْتَغْفِرُكَ

وپیما ن پر قائم رہتے ہوئے صبح کی ہے اپنی حد تک تیری نعمتیں سمیٹ رہا ہوں میں اپنے گناہوں پر تجھ سے بخشش کا طلبگار

مِنَ الذُّنُوْبِ الَّتِيْ لَا يَغْفِرُهَا غَيْرُكَ، يَا مَنْ هُوَ فِيْ عُلُوِّهٖ دَانٍ، وَفِيْ دُنُوِّهٖ عَالٍ، وَفِيْ

ہوں جنکو سوائے تیرے کوئی معاف نہیں کر سکتا اے وہ جو اپنی بلندی میں نزدیک اور نزدیکی میں بلندہےاور روشنی میں

اِشْرَاقِهٖ مُنِيْرٌ، وَّفِيْ سُلْطَانِهٖ قَوِيٌّ، صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّآلِهٖ۔

منور کرنے والا ہےاور سلطنت میں قوی ہے محمدؐ وآلِ محمدؐ پر رحمت فرما۔

نماز حضرت امام علی رضا علیہ السلام

یہ چھ رکعت نماز ہے، جسکی ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورۂ حمد اور دس مرتبہ سورہ انسان (هَلْ اَتٰى عَلَى الْاِنْسَانِ) پڑھیں۔ نماز کے بعد یہ دُعا پڑھیں:

يَا صَاحِبِيْ فِيْ شِدَّتِيْ وَيَا وَلِيِّيْ فِيْ نِعْمَتِيْ، وَيَآ اِلٰهِيْ وَاِلٰهَ اِبْرَاهِيْمَ وَاِسْمَاعِيْلَ وَ

اے میری تنگی میں میرے ساتھی اے نعمت میں میرے سرپرست اور اے میرے معبود! اور ابراہیمؑ و اسماعیلؑ و اسحاقؑ و یعقوبؑ

اِسْحَاقَ وَيَعْقُوْبَ، يَا رَبَّ كٓهٰيٰعٓصٓ وَيٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ، اَسْاَلُكَ يَآ

کے معبود اے کٓھٰیٰعٓصٓ اور یٰسٓ و القرآن الحکیم کے رب میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اے بہترین ذات جس سے سوال کئے جاتے

اَحْسَنَ مَنْ سُئِلَ، وَيَا خَيْرَ مَنْ دُعِيَ، وَيَا اَجْوَدَ مَنْ اَعْطٰى، وَيَا خَيْرَ مُرْتَجًى،

ہیں اور اے بہترین پکارے جانے والے اے عطا کرنے والوں میں زیادہ سخی اور اے بہترین اُمیدگاہ میں تجھ سے

اَسْاَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ۔

سوال کرتا ہوں کہ تو محمدؐ وآلِ محمدؐ پر رحمت فرما۔

نماز حضرت امام محمد تقی علیہ السلام

دو رکعت نماز ہے اسکی ہر رکعت میں ایک مرتبہ سورہ حمد اور ستر ۷۰ مرتبہ سورہ توحید پڑھیں اور نماز کے بعد حضرتؑ کی یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ الْاَرْوَاحِ الْفَانِيَةِ، وَالْاَجْسَادِ الْبَالِيَةِ، اَسْئَلُكَ بِطَاعَةِ الْاَرْوَاحِ

اے معبود! تو فنا ہونے والی روحوں اور بوسیدہ جسموں کا پالنے والا ہے تجھ سے میں سوال کرتا ہوں اپنے جسموں

الرَّاجِعَةِ اِلٰى اَجْسَادِهَا، وَبِطَاعَةِ الْاَجْسَادِ الْمُلْتَئِمَةِ بِعُرُوْقِهَا، وَبِكَلِمَتِكَ

کیطرف پلٹنے والی روحوں کی بندگی کے واسطے سے اور اپنی رگوں کے ساتھ ملنے والے جسموں کی بندگی کے واسطے سے

النَّافِذَةِ بَيْنَهُمْ، وَاَخْذِكَ الْحَقَّ مِنْهُمْ وَالْخَلَآئِقُ بَيْنَ يَدَيْكَ يَنْتَظِرُوْنَ فَصْلَ

اور ان میں نافذ ہونے والے تیرے حکم کے واسطے سے اور ان سے حق لینے کے واسطے سے جبکہ مخلوقات تیرے حضور

قَضَآئِكَ، وَيَرْجُوْنَ رَحْمَتَكَ وَيَخَافُوْنَ عِقَابَكَ، صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

تیرے اٹل فیصلے کی منتظر کھڑی ہونگی اور تیری رحمت کی اُمیدوار اور تیرے عذاب سے ڈری ہوئی ہونگی میرا سوال ہے کہ

وَّاجْعَلِ النُّوْرَ فِيْ بَصَرِيْ، وَالْيَقِيْنَ فِيْ قَلْبِيْ، وَذِكْرَكَ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ عَلٰى

محمدؐ و آلِ محمدؐ پر رحمت فرما میری آنکھوں میں نور اور میرے دل میں یقین پیدا کردے اور تیرا ذکر شب و روز میری

لِسَانِيْ، وَعَمَلًا صَالِحًا فَارْزُقْنِيْ۔

زبان پر ہو اور مجھے نیک عمل کرنے کی توفیق دے۔

نماز حضرت امام علی نقی علیہ السلام

یہ دو رکعت ہے اسکی پہلی رکعت میں سورہ حمد کے بعد سورہ یٰسین دوسری رکعت میں حمد کے بعد سورہ رحمن پڑھیں نماز کے بعد حضرتؑ کی یہ دعا پڑھیں:

يَا بَارُّ يَا وَصُوْلُ يَا شَاهِدَ كُلِّ غَآئِبٍ، وَيَا قَرِيْبُ غَيْرَ بَعِيْدٍ، وَيَا غَالِبُ غَيْرَ

اے نیکی کروانے والے اے ملنے والے اے ہر غائب کے دیکھنے والے اے وہ قریب جو دور نہیں ہوتا اور اے وہ

مَغْلُوْبٍ، وَيَا مَنْ لَّا يَعْلَمُ كَيْفَ هُوَ اِلَّا هُوَ، يَا مَنْ لَّا تُبْلَغُ قُدْرَتُهٗ، اَسْئَلُكَ

غالب جو مغلوب نہیں ہوتا اے وہ ذات جسے تیرے اپنے سوا کوئی نہیں جانتا کہ کیسا ہے اے وہ جسکی قدرت تک رسائی

اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ الْمَكْنُوْنِ الْمَخْزُوْنِ الْمَكْتُوْمِ عَمَّنْ شِئْتَ، الطَّاهِرِ الْمُطَهَّرِ

نہیں ہوتی اے معبود! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے اس نام کے واسطے جو پوشیدہ، محفوظ اور مخفی ہے جس سے تو چاہے

الْمُقَدَّسِ النُّوْرِ التَّامِّ الْحَيِّ الْقَيُّوْمِ الْعَظِيْمِ، نُوْرِ السَّمٰوٰتِ وَنُوْرِ الْاَرَضِيْنَ،

ہے۔ تو پاک وپاکیزہ، مقدس نور، کامل، زندہ، نگہبان، عظیم، آسمانوں کو روشن کرنے والا اور زمینوں کو روشن

عَالِمِ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ الْكَبِيْرِ الْمُتَعَالِ الْعَظِيْمِ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ۔

کرنے والا ہے ظاہر اور باطن کا جاننے والا بزرگوار، بلند اورعظیم ہے کہ تو محمدؐ و آلِ محمدؐ پر رحمت فرما۔

نمازامام حسن عسکری علیہ السلام

یہ چاررکعت نماز ہے اسکی پہلی دورکعت میں حمد کے بعد پندرہ مرتبہ سُورۂ زلزال اور دوسری دورکعت میں حمد کے بعد پندرہ مرتبہ سُورۂ توحید کی تلاوت کریں اورنماز کے بعد حضرتؑ کی یہ دُعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِاَنَّ لَكَ الْحَمْدَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْبَدِيْءُ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ،

اے معبود میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ حمد تیرے ہی لئے ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں توہر چیز سے پہلے موجود

وَاَنْتَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ، وَلَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الَّذِيْ لَا يُذِلُّكَ شَيْءٌ وَاَنْتَ كُلَّ يَوْمٍ فِيْ

رہا ہے اور تو زندہ و نگہبا ن ہے، اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں کہ تجھے کوئی چیز پست نہیں کر سکتی اور توہی ہر روز

شَاْنٍ، لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ خَالِقُ مَا يُرٰى وَمَا لَا يُرٰى، الْعَالِمُ بِكُلِّ شَيْءٍ بِغَيْرِ

نئی شان والا ہے تیرےسوا کوئی معبود نہیں تو ہر دیکھی وان دیکھی چیز کا خالق ہے کہ بغیر علم حا صل کئے ہر چیز کا علم

تَعْلِيْمٍ، اَسْئَلُكَ بِاٰلَآئِكَ وَنَعْمَآئِكَ بِاَنَّكَ اللّٰهُ الرَّبُّ الْوَاحِدُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

رکھتا ہے میں تیری خوبیوں اور نعمتوں کے ذریعے سوال کرتا ہوں کیوں کہ تو ہی اللہ، رب اور یکتا ہے تیرے

الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ، وَاَسْاَلُكَ بِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْوِتْرُ الْفَرْدُ، الْاَحَدُ

سوا کوئی معبود نہیں تو رحمن و رحیم ہے اور سوال کرتا ہوں کہ تو ہی اللہ ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو تنہا ویکتا

الصَّمَدُ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ، وَاَسْاَلُكَ بِاَنَّكَ اللّٰهُ

ہے یگانہ ہے۔ بے نیاز ہے کہ جس نے نہ کسی کو جنااور نہ وہ جنا گیااور نہ ہی کوئی اسکا ہمسر ہے اور میں سوال

لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ الْقَآئِمُ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ اَلرَّقِيْبُ

کرتا ہوں تو اللہ ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو جاننے والااور خبر رکھنے والا ہے ہر نفس کو اسکے کئے کا بدلہ

الْحَفِيْظُ، وَاَسْئَلُكَ بِاَنَّكَ اللّٰهُ الْاَوَّلُ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ، وَالْاٰخِرُ بَعْدَ كُلِّ شَيْءٍ،

دینے والا ہے تو نگہبان و محافظ ہے اور میں سوال کرتا ہوں تو ہی اللہ ہے جو ہر چیز سے پہلے ہے اور ہر چیز کے

وَّالْبَاطِنُ دُوْنَ كُلِّ شَيْءِ الضَّارُّ النَّافِعُ الْحَكِيْمُ الْعَلِيْمُ، وَاَسْئَلُكَ بِاَنَّكَ

بعد رہے گا اور تو ہر چیز میں پوشیدہ ہیتو ہی ضرر دینے اور نفع پہنچانے والا ہے حکیم و دانا ہے۔ اور سوال کرتا

اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ الْبَاعِثُ الْوَارِثُ الْحَنَّانُ الْمَنَّانُ بَدِيْعُ

ہوں کہ تواللہ ہے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو زندہ اور پایندہ ہے۔مردوں کا اٹھانے والا ،وارث

السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ ذُو الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَذُو الطَّوْلِ وَذُو الْعِزَّةِ وَذُو

مہربان اور محسن ہے تو آسمانوں اور زمین کا ایجاد کرنے والا جلالت و بزرگی والا اور صاحب سخاوت

السُّلْطَانِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ اَحَطْتَ بِكُلِّ شَيْءٍ عِلْمًا، وَاَحْصَيْتَ كُلَّ

صاحب عزت اور صاحبِ حکومت ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں کہ تیرا علم ہر چیز کو گھیرے ہوئے ہے اور تو نے ہر

شَيْءٍ عَدَدًا صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ۔

چیز کو شمار کر رکھا ہے تو محمدؐ آلِ محمدؐ پر رحمت فرما۔

نمازِ حضرت صاحب الزّمان عجل اللہ تعالیٰ فرجہٗ

یہ دو رکعت نماز ہے اسکی ہر رکعت میں سُورہ حمد پڑھتے ہوئے جب اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ تک پہنچیں تو اسی آیت کو سو مرتبہ پڑھیں اور پھر اگلی آیات پڑھ کر حمد مکمل کریں، اسکے بعد سُورۂ توحید پڑھیں اور رکوع وسجود کیساتھ نماز مکمل کرلیں نماز کے بعد حضرتؑ کی یہ دعا پڑھیں:

اَللّٰهُمَّ عَظُمَ الْبَلَآءُ، وَبَرِحَ الْخَفَآءُ، وَانْكَشَفَ الْغِطَآءُ، وَضَاقَتِ الْاَرْضُ بِمَا

اے معبود! مصیبت بڑھ گئی، درد نہاں ظاہر ہوگیا ہے اور پردہ کھل گیا ہے اور زمین تنگ ہوگئی ہے اگرچہ آسمان وسیع ہے

وَسَعَتِ السَّمَآءُ وَاِلَيْكَ يَا رَبِّ الْمُشْتَكٰى وَعَلَيْكَ الْمُعَوَّلُ فِي الشِّدَّةِ وَالرَّخَآءِ

اور خدایا ہم اپنی شکایت تیرے ہی پاس لاتے ہیں اور تنگی اور فراخی میں تجھ پر ہی بھروسہ کرتے ہیں اے معبود! محمدؐ

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ الَّذِيْنَ اَمَرْتَنَا بِطَاعَتِهِمْ، وَعَجِّلِ اللّٰهُمَّ

آلِ محمدؐ پر رحمت فرما کہ جن کی فرمانبرداری کا تونے ہمیں حکم دیا، اے معبود! انکے قائم کے بدولت انکو جلد آسودگی دے

فَرَجَهُمْ بِقَآئِمِهِمْ وَاَظْهِرْ اِعْزَازَهٗ يَا مُحَمَّدُ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا مُحَمَّدُ اِكْفِيَانِيْ

اور اسکیعزت کو ظاہر کردے یا محمدؐ یا علیؑ یا علیؑ یا محمدؐ میری کفایت کیجیے کہ بے شک آپ دونوں میرے حامی ہیں یا محمدؐ یا علیؑ،

فَاِنَّكُمَا كَافِيَايَ يَا مُحَمَّدُ يَا عَلِيُّ، يَا عَلِيُّ يَا مُحَمَّدُ، انْصُرَانِيْ فَاِنَّكُمَا نَاصِرَايَ، يَا

یا علیؑ یا محمدؐمیری مدد کیجئے ۔یا محمدؐیا علیؑ ،یا علیؑ یا محمدؐ میری مدد کیجئے کہ بیشک آپ دونوں میری مدد کرنے والے ہیں یا محمدؐ یا

مُحَمَّدُ يَا عَلِيُّ يَا عَلِيُّ يَا مُحَمَّدُ، اِحْفَظَانِيْ فَاِنَّكُمَا حَافِظَايَ، يَا مَوْلَايَ يَا صَاحِبَ

علیؑ یا علیؑ یا محمدؐ میری حفاظت کیجیے کہ آپ دونوں میرے محافظ ہیں اے میرے مولا اے صاحب زمانؑ اے میرے مولا

الزَّمَانِ، يَا مَوْلَايَ يَا صَاحِبَ الزَّمَانِ يَا مَوْلَايَ يَا صَاحِبَ الزَّمَانِ، اَلْغَوْثَ

اے صاحب زماںؑ اے میرے مولا اے صاحب زمانؑ فریاد سننے والے فریاد سننے والے فریاد سننے والےمیری مدد کیجئے۔

اَلْغَوْثَ اَلْغَوْثَ اَدْرِكْنِيْ اَدْرِكْنِيْ اَدْرِكْنِيْ، اَلْاَمَانَ اَلْاَمَانَ اَلْاَمَانَ۔

میری مدد کیجئے۔میری مدد کیجئے۔مجھے پناہ دیجیے۔پناہ دیجیے۔پناہ دیجیے۔

نماز حضرت جعفر طیار علیہ السلام

یہ نماز اکسیر اعظم اور کبریت احمر ہے اور بہت معتبر اسناد اور بڑی فضیلت کیساتھ بیان ہوئی ہے اسکا خاص فائدہ یہ ہے کہ اسکے بجالانے سے بڑے بڑے گناہ معاف ہوجاتے ہیں اسکا افضل وقت روز جمعہ کا پہلہ حصّہ ہے، یہ چار رکعت نماز ہے جو دودو کر کے پڑھی جاتی ہے۔پہلی رکعت میں سُورۂ حمد کے بعد سُورۂ زلزال ،دوسری رکعت میں سُورہ حمد کے بعد سُورۂ عادیات ، تیسری رکعت میں حمد کے بعد سُورۂ نصر اور چوتھی رکعت میں حمد کے بعد سُورۃ توحید پڑھیں۔نیز ہر رکعت میں سورتیں پڑھنے کے بعد پندرہ مرتبہ کہیں

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ

خدا پاک ہے اور حمد اسی کیلئے ہے اور خدا کے سوا کوئی معبود نہیں اور خدا بزرگتر ہے۔

یہی تسبیحات ہر رکوع ، رکوع سے سر اُٹھانے کے بعد، پہلے سجدے میں، سجدے سے سر اُٹھانے کے بعد، دوسرے سجدے میں اور سجدے سے سر اُٹھانے کے بعد اٹھنے سے پہلے دس دس مرتبہ پڑھیں۔جب چاروں رکعتوں میں یہ عمل بجالائیں تو یہ کل تین سو تسبیحات ہو جائیں گی۔شیخ کلینیؒ نے ابوسعید مدائنی سے روایت کی ہے کہ امام جعفر صادقؑ نے مجھے فرمایا: کیا

تمہیں ایسی چیز تعلیم نہ کروں جسے تم نمازِ جعفر طیار میں پڑھا کرو۔ میں نے عرض کی ہاں ضرور تعلیم فرمائیں۔ تب آپ نے فرمایا کہ ان چار رکعتوں کے آخری سجدے میں تسبیحات اربعہ کے بعد یہ دعا پڑھو:

سُبْحَانَ مَنْ لَّبِسَ الْعِزَّ وَالْوَقَارَ، سُبْحَانَ مَنْ تَعَطَّفَ بِالْمَجْدِ وَتَكَرَّمَ بِهٖ، سُبْحَانَ

پاک ہے وہ جس نے عزت و وقار کا لباس پہنا ہوا ہے۔ پاک ہے وہ جو بزرگی پر ناز کرتا ہے اور بزرگی ظاہر فرماتا ہے۔

مَنْ لَا يَنْبَغِي التَّسْبِيْحُ اِلَّا لَهٗ، سُبْحَانَ مَنْ اَحْصٰى كُلَّ شَيْءٍ عِلْمُهٗ، سُبْحَانَ ذِي

پاک ہے وہ جسکے علاوہ کوئی اور لائق تسبیح نہیں۔ پاک ہے وہ جو ہر چیز کی تعداد کا علم رکھتا ہے۔ پاک ہے وہ جو صاحب

الْمَنِّ وَالنِّعَمِ، سُبْحَانَ ذِي الْقُدْرَةِ وَالْكَرَمِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ بِمَعَاقِدِ الْعِزِّ

احسان و نعمت ہے۔ پاک ہے وہ جو صاحب قدرت و بزرگی ہے۔ اے معبود! میں تیرے عرش کے بلند مقامات محمدؐ اور انکے

مِنْ عَرْشِكَ وَمُنْتَهَى الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَاسْمِكَ الْاَعْظَمِ وَكَلِمَاتِكَ التَّامَّةِ

تیری کتاب کی انتہائے رحمت اور تیرے اسم اعظم اور تیرے کامل کلمات، جو صدق وعدل میں پورے ہیں۔(ان) کے

الَّتِيْ تَمَّتْ صِدْقًا وَّعَدْلًا، صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَاَهْلِ بَيْتِهٖ،وَافْعَلْ بِيْ كَذَا وَ كَذَا ۔

واسطے سوال کرتا ہوں کہ تو حضرت اہلبیتؑ پر رحمت فرما اور اِفْعَلْ بِیْ کَذَا وَکَذَا۔کی بجائے اپنی حاجات طلب کرے۔

شیخ وسّید نے مفضل بن عمر سے روایت کی ہے کہ ایک دن میں نے دیکھا کہ امام جعفر صادقؑ نے نمازِ جعفر طیّار پڑھی، پھر اپنے ہاتھ اُٹھائے اور ایک سانس کی مقدار میں یہ دعا پڑھنے لگے:

یَارَبِّ یَارَبّ (اے میرے رب اے میرے رب) پھر ایک سانس کے برابر کہا یَارَبَّاہُ یَارَبَّاہُ (اے پروردگار اے پروردگار) بقدر ایک سانس کہا رَبِّ رَبِّ (میرے رب میرے رب) بقدر ایک سانس یَا اَللّٰہ یَا اَللّٰہ (اے اللہ اے اللہ) بقدر ایک سانس یَاحَیُّ یَا حَیُّ (اے زندہ اے زندہ) بقدر ایک سانس یَا رَحِیْمُ یَارَحِیْمُ (اے مہربان اے مہربان) سات مرتبہ یَارَحْمٰنُ یَارَحْمٰنُ (اے بڑے رحم والے اے بڑے رحم والے) اور سات مرتبہ یَا اَرْحَمُ الرَّاحِمِیْنَ (اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے) کہا اور اسکے بعد یہ دعا پڑھی:

يَا حَسَنَ التَّجَاوُزِ، يَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ، يَا بَاسِطَ الْيَدَيْنِ بِالرَّحْمَةِ،يَا صَاحِبَ كُلِّ

اے بہترین درگزر کرنے والے اے وسیع بخشش والے اے کھلے ہاتھوں رحمت کرنے والے اے ہر راز کے جاننے

نَجْوٰى،وَمُنْتَهَى كُلِّ شَكْوٰى، يَا مُقِيْلَ الْعَثَرَاتِ، يَا كَرِيْمَ الصَّفْحِ،يَا عَظِيْمَ

والے اور ہر شکایت ختم کرنے والے اے خطائیں معاف کرنے والے اے چشم پوشی کرنے والے کریم اے بہت احسان

الْمَنِّ، يَا مُبْتَدِئًا بِالنِّعَمِ قَبْلَ اسْتِحْقَاقِهَا ۔ دس مرتبہ يَا رَبَّاهُ يَا رَبَّاهُ يَا رَبَّاهُ

کرنے والے اے حق داری سے پہلے نعمتیں عطا فرمانے والے۔ اے پالنے والے۔ اے پالنے والے، اے پالنے والے۔

دس مرتبہ يَآاَللّٰهُ يَآاَللّٰهُ يَآاَللّٰهُ دس مرتبہ يَا سَيِّدَاهُ يَاسَيِّدَاهُ دس مرتبہ يَامَوْلَايَاهُ

اے خدا۔ اے خدا۔ اے خدا اے آقا ومولا۔ اے آقا ومولا اے میرے مولا۔

يَامَوْلَايَاهُ دس مرتبہ يَارَجَآءَاهُ دس مرتبہ يَا غِيَاثَاهُ دس مرتبہ يَاغَايَةَ رَغْبَتَاهُ دس مرتبہ

اے میرے مولا اے میری امید اے پناہ دینے والے اے میری رغبت کی انتہا ،

يَارَحْمٰنُ دس مرتبہ يَارَحِيْمُ دس مرتبہ يَامُعْطِيَ الْخَيْرَاتِ دس مرتبہ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ

اے بڑے مہربان اے رحم والے اے بھلائیاں عطا کرنے والے محمدؐ وآل محمدؐ پر زیادہ و پاکیزہ

مُحَمَّدٍ كَثِيْرًا طَيِّبًا كَاَفْضَلِ مَا صَلَّيْتَ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ ۔

رحمت فرما جیسی بہترین رحمت تو نے اپنی مخلوق میں کسی پر کی ہے۔

اور پھر اپنی حاجت طلب کرے۔ مؤلّف کہتے ہیں مذکورہ بالا تین دنوں کے روزے رکھنے اور جمعہ کے دن زوال کے قریب دو رکعت نماز بجالانے کے متعلق کافی روایات ہیں اور اس عمل سے تمام حاجتیں پوری ہوجاتی ہیں۔

(۲۱) روز جمعہ کے اعمال میں سے ایک عمل یہ بھی ہے کہ زوالِ آفتاب کے وقت وہ دُعا پڑھیں جو امام جعفر صادقؑ نے محمد بن مُسلم کو تعلیم فرمائی تھی اسے ہم شیخ کی مصباح سے نقل کررہے ہیں:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ بزرگتر ہے خدا پاک ہے اور حمد خدا ہی کیلئے ہے جس نے کسی کو اپنا بیٹا نہیں بنایا اور نہ ہی سلطنت

يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ، وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِنَ الذُّلِّ، وَكَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا ۔

میں کوئی اس کا شریک ہے نہ وہ کمزور ہے کہ کوئی اس کا سرپرست ہو اور اسکی بڑائی بیان کرو جس طرح بڑائی بیان کا حق ہے۔

پھر یہ کہیں: يَا سَابِغَ النِّعَمِ، يَا دَافِعَ النِّقَمِ، يَا بَارِئَ النَّسَمِ، يَا عَلِيَّ الْهِمَمِ،

اے کامل نعمتوں والے اے مصائب دور کرنے والے اے جانداروں کے پیدا کرنے والے اے بلند

يَامُغْشِيَ الظُّلَمِ يَا ذَا الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ يَا كَاشِفَ الضُّرِّ وَالْاَلَمِ، يَا مُؤْنِسَ

ہمتوں والے اے تاریکیاں دور کرنے والے اے عطا و بخشش کے مالک اے درد وغم کو دور کرنے والے اے

الْمُسْتَوْحِشِيْنَ فِي الظُّلَمِ، يَا عَالِمًا لَّا يُعَلَّمُ، صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَافْعَلْ

تاریکیوں میں خوف زدہ لوگوں کا ساتھ دینے والے اے وہ عالم جس نے علم حاصل نہیں کیا محمدؐ و آلِ محمدؐ پر رحمت فرما

بِیْ مَآ اَنْتَ اَهْلُهٗ ۔ یَامَنِ اسْمُهٗ دَوَآءٌ وَذِکْرُهٗ شِفَآءٌ وَطَاعَتُهٗ غَنَآءٌ اِرْحَمْ مَنْ

اور مجھ سے وہ برتاؤ کر کہ جو تیرے شایان شان ہے اے وہ جسکا نام دوا ہے جسکا ذکر شفا ہے جسکی اطاعت تونگری ہے

رَاْسُ مَالِهِ الرَّجَآءُ وَسِلَاحُهُ الْبُکَآءُ، سُبْحَانَکَ لَا اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ

اس پر رحم فرما جسکی پونجی اُمید اورجسکا ہتھیار گریہ ہے تو پاک ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں اے مہربانی کرنے والے

یَابَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ یَاذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ ۔

اے آسمانوں اور زمین کے ایجاد کرنے والے اے جلالت وبزرگی کے مالک۔

(۲۲) جمعہ کے دن نماز ظہر کے فریضہ میں سُورۂ منافقون اور عصر کے فریضہ میں سُورۂ جُمعہ وسُورۂ توحید پڑھیں۔ شیخ صدوقؒ نے امام جعفر صادقؑ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا کہ جو چیزیں ہر شیعہ مومن پر واجب ولازم ہیں ان میں سے ایک یہ کہ وہ شب جمعہ کی نماز میں سُورۂ جمعہ وسُورۂ اعلی اور جُمعہ کی نماز ظہر میں سُورۂ جمعہ وسُورۂ منافقون پڑھے۔ جس نے یہ عمل انجام دیا گویا اس نے حضرت رسُولؐ کا عمل انجام دیا ہے اور خدا کی طرف سے اس کی جزا بہشت بریں ہے۔ شیخ کلینی نے بسند حسن (جو صحیح کی مثل ہے) حلبی سے روایت کی ہے۔ کہ میں نے امام جعفر صادقؑ سے پوچھا۔ اگر میں جمعہ کے دن تنہا نماز پڑھوں یعنی نماز جمعہ بجا نہ لاؤں اور چار رکعت نماز ظہر پڑھوں تو آیا میں با آواز قرات کرسکتا ہوں؟ آپؑ نے فرمایا: ہاں کر سکتے ہو مگر روز جمعہ سُورۂ جمعہ ومنافقون کے ساتھ پڑھو:

(۲۳) شیخ طوسیؒ مصباح میں جمعہ کے دن ظہر کے بعد کی تعقیبات کے ضمن میں امام جعفر صادقؑ سے روایت کرتے ہیں کہ جو شخص روز جمعہ بعد از سلام درج ذیل سورتیں اور آیتیں پڑھے تو وہ اس جمعہ سے آیندہ جمعہ تک دُشمنوں کے شر اور دیگر آفات سے محفوظ رہے گا۔ یعنی سُورۂ حمد، سُورۂ ناس، سُورۂ فلق، سُورۂ توحید، سُورۂ کافرون سات سات مرتبہ پڑھیں اور آخر میں سُورۂ توبہ میں سے لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ سے آخر تک سُورۂ حشر کے لَوْ اَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْاٰنَ سے تا آخر سُورۂ اور سورۂ آلِ عمران کی پانچ آیات اِنَّ فِیْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ سے اِنَّکَ لَا تُخْلِفُ الْمِیْعَادَ تک پڑھیں:

(۲۴) امام جعفر صادق علیہ السلام کا فرمان ہے کہ جو شخص جمعہ کے روز نماز فجر یا ظہر کے بعد کہے:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ صَلَوَاتِکَ وَصَلٰوةَ مَلٰٓئِکَتِکَ وَرُسُلِکَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ ۔

اے معبود! محمدؐ وآلِ محمدؐ کے لیے اپنی رحمت اور اپنے فرشتوں اور رسولوں کی دعائیں مخصوص فرمادے۔

تو ایک سال تک اسکا کوئی گناہ نہیں لکھا جائیگا نیز فرمایا جو شخص نماز فجر اور ظہر کے بعد کہے

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَجِّلْ فَرَجَھُمْ۔

اے معبود! محمدؐ وآلِ محمدؐ پر رحمت فرما اور انکے ظہور میں تعجیل عطا فرما۔

تو اسے اسوقت تک موت نہیں آئیگی جبتک وہ امام زمانہ (عج) کا دیدار نہ کرلے۔ مؤلّف کہتے ہیں کہ اگر کوئی شخص جمعہ کے روز نمازِ ظہر کے بعد پہلی دعا کو تین بار پڑھے تو وہ آئندہ جمعہ تک سختیوں سے امان میں رہیگا۔ نیز روایت میں ہے کہ جو شخص جمعہ کے دن دو نمازوں کے درمیان محمدؐ وآلِ محمدؐ پر درود بھیجے تو اسکو ستر رکعت نماز کے برابر ثواب حاصل ہوگا۔

(۲۵) یَا مَنْ یَرْحَمُ مَنْ لَا تَرْحَمُہُ العِبَادُ اور اَللّٰھُمَّ ھٰذَا یَوْمٌ مُّبَارَکٌ سے شروع ہونے والی دونوں دُعائیں پڑھیں۔ یہ دعائیں صحیفہ کاملہ میں مرقوم ہیں۔

(۲۶) شیخ نے مصباح میں ائمہؑ سے روایت کی ہے کہ جو شخص روز جمعہ بعد از نمازِ ظہر دو رکعت نماز پڑھے جسکی ہر رکعت میں سورہ حمد کے بعد سات مرتبہ سورہ توحید کی تلاوت کرے اور نماز کے بعد یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنْ اَھْلِ الْجَنَّۃِ الَّتِیْ حَشْوُھَا الْبَرَکَۃُ وَعُمَّارُھَا الْمَلَآئِکَۃُ مَعَ

اے معبود! مجھے جنت والوں میں سے قرار دے جسکو برکت نے پر کیا ہوا ہے جسکو آباد کرنے والے فرشتے اور انکے ساتھ ہمارے

نَبِیِّنَا مُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَاَبِیْنَآ اِبْرَاھِیْمَ۔

نبی حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ہمارے باپ ابراہیمؑ ہیں۔

تو اس کو اس جمعہ سے آیندہ جمعہ تک بلاء وفتنہ نہیں پہنچے گا اور قیامت میں رسول اللہؐ اور حضرت ابراہیمؑ کیساتھ ہوگا۔ علامہ مجلسی کہتے ہیں کہ اگر غیر سید اس دعا کو پڑھے تو وہ وَاَبِیْنَا کے بجائے وَاَبِیْہِ کہے۔

(۲۷) روایت ہے کہ روز جمعہ درود پڑھنے کا بہترین وقت نماز عصر کے بعد ہے لہذا سو مرتبہ کہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَجِّلْ فَرَجَھُمْ۔

اے معبود! محمدؐ وآلِ محمدؐ پر رحمت فرما اور انکے ظہور میں تعجیل فرما۔

شیخ فرماتے ہیں ایک روایت ہے کہ سو مرتبہ یہ کہنا بھی مستحب ہے: صَلَوَاتُ اللّٰہِ وَمَلَآئِکَتِہٖ

خدا کی رحمت اور ملائکہ اور انبیاء و

وَاَنْبِیَائِہٖ وَرُسُلِہٖ وَجَمِیْعِ خَلْقِہٖ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّالسَّلَامُ عَلَیْہِ

رسل اور تمام مخلوق کا درود ہو محمدؐ وآل محمدؐ پر اور سلام ہو حضرت محمدؐ پر اور ان سب پر اور ان کی روحوں

وَعَلَيْهِمْ وَعَلٰٓى اَرْوَاحِهِمْ وَاَجْسَادِهِمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔

اوران کے جسموں پراوراللہ کی رحمتیں اور برکتیں ہوں۔

شیخ جلیل ابن ادریس سرائر میں جامع بزنطی سے نقل کرتے ہیں کہ ابوبصیر کا کہنا ہے کہ میں نے امام جعفر صادقؑ کو یہ فرماتے ہوئے سنا: ظہر وعصر کے درمیان محمدؐ وآل محمدؐ پر درود بھیجنا ستر رکعت نماز کے برابر ہے۔ جوشخص روز جمعہ عصر کے بعد محمدؐ و آل محمدؐ پر صلوٰت پڑھے تو اسکا ثواب اسے جن وانس کے اس دن کے اعمال کے برابر ملے گا اور وہ صلوٰت یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ الْاَوْصِيَآءِ الْمَرْضِيِّيْنَ بِاَفْضَلِ صَلَوٰتِكَ

اے معبود! محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت فرما کہ جو تیرے پسندیدہ اوصیاء ہیں اپنی بہترین رحمتوں کے ساتھ اور ان پر

وَبَارِكْ عَلَيْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَكَاتِكَ وَالسَّلَامُ عَلَيْهِمْ وَعَلٰٓى اَرْوَاحِهِمْ

برکت نازل فرما اپنی بہترین برکتوں سے اور سلام ہو ان پراور ان کی روحوں پر اور ان کے جسموں پر

وَاَجْسَادِهِمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ۔

اورخدا کی رحمتیں اور برکتیں ہوں۔

مؤلف کہتے ہیں: یہ صلوات مشائخ حدیث کی کتب میں معتبر اسناد اور بہت زیادہ فضائل کیساتھ نقل ہوئی ہے پس اسے دس مرتبہ یا سات مرتبہ پڑھیں تو افضل ہے کیونکہ امام جعفر صادقؑ کا فرمان ہے کہ جوشخص جمعہ کے دن نماز عصر کے بعد اپنی جگہ سے حرکت کرنے سے قبل مذکورہ بالا صلوات دس مرتبہ پڑھے تو اس جمعہ سے اگلے جمعہ کی اسی ساعت تک ملائکہ اس کیلئے فضل ورحمت طلب کرتے رہیں گے۔ نیز حضرت سے یہ روایت بھی ہوئی ہے کہ روز جمعہ نمازِ عصر کے بعد اس صلوات کو سات مرتبہ پڑھو اور کافی میں شیخ کلینیؒ نے روایت کی ہے کہ جب روز جمعہ نماز پڑھ لو تو یہ صلوٰۃ پڑھو:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ الْاَوْصِيَآءِ الْمَرْضِيِّيْنَ بِاَفْضَلِ صَلَوٰتِكَ

اے معبود! محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت فرما کہ جو تیرے پسندیدہ اوصیاء ہیں۔ اپنی بہترین رحمتوں کے ساتھ اور ان

وَبَارِكْ عَلَيْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَكَاتِكَ وَالسَّلَامُ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

پر برکت نازل فرما اپنی بہترین برکتوں سے اور سلام ہو حضرت محمدؐ پر اور ان سب پراور خدا کی رحمتیں اور

وَبَرَكَاتُهٗ۔

برکتیں ہوں۔

اس میں شک نہیں کہ جو شخص نمازِ عصر کے بعد صلوٰت پڑھے تو خدا اس کو ایک لاکھ نیکی عطا کریگا اسکی ایک لاکھ بدی مٹا دے گا۔ اسکی ایک لاکھ حاجات پوری ہونگی اور ایک لاکھ درجہ بلند کیا جائیگا۔ نیز یہ روایت بھی ہے کہ جو شخص سات مرتبہ یہ صلوٰۃ پڑھے تو اسکے لئے تمام انسانوں کی تعداد کے برابر نیکیاں لکھی جائیں گی اور اس روز اس کا عمل مقبول ہوگا اور وہ قیامت کے دن نورانی چہرے کے ساتھ آئیگا۔ علاوہ ازیں اعمال روز عرفہ میں ایک صلوات ہے جو ماہ ذالحجہ میں (یوم عرفہ کے اعمال میں) ملاحظہ فرمائیں۔ جو شخص اس صلوات کو پڑھے وہ محمدؐ و آل محمدؐ کو مسرور کرے گا۔

(۲۸) جو شخص عصر کے بعد ستر مرتبہ استغفار پڑھے تو اسکے گناہ بخش دیے جائیں گے اور وہ استغفار یہ ہے:

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ ۔
میں اللہ سے بخشش چاہتا ہوں اور اسکے حضور توبہ کرتا ہوں۔

(۲۹) سو مرتبہ سورہ قدر پڑھیں، امام موسیٰ کاظمؑ سے مروی ہے کہ جمعہ کے دن خدا کی ہزار نسیمِ رحمت ہیں کہ ان میں سے جس قدر چاہے اپنے کسی بندے کو عطا کرتا ہے۔ پس جو شخص روز جمعہ بعد از عصر سو مرتبہ سورہ قدر پڑھے تو اسے یہ ہزار رحمت دگنی کر کے عنایت کی جائے گی۔

(۳۰) دعاء عشرات پڑھیں جس کا ذکر چھٹی فصل میں کیا جائے گا۔

(۳۱) شیخ طوسی فرماتے ہیں کہ جمعہ کے دن عصر سے غروب آفتاب تک قبولیتِ دعا کا وقت ہے پس اس وقت زیادہ سے زیادہ دعا کیا کریں۔ روایت ہے کہ دعا کی منظوری اور قبولیت کا خاص وقت وہ ہے جب سورج آدھا چھپا اور آدھا چمک رہا ہو۔ حضرت فاطمہؑ اسی وقت دعا کیا کرتی تھیں لہذا اس خاص وقت میں دعا کرنا بہت بہتر ہے اور مناسب ہے کہ ان قبولیت کی گھڑیوں میں رسول اللہؐ سے مروی دعا پڑھیں جو یہ ہے:

سُبْحَانَكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ، يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ
تو پاک ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں اے مہربانی کرنے والے۔ اے احسان کرنے والے۔ اے آسمانوں اور زمین کو ایجاد کرنے والے۔
يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ ۔
اے جلالت اور بزرگی کے مالک

روز جمعہ کے آخری اوقات میں قبولیت دعا کے وقت دعاءِ سمات پڑھیں جو چھٹی فصل میں ذکر کی جائے گی۔ واضح رہے کہ روز جمعہ کئی مناسبتوں سے امام العصر (عج) کے ساتھ تعلق رکھتا ہے، اولاً یہ کہ حضرت کی ولادت باسعادت اسی روز ہوئی۔ ثانیاً یہ کہ آپ کا ظہور پرنور بھی اسی دن ہوگا۔ ثالثاً یہ کہ دیگر ایام کی نسبت اس دن حضرت کا انتظارِ ظہور زیادہ ہے۔ جمعہ کے روز حضرت کی زیارت خاصہ بعد میں ذکر کی جائے گی، جسکے چند جملے یہ ہیں۔

هٰذَا يَوْمُ الْجُمُعَةِ وَهُوَ يَوْمُكَ الْمُتَوَقَّعُ فِيهِ ظُهُورُكَ وَالْفَرَجُ فِيهِ لِلْمُؤْمِنِينَ

یہ روز جمعہ ہے اور یہ وہی دن ہے جس میں آپ کے ظہور کی توقع ہے اور جس میں آپ کے ہاتھوں مومنوں

عَلٰى يَدَيْكَ۔

کو آسودگی ہوگی۔

بلکہ جمعہ کے روز کے عید قرار پانے اور چار عیدوں میں شمار ہونے کی بڑی وجہ یہی ہے کہ اس روز امام العصر (عج) زمین کو کفر و شرک کی آلودگی، گناہوں کی کثافت اور جابروں، منکروں اور منافقوں کے وجود سے پاک کریں گے اور اعلیٰ کلمہ حق اور اظہار دین و شریعت کے باعث مومنین کے دل اس دن روشن و منور اور مسرور ہوں گے۔

وَاَشْرَقَتِ الْاَرْضُ بِنُوْرِ رَبِّهَا۔

اور زمین اپنے پروردگار کے نور سے چمک اٹھے گی

بہتر ہے کہ اس دن صلوات کبیر اور صاحب الامر (عج) کیلئے امام علی رضا علیہ السلام کی فرمودہ یہ دعا پڑھیں: اَللّٰهُمَّ ادْفَعْ عَنْ وَلِيِّكَ وَ خَلِيْفَتِكَ (یہ دعا اعمال سرداب، میں ذکر کی جائے گی)۔ نیز قائم آل محمدؐ کے زمانہ غیبت میں وہ دعا پڑھیں جو شیخ ابو عمرو عمروی نے ابو علی ابن ہمام کو لکھوائی تھی چونکہ صلوات کبیر اور یہ دعا دونوں بہت طولانی ہیں لہذا اس مختصر کتاب میں ان کی گنجائش نہیں ہے۔ پس شائقین اس سلسلے میں مصباح المتہجد اور جمال الاسبوع کی طرف رجوع کریں۔ البتہ مناسب ہے کہ ہم یہاں ابا الحسن ضراب اصفہانی کیطرف منسوب صلوات کا ذکر کریں جسے شیخ و سید نے عصر جمعہ کے اعمال میں نقل فرمایا ہے۔ سید فرماتے ہیں کہ یہ صلوات امام زمانہ (عج) سے مروی ہے اگر روز جمعہ کسی عذر کے باعث عصر جمعہ کی دیگر تعقیبات نہ پڑھ سکیں تو بھی اس صلوت کا پڑھنا کبھی ترک نہ کریں اس خصوصیت کی وجہ سے کہ جس سے خدا نے ہمیں مطلع کیا ہے پھر انہوں نے صلوات کے ساتھ اسکی سند بھی نقل کی ہے لیکن مصباح میں شیخ نے فرمایا ہے کہ یہ صلوٰۃ حضرت امام زمانہ (عج) سے مروی ہے کہ جسے آپ نے ابوالحسن ضراب اصفہانی کو مکہ میں تعلیم فرمائی تھی اور ہم نے اختصار کے پیش نظر اسکی سند کو ذکر نہیں کیا اور وہ صلوات یہ ہے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

خدا کے نام سے شروع (کرتا ہوں) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ سَيِّدِ الْمُرْسَلِيْنَ، وَخَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ، وَحُجَّةِ رَبِّ

اے معبود! حضرت محمدؐ پر رحمت فرما جو رسولوں کے سردار اور آخری نبی ہیں اور عالمین کے پالنے والے

الْعٰلَمِيْنَ، الْمُنْتَجَبِ فِي الْمِيْثَاقِ، الْمُصْطَفٰى فِي الظِّلَالِ، الْمُطَهَّرِ مِنْ كُلِّ اٰفَةٍ،
کی حجت ہیں وہی جو روز میثاق میں برگزیدہ،عالم اشباح میں منتخب،ہر آفت سے دور،ہر عیب
الْبَرِيْٓءِ مِنْ كُلِّ عَيْبٍ، الْمُؤَمَّلِ لِلنَّجَاةِ، الْمُرْتَجٰى لِلشَّفَاعَةِ، الْمُفَوَّضِ اِلَيْهِ
سے پاک،نجات کیلئے امیدگاہ،شفاعت کا سہارا کہ اللہ کا دین انہی کے سپرد ہوا ہے۔ اے معبود! محمدؐ کی
دِيْنُ اللّٰهِ. اَللّٰهُمَّ شَرِّفْ بُنْيَانَهٗ وَعَظِّمْ بُرْهَانَهٗ وَاَفْلِجْ حُجَّتَهٗ وَارْفَعْ دَرَجَتَهٗ
ذات کو بلندی، انکی برہان کو عظمت ،انکی حجت کو کامیابی، انکے درجے کو رفعت عطا فرما۔ انکے نور کو چمک
وَاَضِئْ نُوْرَهٗ وَبَيِّضْ وَجْهَهٗ وَاَعْطِهِ الْفَضْلَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالْمَنْزِلَةَ وَالْوَسِيْلَةَ
اور انکے چہرے کو روشنی دے۔ انکو فضیلت بزرگی ، وسیلہ اور بلند درجہ عطا فرما۔ اور انہیں مقام محمود پر
وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا يَغْبِطُهٗ بِهِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ
فائز فرما کہ ان پر اگلے اور پچھلے سبھی رشک کریں اور امیر المومنینؑ پر رحمت فرما جو رسولوں کے وارث،
وَصَلِّ عَلٰٓى اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ، وَوَارِثِ الْمُرْسَلِيْنَ وَقَائِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ
روشن چہرے والوں کے رہنما، وصیّوں کے سردار اور عالمین کے پالنے والے کی حجت ہیں اور حسنؑ ابن
وَسَيِّدِ الْوَصِيِّيْنَ وَحُجَّةِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَصَلِّ عَلَى الْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ اِمَامِ
علیؑ پر رحمت فرما۔ جو مومنوں کے پیشوا،رسولوں کے وارث،اور عالمین کے رب کی حجت ہیں اور حسینؑ
الْمُؤْمِنِيْنَ وَوَارِثِ الْمُرْسَلِيْنَ وَحُجَّةِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَصَلِّ عَلَى الْحُسَيْنِ بْنِ
بن علیؑ پر رحمت فرما۔ جو مومنوں کے پیشوا،رسولوں کے وارث اور عالمین کے رب کی حجت ہیں۔ اور علیؑ
عَلِيٍّ اِمَامِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَوَارِثِ الْمُرْسَلِيْنَ وَحُجَّةِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى عَلِيٍّ
بن الحسینؑ پر رحمت فرما۔ جو مومنوں کے پیشوا اور مرسلین کے وارث اور عالمین کے رب کی حجت ہیں
بْنِ الْحُسَيْنِ اِمَامِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَوَارِثِ الْمُرْسَلِيْنَ، وَحُجَّةِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَصَلِّ
۔اور محمدؐ بن علیؑ پر رحمت فرما جو مومنوں کے پیشوا اور مرسلین کے وارث اور عالمین کے رب کی حجت ہیں۔
عَلٰى مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ اِمَامِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَوَارِثِ الْمُرْسَلِيْنَ وَحُجَّةِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ
اور جعفرؑ بن محمدؐ پر رحمت فرما جو مومنوں کے پیشوا نبیوں کے وارث اور عالمین کے رب کی حجت ہیں۔اور
وَصَلِّ عَلٰى جَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ اِمَامِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَوَارِثِ الْمُرْسَلِيْنَ وَحُجَّةِ رَبِّ
موسیٰؑ بن جعفرؑ پر رحمت فرما جو مومنوں کے پیشوا مرسلین کے وارث اور عالمین کے رب کی حجت ہیں۔ اور علیؑ

الْعَالَمِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى مُوسَى بْنِ جَعْفَرٍ اِمَامِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَوَارِثِ الْمُرْسَلِيْنَ

بن موسیٰؑ پر رحمت فرما جو مومنوں کے پیشوا مرسلین کے وارث اور عالمین کے رب کی حجت ہیں۔ اور محمدؑ بن

وَحُجَّةِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى عَلِيِّ بْنِ مُوْسٰى اِمَامِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَوَارِثِ

علیؑ پر رحمت فرما جو مومنوں کے پیشوا مرسلین کے وارث اور عالمین کے رب کی حجت ہیں۔ اور علیؑ بن محمدؑ پر

الْمُرْسَلِيْنَ وَحُجَّةِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ بْنِ عَلِيِّ اِمَامِ الْمُؤْمِنِيْنَ

رحمت فرما جو مومنوں کے پیشوا مرسلین کے وارث اور عالمین کے رب کی حجت ہیں ۔اور حسنؑ بن علیؑ پر

وَوَارِثِ الْمُرْسَلِيْنَ وَحُجَّةِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى عَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ اِمَامِ

رحمت فرما جو مومنوں کے پیشوا مرسلین کے وارث اور عالمین کے رب کی حجت ہیں۔ اور خلف ہادی و مہدیؑ

الْمُؤْمِنِيْنَ وَوَارِثِ الْمُرْسَلِيْنَ وَحُجَّةِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ وَصَلِّ عَلَى الْحَسَنِ بْنِ

پر رحمت فرما جو مومنوں کے پیشوا نبیوں کے وارث اور عالمین کے رب کی حجت ہیں۔اے معبود! حضرت

عَلِيِّ اِمَامِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَوَارِثِ الْمُرْسَلِيْنَ وَحُجَّةِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ وَصَلِّ عَلَى

محمدؐ اور انکے اہلبؑیت پر رحمت فرما جو ہدایت کرنے والے امامؑ، حق گو علمائ،نیکوکار، پرہیزگار،

الْخَلَفِ الْهَادِي الْمَهْدِيِّ اِمَامِ الْمُؤْمِنِيْنَ، وَوَارِثِ الْمُرْسَلِيْنَ، وَحُجَّةِ رَبِّ

تیرے دین کے ستون، تیری توحید کے ارکان، تیری وحی کے ترجمان، تیری مخلوق پر تیری حجت اور زمین

الْعَالَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاَهْلِ بَيْتِهِ الْاَئِمَّةِ الْهَادِيْنَ الْعُلَمَاءِ

پر تیرے نائب ہیں۔جنکو تو نے اپنی ذات کیلئے چنا۔ اپنے بندوں پر انہیں بزرگی دی اپنے دین کیلئے انہیں

الصَّادِقِيْنَ الْاَبْرَارِ الْمُتَّقِيْنَ دَعَآئِمِ دِيْنِكَ وَاَرْكَانِ تَوْحِيْدِكَ وَتَرَاجِمَةِ

پسند کیااپنی معرفت میں انہیں خصوصیت بخشی اپنے کرم سے انکو بزرگ بنایا۔ انکو اپنی رحمت کے سایہ میں

وَحْيِكَ وَحُجَجِكَ عَلٰى خَلْقِكَ وَخُلَفَآئِكَ فِيْ اَرْضِكَ الَّذِيْنَ اخْتَرْتَهُمْ لِنَفْسِكَ،

ڈھانپ لیا اپنی نعمت سے ان کی تربیت کی اپنی حکمت کی غذا دی اور انہیں اپنے نور کا لباس پہنایا اپنے

وَاصْطَفَيْتَهُمْ عَلٰى عِبَادِكَ وَارْتَضَيْتَهُمْ لِدِيْنِكَ وَخَصَصْتَهُمْ بِمَعْرِفَتِكَ وَ

ملکوت میں بلند کیا اور انہیں اپنے فرشتوں سے گھیرے رکھا اور اپنے نبی کے ذریعے انہیں عزت دی محمدؐ پر

جَلَّلْتَهُمْ بِكَرَامَتِكَ وَغَشَّيْتَهُمْ بِرَحْمَتِكَ وَرَبَّيْتَهُمْ بِنِعْمَتِكَ وَغَذَّيْتَهُمْ

اور انکی آلؑ پر تیری رحمت ہو۔ اے معبود محمدؐ پر اور ائمہؑ پر رحمت فرما وہ رحمت جو پاکیزہ ،بڑھنے

بِحِكْمَتِكَ، وَٱلْبَسْتَهُمْ نُوْرَكَ، وَرَفَعْتَهُمْ فِيْ مَلَكُوْتِكَ وَحَفَفْتَهُمْ بِمَلَآئِكَتِكَ

والی، کثیر ،دائمی اور پسندیدہ ہو اور سوائے تیرے کوئی اسکا احاطہ نہ کرسکے اور جو تیرے ہی علم میں

وَشَرَّفْتَهُمْ بِنَبِيِّكَ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَ اٰلِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلَيْهِمْ

سماسکے اور سوائے تیرے کوئی اسکا اندازہ نہ کرسکے اور اے معبود! اپنے ولی پر رحمت فرما جو تیرے

صَلَاةً زَاكِيَةً نَّامِيَةً، كَثِيْرَةً دَآئِمَةً طَيِّبَةً، لَا يُحِيْطُ بِهَا اِلَّا اَنْتَ، وَلَا يَسَعُهَا اِلَّا

امر کو قائم کرنے والا، تیری شریعت کو زندہ کرنے والا، تیری طرف بلانے والا، تیری طرف رہنمائی

عِلْمُكَ، وَلَا يُحْصِيْهَآ اَحَدٌ غَيْرُكَ ۔ اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰى وَلِيِّكَ الْمُحْيِيْ سُنَّتَكَ

کرنے والا ،تیری مخلوق پر تیری حجت ،تیری زمین پر تیرا خلیفہ اور تیرے بندوں پر تیرا گواہ ہے۔ اے

الْقَآئِمِ بِاَمْرِكَ الدَّاعِيْ اِلَيْكَ الدَّلِيْلِ عَلَيْكَ حُجَّتِكَ عَلٰى خَلْقِكَ وَ خَلِيْفَتِكَ

معبود! اسکی نصرت میں اضافہ اور اسکی عمر طولانی فرما اور اسکی طولانی بقا سے زمین کو زینت دے۔ اے

فِيْ اَرْضِكَ وَشَاهِدِكَ عَلٰى عِبَادِكَ ۔ اَللّٰهُمَّ اَعِزَّ نَصْرَهٗ، وَمُدَّ فِيْ عُمُرِهٖ، وَزَيِّنِ

معبود ! اسے حاسدوں کے ظلم سے بچا، مکاروں کے فریب سے محفوظ رکھ، اسکے بارے میں ظالموں کے

الْاَرْضَ بِطُوْلِ بَقَآئِهٖ ۔ اَللّٰهُمَّ اَكْفِهٖ بَغْيَ الْحَاسِدِيْنَ، وَاَعِذْهُ مِنْ شَرِّ

ارادے کو ناکام بنادے اور اسے جابروں کے ہاتھوں سے رہائی دے ۔اے معبود! اپنے ولی کو وہ

الْكَآئِدِيْنَ، وَازْجُرْ عَنْهُ اِرَادَةَ الظَّالِمِيْنَ، وَخَلِّصْهُ مِنْ اَيْدِي الْجَبَّارِيْنَ ۔

چیزیں دے اور اسکی اولاد،اسکے شیعوں ،اسکی رعیت، اسکے خاص و عام ساتھیوں کو اسکے دشمنوں کواور

اَللّٰهُمَّ اَعْطِهٖ فِيْ نَفْسِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَشِيْعَتِهٖ وَرَعِيَّتِهٖ وَخَاصَّتِهٖ وَعَامَّتِهٖ وَعَدُوِّهٖ

تمام دنیا والوں کو وہ چیزیں دے جن سے اسکی آنکھوں کو ٹھنڈک اور دل کو چین ملے اور اسکی بہترین

وَجَمِيْعِ اَهْلِ الدُّنْيَا مَا تُقِرُّ بِهٖ عَيْنَهٗ وَتَسُرُّ بِهٖ نَفْسَهٗ وَبَلِّغْهُ اَفْضَلَ مَا اَمَّلَهٗ فِيْ

امیدوں کو دنیا و آخرت میں پورا فرما ۔بے شک توہر چیز پر قادر ہے ۔اے معبود! اسکے ذریعے دین کی

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ جَدِّدْ بِهٖ مَا امْتُحِيَ مِنْ دِيْنِكَ،

محو شدہ باتوں کو ظاہر فرما۔ اسکے ہاتھوں اپنی کتاب کے بدلے گئے احکام زندہ فرما۔ تیرے احکام جو

وَاَحْيِ بِهٖ مَا بُدِّلَ مِنْ كِتَابِكَ، وَاَظْهِرْ بِهٖ مَا غُيِّرَ مِنْ حُكْمِكَ، حَتّٰى يَعُوْدَ دِيْنُكَ

تبدیل ہو چکے ہیں اسکے ذریعے انہیں ظا ہر فرما۔کہ تیرا دین تازہ ہو جائے اور اس ولی کے ہا تھوں دین

بِهٖ وَعَلٰى يَدَيْهِ غَضًّا جَدِيْدًا خَالِصًا مُخْلَصًا، لَا شَكَّ فِيْهِ، وَلَا شُبْهَةَ مَعَهُ، وَلَا

نئی شان سے پاک و خالص ہو جائے کہ اس میں کوئی شک و شبہ نہ رہے ۔نہ اس میں باطل رہے اور نہ بدعت

بَاطِلَ عِنْدَهُ، وَلَا بِدْعَةَ لَدَيْهِ اَللّٰهُمَّ نَوِّرْ بِنُوْرِهٖ كُلَّ ظُلْمَةٍ، وَهُدَّ بِرُكْنِهٖ كُلَّ

موجود ہو۔ اے معبود! اپنے ولی کےنور سے تا ریکیوں کو روشنی دے۔ اسکی قوت سے ہر بدعت کو مٹا دے

بِدْعَةٍ، وَاهْدِمْ بِعِزِّهٖ كُلَّ ضَلَالَةٍ، وَاقْصِمْ بِهٖ كُلَّ جَبَّارٍ، وَاَخْمِدْ بِسَيْفِهٖ كُلَّ

۔اسکی عزت کے واسطے سے ہر گمراہی ختم کر دے اسکے ذریعے ہرجابر کی کمر توڑ دے اسکی تلوار سے ہر فتنے

نَارٍ، وَاَهْلِكْ بِعَدْلِهٖ جَوْرَ كُلِّ جَآئِرٍ وَاَجِرْ حُكْمَهٗ عَلٰى كُلِّ حُكْمٍ، وَاَذِلَّ

کی آگ بجھا دے ۔اسکے عدل کے ذریعے ہر ظالم کے ظلم کو ختم کر دے ۔اسکے حکم کوہر حکم سے بالاتر کر دے

بِسُلْطَانِهٖ كُلَّ سُلْطَانٍ ۔ اَللّٰهُمَّ اَذِلَّ كُلَّ مَنْ نَاوَاهُ، وَاَهْلِكْ كُلَّ مَنْ عَادَاهُ،

اور اسکی سلطنت کے ذریعے ہر سلطان کو پست کر دے ۔اے معبود اپنے ولی کے ہر مخالف کوہیچ کردے اور

وَامْكُرْ بِمَنْ كَادَهٗ، وَاسْتَاْصِلْ مَنْ جَحَدَهٗ حَقَّهٗ، وَاسْتَهَانَ بِاَمْرِهٖ، وَسَعٰى فِيْ

اسکے دشمنوں کو ہلاک کر دے جو اسے دھوکہ دے، اسکو ناکام کر دے۔ جو اسکے حق کا منکر ہو ۔اسکی جڑ

اِطْفَآءِ نُوْرِهٖ، وَاَرَادَ اِخْمَادَ ذِكْرِهٖ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ الْمُصْطَفٰى، وَعَلِيٍّ

کاٹ دے اور اسکے حکم کو اہمیت نہ دے جو کہ اسکے نور کو بجھانے میں کوشاں ہو اور اسکے ذکر مٹانے کا

الْمُرْتَضٰى وَفَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ وَالْحَسَنِ الرِّضَآءِ وَالْحُسَيْنِ الْمُصَفّٰى وَجَمِيْعِ

ارادہ کرے۔ اے معبود! محمد مصطفیؐ پر رحمت فرما اور علی مرتضیٰؑ، فاطمہ زہراؑ، حسن مجتبیٰؑ اور حسینؑ مصفیٰ اور

الْاَوْصِيَآءِ مَصَابِيْحِ الدُّجٰى وَاَعْلَامِ الْهُدٰى وَمَنَارِ التُّقٰى، وَالْعُرْوَةِ الْوُثْقٰى،

آنحضرتؐ کے تمام اوصیاء پر رحمت فرما۔ جو روشن چراغ اور ہدایت کے نشان ، تقویٰ کے مینار، مضبوط

وَالْحَبْلِ الْمَتِيْنِ،وَالصِّرَاطِ الْمُسْتَقِيْمِ وَصَلِّ عَلٰى وَلِيِّكَ وَوُلَاةِ عَهْدِكَ،

رسی، پائیدار ڈوری اور صراط مستقیم ہیں۔ اور اپنے ولی علیؑ پر رحمت فرما۔ اور انکے جانشینوں پر جو

وَالْاَئِمَّةِ مِنْ وُّلْدِهٖ، وَمُدَّ فِيْ اَعْمَارِهِمْ، وَزِدْ فِيْ اٰجَالِهِمْ، وَبَلِّغْهُمْ اَقْصٰى

انکی اولاد میں سے امامؑ ہیں۔ انکی عمریں دراز فرما۔انکی مدت میں اضافہ کر دے اور انکی تمام امیدیں

اٰمَالِهِمْ دِيْنًا وَّدُنْيَا وَاٰخِرَةً، اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۔

پوری فرما۔ جو دنیا وآخرت سے متعلق ہیں کہ بے شک تو ہر چیز پر قادر ہے۔

واضح ہو کہ ہفتہ کی شب بھی شب جمعہ کی مانند ہے اور ایک روایت کے مطابق شبِ جمعہ میں جو دعائیں پڑھی جاتی ہیں۔ وہ ہفتہ کی رات میں بھی پڑھی جاسکتی ہیں۔

پانچویں فصل

اس فصل میں حضرت رسول اللہؐ اور ائمہؑ کے ناموں کے ساتھ ایام ہفتہ کے تعیّن اور انکی زیارتوں کا تذکرہ ہے۔ سید ابن طاؤس جمال الاسبوع میں لکھتے ہیں کہ ابن بابویہ صقر ابن ابی دلف سے روایت کرتے ہیں کہ جب متوکل نے امام علی نقیؑ کو سامرا میں طلب کیا تو ایک روز میں وہاں گیا تا کہ امام سے ملاقات کا شرف حاصل کروں۔ اس وقت آپ متوکل کے نگہبان زراقی کے ہاں محبوس تھے، میں اسکے پاس پہنچا تو اس نے پوچھا کیسے آنا ہوا؟ میں نے کہا: آپکی ملاقات کیلئے آیا ہوں، میں وہاں بیٹھا رہا اور ادھر اُدھر کی باتیں ہوتی رہیں۔ پھر جب عام لوگ چلے گئے اور تنہائی ہوئی تو اس نے مجھ سے دوبارہ پوچھا: کیسے آئے ہو؟ میں نے کہا: آپکی ملاقات کو آیا ہوں! اس نے کہا: گویا تم اپنے مولاؑ کی خبر لینے آئے ہو، میں نے ڈرتے ڈرتے کہا: میرا مولا تو خلیفہ ہی ہے۔ وہ زور دے کر کہنے لگا: خاموش رہو کہ تمہارے مولا برحق ہیں اور خود میں بھی انہی کا معتقد ہوں۔ میں نے کہا: اَلْحَمْدُ اللہِ! وہ بولا: آیا تم اپنے مولاؑ کی خدمت میں حاضر ہونا چاہتے ہو؟ میں نے کہا: ہاں! اس نے کہا: تھوڑی دیر بیٹھو کہ ہرکارہ یہاں سے ہوکر چلا جائے چنانچہ جب ہرکارہ سرکاری ڈاک دے کر چلا گیا تو اس نے ایک لڑکے کو میرے ساتھ کر دیا کہ وہ مجھے امام کی خدمت میں لے جائے۔ جب میں مولاؑ کے پاس پہنچا تو کیا دیکھا کہ آپ چٹائی پر تشریف فرما ہیں اور برابر میں قبر موجود ہے۔ میں نے سلام کیا آپ نے جوابِ سلام دیا اور فرمایا کہ بیٹھ جاؤ! پھر پوچھا کہ کیوں آئے ہو؟ عرض کی کہ آپکی خیریت معلوم کرنے آیا ہوں۔ جب میری نظر اس قبر پر پڑی تو میں اپنا گریہ ضبط نہ کرسکا، آپ نے فرمایا کہ گریہ نہ کرو اس وقت مجھے ان سے کوئی مصیبت نہ پہنچے گی، میں نے کہا: اَلْحَمْدُ اللہِ! میں نے عرض کی: اے میرے سید و سردار! حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حدیث ہے، جسکا مطلب میں سمجھ نہیں سکا۔ فرمایا کونسی حدیث ہے؟ میں نے عرض کی۔ لاتعادوا لایام فتعادیکم یعنی دنوں سے دشمنی نہ کرو ورنہ وہ تمہارے دشمن ہوجائیں گے۔ فرمایا کہ جب تک زمین و آسمان قائم ہیں، اس میں ایام سے مراد ہم ہیں۔

ہفتہ: حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپکے اسم گرامی سے متعلق ہے۔

اتوار: امیر المومنینؑ کا نام نامی ہے۔ (آپ کے اسم گرامی سے متعلق ہے)

پیر: حسن و حسین ☆ کا نام ہے۔ (انکے اسماء گرامی سے متعلق ہے)

منگل: علیؑ بن الحسینؑ، محمدؑ ابن علیؑ اور جعفرؑ ابن محمدؑ کا نام ہے۔ (انکے اسماء گرامی سے متعلق ہے)

بدھ: موسیٰؑ ابن جعفرؑ، علیؑ ابن موسیٰؑ، محمدؑ ابن علیؑ کا اور میرا نام ہے۔ (انکے اسماء گرامی سے متعلق ہے)

جمعرات: اس سے مراد میرا فرزند حسن عسکریؑ ہے۔ (یعنی انکے اسم گرامی سے متعلق ہے)

جمعہ: اس سے مراد میرے فرزند حسن عسکریؑ کا وہ بیٹا ہے جسکے ہاں تمام اہل حق جمع ہوں گے۔

یہ ہیں ایام کے معنی پس ان سے دنیا میں دشمنی نہ کرو، ورنہ آخرت میں یہ تمہارے دشمن ہوں گے۔ پھر فرمایا کہ الوداع کر کے چلے جاؤ کیونکہ میں تمہارے بارے میں مطمئن نہیں ہوں اور ڈرتا ہوں کہ تمہیں اذیت نہ پہنچے سید نے یہ حدیث ایک دوسری سند کیساتھ قطب راوندی سے بھی نقل کی ہے اسکے بعد فرمایا کہ روز شنبہ (ہفتہ) میں حضرت رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت یہ ہے۔

ہفتہ:

یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا دن ہے

ہفتے کے روز حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی یہ زیارت پڑھیں:

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ، وَاَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُهٗ وَاَنَّكَ مُحَمَّدُ

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو یکتا ہے کوئی اس کا شریک نہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ آپ اسکے

بْنُ عَبْدِ اللّٰهِ، وَاَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ بَلَّغْتَ رِسَالَاتِ رَبِّكَ، وَنَصَحْتَ لِاُمَّتِكَ

رسولؐ ہیں اور آپ اور آپ ہی محمدؐ ابن عبداللہ ہیں اور گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے اپنے پروردگار کے احکام پہنچائے

وَجَاهَدْتَّ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَاَدَّيْتَ الَّذِيْ عَلَيْكَ

اپنی امت کو وعظ ونصیحت کی اور آپ نے دانشمندی اور موعظہ حسنہ کے ساتھ خدا کی راہ میں جہاد کیا اور حق کے بارے

مِنَ الْحَقِّ وَاَنَّكَ قَدْ رَؤُفْتَ بِالْمُؤْمِنِيْنَ، وَغَلَظْتَ عَلَى الْكَافِرِيْنَ، وَعَبَدْتَّ اللّٰهَ

میں آپ نے اپنا فرض ادا کیا ہے اور بے شک آپ مومنوں کیلئے مہربان اور کافروں کے لیے سخت تھے آپ نے اللہ کی

مُخْلِصًا حَتّٰى اَتٰكَ الْيَقِيْنُ، فَبَلَغَ اللّٰهُ بِكَ اَشْرَفَ مَحَلِّ الْمُكَرَّمِيْنَ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

پر خلوص عبادت کی یہاں تکلکہ آپ کا وقت وفات آگیا پس خدا نے آپ کہ بزرگواروں میں سب سے بلند مقام پر پہنچایا

الَّذِيْ اسْتَنْقَذَنَا بِكَ مِنَ الشِّرْكِ وَالضَّلَالِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ

حمد ہے اس خدا کیلئے جس نے آپ آپ کے ذریعے ہمیں شرک اور گمراہی سے نجات دی اے معبود! حضرت محمدؐ اور ان کی

وَاجْعَلْ صَلَوٰتِكَ وَصَلَوَاتِ مَلَآئِكَتِكَ وَاَنْبِيَآئِكَ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعِبَادِكَ

آلؑ پر رحمت فرما اور اپنا درود اور اپنے ملائکہ اپنے انبیاء و مرسلین اپنے نیکوکار بندوں آسمانوں اور زمینوں میں رہنے

الصَّالِحِيْنَ وَاَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِيْنَ وَمَنْ سَبَّحَ لَكَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ

والوں اے عالمین کے رب اولین وآخرین میں سے جو تیری تسبیح کرنے والے ہیں ان سب کا درود محمدؐ کیلئے قرار دے جو

مِنَ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَنَبِيِّكَ وَاَمِيْنِكَ

تیرے بندے تیرے رسولؐ تیرے نبیؐ تیرے امین تیرے نجیب تیرے حبیب تیرے برگزیدہ تیرے پاک کردہ تیرے

وَنَجِيْبِكَ وَحَبِيْبِكَ وَصَفِيِّكَ وَ صِفْوَتِكَ وَخَاصَّتِكَ وَخَالِصَتِكَ، وَخِيَرَتِكَ

خاص تیرے خالص اور تیری مخلوق میں سے بہترین ہیں خدایا! ان کو فضل و فضیلت اور وسیلہ بخش اور بلند درجہ عطا فرما

مِنْ خَلْقِكَ، وَاَعْطِهِ الْفَضْلَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالْوَسِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الرَّفِيْعَةَ،

انہیں مقام محمود پر فائز فرما کہ جس کیلئے اگلے اور پچھلے سبھی ان پر رشک کریں اے معبود! بے شک تو نے فرمایا کہ(اے

وَابْعَثْهُ مَقَامًا مَّحْمُوْدًا يَغْبِطُهٗ بِهِ الْاَوَّلُوْنَ وَالْاٰخِرُوْنَ اَللّٰهُمَّ اِنَّكَ قُلْتَ

رسولؐ)اگر یہ لوگ اس وقت جب انہوں نے اپنے اوپر ظلم کیا تھا تمہارے پاس آتے اور اللہ سے بخشش طلب کرتے

وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ

اور اس کا رسولؐ بھی ان کیلئے مغفرت طلب کرتا تو ضرور یہ خدا کو تو بہ قبول کرنے والا مہربان پاتے۔ میرے معبود!میں

الرَّسُوْلُ لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا، اِلٰهِيْ فَقَدْ اَتَيْتُ نَبِيَّكَ مُسْتَغْفِرًا تَآئِبًا

اپنے گناہوں کی معافی مانگتے اور توبہ کرتے ہوئے تیرے نبیؐ کے حضور آیا ہوں پس محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت فرما اور میرے

مِّنْ ذُنُوْبِيْ، فَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ وَاغْفِرْ هَا لِيْ،يَا سَيِّدَنَا اَتَوَجَّهُ بِكَ وَبِاَهْلِ

گناہ بخش دے اے مولاؑ!میں آپ کے اور آپ کے اہلبیتؑ کے ذریعے خدا کی طرف متوجہ ہوا ہوں جو آپ کا اور میرا

بَيْتِكَ اِلَى اللّٰهِ تَعَالٰى رَبِّكَ وَرَبِّيْ لِيَغْفِرَ لِيْ۔ پھر تین مرتبہ کہیں:

پروردگار ہے تاکہ مجھے بخش دے گا۔بے شک ہم خدا کے لیے ہیں اور یقینا اسی کی طرف پلٹنے والے ہیں سوگوار ہیں ہم

اِنَّآ لِلّٰهِ وَاِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ پھر کہیں: اُصِبْنَا بِكَ يَا حَبِيْبَ قُلُوْبِنَا، فَمَآ اَعْظَمَ

آپ کیلئے اے ہمارے دلی محبوب ، یہ کتنی بڑی مصیبت ہے کہ اب ہم میں وحی کا سلسلہ کٹ گیا ہے اور ہم آپکے ظاہری

الْمُصِيْبَةَ بِكَ حَيْثُ انْقَطَعَ عَنَّا الْوَحْيُ وَحَيْثُ فَقَدْنَاكَ فَاِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَيْهِ

وجود سے محروم ہیں اور بے شک ہم اللہ کیلئے ہیں اور یقینا اسی کیطرف پلٹنے والے ہیں اے ہمارے سردار اے اللہ

رٰجِعُوْنَ۔ يَا سَيِّدَنا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اٰلِ بَيْتِكَ

کے رسولؐ: آپ پر خدا کی رحمتیں ہوں اور آپ کے اہل خاندان پر جو پاک ہیں آج ہفتہ کا دن ہے اور یہی آپ کا

الطَّاهِرِيْنَ، هٰذَا يَوْمُ السَّبْتِ وَهُوَ يَوْمُكَ، وَاَنَا فِيْهِ ضَيْفُكَ وَجَارُكَ،

دن ہے اور آج میں آپ کا مہمان اور آپ کی پناہ میں ہوں پس میری میزبانی فرمایئے اور پناہ دیجیے کہ بے شک

فَاَضِفْنِيْ وَاَجِرْنِيْ، فَاِنَّكَ كَرِيْمٌ تُحِبُّ الضِّيَافَةَ، وَمَأْمُوْرٌ بِالْاِجَارَةِ،

آپ سخی اور مہمان نواز ہیں اور پناہ دینے پر مامور بھی ہیں پس مجھے مہمان کیجیے اور بہترین ضیافت کی جیی مجھے پناہ

فَاَضِفْنِيْ وَ اَحْسِنْ ضِيَافَتِيْ، وَاَجِرْنَا وَاَحْسِنْ اِجَارَتَنا، بِمَنْزِلَةِ اللّٰهِ عِنْدَكَ

دیجیے جو بہترین پناہ ہو آپ کو واسطہ ہے خدا کی اس منزلت کا جو وہ آپکے اور آپکے اہلبیتؑ کے نزدیک رکھتا ہے اور جو

وَعِنْدَ اٰلِ بَيْتِكَ، وَبِمَنْزِلَتِهِمْ عِنْدَهٗ، وَبِمَا اسْتَوْدَعَكُمْ مِنْ عِلْمِهٖ فَاِنَّهٗ اَكْرَمُ

منزلت ان کی خدا کے ہاں ہے اور اس علم کا واسطہ کہ جو اس نے آپ حضرات کو عطا کیا ہے کہ وہ کریموں میں سب سے بڑا

الْاَكْرَمِيْنَ۔

کریم ہے۔

مؤلّف و جامع کتاب ہذا عباس قمی عفی عنہ کہتے ہیں کہ میں جب آنحضرتؑ کی یہ زیارت پڑھنا چاہتا ہوں تو پہلے آنحضرتؑ کی وہ زیارت پڑھتا ہوں کہ جو امام علی رضاؑ نے بزنطی کو تعلیم فرمائی تھی اس کے بعد مذکورہ بالا زیارت پڑھتا ہوں اور اس کی کیفیت یہ ہے کہ صحیح سند کے ساتھ روایت ہوئی ہے کہ ابن ابی نصر نے امام علی رضاؑ سے عرض کیا: نماز کے بعد میں حضرت رسولؐ پر کس طرح صلوت بھیجوں؟ آپ نے فرمایا کہ یوں کہا کرو:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مُحَمَّدُ بْنَ

آپ پر سلام ہو اے اللہ کے رسولؐ اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں ہوں آپ پر سلام ہو اے محمدؐ بن

عَبْدِاللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خِيَرَةَ اللّٰهِ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حَبِيْبَ اللّٰهِ،

عبداللہؑ آپ پر سلام ہو اے پسندیدہ خدا، آپ پر سلام ہو اے حبیبؐ خدا آپ پر سلام ہو اے خدا کے منتخب

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا صِفْوَةَ اللّٰهِ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَآ اَمِيْنَ اللّٰهِ، اَشْهَدُ اَنَّكَ رَسُوْلُ

آپ پر سلام ہو اے خدا کے امانت دار میں گواہی دیتاہوں کہ آپ خدا کے رسولؐ ہیں اور گواہی دیتا

اللّٰهِ، وَاَشْهَدُ اَنَّكَ مُحَمَّدُ بْنُ عَبْدِاللّٰهِ، وَاَشْهَدُ اَنَّكَ قَدْ نَصَحْتَ لِاُمَّتِكَ،

ہوں کہ آپ محمدؐ بن عبداللہؑ ہیں میں گواہی دیتا ہوں کہ آپ نے اپنی امت کی خیر خواہی کی اور اپنے رب کی

وَجَاهَدْتَّ فِيْ سَبِيْلِ رَبِّكَ وَعَبَدْتَّهٗ حَتّٰى اَتَاكَ الْيَقِيْنُ، فَجَزَاكَ اللّٰهُ

راہ میں جہاد کیا اور اس کی عبادت کرتے رہے حتی کہ وقت موت آگیاپس اے خدا کے رسولؐ وہ آپ کو

يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَفْضَلَ مَا جَزٰى نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهٖ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ

جزا دے وہ بہترین جزا جو نبیؑ کو اپنی امت سے مل سکتی ہے اے معبود! محمدؐ وآل محمدؐ پر رحمت فرما بہترین

مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ مَا صَلَّيْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَاٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ۔

رحمت جو تو نے حضرت ابراہیمؑ اور آل ابراہیمؑ پرفرمائی بے شک تو لائق حمد اور شان والا ہے۔

اتوار:

یہ حضرت امیر المومنین علیہ السلام کا دن ہے

اس دن امیر المومنینؑ کی زیارت پڑھیں جیسا کہ روایت میں ہے کہ ایک شخص نے حالتِ بیداری میں امام زمانہ کو دیکھا کہ آپؑ امیر المومنینؑ کی یہ زیارت پڑھ رہے ہیں۔

اَلسَّلَامُ عَلَى الشَّجَرَةِ النَّبَوِيَّةِ وَالدَّوْحَةِ الْهَاشِمِيَّةِ الْمُضِيْئَةِ الْمُثْمِرَةِ

درخشاں شجرہ نبویہ اور گلزار ہاشمیہ پر سلام ہو جو نبوت سے ثمرآور ہوا ہے اور امامت سے لہرایا ہے۔ اور آدم و نوح

بِالنُّبُوَّةِ الْمُوْنِقَةِ بِالْاِمَامَةِ وَعَلٰى ضَجِيْعَيْكَ آدَمَ وَنُوْحٍ عَلَيْهِمَا السَّلَامُ

+ پر سلام ہو جو آپ کے پاس دفن ہیں۔ آپ پر سلام ہو اور آپ کے اہلبیتؑ پر جو پاک پاکیزہ ہیں۔ آپ پر سلام ہو

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلٰٓى اَهْلِ بَيْتِكَ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَعَلَى

اوران فرشتوں پر جو آپ کے دروازے پر کھڑے ہیں اور آپکی قبر کو گھیرے ہوئے ہیں اے میرے مولاؑ اے

الْمَلَآئِكَةِ الْمُحْدِقِيْنَ بِكَ وَالْحَآفِّيْنَ بِقَبْرِكَ يَا مَوْلَايَ يَا اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ هٰذَا

مومنوں کے امیر یہ اتوار کا دن ہے اور یہی آپکا دن ہے اور آپکے نام سے منسوب ہے اور میں اس دن میں آپکا مہمان

يَوْمُ الْاَحَدِ وَهُوَ يَوْمُكَ وَبِاسْمِكَ وَاَنَا ضَيْفُكَ فِيْهِ وَجَارُكَ فَاَضِفْنِيْ يَا مَوْلَايَ

اور آپکی پناہ میں ہوں۔پس میرے مولاؑ مجھے مہمان کیجیے اور پناہ دیجیے کہ بے شک آپ سخی، مہمان نواز اور پناہ دینے

وَاَجِرْنِيْ فَاِنَّكَ كَرِيْمٌ تُحِبُّ الضِّيَافَةَ وَمَاْمُوْرٌ بِالْاِجَارَةِ فَافْعَلْ مَا رَغِبْتُ

پر مامور ہیں۔ پس جس مقصد سے میں اس دن حاضر ہوا ہوں اور آپ سے جو آرزو رکھتا ہوں پوری فرمایئے اپنی اور

اِلَيْكَ فِيْهِ وَرَجَوْتُهٗ مِنْكَ بِمَنْزِلَتِكَ وَاٰلِ بَيْتِكَ عِنْدَ اللّٰهِ، وَمَنْزِلَتِهٖ عِنْدَكُمْ،

اپنے خاندان کی خداکے ہاں بلندی کے واسطے اور خدا کی منزلت کے واسطے جو آپکے نزدیک ہے اور اپنے چچا کے

وَبِحَقِّ ابْنِ عَمِّكَ رَسُوْلِ اللّٰهِ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَعَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ ۔

بھائی حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حق کے واسطے میری آرزو پوری کیجیے آنحضرت اور ان سب پر درود سلام ہو۔

زیارت حضرت فاطمہ علیہا السلام

اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا مُمْتَحَنَةُ، امْتَحَنَكِ الَّذِىْ خَلَقَكِ فَوَجَدَكِ لِمَا امْتَحَنَكِ

آپ پر سلام ہو اے آزمائی ہوئی ذات۔ آپ کے خالق نے آپ کا امتحان لیا تو اس نے آپ کو امتحان میں صبر کرنے والی پایا میں

صَابِرَةً، اَنَا لَكِ مُصَدِّقٌ صَابِرٌ عَلٰى مَآ اَتٰى بِهٖ اَبُوْكِ وَوَصِيُّهٗ صَلَوَاتُ اللّٰهِ

آپ پر ایمان رکھتا ہوں جو کچھ آپ کے والد گرامی اور انکے وصی کو دیا گیا اس پر ثابت قدم ہوں ان دونوں پر خدا کی رحمت ہو میں

عَلَيْهِمَا، وَاَنَا اَسْئَلُكِ اِنْ كُنْتُ صَدَّقْتُكِ اِلَّآ اَلْحَقْتِنِىْ بِتَصْدِيْقِىْ لَهُمَا، لِتُسَرَّ

آپ سے سوال کرتا ہوں کہ اگر میں نے آپکی تصدیق کی ہے تو صرف اس لیے کہ آپ اس تصدیق کے ذریعے مجھے اپنے بابا اور ان

نَفْسِىْ، فَاشْهَدِىْ اَنِّىْ طَاهِرٌ بِوَلَايَتِكِ وَوِلَايَةِ اٰلِ بَيْتِكِ صَلَوَاتُ اللّٰهِ

کے وصی سے ملحق کر دیجیے تاکہ مجھے خوشی ملے ۔اے بی بیؑ گواہ رہنا کہ میں آپکی اور آپکے خاندان کی ولایت کی تائید کرتا ہوں ان

عَلَيْهِمْ اَجْمَعِيْنَ

سب پر خدا کی رحمتیں ہوں

زیارت دیگر حضرت فاطمہ علیہا السلام (دوسری روایت کی بنا پر)

اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا مُمْتَحَنَةُ امْتَحَنَكِ الَّذِىْ خَلَقَكِ قَبْلَ اَنْ يَخْلُقَكِ وَكُنْتِ

آپ پر سلام ہو اے آزمائی ہوئی ذات آپ کے خالق نے آپ کی تخلیق سے پہلے آپ کا امتحان لیا اور اے بی بی آپ

لِمَا امْتَحَنَكِ بِهٖ صَابِرَةً وَّنَحْنُ لَكِ اَوْلِيَآءُ مُصَدِّقُوْنَ وَلِكُلِّ مَآ اَتٰى بِهٖ اَبُوْكِ

امتحان میں صبر کرنے والی نکلیں ہم آپکے محب اور تصدیق کرنے والے ہیں۔ آپ کے اور جو کچھ آپ کے بابا محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیا

صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَسَلَّمَ وَاَتٰى بِهٖ وَصِيُّهٗ عَلَيْهِ السَّلَامُ مُسَلِّمُوْنَ وَنَحْنُ

گیا اور جو کچھ انکے وصی علی مرتضیٰؑ کو دیا گیا ،اسے تسلیم کرنے والے ہیں اور ہم سوال کرتے ہیں تجھ سے اے معبود کہ جب ہم

نَسْئَلُكَ اَللّٰهُمَّ اِذْ كُنَّا مُصَدِّقِيْنَ لَهُمْ اَنْ تُلْحِقَنَا بِتَصْدِيْقِنَا بِالدَّرَجَةِ

ان ہستیوں کی تصدیق کرتے ہیں تو ہمیں اس تصدیق کی بدولت درجہ عالیہ پر پہنچا دینا کہ ہم خودکو بشارت سنائیں کہ ہم

الْعَالِيَةِ لِنُبَشِّرَ اَنْفُسَنَا بِاَنَّا قَدْ طَهُرْنَا بِوِلَايَتِهِمْ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ۔

اہلبیتؑ کی ولایت (کو ماننے) سے پاک دل ہوگئے ہیں۔

پیر

یہ امام حسن و امام حسین علیہما السلام کا دن ہے

زیارت حضرت امام حسن علیہ السلام

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ رَسُوْلِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ اَمِيْرِ

آپ پر سلام ہو اے عالمین کے رب کے رسولؐ کے فرزند! آپ پر سلام ہو اے

الْمُؤْمِنِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ابْنَ فَاطِمَةَ الزَّهْرَآءِ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا حَبِيْبَ

امیرالمومنینؑ کے فرزند آپ پر سلام ہو اے فاطمہ زہراؑ کے فرزند آپ پر سلام ہو اے خدا

اللّٰهِ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا صِفْوَةَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَمِيْنَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

کے ولی، آپ پر سلام ہو اے خدا کے برگزیدہ ،آپ پر سلام ہو اے خدا کے امانتدار،

يَا حُجَّةَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نُوْرَ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا صِرَاطَ اللّٰهِ، اَلسَّلَامُ

آپ پر سلام ہو اے خدا کی حجت ،آپ پر سلام ہو اے خدا کے نور، آپ پر سلام ہو اے

عَلَيْكَ يَا بَيَانَ حُكْمِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا نَاصِرَ دِيْنِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ

خدا کی راہ ،آپ پر سلام ہو اے حکمِ خدا کے مظہر، آپ پر سلام ہو اے دین خدا کے

اَيُّهَا السَّيِّدُ الزَّكِيُّ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْبَرُّ الْوَفِيُّ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا

مددگار، آپ پر سلام ہو اے پاک سردار ،آپ پر سلام ہو اے نیکوکار و وفادار،

الْقَآئِمُ الْاَمِيْنُ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْعَالِمُ بِالتَّاْوِيْلِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا

آپ پر سلام ہو اے قائم و امین، آپ پر سلام ہو اے تاویل قرآن کے عالم ،آپ پر

الْهَادِیُ الْمَهْدِیُّ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا الطَّاهِرُ الزَّكِیُّ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا

سلام ہو اے ہدایت دینے والے ہدایت یافتہ ،آپ پر سلام ہو اے پاک و پاکیزہ،

التَّقِیُّ النَّقِیُّ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا الْحَقُّ الْحَقِیْقُ اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ اَیُّهَا الشَّهِیْدُ

آپ پر سلام ہو اے پرہیزگار و پاک دامن، آپ پر سلام ہو اے حق کے لائق، آپ پر

الصِّدِّیْقُ، اَلسَّلَامُ عَلَیْكَ یَا اَبَا مُحَمَّدٍ الْحَسَنَ بْنَ عَلِیٍّ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

سلام ہو اے شہیدو صدیق، آپ پر سلام ہو اے ابو محمد حسنؑ بن علیؑ آپ پر خدا کی رحمتیں اور

وَبَرَكَاتُهٗ۔

برکتیں ہوں۔

زیارت حضرت امام حسین علیہ السلام

شُكْرَكَ وَعَافِیَتَكَ وَفَضْلَكَ وَكَرَامَتَكَ اَبَدًا مَّآ اَبْقَیْتَنِیْ اَللّٰهُمَّ بِنُوْرِكَ

مجھے تیرے نور سے ہدایت اور تیرے فضل سے تونگری ملی ہے تیری نعمت کیساتھ میں نے صبح کی اور شام کی ہے اے

اهْتَدَیْتُ وَبِفَضْلِكَ اسْتَغْنَیْتُ، وَبِنِعْمَتِكَ اَصْبَحْتُ وَاَمْسَیْتُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ

معبود میں تجھے گواہ بناتاہوں اور تیری گواہی کافی ہے اور گواہ بناتا ہوں تیرے ملائکہ، انبیاء ، رسل اور تیرے

اُشْهِدُكَ وَكَفٰی بِكَ شَهِیْدًا وَّاُشْهِدُ مَلَآئِكَتَكَ وَاَنْبِیَآئَكَ وَرُسُلَكَ وَحَمَلَةَ

عرش کے حاملین تیرے آسمانوں اور تیری زمین کے رہنے والوں اور تیری مخلوق کو اس بات پر کہ یقینا توہی اللہ

عَرْشِكَ وَسُكَّانَ سَمٰوٰتِكَ وَاَرْضِكَ وَجَمِیْعَ خَلْقِكَ بِاَنَّكَ اَنْتَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا

ہے تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو یکتا ہے تیرا کوئی ثانی نہیں اور اس پر کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تیر ے بندے اور تیرے

اَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِیْكَ لَكَ، وَاَنَّ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰهُ عَلَیْهِ وَ اٰلِهٖ عَبْدُكَ

رسول ہیں اور بے شک توہر چیز پر قادر ہے توہی زندہ کرتا اور موت دیتا ہے اور موت دیتا اور زندہ کرتا ہے

وَرَسُوْلُكَ، وَاَنَّكَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ، تُحْیِیْ وَتُمِیْتُ، وَتُمِیْتُ وَتُحْیِیْ، وَاَشْهَدُ اَنَّ

میں گواہی دیتا ہوں کہ جنت حق ہے جہنم حق ہے قبروں سے جی اٹھنا حق ہے اور قیامت آنے والی ہے اس میں کوئی

الْجَنَّةَ حَقٌّ، وَاَنَّ النَّارَ حَقٌّ، وَالنُّشُوْرَ حَقٌّ وَالسَّاعَةَ اٰتِیَةٌ لَّا رَیْبَ فِیْهَا وَاَنَّ اللّٰهَ

شک نہیں اور خدا اسے زندہ کرے گا جو قبر میں ہے میں گواہی دیتا ہوں کہ امام علیؑ ابن ابی طالبؑ مومنین کے بر حق

يَبْعَثُ مَنْ فِي الْقُبُوْرِ وَاَشْهَدُ اَنَّ عَلِيَّ بْنَ اَبِيْ طَالِبٍ اَمِيْرُ الْمُؤْمِنِيْنَ حَقًّا

امیر ہیں اور یہ کہ انکی اولاد میں سے جو آئمہ ہیں وہی ہدایت یافتہ ہدایت دینے والے ہیں وہ نہ گمراہ ہیں اور نہ

حَقًّا، وَاَنَّ الْاَئِمَّةَ مِنْ وُّلْدِهٖ هُمُ الْاَئِمَّةُ الْهُدَاةُ الْمَهْدِيُّوْنَ غَيْرُ الضَّآلِّيْنَ وَلَا

گمراہ کرنے والے ہیں اور یہ کہ وہی تیرے چنے ہوئے اولیاء اور تیری غالب جماعت ہیں وہ تیری مخلوق میں سے

الْمُضِلِّيْنَ وَاَنَّهُمْ اَوْلِيَآؤُكَ الْمُصْطَفَوْنَ وَ حِزْبُكَ الْغَالِبُوْنَ وَصِفْوَتُكَ

برگزیدہ اور بہترین افراد ہیں اور وہ ایسے شریف ہیں جن کو تو نے اپنے دین کی خاطر چنااور انہیں اپنی مخلوق میں

وَخِيَرَتُكَ مِنْ خَلْقِكَ وَنُجَبَآؤُكَ الَّذِيْنَ انْتَجَبْتَهُمْ لِدِيْنِكَ وَاخْتَصَصْتَهُمْ

خاص مرتبہ دیا تو نے انھیں اپنے بندوں میں سے منتخب کیا اور ان کو عالمین کیلئے اپنی حجت قرار دیا ان پر تیرا درود

مِنْ خَلْقِكَ وَاصْطَفَيْتَهُمْ عَلٰى عِبَادِكَ وَجَعَلْتَهُمْ حُجَّةً عَلَى الْعَالَمِيْنَ

اور سلام ہو اور ان پر خدا کی رحمت اور برکات ہوں اے معبود! میری یہ گواہی اپنے ہاں درج فرما لے تاکہ

صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِمْ وَالسَّلَامُ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ اَللّٰهُمَّ اكْتُبْ لِيْ هٰذِهِ

قیامت کے دن تو مجھے اسکی تلقین کرے اور تو مجھ سے راضی ہو جائے بے شک تو ہر اس پر جو تو چاہے قادر ہے اے

الشَّهَادَةَ عِنْدَكَ حَتّٰى تُلَقِّنَنِيْهَا يَوْمَ الْقِيٰمَةِ وَاَنْتَ عَنِّيْ رَاضٍ، اِنَّكَ عَلٰى مَا

معبود! تیرے لئے حمد ہے جس کا پہلا حصہ بلند ہو تا ہے او ر آخری ختم ہونے وا لا نہیں۔ اے معبود!حمد تیرے ہی لئے

تَشَآءُ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا يَصْعَدُ اَوَّلُهٗ وَلَا يَنْفَدُ اٰخِرُهٗ، اَللّٰهُمَّ لَكَ

ہے ایسی حمد کہ آسما ن تیرے آگے اپنے شانے جھکا دے اور زمین اور جو اس پر ہے وہ تیری تسبیح کرے اے

الْحَمْدُ حَمْدًا تَضَعُ لَكَ السَّمَآءُ كَنَفَيْهَا وَتُسَبِّحُ لَكَ الْاَرْضُ وَمَنْ عَلَيْهَا

معبود! تیرے لئے حمد ہے ایسی حمد جو ہمیشہ ہمیشہ جاری رہے جونہ رکتی ہے نہ ختم ہوتی ہے وہ تیرے ہی لائق ہے اور

اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا سَرْمَدًا اَبَدًا لَّا انْقِطَاعَ لَهٗ وَلَا نَفَادَ وَلَكَ يَنْبَغِيْ وَ

تجھی تک پہنچتی ہے وہ میرے دل میں زبان پر میرے سامنے مجھ سے پہلے میرے بعد میرے پہلو میں میرے اوپر اور

اِلَيْكَ يَنْتَهِيْ، فِيَّ وَعَلَيَّ وَلَدَيَّ وَمَعِيْ وَقَبْلِيْ وَبَعْدِيْ وَاَمَامِيْ وَفَوْقِيْ وَتَحْتِيْ وَاِذَا

میرے نیچے ہے جب میں مروں اور قبر میں تنہا ہو جا ؤ ں پھر خا ک در خاک ہو جاؤں اور تیرے لئے حمد ہے جب قبر

مِتُّ وَبَقِيْتُ فَرْدًا وَحِيْدًا ثُمَّ فَنِيْتُ وَلَكَ الْحَمْدُ اِذَا نُشِرْتُ وَبُعِثْتُ

میں اٹھ بیٹھوں اور کھڑا کیا جاؤں اے مولا اے معبود حمد اور شکر تیرے ہی لئے ہے تیرے تمام و مکمل اوصاف کے

يَامَوْلَايَ اَللّٰهُمَّ وَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الشُّكْرُ بِجَمِيْعِ مَحَامِدِكَ كُلِّهَا عَلٰى جَمِيْعِ

ساتھ تیری سبھی نعمات پر حتی کہ حمد وہاں پہنچے جہاں تو چاہتا ہے اے ہمارے رب جس میں تیری رضا ہے اے معبود!

نَعْمَآئِكَ كُلِّهَا حَتّٰى يَنْتَهِيَ الْحَمْدُ اِلٰى مَا تُحِبُّ رَبَّنَا وَتَرْضٰى اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ

تیرے لئے حمد ہے تمام اشیاء خورد و نوش پر زور و طاقت اور پکڑنے و کھولنے اورجسم کے ہربال بالپر، تیری حمد ہے

عَلٰى كُلِّ اَكْلَةٍ وَّشَرْبَةٍ وَّبَطْشَةٍ وَّقَبْضَةٍ وَّبَسْطَةٍ، وَّفِيْ كُلِّ مَوْضِعِ شَعْرَةٍ اَللّٰهُمَّ

اے معبود! تیرے لئے حمد ہے ہمیشہ کی حمد تیرے دوام کے ساتھ تیرے لیے حمد ہے ایسی حمد جس کی تیرے علم کے علاوہ

لَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا خَالِدًا مَعَ خُلُوْدِكَ، وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَا مُنْتَهٰى لَهٗ دُوْنَ

کہیں انتہاء نہیں تیرے لیے حمد ہے جس کی مدت تیری مشیت سے سوا نہیں ہے تیرے لیے حمد ہے کہ حمد کرنے والے کا

عِلْمِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَّا اَمَدَ لَهٗ دُوْنَ مَشِيَّتِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ حَمْدًا لَّا اَجْرَ

اجر تیری رضا کے علاوہ نہیں تیرے لیے حمد ہے جو جانتے ہوئے بھی نرمی کرتا ہے تیرے لیے حمد ہے کہ قوت کے

لِقَآئِلِهٖ اِلَّا رِضَاكَ وَلَكَ الْحَمْدُ عَلٰى حِلْمِكَ بَعْدَ عِلْمِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ عَلٰى عَفْوِكَ

باوجوددرگذر فرماتا ہے تیرے لیے حمد ہے تو وجہ حمد ہے تیرے لیے حمد ہے کہ تو مالک حمد ہے تیرے لیے حمد ہے کہ تجھ

بَعْدَ قُدْرَتِكَ وَلَكَ الْحَمْدُ بَاعِثَ الْحَمْدِ وَلَكَ الْحَمْدُ وَارِثَ الْحَمْدِ وَلَكَ الْحَمْدُ

سے ابتدا ء حمد ہے اورتیرے لیے حمد ہے کہ تجھ سے انتہاء حمد ہے تیرے لیے حمد ہے کہ تو حمد کا آغازکرنے والا ہے

بَدِيْعَ الْحَمْدِ وَلَكَ الْحَمْدُ مُنْتَهَى الْحَمْدِ وَلَكَ الْحَمْدُ مُبْتَدِعَ الْحَمْدِ وَلَكَ الْحَمْدُ

تیرے لیے حمد ہے کہ تو خریدار حمد ہے تیرے لیے حمد ہے تونگہبان حمد ہے تیرے لیے حمد ہے کہ تو قدیمی حمد والا ہے اور

مُشْتَرِيَ الْحَمْدِ وَلَكَ الْحَمْدُ وَ لِيَّ الْحَمْدِ وَلَكَ الْحَمْدُ قَدِيْمَ الْحَمْدِ وَلَكَ الْحَمْدُ

تیرے لیے حمد ہے کہ تو وعدے میں سچا عہد کا پکا ہے توانا لشکر والا پائدار بزرگی والا اور تیرے لیے حمد ہے کہ تو

صَادِقَ الْوَعْدِ وَفِيَّ الْعَهْدِ عَزِيْزَ الْجُنْدِ قَآئِمَ الْمَجْدِ وَلَكَ الْحَمْدُ رَفِيْعَ

اونچے درجوں والا ہے دعائیں قبول کرنے والا ہے ساتوں آسمانوں سے بلند تر مقام سے آیات نازل کرنے

الدَّرَجَاتِ مُجِيْبَ الدَّعَوَاتِ، مُنْزِلَ الْاٰيَاتِ مِنْ فَوْقِ سَبْعِ سَمٰوٰتٍ، عَظِيْمَ

والا ہے بڑی برکتوں والا ہے نور کو تاریکیوں سے نکالنے والا تاریکیوں میں پڑے کو روشنی کی طرف لانے والا

الْبَرَكَاتِ، مُخْرِجَ النُّوْرِ مِنَ الظُّلُمَاتِ، وَمُخْرِجَ مَنْ فِي الظُّلُمَاتِ اِلَى النُّوْرِ،

گناہوں کو نیکیوں میں بدلنے والا اور نیکیوں کو بلند مراتب میں بدلنے والا اے معبود تیرے لیے حمد ہے کہ تو گناہ

مُبَدِّلَ السَّيِّئَاتِ حَسَنَاتٍ وَجَاعِلَ الْحَسَنَاتِ دَرَجَاتٍ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ

معاف کرنے والا توبہ قبو ل کرنے والا سخت عذاب دینے والا اور عطا کرنے والا ہے تیرے سوا کوئی معبود

غَافِرَ الذَّنْبِ، وَقَابِلَ التَّوْبِ، شَدِيْدَ الْعِقَابِ ذَا الطَّوْلِ، لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

نہیں بازگشت تیری ہی طرف ہے اے معبود تیرے لیے حمد ہے رات میں جب وہ چھا جائے تیرے لیے حمد ہے دن

اِلَيْكَ الْمَصِيْرُ اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ فِي اللَّيْلِ اِذَا يَغْشٰى، وَلَكَ الْحَمْدُ فِي النَّهَارِ اِذَا

میں جب وہ روشن ہو جائے تیرے لیے حمد ہے دنیا اور آخرت میں، تیرہیے حمد ہے آسما ن کے ستاروں اور

تَجَلّٰى، وَلَكَ الْحَمْدُ فِي الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰى، وَلَكَ الْحَمْدُ عَدَدَ كُلِّ نَجْمٍ وَّمَلَكٍ فِي

فرشتوں کی تعداد کے برابر، تیرے لیے حمد ہے خاک اور ریت کے ذروں اور پھلوں کی گٹھلیوں کی تعداد کے

السَّمَآءِ وَلَكَ الْحَمْدُ عَدَدَ الثَّرٰى وَالْحَصٰى وَالنَّوٰى وَلَكَ الْحَمْدُ عَدَدَ مَا فِي جَوِّ

برابر، تیرے لیے حمد ہے فضاء آسمان میں موجود چیزوں کی تعداد کے برابر، تیرے لیے حمد ہے تہ زمین میں

السَّمَآءِ وَلَكَ الْحَمْدُ عَدَدَ مَا فِي جَوْفِ الْاَرْضِ وَلَكَ الْحَمْدُ عَدَدَ اَوْزَانِ مِيَاهِ

موجود چیزوں کی تعداد کے برابر، تیرے لیے حمد ہے سمندروں کے پانیوں کے وزن کے برابر، تیرے لیے حمد

الْبِحَارِ، وَلَكَ الْحَمْدُ عَدَدَ اَوْرَاقِ الْاَشْجَارِ، وَلَكَ الْحَمْدُ عَدَدَ مَا عَلٰى وَجْهِ

ہے درختوں کے پتوں کی تعداد کے برابر، تیرے لیے حمد ہے زمین پر موجود چیزوں کی تعداد کے برابر،

الْاَرْضِ وَلَكَ الْحَمْدُ عَدَدَ مَآ اَحْصٰى كِتَابُكَ وَلَكَ الْحَمْدُ عَدَدَ مَآ اَحَاطَ بِهٖ

تیرے لیے حمد ہے تیری کتاب میں موجود تعداد کے برابر، تیرے لیے حمد ہے تیرے علم میں موجود تعداد کے

عِلْمُكَ وَلَكَ الْحَمْدُ عَدَدَ الْاِنْسِ وَالْجِنِّ وَالْهَوَآمِّ وَالطَّيْرِ وَالْبَهَآئِمِ وَالسِّبَاعِ

برابر، تیرے لیے حمد ہے انسانوں، جنوں، حشرات، پرندوں، چرندوں اور درندوں کی تعداد کے برابر،

حَمْدًا كَثِيْرًا طَيِّبًا مُّبَارَكًا فِيْهِ كَمَا تُحِبُّ رَبَّنَا وَتَرْضٰى، وَكَمَا يَنْبَغِيْ لِكَرَمِ

بہت زیادہ پاک اور بابرکت حمد اے پروردگار تجھے پسند اور جس پر تو راضی ہو اور جیسی حمد تیری شان کرم

وَجْهِكَ وَعِزِّ جَلَالِكَ پھر دس مرتبہ کہیں: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ

اور تیری جلالت کے لائق ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو یکتا ہے جس کا کوئی ثا نی نہیں

الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ پھر دس مرتبہ: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ

اس کیلئے ملک ہے اسی کیلئے حمد ہے اور وہ باریک بین خبر دار ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو یکتا

لَاشَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِي وَيُمِيْتُ وَيُمِيْتُ وَ يُحْيِي وَهُوَ حَيٌّ

ہے جسکا کوئی ثانی نہیں اسی کیلئے ملک اور اسی کے لیے حمد ہے جو زندہ کرتا ہے اور مارتا ہے، مارتا اور زندہ کرتا ہے اور

لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرِ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ پھر دس مرتبہ: اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ

زندہ ہے جسے موت نہیں اسی کے ہاتھ میں خیر ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے میں اللہ سے بخشش چاہتا ہوں جس

لَااِلٰهَ اِلَّا هُوَالْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ پھر دس مرتبہ: يَااَللّٰهُ يَااَللّٰهُ دس مرتبہ:

کے سوا کوئی معبود نہیں وہ زندہ و پائندہ ہے اور اسی کے حضور توبہ کرتا ہوں یااللہ یااللہ ،

يَارَحْمٰنُ يَارَحْمٰنُ پھر دس مرتبہ: يَارَحِيْمُ يَارَحِيْمُ پھر دس مرتبہ: يَابَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ

اے رحمت کرنے والے اے رحمت کرنے والے اے مہربان اے مہربان اے آسمانوں اور زمین

وَالْاَرْضِ پھر دس مرتبہ: يَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ پھر دس مرتبہ: يَا حَنَّانُ يَامَنَّانُ پھر دس

کے پیدا کرنے والے اے صاحب جلالت و بزرگی اے مہربانی کرنے والیاے احسان کرنے والے ،

مرتبہ: يَاحَيُّ يَا قَيُّوْمُ پھر دس مرتبہ: يَاحَيُّ لَآاِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ پھر دس مرتبہ: يَااَللّٰهُ يَا لَآاِلٰهَ

اے زندہ و پائندہ اے زندہ کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں اے اللہ اے وہ ذات کہ تیرے سوا

اِلَّآ اَنْتَ پھر دس مرتبہ: بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پھر دس مرتبہ: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

کوئی معبود نہیں خدا کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے اے معبود! محمدؐ و آل محمدؐ

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ پھر دس مرتبہ: اَللّٰهُمَّ اِفْعَلْ بِيْ مَآاَنْتَ اَهْلُهٗ پھر دس مرتبہ: آمِيْنَ

پر رحمت فرما اے معبود میرے ساتھ وہ برتاؤ کر جس کا تو اہل ہے ایسا ہی

آمِيْنَ پھر دس مرتبہ: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ پڑھیں پھر کہیں: اَللّٰهُمَّ اصْنَعْ بِيْ مَآاَنْتَ اَهْلُهٗ

ہوایسا ہی ہو کہو (اے نبی) اللہ ایک ہے اے معبود میرے ساتھ وہ برتاؤ کر جس کا تو

وَلَاتَصْنَعْ بِيْ مَآ اَنَا اَهْلُهٗ فَاِنَّكَ اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ وَاَنَا اَهْلُ

اہل ہے اور مجھ سے وہ نہ کر جس کا میں اہل ہوں بیشک تو بچانے والا اور بخشنے والا ہے اور میں گناہ کرنے والا اور

الذُّنُوْبِ وَالْخَطَايَافَارْحَمْنِيْ يَامَوْلَايَ وَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ پھر دس مرتبہ:

خطائیں کرنے والا ہوں پس رحم کر مجھ پر اے میرے مولا اور تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا ہے کوئی طاقت

لَاحَوْلَ وَلَاقُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ تَوَكَّلْتُ عَلَى الْحَيِّ الَّذِيْ لَايَمُوْتُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ

وقوت نہیں سوائے اسکے جو اللہ کیطرف سے ہے بھروسہ رکھتا ہوں اس زندہ پر جسے موت نہیں اور حمد ہے اس اللہ کیلئے جس

يَتَّخِذْ وَلَدًا وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِي الْمُلْكِ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ

نے کسی کو بیٹا نہیں بنا یا اور نہ کوئی اسکی حکو مت میں شریک ہے اور نہ کوئی اس کا مدد گا ر ہے بو جہ اسکے عجز کے اور اس کی

وَ كَبِّرْهُ تَكْبِيْرًا

بڑائی بیان کرتے رہا کرو۔

دعائے سمات

یہ دعاشبّور کے نام سے معروف ہے اوراس کا جمعہ کے آخری اوقات میں پڑھنا مستحب ہے یہ مشہور دعاؤں میں سے ہے اور اکثر علماء متقدمین اس کو ہمیشہ پڑھا کرتے تھے۔ مصباح شیخ طوسی، جمال الاسبوع سید ابن طاؤس اور کفعمی کی کتب میں یہ دعا معتبر اسناد کے ساتھ حضرت امام العصر علیہ السلام کے نائب خاص محمد بن عثمان عمری سے نقل ہوئی ہے۔ نیز یہ دعا حضرت امام محمد با قر علیہ السلام و حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے بھی روایت کی گئی ہے۔ علامہ مجلسی نے بحارالانوار میں اسے شرح کے ساتھ نقل کیا ہے اور یہاں ہم اسے مصباح سے نقل کر رہے ہیں:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِاَسْمِكَ الْعَظِيْمِ الاَعْظَمِ الاَعَزِّ الاَجَلِّ الاَكْرَمِ، الَّذِيْٓ

اے معبود میں تیرے عظیم بڑی عظمت والے بڑے روشن بڑی عزت والے نام کے ذریعے سوال کرتا ہوں کہ جب

اِذا دُعِيْتَ بِهٖ عَلٰى مَغَالِقِ اَبْوَابِ السَّمَآءِ لِلْفَتْحِ بِالرَّحْمَةِ انْفَتَحَتْ وَ اِذَا

آسمان کے بند دروازے رحمت کیلئے کھولنے کیلئے تجھے اس نام سے پکاریں تو وہ کھل جاتے ہیں اور جب زمین کے

دُعِيْتَ بِهٖ عَلٰى مَضَآئِقِ اَبْوَابِ الاَرْضِ لِلْفَرَجِ انْفَرَجَتْ وَاِذَا دُعِيْتَ بِهٖ عَلَى

تنگ راستے کھولنے کیلئے تجھے اس نام سے پکارا جائے تو وہ کشادہ ہو جاتے ہیں اور جب سختی کے وقت آسانی کیلئے

الْعُسْرِ لِلْيُسْرِ تَيَسَّرَتْ، وَاِذَا دُعِيْتَ بِهٖ عَلَى الْاَمْوَاتِ لِلنُّشُوْرِ انْتَشَرَتْ، وَ

اس نام سے پکاریں تو آسانی ہو جا تی ہے اور جب مردوں کو اٹھانے کیلئے تجھے اس نام سے پکاریں تو وہ اٹھ

اِذا دُعِيْتَ بِهٖ عَلٰى كَشْفِ الْبَاْسَآءِ وَالضَّرَّآءِ انْكَشَفَتْ، وَبِجَلَالِ وَجْهِكَ

کھڑے ہوتے ہیں اور تنگیاں اور سختیاں دور کرنے کیلئے تجھے اس نام سے پکاریں تو وہ دور ہو جاتی ہیں اور سوالی

الْكَرِيْمِ اَكْرَمِ الْوُجُوْهِ وَاَعَزِّ الْوُجُوْهِ الَّذِيْ عَنَتْ لَهُ الْوُجُوْهُ وَخَضَعَتْ لَهُ

ہوں تیری ذات کریم کے جلال کے ذریعے جو سب سے بزرگ ذات ہے سب سے معزز ذات ہے کہ جس کے آگے

الرِّقَابُ وَخَشَعَتْ لَهُ الْاَصْوَاتُ وَوَجِلَتْ لَهُ الْقُلُوْبُ مِنْ مَّخَافَتِكَ وَبِقُوَّتِكَ

چہرے جھکتے ہیں اسکے سامنے گردنیں خم ہوتی ہیں اسکے حضور آوازیں کانپتی ہیں اور جسکے خوف سے دلوں میں لرزہ

الَّتِیْ بِهَا تُمْسِكُ السَّمَآءَ اَنْ تَقَعَ عَلَى الْاَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِكَ وَتُمْسِكُ السَّمٰوٰتِ

طاری ہو جاتا ہے اور سوال کرتا ہوں تیری اس قوت کے ذریعے جس سے تو نے آسمان کو زمین پر گرنے سے روک

وَالْاَرْضَ اَنْ تَزُوْلَا، وَبِمَشِيَّتِكَ الَّتِیْ دَانَ لَهَا الْعَالَمُوْنَ،وَبِكَلِمَتِكَ الَّتِیْ

رکھا ہے مگر جب تو اسے حکم دے اور اس آسمان اور زمین کو روکا ہوا ہے کہ کھسک نہ جائیں اور تیری اس مشیت

خَلَقْتَ بِهَا السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ، وَبِحِكْمَتِكَ الَّتِیْ صَنَعْتَ بِهَا الْعَجَآئِبَ،

کے ذریعے سوالی ہوں عالمین جس کے مطیع ہیں تیرے ان کلما ت کے واسطے سے سو الی ہوں جن سے تونے آسما نوں

وَخَلَقْتَ بِهَا الظُّلْمَةَ وَجَعَلْتَهَا لَيْلًا، وَّجَعَلْتَ اللَّيْلَ سَكَنًا، وَّخَلَقْتَ بِهَا

اور زمین کو پیدا کیا تیری اس حکمت کے واسطے سے جس سے تونے عجائب کو بنایا اورجس سے تو نے تاریکی کو خلق کیا

النُّوْرَ وَجَعَلْتَهٗ نَهَارًا، وَجَعَلْتَ النَّهَارَ نُشُوْرًا مُّبْصِرًا، وَخَلَقْتَ بِهَا الشَّمْسَ

اور اسے رات قرار دیا اور اسے آرام کیلئے خاص کیا اور اپنی حکمت سے تونے روشنی پیدا کی اور اسے دن کا

وَجَعَلْتَ الشَّمْسَ ضِيَآءً وَخَلَقْتَ بِهَا الْقَمَرَ وَجَعَلْتَ الْقَمَرَ نُوْرًا، وَخَلَقْتَ

نام دیا اور دن کو جاگ اٹھنے اور دیکھنے کیلئے بنایا اور تو نے اس سے سورج کو پیدا کیا اور سورج کو روشن کیا

بِهَا الْكَوَاكِبَ وَجَعَلْتَهَا نُجُوْمًا وَّبُرُوْجًا وَّ مَصَابِيْحَ وَزِيْنَةً وَرُجُوْمًا، وَّجَعَلْتَ

تونے اس سے چاند کو پیدا کیا اور چاند کو چمکدار بنایا اور تونے اس سےستاروں کو پیدا کیا انہیں فروزاں کیا ان

لَهَا مَشَارِقَ وَمَغَارِبَ وَجَعَلْتَ لَهَا مَطَالِعَ وَمَجَارِیَ وَجَعَلْتَ لَهَا فَلَكًا

کے برج بنائے اور انہیں چراغ بنایا اور زینت بنایا، سنگبار بنایا تو نے ان کیلئے مشرق اورمغرب بنائے تونے ان

وَمَسَابِحَ وَقَدَّرْتَهَا فِی السَّمَآءِ مَنَازِلَ فَاَحْسَنْتَ تَقْدِيْرَهَا، وَصَوَّرْتَهَا

کے چمکنے اور چلنے کی راہیں بنائیں تونے ان کیلئے فلک اور سیر کی جگہ بنائی اور آسمان میں ان کی منزلیں مقرر کیں پس

فَاَحْسَنْتَ تَصْوِيْرَهَا وَاَحْصَيْتَهَا بِاَسْمَآئِكَ اِحْصَآءً وَدَبَّرْتَهَا بِحِكْمَتِكَ تَدْبِيْرًا

تونے ان کا بہترین اندازہ ٹھہرایا اور تونے انہیں شکل عطا کی کیا ہی اچھی شکل دی اور انھیں اپنے ناموں کے

فَاَحْسَنْتَ تَدْبِيْرَهَا وَسَخَّرْتَهَا بِسُلْطَانِ اللَّيْلِ وَسُلْطَانِ النَّهَارِ وَالسَّاعَاتِ

ساتھ پوری طرح شمار کیا اور اپنی حکمت سے ان کا ایک نظام قائم کیا اور خوب تدبیر فرمائی اور رات کے عرصے

وَعَدَدَ السِّنِيْنَ وَالْحِسَابِ، وَجَعَلْتَ رُؤْيَتَهَا لِجَمِيْعِ النَّاسِ مَرْئًى وَّاحِدًا

اور دن کی مدت کیلئے مطیع بنایا اور ساعتوں اور سالوں کے حساب کا ذریعہ بنایا اور سب لوگوں کیلئے ان کو دیکھنا

وَّاَسْئَلُكَ اَللّٰهُمَّ بِمَجْدِكَ الَّذِيْ كَلَّمْتَ بِهٖ عَبْدَكَ وَرَسُوْلَكَ مُوسَى بْنَ

یکساں کردیا اور سوال کرتا ہوں تجھ سے اے اللہ تیری اس بزرگی کے ذریعے جس سے تونے اپنے بندے اور

عِمْرَانَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ الْمُقَدَّسِيْنَ، فَوْقَ اِحْسَاسِ الْكَرُوْبِيْنَ، فَوْقَ غَمَآئِمِ

رسول حضرت موسیٰ ؑ سے کلام فرمایا پاک لوگوں میں جو فرشتوں کی سمجھ سے بالا نور کے بادلوں سے بلند تابوت

النُّوْرِ، فَوْقَ تَابُوْتِ الشَّهَادَةِ، فِيْ عَمُوْدِ النَّارِ، وَفِيْ طُوْرِ سَيْنَآءَ، وَفِيْ جَبَلِ

شہادت سے اونچا جو آگ کے ستون میں طور سینا میں کوہ حوریث میں وادی مقدس میں برکت والی زمین میں طور

حُوْرِيْثَ، فِي الْوَادِي الْمُقَدَّسِ فِيْ الْبُقْعَةِ الْمُبَارَكَةِ مِنْ جَانِبِ الطُّوْرِ الْاَيْمَنِ

ایمن کی طرف ایک درخت سے جو سر زمین مصر میں پیدا ہوا سوال کرتا ہوں نو روشن معجزوں کے واسطے سے اور

مِنَ الشَّجَرَةِ وَفِيْٓ اَرْضِ مِصْرَ بِتِسْعِ اٰيَاتٍ بَيِّنَاتٍ وَّيَوْمَ فَرَقْتَ لِبَنِيْٓ

اس دن کے واسطے سے کہ جس دن تونے بنی اسرائیل کیلئے دریا میں راستہ بنایا اور ان چشموں میں جو پتھر سے

اِسْرَآئِيْلَ الْبَحْرَ وَفِي الْمُنْبَجِسَاتِ الَّتِيْ صَنَعْتَ بِهَا الْعَجَآئِبَ فِيْ بَحْرِ سُوْفٍ،

جاری ہوئے کہ جن کے ذریعے تونے عجیب معجزات کو دریائے سوف میں ظاہر کیا۔ اور تونے دریا کے پانی کو بھنور

وَعَقَدْتَّ مَآءَ الْبَحْرِ فِيْ قَلْبِ الْغَمْرِ كَالْحِجَارَةِ، وَجَاوَزْتَ بِبَنِيْٓ اِسْرَآئِيْلَ

کے درمیان پتھروں کی مانند جکڑ کے رکھ دیا اور تونے بنی اسرائیل کو دریا سے گذار دیا اور ان کے بارے میں

الْبَحْرَ، وَتَمَّتْ كَلِمَتُكَ الْحُسْنٰى عَلَيْهِمْ بِمَا صَبَرُوْا، وَاَوْرَثْتَهُمْ مَشَارِقَ

تیرا بہترین وعدہ پورا ہوا جب انھوں نے صبر کیا اور تونے ان کو زمین کے مشرقوں اور مغربوں کا مالک بنایا جن

الْاَرْضِ وَمَغَارِبَهَا الَّتِيْ بَارَكْتَ فِيْهَا لِلْعَالَمِيْنَ، وَاَغْرَقْتَ فِرْعَوْنَ وَجُنُوْدَهٗ

میں تو نے عالمین کیلئے برکتیں رکھی ہیں اور تو نے فرعون اور اسکے لشکر کو اور انکی سواریوں کو دریائے نیل میں غرق

وَمَرَاكِبَهٗ فِي الْيَمِّ، وَبِاِسْمِكَ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ الْاَعَزِّ الْاَجَلِّ الْاَكْرَمِ،

کر دیا اور سوالی ہوں بواسطہ تیرے نام کے جو بلندترعزت والا روشن بزرگی والا ہے اور بواسطہ تیری شان

وَبِمَجْدِكَ الَّذِيْ تَجَلَّيْتَ بِهٖ لِمُوْسٰى كَلِيْمِكَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ طُوْرِ سَيْنَآءَ وَ

کے جو تو نے اپنے کلیم موسیٰ ؑ کے لیے طور سینا میں ظاہر کی اور اس سے پہلے اپنے خلیل ابراہیم ؑ کیلئے مسجد خیف میں اور

لِاِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ خَلِيْلِكَ مِنْ قَبْلُ فِيْ مَسْجِدِ الْخَيْفِ وَلِاِسْحَاقَ

اپنے برگزیدہ اسحاق ؑ کیلئے چاہ شیع میں ظاہر کی اور اپنے محبوب یعقوب ؑ کیلئے بیت ایل میں ظاہر کی اور تونیابراہیم ؑ سے

صَفِيِّكَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ بِئْرِ شِيَعٍ، وَلِيَعْقُوْبَ نَبِيِّكَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ بَيْتِ

اپنا عہد و پیمان پورا کیا اور اسحاق ؑ کیلئے اپنی قسم پوری کی اور یعقوب ؑ کیلئے اپنی شہادت ظاہر کی اور مومنین سے اپنا

اِيْلٍ، وَاَوْفَيْتَ لِاِبْرَاهِيْمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ بِمِيْثَاقِكَ، وَلِاِسْحَاقَ بِحَلْفِكَ، وَ

وعدہ وفا کیا اور جنہوں نے تیرے ناموں کے ذریعے دعائیں کیں انہیں قبول کیا اور سوالی ہوں بواسطہ تیری اس

لِيَعْقُوْبَ بِشَهَادَتِكَ، وَلِلْمُؤْمِنِيْنَ بِوَعْدِكَ وَلِلدَّاعِيْنَ بِاَسْمَآئِكَ

شان کے جو قبہء رمان پر موسیٰ ابن عمران ؑ کیلئے ظاہر ہوئی اور بواسطہ تیرے معجزوں کے جو ملک مصر میں تیری شان و

فَاَجَبْتَ وَبِمَجْدِكَ الَّذِيْ ظَهَرَ لِمُوْسَى بْنِ عِمْرَانَ عَلٰى قُبَّةِ الرُّمَّانِ، وَبِاٰيَاتِكَ

عزت اور غلبہ سےعزت والی نشانیوں سے غالب قوت سے قدرت کی بلندی اور پورا ہونے والے قول کی شان

الَّتِيْ وَقَعَتْ عَلٰٓى اَرْضِ مِصْرَ بِمَجْدِ الْعِزَّةِ وَالْغَلَبَةِ بِاٰيَاتٍ عَزِيْزَةٍ، وَبِسُلْطَانِ

سے رونما ہوئے اور تیرے ان کلمات سے جن کے ذریعے تو نے آسمانوں اور زمین کے رہنے والوں اور اہل

الْقُوَّةِ، وَبِعِزَّةِ الْقُدْرَةِ، وَبِشَانِ الْكَلِمَةِ التَّآمَّةِ، وَبِكَلِمَاتِكَ الَّتِيْ تَفَضَّلْتَ بِهَا

دنیا اور اہل آخرت پر احسان کیا اور سوالی ہوں تیری اس رحمت کے ذریعے سے جس سے تو نے اپنی ساری مخلوق

عَلٰٓى اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاَهْلِ الدُّنْيَا وَاَهْلِ الْاٰخِرَةِ وَبِرَحْمَتِكَ الَّتِيْ

پر کرم کیا سوالی ہوں تیری اس توانائی کے واسطے سے جس سے تو نے اہل عالم کو قائم رکھاسوالی ہوں بواسطہ تیرے

مَنَنْتَ بِهَا عَلٰى جَمِيْعِ خَلْقِكَ، وَبِاسْتِطَاعَتِكَ الَّتِيْ اَقَمْتَ بِهَا عَلَى الْعَالَمِيْنَ

اس نور کے جس کے خوف سے طو رسینا چکنا چور ہوا سوالی ہوں تیرے اس علم و جلالت اور تیری بڑائی و عزت اور

وَبِنُوْرِكَ الَّذِيْ قَدْ خَرَّ مِنْ فَزَعِهٖ طُوْرُ سَيْنَآءَ وَبِعِلْمِكَ وَجَلَالِكَ وَ كِبْرِيَآئِكَ

تیرے جبروت کے واسطے سے جس کو زمین برداشت نہ کر سکی اور آسمان عاجز ہو گئے اور اس سے زمین کی

وَعِزَّتِكَ وَجَبَرُوْتِكَ الَّتِيْ لَمْ تَسْتَقِلَّهَا الْاَرْضُ، وَ انْخَفَضَتْ لَهَا السَّمٰوٰتُ،

گہرائیاں کپکپا گئیں جسکے آگے سمندر اور نہریں رک گئیں پہاڑ اس کیلئے جھک گئے اور زمین اس کیلئے اپنے ستونوں پر

وَانْزَجَرَ لَهَا الْعُمْقُ الْاَكْبَرُ، وَرَكَدَتْ لَهَا الْبِحَارُ وَالْاَنْهَارُ، وَ خَضَعَتْ لَهَا الْجِبَالُ،

ٹھہر گئی اور اسکے سامنے ساری مخلوق سرنگوں ہو گئی اپنی رؤوں پر چلتی ہوائیں اسکے سامنپریشان ہوگئیں اس کیلئے

وَسَكَنَتْ لَهَا الْاَرْضُ بِمَنَاكِبِهَا، وَاسْتَسْلَمَتْ لَهَا الْخَلَآئِقُ كُلُّهَا، وَخَفَقَتْ لَهَا

آگ اپنے مقام پر بجھ گئی سوالی ہوں بواسطہ تیری اس حکومت کے جسکے ذریعے ہمیشہ ہمیشہ تیرے غلبے کی پہچان ہوتی

الرِّيَاحُ فِيْ جَرَيَانِهَا وَخَمَدَتْ لَهَا النِّيْرَانُ فِيْ اَوْطَانِهَا، وَبِسُلْطَانِكَ الَّذِيْ عُرِفَتْ

ہے اور آسمانوں اور زمینوں میں اس سے تیری حمد ہوتی ہے سوالی ہوں بواسطہ تیرے اس سچے قول کے جو تو نے

لَكَ بِهِ الْغَلَبَةُ دَهْرَ الدُّهُوْرِ، وَحُمِدْتَّ بِهٖ فِي السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِيْنَ وَبِكَلِمَتِكَ كَلِمَةِ

ہمارے باپ آدمؑ اور ان کی اولاد کیلئے رحمت کے ساتھ فرمایا ہے سوالی ہوں بواسطہ تیرے اس کلمہ کے جو تمام

الصِّدْقِ الَّتِيْ سَبَقَتْ لِاَبِيْنَآ اٰدَمَ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَذُرِّيَّتِهٖ بِالرَّحْمَةِ، وَاَسْاَلُكَ

چیزوں پر غالب ہےسوالی ہوں بواسطہ تیری ذات کے اس نور کے جس کا جلوہ تونے پہاڑ پر ظاہر کیا تو وہ ٹکڑے

بِكَلِمَتِكَ الَّتِيْ غَلَبَتْ كُلَّ شَيْءٍ وَّبِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِيْ تَجَلَّيْتَ بِهٖ لِلْجَبَلِ فَجَعَلْتَهٗ

ٹکڑے ہوگیا اور موسیٰؑ بے ہوشہو کر گرپڑے سوالی ہوں بواسطہ تیری اس بزرگی کے جو طور سینا پر ظاہر ہوئی تو، تو

دَكًّا وَّخَرَّ مُوْسٰى صَعِقًا وَبِمَجْدِكَ الَّذِيْ ظَهَرَ عَلٰى طُوْرِ سَيْنَآءَ فَكَلَّمْتَ بِهٖ عَبْدَكَ

اپنے بندے اور اپنے رسول موسیٰؑ بن عمران سے ہم کلام ہوا سوالی ہوں تیری نورانیت کے ذریعے جناب عیسیٰ کی

وَرَسُوْلَكَ مُوْسَى بْنَ عِمْرَانَ، وَبِطَلْعَتِكَ فِيْ سَاعِيْرَ، وَظُهُوْرِكَ فِيْ جَبَلِ فَارَانَ،

مناجات کی جگہ میں اور تیرے نور کے ظہور کے ذریعے کوہ فاران میں بلند و مقدس مقامات میں صفیں باندھے

بِرَبَوَاتِ الْمُقَدَّسِيْنَ وَجُنُوْدِ الْمَلَآئِكَةِ الصَّآفِّيْنَ، وَخُشُوْعِ الْمَلَآئِكَةِ

ہوئے ملائکہ کی فوج کے ذریعے اور تسبیح خواں ملا ئکہ کے خشوع کے ذریعے سوال کرتا ہوں بواسطہ تیری ان

الْمُسَبِّحِيْنَ، وَبِبَرَكَاتِكَ الَّتِيْ بَارَكْتَ فِيْهَا عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِكَ عَلَيْهِ السَّلَامُ فِيْ

برکات کے ذریعے جن سے تو نے برکت عطا کی اپنے خلیل ابراہیمؑ کو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی امت میں برکت دی اور

اُمَّةِ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَبَارَكْتَ لِاِسْحَاقَ صَفِيِّكَ فِيْ اُمَّةِ عِيْسٰى عَلَيْهِمَا

اپنے برگزیدہ اسحاقؑ کو حضرت عیسیٰؑ کی امت میں برکت دی اور برکت دی تونے اپنے خاص بندے یعقوبؑ کو

السَّلَامُ، وَبَارَكْتَ لِيَعْقُوْبَ اِسْرَآئِيْلِكَ فِيْ اُمَّةِ مُوْسٰى عَلَيْهِمَا السَّلَامُ، وَبَارَكْتَ

حضرت موسیٰؑ کی امت میں اور برکت دی تو نے اپنے حبیب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ان کی عترت، ذریت اور انکی

لِحَبِيْبِكَ مُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ فِيْ عِتْرَتِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ وَاُمَّتِهٖ ۔ اَللّٰهُمَّ وَ كَمَا غِبْنَا

امت میں خدایا جیسا کہ ہم ان کے عہد میں موجود نہ تھے اور ہم نے انہیں دیکھا نہیں اور ان پر سچائی اور حقانیت

عَنْ ذٰلِكَ وَلَمْ نَشْهَدْهُ، وَاٰمَنَّا بِهٖ وَلَمْ نَرَهٗ، صِدْقًا وَّعَدْلًا، اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ

کے ساتھ اور درستی سے ایمان لائے ہم چاہتے ہیں کہ محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت فرما اور محمدؐ وآل محمدؐ پربرکت نازل

مُحَمَّدٍ، وَّاَنْ تُبَارِكَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ، وَتَرَحَّمَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ كَاَفْضَلِ مَا

فرما اور محمدؐ و آل محمدؐ پر شفقت فرما جس طرح تو نے بہترین رحمت اور برکت اور شفقت ابرہیم و آل ابراہیم پر

صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ وَتَرَحَّمْتَ عَلٰٓى اِبْرَاهِيْمَ وَّاٰلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ فَعَّالٌ

فرمائی تھی بے شک تو حمد اور شان والا ہے جو چاہے سو کرنے والا ہے اور تو ہر چیز پر قدرت رکھتاہے ۔اے

لِّمَا تُرِيْدُ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اب اپنی حاجت بیان کریں اور کہیں: اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ هٰذَا

معبود! اس دعا کے واسطے اور ان ناموں کے واسطے سے کہ جن کی تفسیر تیرے سوا کوئی نہیں جانتا اور جن کی حقیقت

الدُّعَآءِ وَبِحَقِّ هٰذِهِ الْاَسْمَآءِ الَّتِيْ لَا يَعْلَمُ تَفْسِيْرَهَا وَلَا يَعْلَمُ بَاطِنَهَا غَيْرُكَ صَلِّ

سے سوائے تیرے کوئی آگاہ نہیں تو محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت فرما اور مجھ سے وہ سلوک کر جو تیرے شایان شان ہے نہ

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَافْعَلْ بِيْ مَآ اَنْتَ اَهْلُهٗ وَلَا تَفْعَلْ بِيْ مَآ اَنَا اَهْلُهٗ وَاغْفِرْ لِيْ مِنْ

کہ وہ سلوک جسکا میں مستحق ہوں اور میرے گناہوں میں سے جو میں نے پہلے کیے اور جو بعد میں ،بخش دے اور اپنا

ذُنُوْبِيْ مَا تَقَدَّمَ مِنْهَا وَمَا تَاَخَّرَ، وَوَسِّعْ عَلَيَّ مِنْ حَلَالِ رِزْقِكَ وَاكْفِنِيْ مَؤُوْنَةَ

رزق حلال میرے لیے کشادہ کر دے اور مجھے برے انسان برے ہمسائے برے ساتھی اور برے حاکم کی

اِنْسَانِ سَوْءٍ وَجَارِ سَوْءٍ وَقَرِيْنِ سَوْءٍ وَسُلْطَانِ سَوْءٍ اِنَّكَ عَلٰى مَا تَشَآءُ قَدِيْرٌ،

اذیت سے بچائے رکھ بے شک تو جو چاہے وہ کرنے پر قادر ہے

وَبِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ، اٰمِيْنَ رَبَّ الْعَالَمِيْنَ

اور ہر چیز کا علم رکھتا ہے آمین یارب العالمین۔

مولف کہتے ہیں کہ بعض نسخوں میں یوں آیا ہے کہ وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اس کے بعد جو حاجت رکھتا

اور تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے ،

ہو اس کا ذکر کرے اور کہے يَآ اَللّٰهُ يَا حَنَّانُ يَا مَنَّانُ، يَا بَدِيْعَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ، يَا ذَا

اے اللہ اے محبت کرنے والے اے احسان کرنے والے اے

الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ هٰذَا الدُّعَآءِ

آسمان اور زمین کے ایجاد کرنے وا لے اے جلالت اور بزرگی والیاے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اے معبود اس دعا

۔دعا کے آخر تک اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ ھٰذَا الدُّعَآءِ وَبِحَقِّ ھٰذِہِ الْاَسْمَآءِ الَّتِیْ لَایَعْلَمُ

کے واسطے اے معبود اس دعا کے واسطے سے اور ان ناموں کے واسطے سے کہ جن کی

تَفْسِیْرُھَا وَلَا تَاْوِیْلُھَا وَلَآ بَاطِنَھَا وَلَا ظَاھِرَھَا غَیْرُکَ، اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ

تفسیر اور تاویل اور جن کے باطن و ظاہر کو سوائے تیرے کوئی نہیں جانتا تو محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت فرما اور مجھے دنیا اور

مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَرْزُقَنِیْ خَیْرَ الدُّنْیَا وَالْاٰخِرَۃِ اب حاجت طلب کریں اور کہیں: وَافْعَلْ بِیْ مَآ

آخرت کی بھلائی عطا فرمادے اور مجھ سے وہ سلوک کر جو تیرے شایان شان ہے نہ کہ وہ

اَنْتَ اَھْلُہٗ، وَلَا تَفْعَلْ بِیْ مَآ اَنَا اَھْلُہٗ وَانْتَقِمْ لِیْ مِنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ فلاں بن فلاں کی

سلوک جسکا میں مستحق ہوں اور میری طرف سے فلاں بن فلاں سے بدلہ لے۔

جگہ اپنے دشمن کا نام لیں اور کہیں: وَاغْفِرْلِیْ مِنْ ذُنُوْبِیْ مَا تَقَدَّمَ مِنْھَا وَمَا تَاَخَّرَ وَ

اور میرے گذشتہ اور آیندہ تمام گناہوں کو معاف فرما اور میرے ماں باپ اور

لِوَالِدَیَّ وَلِجَمِیْعِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَوَسِّعْ عَلَیَّ مِنْ حَلَالِ رِزْقِکَ، وَاکْفِنِیْ

سارے مومنین اور مومنات کے گناہ بخش دے اور اپنا رزق حلال میرے لیے کشادہ کر دے اور مجھ کو برے

مَؤُوْنَۃَ اِنْسَانِ سَوْءٍ، وَجَارِ سَوْءٍ، وَسُلْطَانِ سَوْءٍ، وَقَرِیْنِ سَوْءٍ، وَیَوْمِ سَوْءٍ، وَسَاعَۃِ

انسان برے ہمسائے برے حاکم برے ساتھی برے دن برے وقت کی اذیت سے بچائے رکھ اور میری طرف سے

سَوْءٍ، وَانْتَقِمْ لِیْ مِمَّنْ یَّکِیْدُنِیْ، وَمِمَّنْ یَّبْغِیْ عَلَیَّ، وَیُرِیْدُ بِیْ وَبِاَھْلِیْ وَاَوْلَادِیْ وَ

بدلہ لے اس سے جس نے مجھے دھوکہ دیا اور جس نے مجھ پر ظلم کیا اور جو ظلم کا ارادہ رکھتا ہے

اِخْوَانِیْ وَجِیْرَانِیْ وَقَرَابَاتِیْ مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ ظُلْمًا اِنَّکَ عَلٰی مَا تَشَآءُ

میرے اہل میری اولاد میرے بھائیوں اور میرے ہمسایوں کیلیے جو مومنین اور مومنات میں سے ہیں

قَدِیْرٌ، وَبِکُلِّ شَیْءٍ عَلِیْمٌ، اٰمِیْنَ رَبَّ الْعَالَمِیْنَ پھر کہیں: اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ ھٰذَا الدُّعَآءِ

اس سے انتقام لے بے شک تو جو کچھ چاہتا ہے اس پر قدرت رکھتا ہے

تَفَضَّلْ عَلٰی فُقَرَآءِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِالْغِنٰی وَالثَّرْوَۃِ وَعَلٰی مَرْضَی

اور ہر چیز سے واقف ہے آمین اے رب العالمین اے معبود اس دعا کے واسطے سے

الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِالشِّفَآءِ وَالصِّحَّۃِ، وَعَلٰی اَحْیَآءِ الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ

غریب مومنین اور مومنات کو مال و متاع عطا فرما بیمار مومنین اور مومنات کو تندرستی

بِاللُّطْفِ وَالْكَرَامَةِ، وَعَلٰى اَمْوَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِالْمَغْفِرَةِ وَالرَّحْمَةِ،

اور صحت عطا فرما اور زندہ مومنین اور مومنات پر لطف و کرم فرما اور مردہ مومنین

وَعَلٰى مُسَافِرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ بِالرَّدِّ اِلٰى اَوْطَانِهِمْ سَالِمِيْنَ غَانِمِيْنَ ،

اور مومنات پر بخشش و رحمت فرما اور مسافر مومنین اور مومنات کو سلامتی و رزق کے

بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ، وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَعِتْرَتِهٖ

ساتھ گھروں میں واپس لا اپنی رحمت سے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اور

الطَّاهِرِيْنَ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا شیخ ابن فہد نے فرمایا ہے کہ مستحب یہ ہے کہ دعائے سمات

ہمارے سردار نبیوں کے خاتم حضرت محمدؐ پر رحمت خدا ہو اور ان کی پاکیزہ اولاد پر

کے بعد کہیں: اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْاَلُكَ بِحُرْمَةِ

اور سلام ہو بہت زیادہ سلام۔اے معبود میں سوال کرتا ہوں بوا سطہ اس دعا کی حرمت کے اور ان

هٰذَا الدُّعَآءِ، وَبِمَا فَاتَ مِنْهُ مِنَ الْاَسْمَآءِ،وَبِمَا يَشْتَمِلُ عَلَيْهِ مِنَ التَّفْسِيْرِ

ناموں کے ذریعے جو اس میں مذکور نہیں اور اس تفسیر وتدبیر کے واسطے سے سوال کرتا ہوں جس کا سوائے تیرے

وَالتَّدْبِيْرِ، الَّذِيْ لَا يُحِيْطُ بِهٖ اِلَّآ اَنْتَ ، اَنْ تَفْعَلَ بِيْ كَذَا وَكَذَا،

کوئی احاطہ نہیں کر سکتا کہ تو میرے لیے ایسا اور ایسا کر۔

کذا وکذا کی جگہ پر اپنی حاجات طلب کرے

دعائے مشلول

اس دعا کا ایک اور نام بھی ہے یعنی دعاالشاب الماخوذ بذنبهیه وہ دعا جو ایک نوجوان نے اپنے گناہوں کی سزا میں گرفتار ہونے کے بعد پڑھی۔منہج الدعوات اور کتابِ کفعمی میں مذکور ہے یہ وہ دعا ہے جو امیر المومنین۔نے اس نوجوان کو تعلیم فرمائی جو اپنے والدین کی نافرمانی کرنے کے باعث شل ہو گیا تھا جب اس نے یہ دعا پڑھی تو خواب میں دیکھا کہ رسول اللہؐ نے اپنا دست شفقت اسکے بدن پر پھیرا اور فرمایا کہ اس اسم اعظم کو حفظ کر لے کہ یقینا تیرا کام بن جائے گا۔اب جو اسکی آنکھ کھلی تو کیا دیکھتا ہے کہ اسکا ناکارہ جسم درست ہو گیا ہے وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُکَ بِاِسۡمِکَ بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ، یَا ذَا الۡجَلَالِ

اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نام کے واسطے سے اللہ کے نام سے شروع کرتا ہوں جو رحمن ورحیم ہے اے

وَالۡاِکۡرَامِ، یَا حَیُّ یَا قَیُّوۡمُ، یَا حَیُّ لَاۤ اِلٰہَ اِلَّاۤ اَنۡتَ، یَا ھُوَ یَا مَنۡ لَّاۤ یَعۡلَمُ مَا ھُوَ

صاحب فائدہ دینے والے، اے تدبیر والے، اے محکم کاروالے، اے مہربان، اے حکمت والے ،اے وجود قدیم، اے

وَلَاۤ کَیۡفَ ھُوَ وَلَاۤ اَیۡنَ ھُوَ وَلَاۤ حَیۡثُ ھُوَ اِلَّا ھُوَ، یَا ذَا الۡمُلۡکِ وَالۡمَلَکُوۡتِ، یَا ذَا

عالی شان اے بزرگی والے، اے محبت کرنے والے، اے احسان کرنے والے، اے حسا ب کرنے والے، اے جز اجلالت

الۡعِزَّۃِ وَالۡجَبَرُوۡتِ یا مَلِکُ یَا قُدُّوۡسُ یَا سَلَامُ یَامُؤۡمِنُ یَا مُھَیۡمِنُ یَا عَزِیۡزُ یَا

و بزرگی اے زندہ، اے نگہبان، اے زندہ سوائے تیرے کوئی معبود نہیں اے وہ کہ جسے کوئی نہیں جانتا کہ وہ کیا ہے اور کیسا

جَبَّارُ یَا مُتَکَبِّرُ یَا خَالِقُ یَا بَارِئُ یَا مُصَوِّرُ، یَا مُفِیۡدُ یَا مُدَبِّرُ، یَا شَدِیۡدُ یَا مُبۡدِئُ،

صورت بنانے والے ،اے ہے ،وہ کہاں ہے ،وہ کیوں کر ہے ہاں وہ خود ہی جانتا ہے۔ اے صاحب ملک و ملکوت اے

یَا مُعِیۡدُ یَا مُبِیۡدُ یَا وَدُوۡدُ یَا مَحۡمُوۡدُ یَا مَعۡبُوۡدُ یَا بَعِیۡدُ یَا قَرِیۡبُ یَا مُجِیۡبُ، یَا رَقِیۡبُ

صاحب عزت و اقتدار، اے بادشاہ،وجود دینے والے، اے اے پاک، اے سلا متی والے، اے امن دینے وا لے، اے

یَا حَسِیۡبُ، یَا بَدِیۡعُ یَا رَفِیۡعُ یَا مَنِیۡعُ یَا سَمِیۡعُ، یَا عَلِیۡمُ یَا حَلِیۡمُ یَا کَرِیۡمُ یَا

پاسبان، اے عزت والے، اے زبردست ،اے بڑائی والے،اے پیدا کرنے والے، اے اے صاحب ایجاد، اے

حَکِیۡمُ یَا قَدِیۡمُ، یَا عَلِیُّ یَا عَظِیۡمُ، یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ، یَا دَیَّانُ یَا مُسۡتَعَانُ یَا

مرجع خلق، اے ظالم کوختم کرنے والے، اے محبت والے، اے نیک صفات والے، اے معبود سننے والے، اے علم والے،

جَلِیۡلُ یَا جَمِیۡلُ، یَا وَکِیۡلُ یَا کَفِیۡلُ، یَا مُقِیۡلُ یَا مُنِیۡلُ یَا یَا نَبِیۡلُ یَا دَلِیۡلُ یَا

اے حلم اے بعید، اے قریب، اے دعا قبول کرنے والے، اے نگہبان ،اے حساب کرنے والے ،اے ایجاد کرنے

ھَادِیُ یَا بَادِیُ یَا اَوَّلُ یَا اٰخِرُ، یَا ظَاھِرُ یَا بَاطِنُ، یَا قَآئِمُ یَا دَآئِمُ یَا عَالِمُ یَا

والے، اے بلند مرتبہ اے عالی مقام، اے دینے والے، اے مدد کرنے والے، اے جلالت والے، اے صا حب جما ل،

حَاکِمُ، یَا قَاضِیُ یَا عَادِلُ، یَا فَاصِلُ یَا وَاصِلُ، یَا طَاھِرُ یَا مُطَھِّرُ، یَا قَادِرُ یَا

اے کارساز، اے سرپرست ،اے معاف کرنے والے ،اے پہنچانے والے اے باعظمت ،اے رہنما ،اے رہبر، اے

مُقۡتَدِرُ، یَا کَبِیۡرُ یَا مُتَکَبِّرُ، یَا وَاحِدُ یَا اَحَدُ یَا صَمَدُ، یَا مَنۡ لَّمۡ یَلِدۡ وَلَمۡ یُوۡلَدۡ

ابتداء کرنے والے ،اے اول، اے آخر، اے ظاہر، اے باطن ،اے استوار ،اے ہمیشہ رہنے والے، اے علم والے،

وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ، وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ صَاحِبَةٌ وَّلَا كَانَ مَعَهٗ وَزِيْرٌ وَلَا اتَّخَذَ

اے صاحب حکم، اے منصف ،اے عدل کرنے والے، اے سب سے جدا، اے سب سے ملے ہوئے، اے پاک اے پاک

مَعَهٗ مُشِيْرًا وَلَا احْتَاجَ اِلٰى ظَهِيْرٍ وَّلَا كَانَ مَعَهٗ مِنْ اِلٰهٍ غَيْرُهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

کرنے والے، اے قدرت والے، اے اقتدار والے، اے بزرگ، اے بزرگی والے، اے یگانہ، اے یکتا ،اے بے

فَتَعَالَيْتَ عَمَّا يَقُوْلُ الظّٰلِمُوْنَ عُلُوًّا كَبِيْرًا، يَا عَلِيُّ يَا شَامِخُ يَا بَاذِخُ يَا فَتَّاحُ يَا

نیاز، اے وہ جو کسی کا باپ نہیں اور نہ کسی کا بیٹا ہے اور جسکا کوئی ہمسر نہیں ہے اور نہ ہی اس کی کوئی زوجہ ہے نہ اس کیلئے کوئی

نَفَّاحُ يَا مُرْتَاحُ، يَا مُفَرِّجُ يَا نَاصِرُ يَا مُنْتَصِرُ يَا مُدْرِكُ يَا مُهْلِكُ يَا مُنْتَقِمُ يَا

وزیر ہے اور نہ اس نے اپنا کوئی مشیر بنایا ہے نہ وہ کسی مددگار کی حاجت رکھتا ہے اور نہ اسکے ساتھ کوئی اور معبود ہے سوائے

بَاعِثُ يَا وَارِثُ، يَا طَالِبُ يَا غَالِبُ، يَا مَنْ لَّا يَفُوْتُهٗ هَارِبٌ، يَا تَوَّابُ يَا اَوَّابُ يَا

تیرے کوئی معبود نہیں پس تو اس سے بہت زیادہ بلند ہے جو یہ ظالم کہا کرتے ہیں۔اے عالی شان اے بلند مرتبہ والے اے عالی

وَهَّابُ يَا مُسَبِّبَ الْاَسْبَابِ يَا مُفَتِّحَ الْاَبْوَابِ، يَا مَنْ حَيْثُ مَا دُعِيَ اَجَابَ يَا

مرتبہ اے کھولنے والے اے بخشنے والے اے ہوا کو چلانے والے اے راحت دینے والے اے مدد کرنے والے اے مدد

طَهُوْرُ يَا شَكُوْرُ يَا عَفُوُّ يَا غَفُوْرُ، يَا نُوْرَ النُّوْرِ، يَا مُدَبِّرَ الْاُمُوْرِ، يَا لَطِيْفُ يَا خَبِيْرُ،

دینے والے اے پہنچنے والے اے ہلاک کرنے والے اے بدلہ لینے والے اے اٹھانے والے اے وارث اے طالب اے

يَا مُجِيْرُ يَا مُنِيْرُ، يَا بَصِيْرُ يَا ظَهِيْرُ يَا كَبِيْرُ، يَا وِتْرُ يَا فَرْدُ، يَا اَبَدُ يَا سَنَدُ يَا صَمَدُ، يَا

غالب اے وہ جس سے بھاگنے والا بھاگ نہیں سکتا اے توبہ قبول کرنے والے اے پلٹنے والے اے بہت دینے والے اے

كَافِيْ يَا شَافِيْ، يَا وَافِيْ يَا مُعَافِيْ، يَا مُحْسِنُ يَا مُجْمِلُ، يَا مُنْعِمُ يَا مُفْضِلُ، يَا مُتَكَرِّمُ

اسباب مہیا کرنے والے اے دروازوں کے کھولنے والے اے وہ کہ جسے پکارا جائے تو وہ دعا قبول کرتا ہے اے بہت پاکیزہ

يَا مُتَفَرِّدُ، يَا مَنْ عَلَا فَقَهَرَ، يَا مَنْ مَّلَكَ فَقَدَرَ، يَا مَنْ بَطَنَ فَخَبَرَ، يَا مَنْ عُبِدَ

اے بہت شکر کرنے والے اے معاف کرنے والے اے بخشنے والے اے نورکے پیدا کرنے والے اے امورکی تدبیرکرنے

فَشَكَرَ، يَا مَنْ عُصِيَ فَغَفَرَ، يَا مَنْ لَا تَحْوِيْهِ الْفِكَرُ، وَلَا يُدْرِكُهٗ بَصَرٌ، وَلَا يَخْفٰى

والے اے مہربان اے خبردار اے پناہ دینے والے اے روشن کرنے والے اے بینا اے مددگارا ے سب سے بڑے اے

عَلَيْهِ اَثَرٌ، يَا رَازِقَ الْبَشَرِ، يَا مُقَدِّرَ كُلِّ قَدَرٍ، يَا عَالِيَ الْمَكَانِ يَا شَدِيْدَ الْاَرْكَانِ

بزرگ اے یکتا اے تنہا اے ہمیشگی والے اے نگہبا ن اے بے نیاز اے کافی اے شفا د ینے ،اے وفا کرنے ،اے معا ف

يَا مُبَدِّلَ الزَّمَانِ يَا قَابِلَ الْقُرْبَانِ يَا ذَا الْمَنِّ وَالإِحْسَانِ يَا ذَا الْعِزَّةِ

کرنے ،اورا ے احسا ن کرنے والے اے نیکوکار اے نعمت دینے والے اے بزرگوارا ے بڑے مرتبے والے اے یگانگی

وَالسُّلْطَانِ يَا رَحِيمُ يَا رَحْمٰنُ يَا مَنْ هُوَ كُلَّ يَوْمٍ فِي شَأْنٍ يَا مَنْ لَّا يَشْغَلُهُ شَأْنٌ

والے اے وہ جو بلندی کیساتھ غالب ہے اے وہ جو مالک ہے پھر قادر ہے اے وہ جو نہاں ہے اور باخبر ہے اے وہ جو معبود

عَنْ شَأْنٍ، يَا عَظِيمَ الشَّأْنِ يَا مَنْ هُوَ بِكُلِّ مَكَانٍ، يَا سَامِعَ الْأَصْوَاتِ يَا

ہے تو بدلہ دیتا ہے اے جو نافرمانی پر بخشتا ہے اے وہ جو فکر میں سما نہیں سکتا اور نگاہ اسے دیکھ نہیں پاتی اور کوئی نشان اس سے

مُجِيبَ الدَّعَوَاتِ يَا مُنْجِحَ الطَّلِبَاتِ يَا قَاضِيَ الْحَاجَاتِ يَا مُنْزِلَ الْبَرَكَاتِ يَا

پوشیدہ نہیں ہے اے انسانوں کو رزق دینے والے اے ہر اندازہ کے مقرر کرنے والے اے بلند مرتبہ اے محکم وسائل والے

رَاحِمَ الْعَبَرَاتِ يَا مُقِيلَ الْعَثَرَاتِ يَا كَاشِفَ الْكُرُبَاتِ يَا وَلِيَّ الْحَسَنَاتِ يَا

اے زمانے کو بدلنے والے اے قربانی قبول کرنے والے اے صاحب نعمت و احساناے صاحب عزت اور ابدی حکومت

رَافِعَ الدَّرَجَاتِ يَا مُؤْتِيَ السُّؤْلَاتِ يَا مُحْيِيَ الْأَمْوَاتِ يَا جَامِعَ الشَّتَاتِ يَا

والے اے رحیم اے رحمن اے وہ کہ ہر روز جسکی نئی شان ہے اے وہ جسے ایک کام دوسرے کام سے غافل نہیں کرتا اے

مُطَّلِعًا عَلَى النِّيَّاتِ، يَا رَآدَّ مَا قَدْ فَاتَ يَا مَنْ لَّا تَشْتَبِهُ عَلَيْهِ الْأَصْوَاتُ، يَا

بڑے مقام والے اے وہ جو ہر جگہ موجود ہے اے آوازوں کے سننے والے اے دعا ئیں قبول کرنے والے اے مرادیں

مَنْ لَّا تُضْجِرُهُ الْمَسْأَلَاتُ وَلَا تَغْشَاهُ الظُّلُمَاتُ يَا نُوْرَ الْأَرْضِ وَالسَّمٰوٰتِ يَا

برلانے والے اے حاجات پوری کرنے والے اے برکتیں نازل کرنے والے اے آنسوؤں پر رحم کھانے والے اے

سَابِغَ النِّعَمِ يَا دَافِعَ النِّقَمِ، يَا بَارِئَ النَّسَمِ، يَا جَامِعَ الْأُمَمِ، يَا شَافِيَ السَّقَمِ

گناہوں کے معاف کرنے والے اے سختیاں دور کرنے والے اے نیکیوں کو پسند کرنے والے اے مرتبے بلند کرنے والے

يَا خَالِقَ النُّوْرِ وَالظُّلَمِ يَا ذَا الْجُوْدِ وَالْكَرَمِ يَا مَنْ لَّا يَطَأُ عَرْشَهُ قَدَمٌ، يَا أَجْوَدَ

اے مرادیں پوری کرنے والے اے مردوں کو زندہ کرنے والے اے بکھروں کو اکٹھا کرنے والے اے نیتوں کی خبر رکھنے

الْأَجْوَدِيْنَ، يَا أَكْرَمَ الْأَكْرَمِيْنَ، يَا أَسْمَعَ السَّامِعِيْنَ، يَا أَبْصَرَ النَّاظِرِيْنَ، يَا جَارَ

والے اے کھوئی ہوئی چیزیں لوٹانے والے اے وہ جس پر آوازیں مشتبہ نہیں ہوتیں اے وہ جسے کثرت سوال سے تنگی نہیں ہوتی

الْمُسْتَجِيْرِيْنَ، يَا أَمَانَ الْخَآئِفِيْنَ، يَا ظَهْرَ اللَّاجِيْنَ يَا وَلِيَّ الْمُؤْمِنِيْنَ يَا غِيَاثَ

اور تاریکیاں اسے گھیرتی نہیں ہیں اے آسمانوں اور زمین کی روشنی اے نعمتوں کے پورا کرنے والے اے بلائیں ٹالنے

الْمُسْتَغِيْثِيْنَ، يَا غَايَةَ الطَّالِبِيْنَ، يَا صَاحِبَ كُلِّ غَرِيْبٍ، يَا مُؤْنِسَ كُلِّ

والے اے جانداروں کو پیدا کرنے والے اے امتوں کو جمع کرنے والے اے بیماروں کو شفا دینے والے اے روشنی اور

وَحِيْدٍ، يَا مَلْجَاَ كُلِّ طَرِيْدٍ، يَا مَاْوٰى كُلِّ شَرِيْدٍ، يَا حَافِظَ كُلِّ ضَّالَّةٍ، يَا رَاحِمَ

تاریکی کے پیدا کرنے والے اے صاحب جودو کرم اے وہ جس کے عرش پر کسی کا قدم نہیں آیا اے سختیوں میں سے سب سے

الشَّيْخِ الْكَبِيْرِ، يَا رَازِقَ الطِّفْلِ الصَّغِيْرِ، يَا جَابِرَ الْعَظْمِ الْكَسِيْرِ، يَا فَآكَّ كُلِّ

بڑے سختی اے بزرگی والوں سے زیادد بزرگ اے سننے والوں میں سے زیادہ سننے والے اے دیکھنے والوں میں سے زیادہ

اَسِيْرٍ يَا مُغْنِيَ الْبَآئِسِ الْفَقِيْرِ، يَا عِصْمَةَ الْخَآئِفِ الْمُسْتَجِيْرِ، يَا مَنْ لَّهٗ

دیکھنے والے اے پناہ گزینوں کی پناہ گاہ اے ڈرے ہوؤں کی جائے امن اے پناہ چاہنے والوں کی جائے پناہ اے مومنوں

التَّدْبِيْرُ وَالتَّقْدِيْرُ يَا مَنِ الْعَسِيْرُ عَلَيْهِ سَهْلٌ يَّسِيْرٌ يَا مَنْ لَّا يَحْتَاجُ اِلٰى

کے سرپرست اے فریادیوں کے فریاد رس اے طلبگاروں کی امید اے ہر سفر کرنے والے کے ساتھی اے ہر اکیلے کے ہم نشیں

تَفْسِيْرٍ يَا مَنْ هُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، يَا مَنْ هُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ خَبِيْرٌ، يَا مَنْ هُوَ بِكُلِّ

اے ہر نکالے گئے کی جائے پناہ اے بے ٹھکانوں کی قرارگاہ اے گمشدہ کے نگہبان اے بڑے بوڑھے پر رحم کرنے والے

شَيْءٍ بَصِيْرٌ، يَا مُرْسِلَ الرِّيَاحِ، يَا فَالِقَ الْاِصْبَاحِ يَا بَاعِثَ الْاَرْوَاحِ، يَا ذَا الْجُوْدِ

اے ننھے بچے کو روزی دینے والے اے ٹوٹی ہڈی کو جوڑنے والے اے ہر قیدی کو رہائی دینے والے اے بے چارے مفلس

وَالسَّمَاحِ، يَا مَنْ بِيَدِهٖ كُلُّ مِفْتَاحٍ، يَا سَامِعَ كُلِّ صَوْتٍ، يَا سَابِقَ كُلِّ فَوْتٍ، يَا

کو غنی بنانے والے اے خائف پناہ گزین کی جائے قرار اے تدبیر اور تقدیر کے مالک اے وہ جس کے لیے ہر مشکل کام آسان

مُحْيِيَ كُلِّ نَفْسٍ بَعْدَ الْمَوْتِ، يَا عُدَّتِيْ فِيْ شِدَّتِيْ، يَا حَافِظِيْ فِيْ غُرْبَتِيْ، يَا مُؤْنِسِيْ

اور ہلکا ہے اے وہ جو تفسیر کا محتاج نہیں اے وہ جو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اے وہ جو ہر چیز سے واقف ہے اے وہ جو ہر چیز کو

فِيْ وَحْدَتِيْ، يَا وَلِيِّيْ فِيْ نِعْمَتِيْ يَا كَهْفِيْ حِيْنَ تُعْيِيْنِيَ الْمَذَاهِبُ وَتُسَلِّمُنِيَ

دیکھتا ہے اے ہواؤں کو چلانے والے اے صبح کی پو کھولنے والے اے روحوں کو بھیجنے والے اے عطا و سخاوت والے اے وہ

الْاَقَارِبُ وَيَخْذُلُنِيْ كُلُّ صَاحِبٍ يَا عِمَادَ مَنْ لَا عِمَادَ لَهٗ يَا سَنَدَ مَنْ لَا سَنَدَ لَهٗ

جس کے ہاتھ میں ساری کنجیاں ہیں اے ہر آواز کے سننے والے اے ہر گزرے ہوئے سے پہلے اے ہر نفس کو اس کی موت کے

يَا ذُخْرَ مَنْ لَا ذُخْرَ لَهٗ يَا حِرْزَ مَنْ لَا حِرْزَ لَهٗ يَا كَهْفَ مَنْ لَا كَهْفَ لَهٗ، يَا كَنْزَ مَنْ

بعد زندہ کرنے والے اے سختیوں میں میری پناہ اے سفر میں میرے محافظ اے میری تنہائی کے ہمدم اے میری نعمتوں کے مالک

لَّا كَنْزَ لَهٗ، يَا رُكْنَ مَنْ لَّا رُكْنَ لَهٗ، يَا غِيَاثَ مَنْ لَّا غِيَاثَ لَهٗ، يَا جَارَ مَنْ لَّا جَارَ

اے میری پناہ جب مجھ پر راہیں بند ہوجائیں اور رشتہ دار مجھے دور کر دیں اور احباب مجھے چھوڑ جائیں اے اسکے سہارے جسکا

لَهٗ، يَا جَارِيَ اللَّصِيْقَ يَا رُكْنِيَ الْوَثِيْقَ، يَاصِ اِلٰهِيْ بِالتَّحْقِيْقِ، يَا رَبَّ الْبَيْتِ

کوئی سہارا نہیں اے اسکی سند جسکی کوئی سند نہیں اے اسکے ذخیرے جسکا کوئی ذخیرہ نہیں اے اسکی پناہ جسکی کوئی پناہ نہیں اے اسکی

الْعَتِيْقِ، يَا شَفِيْقُ يا رَفِيْقُ، فُكَّنِيْ مِنْ حَلَقِ الْمَضِيْقِ، وَاصْرِفْ عَنِّيْ كُلَّ هَمٍّ

اما ن جسکی کوئی امان نہیں اے اسکے خزانے جسکا کوئی خز انہ نہیں اے اسکے پشت پناہ جسکا کوئی پشت پناہ نہیں اے اسکے فریاد رس

وَغَمٍّ وَضِيْقٍ،وَ اكْفِنِيْ شَرَّ مَا لَآ اُطِيْقُ، وَاَعِنِّيْ عَلٰى مَآ اُطِيْقُ، يَا رَآدَّ يُوْسُفَ

جسکا کوئی فریاد رس نہیں اے اسکے ہمسائے جسکا کوئی ہمسایہ نہیں جو نزدیک تر ہے اے میرا مضبوط ترین سہارہ اے میرے حقیقی

عَلٰى يَعْقُوْبَ، يَا كَاشِفَ ضُرِّ اَيُّوْبَ،يَا غَافِرَ ذَنْبِ دَاوٗدَ، يَا رَافِعَ عِيْسَى بْنِ

معبود اے خانہ کعبہ کے پروردگار اے مہربان اے دوست مجھے تنگ گھیرے سے آزاد کر مجھ سے ہر غم و اندیشہ اور تنگی دور فرما

مَرْيَمَ وَمُنْجِيَهٗ مِنْ اَيْدِى الْيَهُوْدِ، يَا مُجِيْبَ نِدَآءِ يُوْنُسَ فِي الظُّلُمَاتِ يَا

دے مجھے اس شر سے بچا جو میری طاقت سے زیادہ ہے اور اس میں مدد دے جو میں سہہ سکتا ہوں اے وہ جس نے یعقوبؑ کو

مُصْطَفِيَ مُوْسٰى بِالْكَلِمَاتِ، يَا مَنْ غَفَرَ لِاٰدَمَ خَطِيْٓئَتَهٗ وَرَفَعَ اِدْرِيْسَ مَكَانًا

یوسفؑ واپس دلایا اے ایو بؑ کا دکھ دور کرنے والے اے داؤدؑ کی خطا معاف کرنے والے اے عیسیٰؑ بن مریم کو آسمان پر

عَلِيًّا بِرَحْمَتِهٖ، يَا مَنْ نَجّٰى نُوْحًا مِنَ الْغَرَقِ، يَا مَنْ اَهْلَكَ عَادًا الْاُوْلٰى وَثَمُوْدَ فَمَا

اٹھانے والے۔ اور انہیں یہودیوں کے چنگل سے چھڑانے والے اے تاریکیوں میں یونسؑ کی فریاد کو پہنچنے والے اے موسیٰؑ کو

اَبْقٰى وَقَوْمَ نُوْحٍ مِّنْ قَبْلُ اِنَّهُمْ كَانُوْا هُمْ اَظْلَمَ وَاَطْغٰى وَالْمُؤْتَفِكَةَ اَهْوٰى، يَا

اپنے کلام کیلئے منتخب کرنے والے اے آدمؑ کے ترک اولی کو معاف کرنے والے اور ادریسؑ کو اپنی رحمت سے بلند مقام پر لے

مَنْ دَمَّرَ عَلٰى قَوْمِ لُوْطٍ، وَدَمْدَمَ عَلٰى قَوْمِ شُعَيْبٍ، يَا مَنِ اتَّخَذَ اِبْرَاهِيْمَ

جانے والے اے نوحؑ کو ڈوبنے سے بچانے والے اے وہ جس نے عاد اولی اور ثمود کو ہلا ک کیا پس کسی کو باقی نہ چھوڑا اور ان

خَلِيْلاً يَا مَنِ اتَّخَذَ مُوْسٰى كَلِيْمًا وَاتَّخَذَ مُحَمَّدًا صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَعَلَيْهِمْ

سے پہلے قوم نوحؑ کو ہلاک کیا جو بڑے ظالم سرکش اور دین میں افترا کرنے والے تھے اے وہ جس نے قوم لوط کی بستیوں کو

اَجْمَعِيْنَ حَبِيْبًا، يَا مُؤْتِيَ لُقْمَانَ الْحِكْمَةَ، وَالْوَاهِبَ لِسُلَيْمَانَ مُلْكًا لَّا يَنْبَغِيْ

الٹ دیا اور قوم شعیب پر عذاب بھیجا تھا اے وہ جس نے ابراہیمؑ کو اپنا خلیل بنایا اے وہ جس نے موسیٰؑ کو اپنا کلیم بنایا اور محمد

لِاَحَدٍ مِّنْ بَعْدِهٖ، يَا مَنْ نَّصَرَ ذَا الْقَرْنَيْنِ عَلَى الْمُلُوْكِ الْجَبَابِرَةِ يَا مَنْ اَعْطَى

صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنا حبیب قرار دیا کہ خدا کی رحمت ہو ان پر انکی آلؑ پر اور ان سب ہستیوں پر جنکا ذکر ہوا ہے اے لقمانؑ کو حکمت

الْخِضْرَ الْحَيٰوةَ وَرَدَّ لِيُوْشَعَ بْنِ نُوْنٍ الشَّمْسَ بَعْدَ غُرُوْبِهَا يَا مَنْ رَبَطَ عَلٰى قَلْبِ

عطا کرنے والےاور سلیمانؑ کو ایسی سلطنت دینے والے کہ جیسی سلطنت انکے بعد کسی کو نہیں ملی اے وہ جس نے جابر بادشاہوں

اُمِّ مُوْسٰى، وَاَحْصَنَ فَرْجَ مَرْيَمَ ابْنَةِ عِمْرَانَ، يَا مَنْ حَصَّنَ يَحْيَى بْنَ زَكَرِيَّا مِنَ

کے خلاف ذوالقرنینؑ کی مدد فرمائی اے وہ جس نے خضرؑ کو دائمی زندگی دی اور یوشعؑ بن نون کی خاطر آفتاب کو پلٹایاجب کہ وہ

الذَّنْبِ وَسَكَّنَ عَنْ مُوْسَى الْغَضَبَ يَا مَنْ بَشَّرَ زَكَرِيَّا بِيَحْيٰى يَا مَنْ فَدَا

غروب ہو چکا تھا اے وہ جس نے مادر موسیٰؑ کے دل کو سکون دیا اور مریم بنت عمرانؑ کو پاکدامنی سے سرفراز فرمایا اے وہ جس

اِسْمَاعِيْلَ مِنَ الذَّبْحِ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ يَا مَنْ قَبِلَ قُرْبَانَ هَابِيْلَ وَجَعَلَ اللَّعْنَةَ

یحییٰؑ بن زکریاؑ کو گناہ سے محفوظ رکھا اور موسیٰؑ سے غضب کو دور فرمایااے وہ جس نے زکریاؑ کو یحییٰؑ کی بشارت دی اے وہ جس

عَلٰى قَابِيْلَ، يَا هَازِمَ الْاَحْزَابِ لِمُحَمَّدٍ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

نے اسماعیلؑ کے ذبح ہونے کو ذبح عظیم میں بدلااے وہ جس نے ہابیلؑ کی قربانی قبول فرمائی اور قابیل پر لعنت مسلط کر دی

وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى جَمِيْعِ الْمُرْسَلِيْنَ وَمَلَآئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ وَاَهْلِ طَاعَتِكَ

اے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خاطر کفار کے جتھوں کو شکست دینے والے محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل کر اپنے تمام رسولوں پر اور

اَجْمَعِيْنَ وَاَسْاَلُكَ بِكُلِّ مَسْاَلَةٍ سَاَلَكَ بِهَا اَحَدٌ مِّمَّنْ رَضِيْتَ عَنْهُ، فَحَتَمْتَ لَه

اپنے مقرب فرشتوں پر اور فرمانبردار بندوں پر رحمت نازل فرما اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے ہر اس سوال کے واسطے

عَلَى الْاِجَابَةِ، يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ يَا اَللّٰهُ، يَا رَحْمٰنُ يَا رَحْمٰنُ يَا رَحْمٰنُ، يَا رَحِيْمُ يَا رَحِيْمُ يَا

سے جو تیرے ہر اس بندے نے کیا جس سے تو راضی و خوش ہے پھر تو نے اسکی دعا یقینا قبول فرمائی یااللہ یااللہ یارحمن

رَحِيْمُ، يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا ذَا الْجَلَالِ

یارحمن یارحیم یارحیم یارحیم اے جلالت و بزرگی والے اے جلالت وبزرگی والے اے جلالت و بزرگی والے اسی کا

وَالْاِكْرَامِ بِهٖ بِهٖ بِهٖ بِهٖ بِهٖ بِهٖ اَسْئَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ سَمَّيْتَ بِهٖ نَفْسَكَ،

واسطہ اسی کا اسی کا اسی کا اسی کا اسی کا میں سوال کرتا ہوں تیرے ہر اس نام کے واسطہ سے جس سے تو نے اپنی ذات کو

اَوْ اَنْزَلْتَهٗ فِيْ شَيْءٍ مِنْ كُتُبِكَ، اَوِ اسْتَاْثَرْتَ بِهٖ فِيْ عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ،

پکارایا اپنے صحیفوں میں سے کسی میں اتارا یا اسے علم غیب میں اپنے لئے مقرر و خاص کیا ہے ان مقامات بلند کا واسطہ جو تیرے

وَبِمَعَاقِدِ الْعِزِّ مِنْ عَرْشِكَ، وَبِمُنْتَهَى الرَّحْمَةِ مِنْ كِتَابِكَ وَبِمَا لَوْ اَنَّ مَا فِي

عرش میں ہیں اس انتہائی رحمت کا واسطہ جو تیری کتاب میں ہے اور اس آیت کا واسطہ کہ اگر زمین کے تمام درخت قلم اور

الْاَرْضِ مِنْ شَجَرَةٍ اَقْلَامٌ وَّالْبَحْرُ يَمُدُّهٗ مِنْ بَعْدِهٖ سَبْعَةُ اَبْحُرٍ مَّا نَفِدَتْ

سمندر روشنائی بن جائیں اسکے بعد سات سمندر اور ہوں تو بھی خدا کے کلمات تمام نہیں ہوں گے بے شک اللہ غالب ہے حکمت

كَلِمَاتُ اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ، وَاَسْئَلُكَ بِاَسْمَآئِكَ الْحُسْنٰى الَّتِيْ نَعَتَّهَا فِيْ

والا اور میں سوال کرتا ہوں تیرے پیارے ناموں کیساتھ جنکی تو نے قرآن میں توصیف کی پس تو نے کہا اور اللہ کیلئے ہیں

كِتَابِكَ فَقُلْتَ وَلِلّٰهِ الْاَسْمَآءُ الْحُسْنٰى فَادْعُوْهُ بِهَا وَقُلْتَ اُدْعُوْنِيْ اَسْتَجِبْ

پیارے پیارے نام تو تم اسے انہی سے پکارو اور تو نے کہا مجھے پکارو میں تمہاری دعا قبول کروں گا اور تونے کہا کہ جب

لَكُمْ، وَقُلْتَ وَاِذَا سَاَلَكَ عِبَادِيْ عَنِّيْ فَاِنِّيْ قَرِيْبٌ اُجِيْبُ دَعْوَةَ الدَّاعِ اِذَا

میرے بندے پکاریں تو میں ان کے قریب ہی ہوتا ہوں میں دعا کرنے والے کی دعا قبول کرتا ہوں جب وہ دعا کرے اور

دَعَانِ، وَقُلْتَ يَا عِبَادِيَ الَّذِيْنَ اَسْرَفُوْا عَلٰى اَنْفُسِهِمْ لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَةِ

تو نے کہا اے میرے وہ بندو جنہوں نے اپنے اوپر ظلم کیا ہے کہ تم اللہ کی رحمت سے ناامید نہ ہو جانا کہ بے شک اللہ تمام گناہ

اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ جَمِيْعًا اِنَّهٗ هُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ وَاَنَا اَسْئَلُكَ يَا اِلٰهِيْ،

بخش دے گا یقینا وہ بہت بخشنے والا مہربان ہے اور میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اے معبود تجھے پکارتا ہوں اے پروردگار اور

وَاَدْعُوْكَ يَا رَبِّ، وَاَرْجُوْكَ يَا سَيِّدِيْ، وَاَطْمَعُ فِيْ اِجَابَتِيْ يَا مَوْلَايَ كَمَا

تجھ سے امید رکھتا ہوں اے میرے آقامیں دعا کے قبول ہونے کی طمع رکھتا ہوں اے میرے مولا جیسے تو نے وعدہ کیا اور میں

وَعَدْتَّنِيْ وَقَدْ دَعَوْتُكَ كَمَآ اَمَرْتَنِيْ، فَافْعَلْ بِيْ مَآ اَنْتَ اَهْلُهٗ يَا كَرِيْمُ، وَالْحَمْدُ

نے تجھے پکارا جیسا کہ تو نے مجھے حکم دیا پس اے کریم ذات تو بھی مجھ سے وہ سلوک کر جسکا تو اہل ہے اور تعریف بس خدا کیلئے ہے

لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ، وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ

جو عالمین کا رب ہے اور محمدؐ اور اسکی تمام آل محمدؐ پر اللہ رحمت فرمائے۔

اسکے بعد اپنی حاجات طلب کریں کہ انشاءاللہ پوری ہوگی اور مہج الدعوات میں ہے کہ اس دعا کو باطہارت حالت ہی میں پڑھا جائے۔

دعائے یستشیر

سید ابن طاؤس نے مہج الدعوات میں امیر المومنین علیہ السلام سے روایت کی ہے، کہ آپ نے فرمایا: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مجھے یہ دعا تعلیم فرمائی اور یہ حکم بھی دیا کہ میں تنگی وفراخی میں اس دعا کو پڑھتا رہوں اور اپنے جانشین کو اسکی تعلیم دوں اور تا دم آخر اسے ترک نہ کروں پھر فرمایا: کہ اے علیؑ ہر مرد مؤمن صبح وشام یہ دعا پڑھے کیونکہ یہ عرش الٰہی کے خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے، تب ابی بن کعب ؓ نے عرض کی کہ یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس دعا کی فضیلت بیان فرمائیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اسکا اجر وثواب اور بہت سے فضائل بیان فرمائے۔ پس جو شخص ان سے آگاہ ہونا چاہے وہ مہج الدعوات کی طرف رجوع کرے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

خدا کے نام سے (شروع) جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمَلِكُ الْحَقُّ الْمُبِيْنُ، الْمُدَبِّرُ بِلَا وَزِيْرٍ، وَلَا خَلْقٍ

ساری تعریف خدا کیلئے ہے جسکے سوا کوئی معبود نہیں وہ بادشاہ حق ظاہر بظاہر ہے وہ بغیر وزیر کے اور مخلوق میں سے

مِنْ عِبَادِهٖ يَسْتَشِيْرُ، الْاَوَّلُ غَيْرُ مَوْصُوْفٍ، وَالْبَاقِیْ بَعْدَ فَنَآءِ الْخَلْقِ، الْعَظِيْمُ

کسی کے مشورے کے بغیر نظم قائم کرنیوالا خدا ہے وہ ایسا اول ہے جسکا بیان نہیں ہوسکتا اور مخلوق کی فناء کے بعد

الرُّبُوْبِيَّةِ، نُوْرُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرَضِيْنَ وَفَاطِرُهُمَا وَمُبْتَدِعُهُمَا، بِغَيْرِ عَمَدٍ

باقی رہنے والا ہے وہ ہے بڑا پالنے والا آسمانوں اور زمینوں کو روشن کرنے والا انکا پیدا کرنیوالا اور انہیں

خَلَقَهُمَا وَفَتَقَهُمَا فَتْقًا، فَقَامَتِ السَّمٰوٰتُ طَآئِعَاتٍ بِاَمْرِهٖ، وَاسْتَقَرَّتِ

بغیر ستون کے بنانے والا ہے اس نے ان دونوں کو پیدا کیا اور الگ الگ رکھا پس آسمان اسکی اطاعت کرتے

الْاَرَضُوْنَ بِاَوْتَادِهَا فَوْقَ الْمَآءِ، ثُمَّ عَلَا رَبُّنَا فِی السَّمٰوٰتِ الْعُلٰی، الرَّحْمٰنُ عَلَى

ہوئے اسکے حکم پر کھڑے ہوگئے اور زمینیں اپنی میخوں کے سہارے پانی کے اوپر ٹھہرگئی پھر ہمارا پروردگار

الْعَرْشِ اسْتَوٰى، لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَمَا تَحْتَ

اونچے آسمانوں پر مسلط ہوگیا وہی رحمن ہر بلندی پر حاوی ہوگیا جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے جو کچھ

حَرَمْتَنِیْ فَمَنْ ذَا الَّذِیْ یَرْزُقُنِیْ وَاِنْ خَذَلْتَنِیْ فَمَنْ ذَا الَّذِیْ یَنْصُرُنِیْۤ اِلٰهِیْۤ اَعُوْذُ

میرے معبود! اگر تو نے مجھے محروم کیا تو پھر کون ہے جو مجھے رزق دے گا اور اگر تو نے مجھے رسوا کیا تو پھر کون ہے جو میری مدد

بِكَ مِنْ غَضَبِكَ وَحُلُوْلِ سَخَطِكَ اِلٰهِیْۤ اِنْ كُنْتُ غَیْرَ مُسْتَاْهِلٍ لِّرَحْمَتِكَ

کرے گا میرے معبود! میں تیرے غضب اور تیرا عذاب نازل ہونے سے تیری پناہ مانگتا ہوں میرے معبود: اگر میں تیری

فَاَنْتَ اَهْلٌ اَنْ تَجُوْدَ عَلَیَّ بِفَضْلِ سَعَتِكَ اِلٰهِیْ كَاَنِّیْ بِنَفْسِیْ وَاقِفَةٌ بَیْنَ یَدَیْكَ

رحمت کے لائق نہیں پس تو اس چیز کا اہل ہے کہ مجھ پر اپنے عظیم تر فضل سے عطا و عنایت فرمائے میرے معبود! گویا میں خود

وَقَدْ اَظَلَّهَا حُسْنُ تَوَكُّلِیْ عَلَیْكَ فَقُلْتَ مَاۤ اَنْتَ اَهْلُهٗ وَتَغَمَّدْتَّنِیْ بِعَفْوِكَ

تیرے سامنے کھڑا ہوں اور تجھ پر میرے حسن اعتماد اور توکل کا سایہ پڑ رہا ہے پس تو نے وہی کچھ کیا جو تیری شان کے لائق ہے

اِلٰهِیْ اِنْ عَفَوْتَ فَمَنْ اَوْلٰی مِنْكَ بِذٰلِكَ وَ اِنْ كَانَ قَدْ دَنَا اَجَلِیْ وَلَمْ یُدْنِنِیْ
اور تو نے مجھے اپنے دامن عفو میں لے لیا میرے معبود: اگر تو مجھے معاف کرے تو کون ہے جو اس کا تجھ سے زیادہ اہل ہو اور اگر
مِنْكَ عَمَلِیْ فَقَدْ جَعَلْتُ الْاِقْرَارَ بِالذَّنْبِ اِلَیْكَ وَسِیْلَتِیْ. اِلٰهِیْ قَدْ جُرْتُ عَلٰی
میری موت قریب آ گئی ہے اور میرا کردار مجھے تیرے قریب کرنے والا نہیں تو میں نے اپنے گناہ کے اقرار کو تیری جناب میں
نَفْسِیْ فِی النَّظَرِ لَهَا فَلَهَا الْوَیْلُ اِنْ لَّمْ تَغْفِرْ لَهَا. اِلٰهِیْ لَمْ یَزَلْ بِرُّكَ عَلَیَّ اَیَّامَ
اپنا وسیلہ قرار دے لیا ہے میرے معبود! میں نے اپنے نفس کی تدبیر میں اس پر ظلم کیا اگر تو اسے بخشے تو یہ ہلاکت وبربادی ہے
حَیَاتِیْ فَلَا تَقْطَعْ بِرَّكَ عَنِّیْ فِیْ مَمَاتِیْ. اِلٰهِیْ كَیْفَ اٰیَسُ مِنْ حُسْنِ نَظَرِكَ لِیْ
میرے معبود ایام زندگی میں تیرا احسان ہمیشہ مجھ پر ہوتا رہا پس بوقت موت اسے مجھ سے قطع نہ فرما میرے معبود! میں مرنے
بَعْدَ مَمَاتِیْ وَاَنْتَ لَمْ تُوَلِّنِیْ اِلَّا الْجَمِیْلَ فِیْ حَیَاتِیْ. اِلٰهِیْ تَوَلَّ مِنْ اَمْرِیْ مَا
کے بعد تیرے عمدہ التفات سے کیونکر مایوس ہوں گا جبکہ میں نے اپنی زندگی میں تیری طرف سے سوائے نیکی کے کچھ اور نہیں
اَنْتَ اَهْلُهٗ، وَعُدْ عَلَیَّ بِفَضْلِكَ عَلٰی مُذْنِبٍ قَدْ غَمَرَهٗ جَهْلُهٗ. اِلٰهِیْ قَدْ سَتَرْتَ
دیکھا میرے معبود! میرے امور کا اس طرح ذمہ دار بن جو تیرے شایاں ہے اور مجھ گنہگار پر اپنے فضل سے توجہ فرما جسے
عَلَیَّ ذُنُوْبًا فِی الدُّنْیَا وَاَنَا اَحْوَجُ اِلٰی سَتْرِهَا عَلَیَّ مِنْكَ فِی الْاُخْرٰی اِذْ لَمْ
نادانی نے گھیر رکھا ہے میرے معبود! تو نے دنیا میں میرے گناہوں کی پردہ پوشی فرمائی جبکہ میں آخرت میں اپنے گناہوں کی
تُظْهِرْهَا لِاَحَدٍ مِّنْ عِبَادِكَ الصَّالِحِیْنَ فَلَا تَفْضَحْنِیْ یَوْمَ الْقِیٰمَةِ عَلٰی رُؤُوْسِ
پردہ پوشی کا زیادہ محتاج ہوں میرے معبود! یہ تیرا احسان ہے کہ تو نے میرے گناہ اپنے نیک بندوں میں سے کسی پر ظاہر نہیں
الْاَشْهَادِ اِلٰهِیْ جُوْدُكَ بَسَطَ اَمَلِیْ وَعَفْوُكَ اَفْضَلُ مِنْ عَمَلِیْ. اِلٰهِیْ فَسُرَّنِیْ
کیے پس روز قیامت بھی مجھے لوگوں کے سامنے رسوا و ذلیل نہ فرما میرے معبود! تیری عطا میری امید پر چھائی ہوئی ہے اور تیرا
بِلِقَآئِكَ یَوْمَ تَقْضِیْ فِیْهِ بَیْنَ عِبَادِكَ اِلٰهِیْ اعْتِذَارِیْ اِلَیْكَ اعْتِذَارُ مَنْ لَّمْ
عفو میرے عمل سے برتر ہے میرے معبود! اپنی ملاقات سے مجھے شاد فرما جس روز تو اپنے بندوں کے درمیان فیصلے کرے گا
یَسْتَغْنِ عَنْ قَبُوْلِ عُذْرِهٖ فَاقْبَلْ عُذْرِیْ یَا اَكْرَمَ مَنِ اعْتَذَرَ اِلَیْهِ
میرے معبود! تیرے حضور میری عذر خواہی اس شخص کی طرح ہے جو قبول عذر سے بے نیاز نہیں پس میرا عذر قبول فرما اے
الْمُسِیْٓـُٔوْنَ. اِلٰهِیْ لَا تَرُدَّ حَاجَتِیْ، وَلَا تُخَیِّبْ طَمَعِیْ وَلَا تَقْطَعْ مِنْكَ رَجَآئِیْ
سب سے زیادہ کرم کرنے والے کہ جس کے سامنے گنہگار عذر خواہی کرتے ہیں میرے مولا میری حاجت رد نہ فرما میری طمع

وَاَمَلِيْ ۔اِلٰهِيْ لَوْ اَرَدْتَّ هَوَانِيْ لَمْ تَهْدِنِيْ وَلَوْ اَرَدْتَّ فَضِيْحَتِيْ لَمْ تُعَافِنِيْ ۔اِلٰهِيْ

میں مجھے ناامید نہ کر اور میں تجھ سے جو امید و آرزو رکھتا ہوں اسے قطع نہ کر میرے معبود اگر تو میری خواری چاہتا ہے تو میری

مَآ اَظُنُّكَ تَرُدُّنِيْ فِيْ حَاجَةٍ قَدْ اَفْنَيْتُ عُمْرِيْ فِيْ طَلَبِهَا مِنْكَ ۔اِلٰهِيْ فَلَكَ الْحَمْدُ

رہنمائی نہ فرماتا اور اگر تو میری رسوائی چاہتا تو میری پردہ پوشی نہ کرتا، میرے معبود! میں یہ گمان نہیں کرتا کہ تو میری وہ

اَبَدًا اَبَدًا دَآئِمًا سَرْمَدًا يَّزِيْدُ وَلَا يَبِيْدُ كَمَا تُحِبُّ وَتَرْضٰى ۔اِلٰهِيْ اِنْ اَخَذْتَنِيْ

حاجت پوری نہ کرے گا جو میں عمر بھر تجھ سے طلب کرتا رہا ہوں، میرے معبود! حمد بس تیرے ہی لیے ہے ہمیشہ ہمیشہ پے در پے

بِجُرْمِيْ اَخَذْتُكَ بِعَفْوِكَ وَ اِنْ اَخَذْتَنِيْ بِذُنُوْبِيْ اَخَذْتُكَ بِمَغْفِرَتِكَ، وَ اِنْ

اور بے انتہا جو بڑھتی جاتی ہے اور کم نہیں ہوتی جو تجھے پسند ہے اور تجھے بھلی لگتی ہے، میرے معبود! اگر تو مجھے جرم پر پکڑے گا تو

اَدْخَلْتَنِي النَّارَ اَعْلَمْتُ اَهْلَهَا اَنِّيْ اُحِبُّكَ اِلٰهِيْ اِنْ كَانَ صَغُرَ فِيْ جَنْبِ طَاعَتِكَ

میں تیری بخشش کا دامن تھام لوں گا اگر مجھے گناہ پر پکڑے گا تو میں تیری پردہ پوشی کا سہارا لوں گا اور اگر تو مجھے جہنم میں ڈالے

عَمَلِيْ فَقَدْ كَبُرَ فِيْ جَنْبِ رَجَآئِكَ اَمَلِيْ اِلٰهِيْ كَيْفَ اَنْقَلِبُ مِنْ عِنْدِكَ بِالْخَيْبَةِ

گا تو میں اہل جہنم کو بتاؤں گا کہ میں تیرا چاہنے والا ہوں میرے خدا! اگر تیری اطاعت کے سلسلے میں میرا عمل کمتر ہے تو بھی تجھ

مَحْرُوْمًا وَقَدْ كَانَ حُسْنُ ظَنِّيْ بِجُوْدِكَ اَنْ تَقْلِبَنِيْ بِالنَّجَاةِ مَرْحُوْمًا اِلٰهِيْ وَقَدْ

سے بخشش کی امید رکھنے میں میری آرزو بہت بڑی ہے، میرے خدا! کس طرح میں تیری درگاہ سے مایوسی میں خالی ہاتھ پلٹ

اَفْنَيْتُ عُمْرِيْ فِيْ شِرَّةِ السَّهْوِ عَنْكَ، وَاَبْلَيْتُ شَبَابِيْ فِيْ سَكْرَةِ التَّبَاعُدِ مِنْكَ

جاوں جبکہ میں تیری عطا سے یہ توقع رکھتا ہوں کہ تو مجھے رحمت و بخشش کے ساتھ پلٹائے گا، میرے خدا ہوا یہ کہ میں نے تجھے

اِلٰهِيْ فَلَمْ اَسْتَيْقِظْ اَيَّامَ اغْتِرَارِيْ بِكَ، وَرُكُوْنِيْ اِلٰى سَبِيْلِ سَخَطِكَ اِلٰهِيْ وَاَنَا

فراموش کرکے اپنی زندگی برائی میں گزاری اور میں نے اپنی جوانی تجھ سے دوری اور غفلت میں گنوائی میرے خدا؛ تیرے

عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ قَآئِمٌ بَيْنَ يَدَيْكَ مُتَوَسِّلٌ بِكَرَمِكَ اِلَيْكَ اِلٰهِيْ اَنَا عَبْدٌ

مقابل جرأت کرنے کے دوران میں ہوش میں نہ آیا اور تیری ناخوشی کے راستے پر چلتا گیا پھر بھی اے معبود؛ میں تیرا بندہ اور

اَتَنَصَّلُ اِلَيْكَ مِمَّا كُنْتُ اُوَاجِهُكَ بِهٖ مِنْ قِلَّةِ اسْتِحْيَآئِيْ مِنْ نَظَرِكَ، وَاَطْلُبُ

تیرے بندے کا بیٹا ہوں اور تیرے ہی لطف و کرم کو وسیلہ بنا کر تیری بارگاہ میں آکر کھڑا ہوں، میرے خدا! میں وہ بندہ ہوں

اَلْعَفْوَ مِنْكَ اِذِ الْعَفْوُ نَعْتٌ لِّكَرَمِكَ اِلٰهِيْ لَمْ يَكُنْ لِّيْ حَوْلٌ فَاَنْتَقِلَ بِهٖ عَنْ

جو خود کو تیری طرف کھینچ لایا ہے جبکہ میں تیری نگاہوں کا حیا نہ کرتے ہوئے تیرے مقابل اکڑا ہوا تھا میں تجھ سے معافی

مَعْصِيَتِكَ اِلَّا فِيْ وَقْتٍ اَيْقَظْتَنِيْ لِمَحَبَّتِكَ، وَ كَمَآ اَرَدْتَّ اَنْ اَكُوْنَ كُنْتُ

مانگتا ہوں کیونکہ معاف کردینا تیرے لطف و کرم کا خاصہ ہے میرے خدا! میں جنبش نہیں کرسکتا تا کہ تیری نافرمانی کی حالت سے

فَشَكَرْتُكَ بِاِدْخَالِيْ فِيْ كَرَمِكَ، وَلِتَطْهِيْرِ قَلْبِيْ مِنْ اَوْسَاخِ الْغَفْلَةِ عَنْكَ اِلٰهِيْ

نکل آؤں مگر اس وقت جب تو مجھے اپنی محبت کی طرف متوجہ کرے کہ جیسا تو چاہے میں ویسا ہی بن سکتا ہوں پس میں تیرا شکر گذار

اُنْظُرْ اِلَيَّ نَظَرَ مَنْ نَادَيْتَهٗ فَاَجَابَكَ، وَاسْتَعْمَلْتَهٗ بِمَعُوْنَتِكَ فَاَطَاعَكَ، يَا قَرِيْبًا

ہوں کہ تو نے مجھے اپنی مہربانی میں داخل کیا اور میں تجھ سے جو غفلت کرتا رہا ہوں میرے دل کو اس سے پاک کردیا میرے

لَّا يَبْعُدُ عَنِ الْمُغْتَرِّ بِهٖ، وَيَا جَوَادًا لَا يَبْخَلُ عَمَّنْ رَجَا ثَوَابَهٗ ـ اِلٰهِيْ هَبْ لِيْ قَلْبًا

خدا! مجھ پر وہ نظر کر جو تو تجھے پکارنے والے پر کرتا ہے تو اس کی دعا قبول کرتا پھر اس کی یوں مدد کرتا ہے گویا وہ تیرا

يُدْنِيْهِ مِنْكَ شَوْقُهٗ، وَ لِسَانًا يُّرْفَعُ اِلَيْكَ صِدْقُهٗ، وَنَظَرًا يُقَرِّبُهٗ مِنْكَ حَقُّهٗ ـ

فرمانبردار تھا اے قریب کہ جو نافرمان سے دوری اختیار نہیں کرتا اور اے بہت دینے والے جو ثواب کے امیدوار کے کیے

اِلٰهِيْ اِنَّ مَنْ تَعَرَّفَ بِكَ غَيْرُ مَجْهُوْلٍ، وَّمَنْ لَّاذَ بِكَ غَيْرُ مَخْذُوْلٍ وَّمَنْ اَقْبَلَتَ

کمی نہیں کرتا، میرے خدا! مجھے وہ دل دے جس میں تیرے قرب کا شوق ہو۔ وہ زبان عطا فرما جو تیرے حضور سچی رہے اور

عَلَيْهِ غَيْرُ مَمْلُوْلٍ ـ اِلٰهِيْ اِنَّ مَنِ انْتَهَجَ بِكَ لَمُسْتَنِيْرٌ، وَّ اِنَّ مَنِ اعْتَصَمَ بِكَ

وہ نظر دے جس کی حق بینی مجھے تیرے قریب کرے، میرے خدا! بے شک جسے تو جان لے وہ نامعلوم نہیں رہتا جو تیری محبت میں

لَمُسْتَجِيْرٌ، وَّقَدْ لُذْتُ بِكَ يَا اِلٰهِيْ فَلَا تُخَيِّبْ ظَنِّيْ مِنْ رَّحْمَتِكَ، وَلَا تَحْجُبْنِيْ

آجائے وہ بے کس نہیں ہوتا اور جس پر تیری نگاہ کرم ہو وہ کسی کا غلام نہیں ہوتا، میرے خدا! بے شک جو تیری طرف بڑھے

عَنْ رَّاْفَتِكَ ـ اِلٰهِيْ اَقِمْنِيْ فِيْ اَهْلِ وِلَايَتِكَ مُقَامَ مَنْ رَّجَا الزِّيَادَةَ مِنْ مَحَبَّتِكَ

اسے نور ملتا ہے اور جو تجھ سے وابستہ ہو وہ پناہ یافتہ ہے، ہاں میں تیری پناہ لیتا ہوں اے خدا؛ مجھے اپنے دوستوں میں قرار

اِلٰهِيْ وَاَلْهِمْنِيْ وَلَهًا بِذِكْرِكَ اِلٰى ذِكْرِكَ، وَهِمَّتِيْ فِيْ رَوْحِ نَجَاحِ اَسْمَآئِكَ وَمَحَلِّ

دے جن کا مقام یہ ہے کہ وہ تیری محبت کی بہت امید رکھتے ہیں، میرے خدا! مجھے اپنے ذکر کے ذریعے اپنے ذکر کا شوق اور

قُدْسِكَ اِلٰهِيْ بِكَ عَلَيْكَ اِلَّآ اَلْحَقْتَنِيْ بِمَحَلِّ اَهْلِ طَاعَتِكَ وَالْمَثْوَى الصَّالِحِ

ذوق دے اور مجھے اپنے اسماء حسنیٰ سے مسرور ہونے اور اپنے پاکیزہ مقام سے دلی سکون حاصل کر نیکی ہمت دے میرے خدا

مِنْ مَرْضَاتِكَ، فَاِنِّيْ لَآ اَقْدِرُ لِنَفْسِيْ دَفْعًا، وَلَآ اَمْلِكُ لَهَا نَفْعًا ـ اِلٰهِيْ اَ نَا

تجھے تیری ذات کا واسطہ ہے کہ مجھے اپنے فرمانبردار بندوں میں شامل کرلے اور اپنی خوشنودی کے مقام تک پہنچادے کیونکہ

عَبْدُكَ الضَّعِيْفُ الْمُذْنِبُ، وَمَمْلُوْكُكَ الْمُنِيْبُ فَلَا تَجْعَلْنِيْ مِمَّنْ صَرَفْتَ

میں نہ اپنا بچاؤ کرسکتا ہوں اورنہ اپنے آپ کو کچھ فائدہ پہنچاسکتاہوں ،میرے خدا؛ میں تیرا ایک کمزور و گنہگار بندہ اور تجھ سے

عَنْهُ وَجْهَكَ وَحَجَبَهُ سَهْوُهُ عَنْ عَفْوِكَ ۔ اِلٰهِيْ هَبْ لِيْ كَمَالَ الْاِنْقِطَاعِ اِلَيْكَ،

معافی کا طلب گار غلام ہوں پس مجھے ان لوگوں میں نہ رکھ جن سے تو نے توجہ ہٹالی اور جن کی بھول نے انہیں تیرے عفو سے

وَاَنِرْ اَبْصَارَ قُلُوْبِنَا بِضِيَآءِ نَظَرِهَآ اِلَيْكَ، حَتّٰى تَخْرِقَ اَبْصَارُ الْقُلُوْبِ حُجُبَ

غافل کر رکھا ہے میرے خدا مجھے توفیق دے کہ میں تیری بارگاہ کا ہوجاؤں اور ہمارے اورہمارے دلوں کی آنکھیں جب تیری

النُّوْرِ فَتَصِلَ اِلٰى مَعْدِنِ الْعَظَمَةِ، وَتَصِيْرَ اَرْوَاحُنَا مُعَلَّقَةً بِعِزِّ قُدْسِكَ ۔ اِلٰهِيْ

طرف نظر کریں تو انہیں نورانی بنادے تا کہ یہ دیدہ ہائے دل حجابات نور کو پار کرکے تیری عظمت و بزرگی کے مرکز سے جاملیں

وَاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ نَادَيْتَهُ فَاَجَابَكَ، وَلَاحَظْتَهُ فَصَعِقَ لِجَلَالِكَ، فَنَاجَيْتَهُ سِرًّا

اور ہماری روحیں تیری پاکیزہ بلندیوں پر آویزاں ہوجائیں میرے خدا؛ مجھے ان لوگوں میں رکھ جن کو تو نے پکارا تو انہوں

وَعَمِلَ لَكَ جَهْرًا ۔ اِلٰهِيْ لَمْ اُسَلِّطْ عَلٰى حُسْنِ ظَنِّيْ قُنُوْطَ الْاَيَاسِ، وَلَا انْقَطَعَ

نے جواب دیا تو نے ان پر توجہ فرمائی تو انہوں نے تیرے جلال کا نعرہ لگایا ہاں تو نے انہیں باطن میں پکارا اور انہوں نے

رَجَآئِيْ مِنْ جَمِيْلِ كَرَمِكَ ۔ اِلٰهِيْ اِنْ كَانَتِ الْخَطَايَا قَدْ اَسْقَطَتْنِيْ لَدَيْكَ

تیرے لیے ظاہر میں عمل کیا ، میرے خدا؛ میں نے اپنے حسن ظن پر ناامیدی کو مسلط نہیں کیا اور تیرے لطف و کرم کی توقع قطع نہیں

فَاصْفَحْ عَنِّيْ بِحُسْنِ تَوَكُّلِيْ عَلَيْكَ ۔ اِلٰهِيْ اِنْ حَطَّتْنِي الذُّنُوْبُ مِنْ مَّكَارِمِ

ہونے دی ہے، میرے خدا؛ اگر تیرے نزدیک میری خطائیں نظر انداز کردی گئی ہیں تو میری جو توکل تجھ پر ہے اس کے پیش نظر

لُطْفِكَ فَقَدْ نَبَّهَنِي الْيَقِيْنُ اِلٰى كَرَمِ عَطْفِكَ ۔ اِلٰهِيْ اِنْ اَنَامَتْنِي الْغَفْلَةُ عَنِ

میری پردہ پوشی فرمادے، میرے خدا؛ اگر گناہوں نے مجھے تیرے کرم کی برکتوں سے دور کردیا ہے تو بھی یقین نے مجھے تیری

الْاِسْتِعْدَادِ لِلِقَآئِكَ فَقَدْ نَبَّهَتْنِي الْمَعْرِفَةُ بِكَرَمِ اٰلَآئِكَ ۔ اِلٰهِيْ اِنْ دَعَانِيْ اِلَى

عنایت و مہربانی سے آگاہ کر رکھا ہے میرے خدا؛ اگر میں نے خواب غفلت میں پڑکر تیری بارگاہ میں حاضری کی تیاری نہیں کی

النَّارِ عَظِيْمُ عِقَابِكَ فَقَدْ دَعَانِيْ اِلَى الْجَنَّةِ جَزِيْلُ ثَوَابِكَ اِلٰهِيْ فَلَكَ اَسْئَلُ وَ

تو بے شک معرفت نے مجھے تیری مہربانیوں سے باخبر کردیا ہے، میرے خدا؛ اگر تیری سخت سزا مجھے جہنم کی طرف بلارہی ہے تو

اِلَيْكَ اَبْتَهِلُ وَاَرْغَبُ، وَاَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَجْعَلَنِيْ

بھی تیرا بہت زیادہ ثواب مجھے جنت کی سمت لیے جاتا ہے، میرے خدا؛ میں بس تیرا سوالی ہوں تیرے آگے زاری کرتا ہوں

مِمَّنْ يُّدِيْمُ ذِكْرَكَ، وَلَا يَنْقُضُ عَهْدَكَ، وَلَا يَغْفُلُ عَنْ شُكْرِكَ، وَلَا يَسْتَخِفُّ

تیرے پاس آیا ہوں اور تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور یہ کہ مجھے ایسا قرار دے جو ہمیشہ تیرا

بِاَمْرِكَ ۔ اِلٰهِيْ وَاَلْحِقْنِيْ بِنُوْرِ عِزِّكَ الْاَبْهَجِ فَاَكُوْنَ لَكَ عَارِفًا

ذکر کرتا رہا، جس نے تیری نافرمانی نہیں کی، جو تیرا شکر ادا کرنے سے غافل نہیں ہوا اور جس نے تیرے فرمان کو سبک نہیں سمجھا،

وَّعَنْ سِوَاكَ مُنْحَرِفًا، وَّمِنْكَ خَآئِفًا مُّرَاقِبًا

میرے خدا؛ مجھے اپنی روشن تر عزت کو نور تک پہنچا دے تا کہ میں تجھے پہچان لوں، تیرے غیر کو چھوڑ دوں اور تجھ سے ڈرتے

يَّا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ رَّسُوْلِهٖ

ہوئے تیری جانب متوجہ رہوں اے سب مرتبوں اور عزتوں کے مالک اور اللہ اپنے رسول محمد مصطفیٰؐ پر رحمت نازل فرمائے

وَاٰلِهِ الطَّاهِرِيْنَ وَسَلَّمَ تَسْلِيْمًا كَثِيْرًا ۔

اوران کی پاکیزہ آلؑ پر اور سلام بھیجے کہ جو سلام بھیجنے کا حق ہے۔

اور یہ بہت جلیل القدر مناجات ہیں جو آئمہؑ کی طرف سے منسوب ہیں اور یہ دعا مضامین عالیہ پر مشتمل ہے جب انسان حضور قلب رکھتا ہو اس دعا کا پڑھنا مناسب ہے۔

ماہ شعبان کے مخصوص اعمال

پہلی شعبان کی رات

کتاب اقبال میں شعبان کی پہلی رات میں پڑھی جانے والی کافی نمازوں کا ذکر ہوا ہے، ان میں سے ایک بارہ رکعت نماز ہے کہ جس کی ہر رکعت میں سورہ حمد کے بعد گیارہ مرتبہ سورہ توحید پڑھی جاتی ہے۔

پہلی شعبان کا دن

ماہ شعبان کے پہلے دن کا روزہ رکھنے کی بڑی فضیلت ہے۔ اور امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہوئی ہے کہ یکم شعبان کا روزہ رکھنے والے کے لیے جنت واجب ہو جاتی ہے۔ سید ابن طاؤس نے رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا ہے کہ شعبان کے پہلے تین دن کا روزہ رکھنے اور پہلی تین راتوں میں دو، دو رکعت نماز پڑھنے کا ثواب بہت زیادہ ہے، اس نماز کی ہر رکعت میں سورہ حمد کے بعد گیارہ مرتبہ سورہ توحید پڑھے: واضح رہے کہ ماہ شعبان اور اسکے پہلے دن کے روزے کی فضیلت تفسیر

امام علیہ السلام میں مذکور ہے۔ ہمارے استاد ثقۃ الاسلام نوریؒ نے کتاب کلمہ طیبہ کے آخر میں ایک روایت نقل کی ہے۔جس میں اسکے بہت سے فوائد و برکات کا ذکر ہے، یہ روایت بڑی طویل ہے۔ہم یہاں اسکا خلاصہ نقل کررہے ہیں:

خلاصہ روایت

یکم شعبان کو چند افراد مسجد میں بیٹھے قضا وقدر کے مسئلہ پر بحث وتکرار کرتے ہوئے بلند آواز سے بول رہے تھے۔ امیر المومنین علیہ السلام نے ان لوگوں کو سلام کیا، جب انہوں نے آپ سے وہاں تشریف رکھنے کی خواہش کی تو آپ نے فرمایا: تم لوگ ایسی باتیں کررہے ہو، جن میں کوئی فائدہ نہیں آیا تم نہیں جانتے کہ خدا کے ایسے بندے بھی ہیں جو صرف خوف خدا سے خاموشی اختیار کرلیتے ہیں لیکن وہ بولنے سے قاصر نہیں ہوتے۔ بات یہ ہے کہ جب ان کے دلوں میں عظمت خداوندی کا تصور آتا ہے۔تو ان کی زبانیں گنگ اور ان کی عقلیں حیران ہوجاتی ہیں پھر جب وہ اپنی حالت میں آتے ہیں تو خود کو بارگاہ الٰہی میں گنہگار وخطا کار سمجھتے ہوئے آہیں بھرتے ہیں جبکہ وہ گناہوں سے مبرأ ہوتے ہیں۔حقیقت یہ ہے کہ وہ اپنے عمل کو کم تر سمجھتے ہیں اور ان کا خیال یہ ہوتا ہے کہ ہم میں تقصیر اور کوتاہی ہے۔پس وہ ہر وقت عمل خیر میں مشغول رہتے ہیں۔ یہ وہ لوگ ہیں کہ اگر ان کی طرف نظر کی جائے تو معلوم ہوتا ہے کہ وہ حالت خوف میں عبادت میں کھڑے ہیں اور ان کا اضطراب ظاہر ہے۔ان لوگوں کے مقابلے میں تم کہاں ہو؟ کیا تم نہیں جانتے کہ سب سے بڑا دانا وہ ہے جو زیادہ خاموش رہے اور سب سے بڑا جاہل وہ ہے جو بہت زیادہ باتیں کرتا ہو۔اے نادان وکم سمجھ لوگو! آج یکم شعبان ہے اور خدائے تعالیٰ نے اس کا نام شعبان اس لیے رکھا ہے کہ اس میں نیکیاں عام کردی جاتی ہیں، حسنات کے دروازے کھل جاتے ہیں اور جنت کے محلات ارزاں قیمت اور آسان تر اعمال سے حاصل ہوتے ہیں۔ پس عبادت کرکے انہیں خرید لو۔ شیطان، ابلیس نے برائیوں کو تمہارے لیے پسندیدہ بنادیا ہے، تم گمراہی نافرمانی اور سرکشی میں پڑے ہو، شیاطین کی بدیوں اور برائیوں کی طرف متوجہ ہو اور شعبان کی خوبیوں اور اچھائیوں سے منہ نہ موڑو۔ جب کہ خدا کی طرف سے حسنات وخیرات کا دروازہ کھلا ہوا ہے۔

آج یکم شعبان ہے اور اس کی حسنات وخیرات میں نماز، روزہ، امر بہ معروف ونہی از منکر، والدین، ہمسایہ اور اقربا سے حسن سلوک، آپس کے اختلافات دور کرنا اور فقراء ومساکین کے لیے صدقہ وخیرات کرنا ہے۔ادھر تم ہو کہ قضا وقدر کی بحث میں الجھے ہوئے ہو۔ کہ جس کا تمہیں حکم نہیں دیا گیا، جن باتوں سے تمہیں منع کیا گیا ہے تم ان میں مشغول ہو۔خبردار رہو کہ جو راز الٰہی کے کھولنے میں کوشاں ہوگا وہ برباد ہوجائے گا۔آج کے دن اطاعت کرنے والوں کے لیے خدا نے جو کچھ مہیا فرمایا ہے اگر

تمہیں اس کا علم ہو جائے تو یقیناً تم ان بے کار بحثوں کو چھوڑ کر احکام خدا کی طرف متوجہ ہو جاؤ گے۔ ان سب نے عرض کی کہ یا امیر المومنین علیہ السلام! خدا تعالیٰ نے اطاعت گذاروں کے لیے کیا کچھ مہیا فرمایا ہے؟ تب حضرتؑ نے ایک لشکر کا قصہ اس طرح نقل فرمایا: رسول اکرمؐ نے کفار سے جنگ کے لیے ایک لشکر بھیجا تو کافروں نے اس پر شب خون مارا۔ جب کہ وہ ایک تاریک ترین رات تھی اور سبھی مسلمان پڑے سو رہے تھے۔ اس لشکر میں سے صرف چار افراد جاگ رہے تھے کہ ان میں سے ہر ایک اپنے لشکر کے ایک کونے پر تلاوت، ذکر اور نماز میں مشغول تھا۔ یہ چار افراد زید بن حارثہ، عبداللہ بن رواحہ، قتادہ بن نعمان اور قیس بن عاصم منقری تھے۔ جب دشمن نے مسلمانوں پر سوتے میں حملہ کر دیا تو قریب تھا کہ سب کے سب مارے جائیں۔ لیکن اچانک ان چار اشخاص کے چہروں سے نور کی کرنیں پھوٹ نکلیں کہ سارا میدان روشن ہو گیا۔ اس روشنی میں مسلمان سنبھلے اور دیکھ بھال کر دشمن کا مقابلہ کرنے لگے۔ اور اس نور کو دیکھ کر ان کے حوصلے اور بھی بڑھتے جاتے تھے۔ پس انہوں نے دشمنوں کو تلواروں سے زیر کر لیا۔ یہاں تک کہ بہت سے مارے گئے اور بہت سے زخمی و اسیر ہو گئے۔ جب یہ فاتح لشکر واپس آیا تو یہ ماجرا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں عرض کیا گیا، آپ نے فرمایا کہ یہ نور تمہارے ان بھائیوں کے ان اعمال کی برکت سے ظاہر ہوا جو اس رات (یکم شعبان کے سلسلہ میں) انجام دے رہے تھے۔ ہاں یہ یکم شعبان کے اعمال ہی ہیں کہ جن کے باعث تمہیں فتح حاصل ہوئی اور تم لوگ دشمن کے اچانک حملے میں اس کا مقابلہ کرنے میں کامیاب رہے ہو۔ پھر آنحضرتؐ نے ایک ایک کر کے یکم شعبان کے اعمال کا ذکر فرماتے ہوئے کہا: جب یکم شعبان کا دن آتا ہے تو شیطان اپنے گماشتوں سے کہتا ہے کہ ہر طرف پھیل جاؤ، لوگوں کو اپنی طرف بلاؤ اور انہیں خدا سے دور کرو۔ جب کہ خدائے رحمان اپنے ملائکہ سے فرماتا ہے کہ آج یکم شعبان ہے، تم ہر طرف پھیل جاؤ اور میرے بندوں کو میری طرف بلاؤ، انہیں نیکی کی طرف راغب کرو تا کہ وہ سب با سعادت اور نیک بخت بن جائیں البتہ ان میں سے سرکش اور نافرمان لوگ شیطان کے گروہ میں ہی رہیں گے۔ آنحضرت نے فرمایا کہ جب یکم شعبان ہوتی ہے تو بہشت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں، شجر طوبیٰ کو حکم ہوتا ہے کہ اپنی شاخیں پھیلائے اور انہیں زمین کے قریب کرے، خدا کا ایک منادی یہ ندا دیتا ہے کہ اے خدا کے بندو اور اے نیکوکارلوگو! طوبیٰ کی ان شاخوں سے لپٹ جاؤ کہ وہ تمہیں اٹھا کے جنت میں لے جائیں۔ جب کہ بدکاروں کی لیے تھوہر کا درخت ہے اور ڈرتے رہو کہ کہیں اس کی شاخیں تمہیں جہنم میں نہ لے جائیں۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے یہ بھی فرمایا: اس ذات کی قسم جس نے مجھ کو حق کے ساتھ رسالت پر مبعوث فرمایا کہ جو یکم شعبان کے دن نیکی کرے تو وہ طوبیٰ کی شاخ سے لپٹ گیا اور وہ اسے جنت میں لے جائے گی۔ پھر فرمایا جو آج کے دن نماز پڑھے یا روزہ رکھے تو وہ بھی شاخ طوبیٰ سے لپٹ گیا۔ اسی طرح جو شخص آج کے دن باپ

بیٹے میں صلح کرائے۔ میاں بیوی میں سمجھوتہ کرائے، رشتہ داروں میں راضی نامہ کرائے یا اپنے ہمسائے یا کسی اجنبی میں مصالحت کرائے تو وہ بھی شاخ طوبیٰ سے لپٹ گیا۔ جو مقروض کی پریشانی کم کرے یا طلب میں تخفیف کرے تو وہ شاخ طوبیٰ سے لپٹ گیا۔ جو شخص آج کے دن اپنے حساب پر نظر کرے اور دیکھے کہ ایک پرانا قرضہ ہے جسے مقروض ادا نہیں کرسکتا۔ پس وہ اس قرضے کو حساب سے کاٹ دے تو وہ طوبیٰ کی شاخ سے لپٹ گیا۔ جو کسی یتیم کی کفالت کرے، کسی جاہل کو مؤمن کی ہتک کرنے سے باز کرے تو وہ بھی شاخ طوبیٰ سے لپٹ گیا۔ جو قرآن کی تلاوت کرے، مریض کی عیادت کرے، خدا کا ذکر کرے اور خدا کی نعمتوں کا نام لے لے کر اس کا شکر ادا کرے تو وہ بھی طوبیٰ کی شاخ سے لپٹ گیا۔ جو شخص آج کے دن اپنے ماں یا باپ یا دونوں میں سے ایک کے ساتھ اچھا سلوک کرے تو وہ بھی طوبیٰ کی شاخ سے لپٹا، جو اس سے پہلے کسی کو غضب ناک کر چکا ہو اور آج اسے راضی اور خوش کر دے تو وہ بھی شاخ طوبیٰ سے لپٹا جو شخص جنازے کے ساتھ چلے تو وہ بھی طوبیٰ کی شاخ سے لپٹ گیا۔ جو کسی مصیبت زدہ کی بھی دلجوئی کرے وہ شاخ طوبیٰ سے لپٹا اور جو شخص آج کے دن کوئی بھی نیک کام کرے تو وہ شاخ طوبیٰ سے لپٹ گیا۔ اس کے بعد رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا: مجھے اس ذات کی قسم جس نے مجھ کو رسالت پر مامور کیا ہے کہ جو شخص آج کے دن شر و بدی کا کوئی بھی کام کرے تو وہ زقوم (تھوہر) کی شاخوں سے لپٹ گیا اور وہ اسے جہنم کی طرف کھینچ لے جائیں گیں پھر فرمایا کہ قسم ہے مجھ کو اس ہستی کی جس نے مجھے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قرار دیا کہ جو شخص بھی آج کے دن واجب نماز میں کوتاہی کرتے ہوئے اسے ضائع کرے تو وہ بھی شجر زقوم کی شاخوں سے لپٹ گیا۔ جس کے پاس کوئی فقیر و ناتواں آئے کہ جس کی حالت کو یہ جانتا ہے اور اس کی حالت کو بدل بھی سکتا ہے۔ کہ خود اس کو کچھ ضرر نہیں پہنچتا۔ نیز اس غریب کی مدد کرنے والا کوئی دوسرا شخص بھی نہ ہو پس اگر وہ اس درماندہ کو اس حالت میں چھوڑ دے اور وہ ہلاک ہو جائے تو یہ مدد نہ کرنے والا زقوم کی شاخوں سے لپٹ گیا۔ جس کے سامنے کوئی برے کام والا آدمی معذرت کرے اور پھر بھی وہ اس کو اس کی برائی کی سزا سے کچھ زیادہ سزا دے تو یہ بھی زقوم کی شاخوں سے لپٹا۔ جو شخص آج کے دن میاں بیوی یا باپ بیٹے یا بھائی بھائی یا بھائی بہن یا کسی قریبی رشتہ دار یا ہمسائے یا دو دوستوں میں جدائی اور غلط فہمی پیدا کرے تو وہ بھی زقوم کی شاخوں سے لپٹ گیا۔ جو شخص کسی تنگ دست پر سختی کرے کہ جس کی حالت کو جانتا ہے اور اس کی مصیبت میں اپنے غصے کا اضافہ کرے تو وہ زقوم کی شاخوں سے لپٹا۔ جس پر کسی کا قرض ہو اور یہ اس کا انکار کر دے اور اپنی عیاری سے اس قرض کو باطل قرار دے تو یہ بھی زقوم کی شاخوں سے لپٹ گیا۔ جو شخص کسی یتیم کو اذیت دے۔ اس پر ستم توڑے اور اس کے مال و متاع کو ضائع کر دے تو وہ بھی زقوم کی شاخوں سے لپٹ گیا اور جو شخص کسی مومن کی عزت کو خراب کرے اور دوسروں کو ایسا کرنے کے لیے شہ دے تو وہ بھی اس درخت کی شاخوں

سے لپٹا۔ جو شخص اس طرح گانا گائے کہ لوگ اس کے گانوں سے گناہوں میں مبتلا ہوں تو وہ زقوم کی شاخوں سے لپٹا اور جو شخص زمانہ جنگ میں کیے ہوئے اپنے برے کاموں اور اپنے ظلم وستم کے دوسرے واقعات لوگوں میں بیٹھ کر فخر سے سنائے تو وہ بھی زقوم کی شاخوں سے لپٹا۔ جو شخص اپنے بیمار ہمسائے کو کم تر تصور کرتے ہوئے اس کی عیادت نہ کرے تو وہ زقوم کی شاخوں سے لپٹ گیا۔ اور جو شخص اپنے مردہ ہمسائے کو ذلیل سمجھتے ہوئے اس کے جنازے کے ساتھ نہ جائے تو وہ بھی اس درخت کی شاخوں سے لپٹا۔ جو شخص کسی ستم رسیدہ سے بے رخی برتے اور اسے پست خیال کرتے ہوئے اس پر سختی کرے تو وہ زقوم کی شاخوں سے لپٹا اور جو شخص اپنے ماں باپ یا دونوں میں سے کسی ایک کا نافرمان ہو جائے تو وہ بھی اس درخت کی شاخوں سے لپٹ گیا۔ جو شخص آج کے دن سے قبل اپنے ماں باپ کا نافرمان ہو اور آج کے دن ان کو راضی وخوش نہ کرے تو وہ بھی زقوم کی شاخوں سے لپٹ گیا۔ نیز جو بھی شخص ان برائیوں کے علاوہ کسی اور بدی وگناہ کا ارتکاب کرے تو وہ بھی درخت زقوم کی شاخوں سے لپٹ گیا۔ آنحضرتؐ نے مزید فرمایا: قسم ہے مجھے اس ذات کی جس نے مجھ کو نبیؐ وپیغمبرؐ بنایا کہ جو لوگ درخت طوبیٰ کی شاخوں سے لپٹے ہوئے ہونگے وہ انہیں اٹھا کر جنت میں لے جائینگے۔ اس کے بعد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے چند لمحوں کیلئے اپنی نگاہ آسمان کی طرف بلند کی تو آپ خوش ہوئے اور ہنسے پھر اپنی نگاہ زمین پر ڈالی اور آپ کا چہرہ مبارک کچھ ترش ہوا۔ تب اپنے اصحاب کی سمت دیکھتے ہوئے فرمایا مجھ کو قسم ہے اس ہستی کی جس نے مجھے پیغمبر صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قرار دیا کہ میں نے شجر طوبیٰ کو بلند ہوتے اور اپنے سے لپٹے ہوئے لوگوں کو جنت کیطرف لے جاتے دیکھا ہے۔ بقدر اپنی اطاعت ونیکوکاری کے کہ اسکی ایک شاخ یا کئی کئی شاخوں سے لپٹے ہوئے تھے میں نے دیکھا کہ زید بن حارثہ اسکی کئی شاخوں سے لپٹے ہوئے ہیں اور وہ انکو جنت کے مقام اعلیٰ علیین کیطرف بلند کرتی جارہی ہیں یہ دیکھ کر میں خوش ہؤا اور ہنسا۔ پھر میں نے زمین پر نظر ڈالی تو قسم ہے اس ہستی کی جس نے مجھ کو نبیؐ بنایا۔ کہ میں نے درخت زقوم کو دیکھا کہ اس کی شاخیں نیچے کو جارہی ہیں اور جو لوگ اپنی برائیوں کے مطابق اس کی ایک یا کئی شاخوں سے لپٹے ہوئے ہیں وہ ان کو جہنم کے سب سے نچلے طبقے کی طرف لے جارہی ہیں۔ اس سے میرے چہرے پر بیزاری کے آثار ظاہر ہوئے تھے۔ اور اس کے ساتھ کئی منافق لپٹے ہوئے تھے۔

تیسری شعبان کا دن

یہ بڑا بابرکت دن ہے شیخ نے مصباح میں فرمایا ہے کہ اس روز امام حسین علیہ السلام کی ولادت ہوئی نیز امام عسکری علیہ السلام کے وکیل قاسم بن علا ہمدانی کی طرف سے فرمان جاری ہوا کہ بروز جمعرات ۳ رشعبان کو امام حسین علیہ السلام کی ولادت باسعادت ہوئی ہے۔ پس اس دن کا روزہ رکھو اور اس روز یہ دعا پڑھو:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ بِحَقِّ الۡمَوۡلُوۡدِ فِیۡ هٰذَا الۡیَوۡمِ الۡمَوۡعُوۡدِ بِشَهَادَتِهٖ قَبۡلَ

اے معبود! بے شک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں آج کے دن پیدا ہونیوالے مولود کے واسطے سے کہ جس کے پیدا ہونے اور دنیا

اسۡتِهۡلَالِهٖ وَوِلَادَتِهٖ، بَكَتۡهُ السَّمَآءُ وَمَنۡ فِیۡهَا، وَالۡاَرۡضُ وَمَنۡ عَلَیۡهَا، وَلَمۡ یُطَاُ

میں آنے سے پہلے اس سے شہادت کا وعدہ لیا گیا تو اس پر آسمان رویا اور جو کچھ اس میں ہے اور زمین اور جو کچھ اس پر ہے

لَابَتَیۡهَا قَتِیۡلِ الۡعَبۡرَةِ،وَسَیِّدِ الۡاُسۡرَةِ، الۡمَمۡدُوۡدِ بِالنُّصۡرَةِ یَوۡمَ الۡكَرَّةِ،

روے جبکہ اس نے زمین مدینہ پر قدم نہ رکھا تھا وہ گریہ والا شہید اور کامیاب و کامران خاندان کا سید و سردار ہے رجعت کے

الۡمُعَوَّضِ مِنۡ قَتۡلِهٖ اَنَّ الۡاَئِمَّةَ مِنۡ نَسۡلِهٖ، وَالشِّفَآءَ فِیۡ تُرۡبَتِهٖ،وَالۡفَوۡزَ مَعَهٗ فِیۡ

دن، یہ اس کی شہادت کا بدلہ ہے کہ پاک آئمہؑ اس کی اولاد میں سے ہوئے اس کی خاکِ قبر میں شفاء ہے اور اس کی بازگشت

اَوۡبَتِهٖ،وَالۡاَوۡصِیَآءَ مِنۡ عِتۡرَتِهٖ بَعۡدَ قَآئِمِهِمۡ وَغَیۡبَتِهٖ، حَتّٰی یُدۡرِكُوا الۡاَوۡتَارَ،

میں کامیابی اسی کے لیے ہے اور اوصیاء اسی کی اولاد میں سے ہیں کہ ان میں سے قائم غیبت ختم ہونے کے بعد وہ اپنے خون کا بدلہ

وَیَثۡاَرُوا الثَّارَ، وَیُرۡضُوا الۡجَبَّارَ وَیَكُوۡنُوۡا خَیۡرَ اَنۡصَارٍ صَلَّی اللّٰهُ عَلَیۡهِمۡ مَعَ

اور انتقام لے کر تلافی کرنے والے خدا کو راضی کریں گے اور بہترین مددگار ثابت ہوں گے درود ہوان سب پر جب تک

اخۡتِلَافِ اللَّیۡلِ وَالنَّهَارِ اَللّٰهُمَّ فَبِحَقِّهِمۡ اِلَیۡكَ اَ تَوَسَّلُ وَاَسۡئَلُ سُؤَالَ

رات دن آتے جاتے رہیں اے معبود ان کا حق جو تجھ پر ہے اسے وسیلہ بناتا ہوں اور سوال کرتا ہوں اپنا گناہ تسلیم کرنے

مُقۡتَرِفٍ مُّعۡتَرِفٍ مُّسِیۡٓءٍ اِلٰی نَفۡسِهٖ مِمَّا فَرَّطَ فِیۡ یَوۡمِهٖ وَاَمۡسِهٖ،یَسۡئَلُكَ

والے کیطرح کہ جس نے اپنے نفس سے برائی کی ہے آج کے دن اور گزری ہوئی رات میں تو وہ سوال کرتا ہے اپنی موت کے

الۡعِصۡمَةَ اِلٰی مَحَلِّ رَمۡسِهٖ اَللّٰهُمَّ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعِتۡرَتِهٖ،وَاحۡشُرۡنَا فِیۡ زُمۡرَتِهٖ،

دن تک کیلئے اے معبود! پس حضرت محمدؐ اور انکے خاندان پر رحمت فرما اور ہمیں اسکے گروہ میں محشور فرما اور ہمیں بزرگی والے گھر

وَبَوِّئۡنَا مَعَهٗ دَارَ الۡكَرَامَةِ،وَمَحَلَّ الۡاِقَامَةِ۔اَللّٰهُمَّ وَ كَمَاۤ اَكۡرَمۡتَنَا بِمَعۡرِفَتِهٖ

اور جائے قیام کے سلسلے میں انکے ساتھ جگہ دے اے معبود! جیسے تو نے ان کی معرفت کے ساتھ ہمیں عزت دی اسی طرح ان کے

فَاَكۡرِمۡنَا بِزُلۡفَتِهٖ،وَارۡزُقۡنَا مُرَافَقَتَهٗ وَسَابِقَتَهٗ،وَاجۡعَلۡنَا مِمَّنۡ یُّسَلِّمُ لِاَمۡرِهٖ،

تقرب سے بھی نوازا اور ہمیں ان کی رہنمائی عطا کر اور انکی ہمراہی نصیب فرما ہمیں ان لوگوں میں قرار دے جو ان کا حکم مانتے

وَیُكۡثِرُ الصَّلَاةَ عَلَیۡهِ عِنۡدَ ذِكۡرِهٖ، وَعَلٰی جَمِیۡعِ اَوۡصِیَآئِهٖ وَاَهۡلِ اَصۡفِیَآئِهٖ ،

اور ان کے ذکر کے وقت ان پر بکثرت درود بھیجتے ہیں نیز ان کے سارے جانشینوں پر اور برگزیدہ اہل خاندان پر جن کی تعداد

الْمَمْدُوْدِيْنَ مِنْكَ بِالْعَدَدِ الْاِثْنَيْ عَشَرَ، النُّجُوْمِ الزُّهَرِ، وَالْحُجَجِ عَلٰى جَمِيْعِ

کو تو نے بارہ تک پورا فرمایا ہے جو چمکتے ہوئے ستارے ہیں اور وہ تمام انسانوں پرخدا کی حجتیں ہیں اے معبود! آج کے دن

الْبَشَرِ ۔ اَللّٰهُمَّ وَهَبْ لَنَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ خَيْرَ مَوْهِبَةٍ، وَاَنْجِحْ لَنَا فِيْهِ كُلَّ

ہمیں بہتریں عطاؤں سے سرفراز فرما اور ہماری سبھی حاجات پوری کر دے جیسے تو نے حسینؑ کے نانا حضرت محمدؐ کو خود حسینؑ عطا

طَلِبَةٍ كَمَا وَهَبْتَ الْحُسَيْنَ لِمُحَمَّدٍ جَدِّهٖ، وَعَاذَ فُطْرُسُ بِمَهْدِهٖ، فَنَحْنُ عَآئِذُوْنَ

فرمائے تھے اور فطرس نے انکے گہوارے کی پناہ لی پس ہم انکے روضہ کی پناہ لیتے ہیں انکے بعد اب ہم انکے روضہ کی زیارت

بِقَبْرِهٖ مِنْ بَعْدِهٖ نَشْهَدُ تُرْبَتَهٗ وَنَنْتَظِرُ اَوْبَتَهٗ، اٰمِيْنَ يَارَبَّ الْعَالَمِيْنَ۔

کرتے ہیں اور انکی رجعت کے منتظر ہیں ایسا ہی ہوائے جہانوں کے پالنے والے۔

اسکے بعد امام حسین علیہ السلام کی دعا پڑھے کہ جو آپ نے یوم عاشورہ کو پڑھی جب کہ آپ دشمنوں میں گھرے ہوئے تھے اور وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ مُتَعَالِي الْمَكَانِ، عَظِيْمُ الْجَبَرُوْتِ، شَدِيْدُ الْمِحَالِ، غَنِيٌّ عَنِ

اے معبود! تو بلند تر منزلت رکھتا ہے تو بڑے ہی غلبے والا ہے زبردست طاقت والا، مخلوقات سے بے نیاز، بے حد و

الْخَلَآئِقِ، عَرِيْضُ الْكِبْرِيَآءِ قَادِرٌ عَلٰى مَا تَشَآءُ قَرِيْبُ الرَّحْمَةِ، صَادِقُ الْوَعْدِ،

حساب بڑائی والا ہے جو چاہے اس پر قادر، رحمت کرنے میں قریب، وعدے میں سچا، کامل نعمتوں والا، بہترین

سَابِغُ النِّعْمَةِ، حَسَنُ الْبَلَآءِ، قَرِيْبٌ اِذَا دُعِيْتَ، مُحِيْطٌ بِمَا خَلَقْتَ، قَابِلُ

آزمائش کرنے والا ہے تو قریب ہے جب پکارا جائے جسکو پیدا کیا تو اسے گھیرے ہوئے ہے تو اسکی توبہ قبول کرتا ہے

التَّوْبَةِ لِمَنْ تَابَ اِلَيْكَ، قَادِرٌ عَلٰى مَآ اَرَدْتَّ، وَمُدْرِكٌ مَّا طَلَبْتَ، وَشَكُوْرٌ اِذَا

جو توبہ کرے تو جو ارادہ کرے اس پر قادر ہے جسے تو طلب کرے اسے پالینے والا ہے اور جب تیرا شکر کیا جائے

شُكِرْتَ، وَذَكُوْرٌ اِذَا ذُكِرْتَ، اَدْعُوْكَ مُحْتَاجًا، وَّاَرْغَبُ اِلَيْكَ فَقِيْرًا، وَّاَفْزَعُ

تو قدر کرتا ہے تجھے یاد کیا جائے تو بھی یاد کرتا ہے میں حاجتمندی میں تجھے پکارتا اور مفلسی میں تیری رغبت کرتا ہوں

اِلَيْكَ خَآئِفًا، وَّاَبْكِيْ اِلَيْكَ مَكْرُوْبًا، وَّاَسْتَعِيْنُ بِكَ ضَعِيْفًا، وَّاَتَوَكَّلُ عَلَيْكَ

تیرے خوف سے گھبراتا ہوں مصیبت میں تیرے آگے روتا ہوں کمزوری کے باعث تجھ سے مدد مانگتا ہوں تجھے کافی

كَافِيًا، اُحْكُمْ بَيْنَنَا وَبَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ، فَاِنَّهُمْ غَرُّوْنَا وَخَدَعُوْنَا وَخَذَلُوْنَا

جان کر توکل کرتا ہوں فیصلہ کردے ہمارے اور ہماری قوم کے درمیان کہ انہوں نے ہمیں فریب دیا اور ہم سے

وَغَدَرُوْا بِنَا وَقَتَلُوْنَا، وَنَحْنُ عِتْرَةُ نَبِيِّكَ وَوَلَدُ حَبِيْبِكَ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِاللّٰهِ

دھوکہ کیا ہمیں چھوڑدیا اور بے وفائی کی اور ہمیں قتل کیا جبکہ ہم تیرے نبیؐ کا گھرانہ اور تیرے حبیب محمدؐ بن عبداللہ کی

الَّذِيْ اصْطَفَيْتَهٗ بِالرِّسَالَةِ وَائْتَمَنْتَهٗ عَلٰى وَحْيِكَ، فَاجْعَلْ لَّنَا مِنْ اَمْرِنَا

اولاد ہیں جن کو تو نے تبلیغ رسالت کے لیے چنا اور انہیں اپنی وحی کا امین بنایا پس اس معاملے میں ہمیں کشادگی اور

فَرَجًا وَّمَخْرَجًا بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

فراخی دے اپنی رحمت سے اے سب سے زیادہ رحم والے۔

ابن عیاش سے روایت ہے کہ میں نے حسین بن علی بن سفیان کو یہ کہتے ہوئے سنا کہ امام جعفر صادق علیہ السلام تین شعبان کو مذکورہ دعا پڑھتے اور فرماتے تھے کہ یہ امام حسین علیہ السلام کی پاک ولادت کا دن ہے۔

تیرھویں شعبان کی رات

یہ شب ہائے بیض (روشن راتوں) میں سے پہلی رات ہے، اس رات اور اس کے بعد کی دونوں راتوں میں پڑھی جانے والی نمازوں کی ترکیب ماہ رجب کے اعمال میں ذکر ہوئی ہے۔ پس اسکے مطابق یہ نمازیں ادا کی جائیں۔

پندرھویں شعبان کی رات

یہ بڑی بابرکت رات ہے، امام جعفر صادق علیہ السلام فرماتے ہیں کہ امام محمد باقر علیہ السلام سے نیمہ شعبان کی رات کی فضیلت کے بارے میں پوچھا گیا تو فرمایا: یہ رات شب قدر کے علاوہ تمام راتوں سے افضل ہے۔ پس اس رات تقرب الٰہی حاصل کرنے کی کوشش کرنا چاہیے۔ اس رات خدا تعالیٰ اپنے بندوں پر فضل و کرم فرماتا ہے اور ان کے گناہ معاف کرتا ہے حق تعالیٰ نے اپنی ذاتِ مقدس کی قسم کھائی ہے کہ اس رات وہ کسی سائل کو خالی نہ لوٹائے گا سوائے اس کے جو معصیت و نافرمانی سے متعلق سوال کرے۔ خدا نے یہ رات ہمارے لیے خاص کی ہے۔ جیسے شب قدر کو رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے مخصوص فرمایا۔ پس اس شب میں زیادہ سے زیادہ حمد و ثناء الٰہی کرنا اس سے دعا و مناجات میں مصروف رہنا چاہیئے۔

اس رات کی عظیم بشارت سلطان عصر حضرت امام مہدی (عج) کی ولادت باسعادت ہے جو ۲۵۵ھ میں بوقت صبح صادق سامرہ میں ہوئی جس سے اس رات کو فضیلت نصیب ہوئی۔ اس رات کے چند ایک اعمال ہیں:

(۱) غسل کرنا کہ جس سے گناہ کم ہوجاتے ہیں۔

(۲) نماز اور دعا و استغفار کے لیے شب بیداری کرے کہ امام زین العابدین علیہ السلام کا فرمان ہے، کہ جو شخص اس رات بیدار رہے تو اس کے دل کو اس دن موت نہیں آئے گی۔ جس دن لوگوں کے قلوب مردہ ہو جائیں گے۔

(۳) اس رات کا سب سے بہترین عمل امام حسین علیہ السلام کی زیارت ہے کہ جس سے گناہ معاف ہوتے ہیں جو شخص یہ چاہتا ہے کہ ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبروں کی ارواح اس سے مصافحہ کریں تو وہ کبھی اس رات یہ زیارت ترک نہ کرے۔ حضرتؑ کی چھوٹی سے چھوٹی زیارت بھی ہے کہ اپنے گھر کی چھت پر جائے اپنے دائیں بائیں نظر کرے۔ پھر اپنا سر آسمان کی طرف بلند کر کے یہ کلمات کہے:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ وَ رَحْمَةُ اللّٰهِ وَ بَرَكَاتُهٗ

سلام ہو آپ پر اے ابوعبداللہ سلام ہو آپ پر اور اللہ کی رحمت اور اس کی برکتیں

کوئی شخص جہاں بھی اور جب بھی امام حسین علیہ السلام کی یہ مختصر زیارت پڑھے تو امید ہے کہ اس کو حج و عمرہ کا ثواب ملے گا۔ نیز اس رات کی مخصوص زیارت انشاء اللہ باب زیارات میں آئیگی۔

(۴) شیخ وسید نے اس رات یہ دعا پڑھنے کا ذکر فرمایا ہے، جو امام زمانہ کی زیارت کے مثل ہے اور وہ یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ بِحَقِّ لَيْلَتِنَا هٰذِهٖ وَمَوْلُوْدِهَا وَحُجَّتِكَ وَمَوْعُوْدِهَا الَّتِيْ قَرَنْتَ اِلٰى

اے معبود! واسطہ ہماری اس رات کا اور اس کے مولود کا اور تیری حجتؑ اور اس کے موعودؑ کا جس کو تو نے فضیلت پر

فَضْلِهَا فَضْلًا فَتَمَّتْ كَلِمَتُكَ صِدْقًا وَّعَدْلًا لَّا مُبَدِّلَ لِكَلِمَاتِكَ وَلَا مُعَقِّبَ

فضیلت عطا کی اور تیرا کلمہ صدق و عدل کے لحاظ سے پورا ہوگیا تیرے کلموں کو بدلنے والا کوئی نہیں اور نہ کوئی تیری

لِاٰيَاتِكَ نُوْرُكَ الْمُتَاَلِّقُ وَضِيَآؤُكَ الْمُشْرِقُ، وَالْعَلَمُ النُّوْرُ فِيْ طَخْيَآءِ

آیتوں کا مقابلہ کرنیوالا ہے وہ (مہدی موعودؑ) تیرا نور تاباں اور جھلملاتی روشنی ہے وہ نور کا ستون، شان والی سیاہ

الدَّيْجُوْرِ، الْغَآئِبُ الْمَسْتُوْرُ جَلَّ مَوْلِدُهٗ، وَ كَرُمَ مَحْتِدُهٗ، وَالْمَلَآئِكَةُ شُهَّدُهٗ،

رات کی تاریکی میں پنہاں و پوشیدہ ہے اس کی ولادت بلند مرتبہ ہے اس کی اصل، فرشتے اس کے گواہ ہیں اور اللہ اسکا

وَاللّٰهُ نَاصِرُهٗ وَمُؤَيِّدُهٗ، اِذَا اٰنَ مِيْعَادُهٗ وَالْمَلَآئِكَةُ اَمْدَادُهٗ، سَيْفُ اللّٰهِ الَّذِيْ لَا

مدد گار و حامی ہے جب اس کے وعدے کا وقت آئے گا اور فرشتے اس کے معاون ہیں وہ خدا کی تلوار ہے جو کند نہیں

يَنْبُوْ، وَنُوْرُهُ الَّذِيْ لاَ يَخْبُوْ، وَذُو الْحِلْمِ الَّذِيْ لاَ يَصْبُوْ، مَدَارُ الدَّهْرِ،

ہوتی اور اس کا ایسا نور ہے جو ماند نہیں پڑتا وہ ایسا بردبار ہے جو حد سے نہیں نکلتا وہ ہر زمانے کا سہارا ہے یہ معصومینؑ ہر

وَنَوَامِيْسُ الْعَصْرِ، وَوُلَاةُ الْاَمْرِ، وَالْمُنَزَّلُ عَلَيْهِمْ مَا يَتَنَزَّلُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ،

عہد کی عزت اور والیان امر ہیں جو کچھ شبِ قدر میں نازل کیا جاتا ہے انہی پر نازل ہوتا ہے وہی حشر و نشر میں ساتھ دینے

وَاَصْحَابُ الْحَشْرِ وَالنَّشْرِ، تَرَاجِمَةُ وَحْيِهٖ، وَوُلَاةُ اَمْرِهٖ وَنَهْيِهٖ۔ اَللّٰهُمَّ فَصَلِّ عَلٰى

والے اس کی وحی کے ترجمان اور اس کے امر و نہی کے نگران ہیں اے معبود! پس ان کے خاتم اور ان کے قائم پر

خَاتِمِهِمْ وَقَآئِمِهِمُ الْمَسْتُوْرِ عَنْ عَوَالِمِهِمْ۔ اَللّٰهُمَّ وَاَدْرِكْ بِنَا اَيَّامَهٗ

رحمت فرما جو اس کائنات سے پوشیدہ ہیں اے معبود! ہمیں اس کا زمانہ اس کا ظہور اور قیام دیکھنا نصیب فرما اور ہمیں

وَظُهُوْرَهٗ وَقِيَامَهٗ، وَاجْعَلْنَا مِنْ اَنْصَارِهٖ، وَاقْرِنْ ثَأْرَنَا بِثَأْرِهٖ، وَاكْتُبْنَا فِيْ

اس کے مددگاروں میں قرار دے ہمارا اور اس کا انتقام ایک کردے اور ہمیں اسکے مددگاروں اور مخلصوں میں لکھ

اَعْوَانِهٖ وَخُلَصَآئِهٖ، وَاَحْيِنَا فِيْ دَوْلَتِهٖ نَاعِمِيْنَ، وَبِصُحْبَتِهٖ غَانِمِيْنَ ، وَبِحَقِّهٖ

دے ہمیں اسکی حکومت میں زندگی کی نعمت عطا کر اور اسکی صحبت سے بہرہ یاب فرما اسکے حق میں قیام کرنیوالے اور برائی

قَآئِمِيْنَ، وَمِنَ السُّوْٓءِ سَالِمِيْنَ، يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ،

سے محفوظ رہنے کی توفیق دے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اور حمد اللہ ہی کیلئے ہے جو جہانوں کا پروردگار ہے

وَصَلَوَاتُهٗ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ وَالْمُرْسَلِيْنَ وَعَلٰٓى اَهْلِ بَيْتِهِ

اور اسکی رحمتیں ہوں ہمارے سردار محمدؐ پر جو نبیوں اور رسولوں کے خاتم ہیں اور انکے اہل پر جو ہر حال میں سچ بولنے

الصَّادِقِيْنَ وَعِتْرَتِهِ النَّاطِقِيْنَ، وَالْعَنْ جَمِيْعَ الظَّالِمِيْنَ، وَاحْكُمْ بَيْنَنَا

والے ہیں اور انکے اہل خاندان پر جو حق کے ترجمان ہیں اور بیزاری کرتمام ظلم کرنے والوں پر اور فیصلہ کر ہمارے

وَبَيْنَهُمْ يَآ اَحْكَمَ الْحَاكِمِيْنَ۔

اوران کے درمیان اے سب سے بڑھ کر فیصلہ کرنے والے۔

(۵) شیخ نے اسماعیل بن فضل ہاشمی سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا: امام جعفر صادق علیہ السلام نے پندرہ شعبان کی رات کو پڑھنے کیلئے مجھے یہ دعا تعلیم فرمائی:

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ الْخَالِقُ الرَّازِقُ الْمُحْيِي الْمُمِيْتُ

اے معبود! تو زندہ وپائندہ، بلندتر، بزرگتر خلق کرنے والا، رزق دینے والا، زندہ کرنے والا، موت دینے والا، آغاز کرنے

الْبَدِيْعُ الْبَدِيْعُ لَكَ الْجَلَالُ وَلَكَ الْفَضْلُ وَلَكَ الْحَمْدُ وَلَكَ الْمَنُّ وَلَكَ الْجُوْدُ

اور ایجاد کرنے والا ہے تیرے لیے جلالت اور تیرے ہی لیے بزرگی ہے تیری ہی حمد ہے اور تو ہی احسان کرتا ہے اور تو ہی سخاوت

وَلَكَ الْكَرَمُ وَلَكَ الْاَمْرُ، وَلَكَ الْمَجْدُ، وَلَكَ الشُّكْرُ، وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ، يَا

والا ہے تو ہی صاحب کرم اور تو ہی امر کا مالک ہے تو ہی شان والا اور تو ہی لائق شکر ہے تو یکتا ہے تیرا کوئی شریک نہیں ہے اے

وَاحِدُ يَا اَحَدُ يَا صَمَدُ يَا مَنْ لَّمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ، صَلِّ عَلٰى

یکتا، اے یگانہ، اے بے نیاز، اے وہ جس نے نہ کسی کو جنا اور نہ وہ جنا گیا اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہوسکتا ہے حضرت محمدؐ اور آل محمدؐ

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاكْفِنِيْ مَآ اَهَمَّنِيْ وَاقْضِ دَيْنِيْ، وَوَسِّعْ

پر رحمت فرما اور مجھے بخش دے مجھ پر رحمت فرما کٹھن کاموں میں میری کفایت فرما میرا قرض ادا کردے میرے رزق میں کشائش

عَلَيَّ فِيْ رِزْقِيْ، فَاِنَّكَ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ كُلَّ اَمْرٍ حَكِيْمٍ تَفْرُقُ، وَمَنْ تَشَآءُ مِنْ

فرما کہ تو اسی رات میں ہر حکمت والے کام کی تدبیر کرتا ہے اور اپنی مخلوق میں سے جسے چاہے رزق و روزی دیتا ہے، پس مجھے بھی

خَلْقِكَ تَرْزُقُ، فَارْزُقْنِيْ وَاَنْتَ خَيْرُ الرَّازِقِيْنَ، فَاِنَّكَ قُلْتَ وَاَنْتَ خَيْرُ

رزق دے کیونکہ تو ہی سب سے بہتر رزق دینے والا ہے یقینا یہ تیرا ہی فرمان ہے اور تو بہتر ہے سب کہنے والوں بولنے والوں میں

الْقَآئِلِيْنَ النَّاطِقِيْنَ وَاسْئَلُوا اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖ فَمِنْ فَضْلِكَ اَسْئَلُ وَ اِيَّاكَ

کہ مانگو اللہ تعالیٰ سے اس کے فضل میں سے پس میں تیرے فضل کا سوال کرتا ہوں اور بس تیرا ہی ارادہ رکھتا ہوں تیرے نبیؐ کے

قَصَدْتُّ، وَابْنَ نَبِيِّكَ اعْتَمَدْتُّ، وَلَكَ رَجَوْتُ، فَارْحَمْنِيْ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

فرزند کو اپنا سہارا بناتا ہوں اور تجھی سے امید رکھتا ہوں پس مجھ پر رحم فرما اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

(۶) یہ دعا پڑھیں کہ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس رات یہ دعا پڑھتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا يَحُوْلُ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعْصِيَتِكَ، وَمِنْ

اے معبود! ہمیں اپنے خوف کا اتنا حصہ دے جو ہمارے اور ہماری طرف سے تیری نافرمانی کے درمیان رکاوٹ بن جائے اور

طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهٖ رِضْوَانَكَ، وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا يَهُوْنُ عَلَيْنَا بِهٖ مُصِيْبَاتُ

فرمانبرداری سے اتنا حصہ دے کہ اس سے ہم تیری خوشنودی حاصل کرسکیں اور اتنا یقین عطا کر کہ جس کی بدولت دنیا کی تکلیفیں ہمیں

الدُّنْيَا ۔ اَللّٰهُمَّ اَمْتِعْنَا بِاَسْمَاعِنَا وَاَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَآ اَحْيَيْتَنَا وَاجْعَلْهُ

سبک معلوم ہوں اے معبود! جب تک تو ہمیں زندہ رکھے ہمیں ہمارے کانوں آنکھوں اور قوت سے مستفید فرما اور اس قائمؑ کو ہمارا

اعمال عیدنوروز

امام جعفر صادق علیہ السلام نے معلّٰی بن خنیس کو عیدنوروز کے اعمال کی یوں تعلیم فرمائی کہ جب نوروز کا دن آئے تو غسل کرے، پاکیزہ لباس پہنے خوشبو لگائے اور اس دن کا روزہ رکھے جب نماز ظہر وعصر اور انکے نافلہ سے فارغ ہو تو چار رکعت نماز دو دو کر کے پڑھے انکی پہلی رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۂ قدر اور دوسری رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۂ کافرون اور پھر آخری دو رکعت میں سے پہلی رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۂ توحید اور دوسری رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۂ فلق اور دس مرتبہ سورۂ ناس کی قرائت کرے نماز تمام کرنے کے بعد سجدۂ شکر کرے اور اس میں یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ الْاَوْصِيَآءِ الْمَرْضِيِّيْنَ، وَعَلٰى جَمِيْعِ اَنْبِيَآئِكَ

اے معبود! محمدؐ و آلؑ محمدؐ پر رحمت نازل فرما جو پسند کیے ہوئے اوصیاءؑ ہیں اور اپنے تمام نبیوں اور رسولوں پر رحمت

وَرُسُلِكَ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِكَ وَبَارِكْ عَلَيْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَكَاتِكَ وَصَلِّ عَلٰى

نازل کر اپنی بہترین رحمت سے اور انہیں برکت دے اپنی بہترین برکتوں سے اور ان کی روحوں پر اور ان کے

اَرْوَاحِهِمْ وَاَجْسَادِهِمْ. اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ لَنَا فِيْ

جسموں پر رحمت فرما اے معبود! محمدؐ و آلؑ محمدؐ پر برکت نازل کر اور ہمیں آج کے دن برکت دے جس کو تو نے بڑائی

يَوْمِنَا هٰذَا الَّذِيْ فَضَّلْتَهٗ وَ كَرَّمْتَهٗ وَشَرَّفْتَهٗ وَعَظَّمْتَ خَطَرَهٗ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِيْ

دی عزت دی بلندی دی اور اسے اونچی شان عطا کی اے معبود! برکت دے مجھے اس نعمت میں جو تو نے مجھے عطا کی ہے

فِيْمَا اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَيَّ حَتّٰى لَآ اَشْكُرَ اَحَدًا غَيْرَكَ، وَوَسِّعْ عَلَيَّ فِيْ رِزْقِيْ يَا ذَا الْجَلَالِ

اتنی کہ سوائے تیرے کسی کا شکر گزار نہ ہوں اور میرے رزق میں فراوانی عطا فرما اے جلالت اور بزرگی کے مالک

وَالْاِكْرَامِ. اَللّٰهُمَّ مَا غَابَ عَنِّيْ فَلَا يَغِيْبَنَّ عَنِّيْ عَوْنُكَ وَحِفْظُكَ، وَمَا

اے معبود! جو کچھ مجھسے غائب ہو سو ہو جائے لیکن تیری مدد اور تیری حفاظت مجھ سے ہرگز غائب نہ ہو اور میری جو چیز گم ہو

فَقَدْتُّ مِنْ شَيْءٍ فَلَا تُفْقِدْنِيْ عَوْنَكَ عَلَيْهِ حَتّٰى لَآ اَتَكَلَّفَ مَا لَآ اَحْتَاجُ اِلَيْهِ

سو ہو جائے لیکن تیری مدد وحمایت مجھ سے کبھی بھی گم نہ ہو یہاں تک کہ جس چیز کی ضرورت نہیں اس کے لئے رنج نہ کروں

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ (۱) حاشیہ اگلے صفحہ پر لکھا گیا ہے۔

اے جلالت اور بزرگی کے مالک۔

جو شخص یہ عمل بجالائے گا تو اسکے پچاس برس کے گناہ معاف ہوجائیں گے نیز یہ با کثرت کہا کرے:

یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

اے جلالت و بزرگی کے مالک۔

رومی مہینوں کے اعمال

اس موضوع میں یہاں ہم وہی کچھ بیان کریں گے، جو زاد المعاد میں مذکور ہے، سید جلیل علی ابن طاؤس سے روایت ہے کہ صحابہ کا ایک گروہ کسی جگہ بیٹھا ہوا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی وہاں تشریف لے آئے، آپ نے سلام کیا اور صحابہ نے سلام کا جواب دیا تب آپ نے فرمایا آیا تم چاہتے ہو کہ میں تمہیں وہ دوا بتاؤں جس سے جبرائیلؑ نے مجھے آگاہ کیا ہے اور اس کے بعد تم دوا میں طبیبوں کے محتاج نہ رہو گے۔ مولا امیرؑ اور سلمان فارسی وغیرہ نے آپ سے پوچھا کہ حضورؐ وہ کونسی دوا ہے؟ آنحضرتؐ نے مولا امیرؑ کو مخاطب کر کے فرمایا، کہ رومی مہینے نیسان میں ہونے والی بارش کا پانی لیں اور اس پر ستر مرتبہ الحمد ستر مرتبہ آیۃ الکرسی ستر مرتبہ سورۂ توحید ستر مرتبہ سورۂ فلق ستر مرتبہ سورۂ ناس اور ستر مرتبہ سورۂ کافرون پڑھیں ایک اور روایت کے مطابق ستر مرتبہ سورۂ قدر ستر مرتبہ اللہ اکبر ستر مرتبہ لا الہ الا اللہ اور ستر مرتبہ محمدؐ و آل محمدؐ پر صلوات بھی اس پر پڑھیں پھر سات دن تک ہر روز صبح اور عصر کے وقت اس پانی میں سے پیتے رہیں، قسم ہے مجھے اس ذات کی، جس نے مجھے برحق مبعوث کیا ہے کہ جبرائیلؑ نے مجھ سے کہا ہے کہ جو شخص اس پانی میں سے پیئے گا۔ حق تعالیٰ ہر وہ درد دور کر دے گا جو اس کے جسم میں ہوگا خدائے تعالیٰ اس کو آرام و عافیت عطا کرے گا، اس کے بدن اور اس کی ہڈیوں سے درد کو نکال دے گا اور اگر لوح میں اس کے لئے درد لکھا بھی ہوا ہو تو اسے وہاں سے محو کر دے گا۔ مجھے اس خدا کے حق کی قسم کہ جس نے مجھے بھیجا ہے، جس کے یہاں فرزند نہ ہوتا ہو اور فرزند کی خواہش رکھتا ہو تو اس پانی کو اس نیت سے پیئے پس حق تعالیٰ اس کو فرزند عطا کرے گا، اگر عورت بانجھ ہوگئی ہو کہ اس کے ہاں بچہ نہ ہوتا ہو تو وہ اس نیت کے ساتھ اس پانی میں سے پیئے تو اس کا بچہ ہوگا اور اگر شوہر یا زوجہ بیٹا یا بیٹی چاہتے ہوں تو وہ بھی اس پانی میں سے پئیں، ان کا یہ مقصد پورا ہو جائے گا، جیسا کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے۔

حاشیہ سابق صفحہ: کتب مشہورہ کے سوا دیگر غیر معروف میں لکھا ہے کہ وقت تحویل بہ کثرت اور بعض نے کہا ہے کہ اس دعا کو ۳۶۶ مرتبہ پڑھے:

یَا مُحَوِّلَ الْحَوْلِ وَالْاَحْوَالِ حَالَنَا اِلٰی اَحْسَنِ الْحَالِ ایک اور روایت ہے کہ اس طرح

اے زمانے اور حالتوں کو بدلنے والے ہمارے حال کو اچھے حال میں بدل دے

پڑھے یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ یَا مُدَبِّرَ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ یَا مُحَوِّلَ

اے دلوں اور آنکھوں کے پلٹانے والے اے دن رات کی ترتیب قائم رکھنے والے اپنے پلٹانے والے۔

یَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ اِنَاثًا وَّیَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ الذُّکُوْرَ اَوْ یُزَوِّجُهُمْ ذُکْرَانًا وَّاِنَاثًا

وہ جسے چاہے بیٹیاں دیتا ہے اور جسے چاہے بیٹے عطا کرتا ہے یا بیٹے بھی اور بیٹیاں بھی دیتا ہے

وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا

اور جسے چاہے بے اولاد رکھتا ہے۔

اس کے بعد آنحضرتؐ نے فرمایا جس کے سر میں درد ہو وہ اس پانی میں سے پیئے خدا کی قدرت سے اس کا درد جاتا رہے گا اگر کسی کی آنکھ میں درد ہو تو اس پانی کا ایک قطرہ آنکھ میں ڈالے اس میں سے پی بھی لے اور اپنی آنکھوں کو اس پانی سے دھوئے تو بہ حکم خدا شفا مل جائے گی اس پانی کے پینے سے دانتوں کی جڑیں پختہ ہوتی ہیں یہ دانتوں میں خوشبو پیدا کرتا ہے لعاب دھن کم ہوتا اور بلغم بھی گھٹ جاتا ہے اس پانی کے پینے سے پیٹ میں کھانے پینے کا بوجھ نہیں ہوگا۔ درد قولنج سے بچا رہے گا کمر اور پیٹ کا درد نہ ہوگا زکام کی تکلیف نہ آئے گی دانتوں میں درد نہ ہوگا معدے کا درد اور کیڑے ختم ہو جائیں گے اس شخص کو خون نکلوانے کی ضرورت نہ رہے گی بواسیر خارش دیوانگی برص جذام نکسیر اور قے سے بھی نجات ہوگی اور وہ شخص اندھا گونگا لنگڑا اور بہرا نہیں ہوگا اس کی آنکھ میں سیاہ پانی نہیں اترے گا وہ درد لاحق نہیں ہوگا جو روزہ چھوڑ دینے اور نماز ناتمام پڑھنے کا موجب ہوتا ہے اور شیطان وجن کے وسوسوں سے بچا رہے گا۔

اس کے بعد آنحضرتؐ نے فرمایا جو شخص اس پانی میں سے پیئے گا اگر اس کے بدن میں سب لوگوں جتنے درد ہوں تو بھی شفا پائے گا، جبرائیلؑ نے کہا کہ اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے، جو شخص اس پانی پر پہلے ذکر کی گئی آیات پڑھے گا تو حق تعالیٰ اس کے دل کو نور سے بھر دے گا، اس کی زبان پر حکمت کو رواں کر دے گا اس کے قلب کو فہم وذکاء سے پر کر دے گا اور اس پر اتنی مہربانیاں کریگا جو دنیا میں کسی پر بھی نہ کی ہوں گئیں اس کو ہزار رحمت اور ہزار مغفرت سے نوازے گا نیز فریب کاری بددیانتی غیبت حسد ظلم تکبر بخل اور حرص وغیرہ کو اس کے قلب سے دور کر دے گا اس کو لوگوں کی طرف سے دشمنی، ان کی بدگوئی سے بچائے گا اور یہ پانی اس کے لئے تمام بیماریوں سے شفایابی کا سبب ہوگا۔

مؤلف کہتے ہیں کہ اس روایت کا سلسلہ سند عبداللہ بن عمر پر ختم ہوتا ہے اسلئے یہ روایت بہ لحاظ سند ضعیف ہے لیکن میں نے اسے بقلم شہید دیکھا کہ انہوں نے اسے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کیا ہے اور اس میں یہی خواص اور صورتیں ذکر کی ہیں لیکن آیات اور اذکار کی روایت اس طرح ہے کہ اس آب نیساں پر سورۂ فاتحہ، آیۃ الکرسی، سورۂ کافرون، سورۂ اعلی، سورۂ فلق، سورۂ ناس، اور سورۂ توحید ستر ستر مرتبہ پڑھے، پھر ستر مرتبہ کہے لا الہ الا اللہ، ستر مرتبہ کہے اللہ اکبر اور ستر مرتبہ کہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ پھر ستر مرتبہ پڑھے: سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ

اے معبود! محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما — پاک تر ہے اللہ اور حمد اللہ ہی کے لئے ہے

اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ۔

اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ بزرگتر ہے۔

علاوہ ازیں اس پانی کے خواص میں یہ بھی ہے اگر کوئی قید خانے میں بند ہو اور وہ اس پانی میں سے پیئے تو قید سے رہائی پائے گا سردی اس کی طبیعت پر غلبہ نہ کرے گی اس کے دیگر خواص وہی بیان ہوئے ہیں جو سابقہ روایت میں مذکور ہیں۔ پھر بارش کا پانی تو مطلق طور پر بابرکت اور فائدہ بخش ہوتا ہے چاہے وہ نیساں کے مہینے میں لیا گیا ہو یا کسی اور مہینے میں لیا ہو جیسا کہ ایک معتبر حدیث میں امیر المؤمنین علیہ السلام سے نقل ہوا ہے کہ آپؑ نے فرمایا آسمان کے پانی کو پیا کرو کہ وہ جسم کو پاک کرنے والا اور دردوں کو ہٹانے والا ہے، جیسا کہ خدائے تعالیٰ فرماتا ہے:

وَیُنَزِّلُ عَلَیْکُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً لِّیُطَھِّرَکُمْ بِہٖ وَیُذْھِبَ عَنْکُمْ رِجْزَ

اور اللہ تعالیٰ آسمان سے پانی اتارتا ہے تاکہ تم کو پاک کرے اور شیطان کے وسوسوں کو تم سے

الشَّیْطَانِ وَلِیَرْبِطَ عَلٰی قُلُوْبِکُمْ وَیُثَبِّتَ بِہِ الْاَقْدَامَ۔

دور کرے اور تمہارے دلوں کو مضبوط کرے اور تمہارے قدم جمائے رکھے۔

نیساں کا عمل کرنے میں بہتر یہ ہے کہ ایک گروہ مل کر ان اذکار کو ستر ستر مرتبہ پڑھے کہ اس میں پڑھنے والوں کیلئے بہت فائدہ اور اجر و ثواب ہے۔ موجودہ سالوں میں نوروز سے ۲۳ دن گزرنے کے بعد نیساں کا رومی مہینہ شروع ہوتا ہے اور یہ رومی مہینہ تیس دن کا ہوتا ہے امام جعفر صادقؑ سے نقل ہوا ہے کہ ماہ حزیران کی سات کو پچھنے لگوایا کرو، اگر اس دن نہ ہو سکے تو پھر اس کی چودھویں تاریخ کو لگوایا کرو۔ ماہ حزیران کی پہلی قریباً نوروز سے چوراسی دن بعد ہوتی ہے اور یہ مہینہ بھی تیس دن کا ہوتا ہے۔ یہ نحوست کا مہینہ ہے۔ جیسا کہ ایک معتبر حدیث میں ہے کہ امام جعفر صادقؑ کے سامنے ماہ حزیران کا ذکر ہوا تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ یہ وہی مہینہ ہے جس میں حضرت موسیٰؑ نے بنی اسرائیل پر نفرین کی اور ایک ہی دن میں بنی اسرائیل کے تین لاکھ افراد مر گئے تھے۔ نیز معتبر سند کے ساتھ آپ ہی سے نقل ہوا ہے کہ حق تعالیٰ اس مہینے میں قضاء واجل کو نزدیک تر کر دیتا ہے۔ چنانچہ اس مہینے میں بہت زیادہ موتیں واقع ہوتی ہے۔ یہ یاد رہے کہ رومی مہینوں کی بنیاد سورج کی حرکت پر ہے۔ یہ بارہ مہینے ہیں اور ان کی ترتیب کچھ اس طرح ہے۔ تشرین اول، تشرین الآخر، کانون اول، کانون الآخر، شباط، آذر، نیساں،

ایار، حزیران، تموز، اب اور ایلول، ان میں یہ چار مہینے تیس دن کے ہوتے ہیں یعنی تشرین الآخر، نیساں، حزیراں، اور ایلول، باقی آٹھ مہینے ماسوائے شباط کے اکتیس دن کے ہوتے ہیں اور شباط کو تین سال تک آٹھ ائیس دن کا اور چوتھے سال (یعنی سال کبیسہ میں) انتیس دن کا قرار دیتے ہیں۔ رومی سال ۱/ ۴۔ ۳۶۵ دن کا ہوتا ہے اور اس کی ابتداء تشرین اول کے مہینے سے ہے اور اس دن سورج برج میزان کے انتیسویں درجے میں ہوتا ہے۔ اس کی تفصیل بحار الانوار میں مذکور ہے چونکہ احادیث میں ان مہینوں کا ذکر آیا ہے۔ لہذا ہم نے یہاں مختصراً ان کا تذکرہ کر دیا ہے، یہ رومی مہینے اس وقت عراق کے دفاتر میں رائج ہیں اور ان کا نظام حکومت انہی مہینوں کے مطابق چلتا ہے۔

تَمَّتْ بِتَوْفِیْقِ اللّٰہِ تَعَالٰی



الْوَارِثَ مِنَّا، وَاجْعَلْ ثَارَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا، وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا، وَلَا تَجْعَلْ

وارث بنا اور ان سے بدلہ لینے والا قرار دے جنہوں نے ہم پر ظلم کیا ہمارے دشمنوں کے خلاف ہماری مدد فرما اور ہمارے دین میں

مُصِيْبَتَنَا فِيْ دِيْنِنَا، وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا اَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا، وَلَا تُسَلِّطْ

ہمارے لیے کوئی مصیبت نہ لا اور ہماری ہمت اور ہمارے علم کے لیے دنیا کو بڑا مقصد قرار نہ دے اور ہم پر اس شخص کو غالب نہ کر جو ہم

عَلَيْنَا مَنْ لَّا يَرْحَمُنَا، بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

پر رحم نہ کرے واسطہ تیری رحمت کا اے سب سے زیادہ رحم والے۔

یہ دعا جامع و کامل ہے۔ پس اسے دیگر اوقات میں بھی پڑھیں۔ جیسا کہ عوالی اللئالی میں مذکور ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم یہ دعا ہمیشہ پڑھا کرتے تھے۔

(۷) وہ صلوٰت پڑھے جو ہر روز بوقت زوال پڑھا جاتا ہے۔

(۸) اس رات دعاء کمیل پڑھنے کی بھی روایت ہوئی ہے اور یہ دعا باب اول میں ذکر ہو چکی ہے۔

(۹) یہ تسبیحات سو مرتبہ پڑھے تا کہ حق تعالیٰ اس کے پچھلے گناہ معاف کر دے اور دنیا و آخرت کی حاجات پوری فرما دے:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اللہ پاک تر ہے اور حمد اللہ ہی کی ہے اللہ بزرگتر ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

(۱۰) مصباح میں شیخ نے ابو بصیرؒ سے روایت کی ہے کہ انہوں نے کہا: میں نے شعبان کی پندرھویں رات کی فضیلت کا ذکر کرتے ہوئے امام جعفر صادقؑ سے پوچھا کہ اس رات کیلئے بہترین دعاء کونسی ہے؟ حضرتؑ نے فرمایا اس رات نمازِ عشا کے بعد دو رکعت نماز پڑھے جس کی پہلی رکعت میں سورہ الحمد اور سورہ کافرون اور دوسری رکعت میں سورہ الحمد اور سورہ توحید پڑھے نماز کا سلام دینے کے بعد ۳۳ مرتبہ سبحان اللہ۔ ۳۳ مرتبہ الحمد للہ اور ۳۴ مرتبہ اللہ اکبر کہے۔ بعد میں یہ دعا پڑھے:

يَا مَنْ اِلَيْهِ مَلْجَاُ الْعِبَادِ فِي الْمُهِمَّاتِ وَاِلَيْهِ يَفْزَعُ الْخَلْقُ فِي الْمُلِمَّاتِ يَا عَالِمَ

اے وہ جو مشکل کاموں میں بندوں کی پناہ گاہ ہے اور جس کی طرف لوگ ہر مصیبت کے وقت فریادی ہوتے ہیں اے سب چھپی اور

الْجَهْرِ وَالْخَفِيَّاتِ، يَا مَنْ لَّا تَخْفٰى عَلَيْهِ خَوَاطِرُ الْاَوْهَامِ وَتَصَرُّفُ الْخَطَرَاتِ، يَا

کھلی چیزوں کے جاننے والے اے وہ جس پر لوگوں کے وہم و خیال اور دلوں میں گردش کرنے والے اندیشے بھی پوشیدہ نہیں اے

رَبَّ الْخَلَآئِقِ وَالْبَرِيَّاتِ، يَا مَنْ بِيَدِهٖ مَلَكُوْتُ الْاَرَضِيْنَ وَالسَّمٰوٰتِ، اَنْتَ

مخلوقات و موجودات کے پروردگار اے وہ ذات کہ زمینوں اور آسمانوں کی حکمرانی جس کے قبضہ قدرت میں ہے تو ہی معبود ہے

اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، اَمُتُّ اِلَيْكَ بِلَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، فَيَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اجْعَلْنِيْ

تیرے سوا کوئی معبود نہیں میں تیری طرف متوجہ ہوں اس لیے کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں پس اے (اللہ) تیرے سوا کوئی معبود نہیں

فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ مِمَّنْ نَظَرْتَ اِلَيْهِ فَرَحِمْتَهٗ، وَسَمِعْتَ دُعَآئَهٗ فَاَجَبْتَهٗ، وَعَلِمْتَ

اس رات میں مجھے ان لوگوں میں قرار دے جن پر تو نے نظر کرم فرمائی تو نے ان پر مہربانی کی ان کی دعا سنی تو نے اور اسے شرف

اسْتِقَالَتَهٗ فَاَقَلْتَهٗ، وَتَجَاوَزْتَ عَنْ سَالِفِ خَطِيْٓئَتِهٖ وَعَظِيْمِ جَرِيْرَتِهٖ، فَقَدِ

قبولیت بخشا تو ان کی پشیمانی سے آگاہ ہوا تو انہیں معاف کردیا اور ان کے سب پچھلے گناہوں اور بڑے بڑے جرائم پر عفو ودرگذر

اسْتَجَرْتُ بِكَ مِنْ ذُنُوْبِيْ، وَلَجَاْتُ اِلَيْكَ فِيْ سَتْرِ عُيُوْبِيْ. اَللّٰهُمَّ فَجُدْ عَلَيَّ

سے کام لیا پس میں اپنے گناہوں سے تیری پناہ کا طالب ہوں اور اپنے عیبوں کی پردہ پوشی کے لیے تجھ سے التجا کرتا ہوں اے

بِكَرَمِكَ وَفَضْلِكَ وَاحْطُطْ خَطَايَايَ بِحِلْمِكَ وَعَفْوِكَ وَتَغَمَّدْنِيْ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ

معبود! مجھ پر اپنے فضل وکرم سے عطا و بخشش فرما اور اپنی نرم خوئی اور درگزر کے ذریعے میری خطائیں بخش دے اس رات میں مجھ

بِسَابِغِ كَرَامَتِكَ، وَاجْعَلْنِيْ فِيْهَا مِنْ اَوْلِيَآئِكَ الَّذِيْنَ اجْتَبَيْتَهُمْ لِطَاعَتِكَ،

کو اپنے انتہائی کرم کے سائے تلے لے لے اور اس شب میں مجھے اپنے ان پیاروں میں قرار دے جن کو تو نے اپنی فرمانبرداری کیلئے

وَاخْتَرْتَهُمْ لِعِبَادَتِكَ، وَجَعَلْتَهُمْ خَالِصَتَكَ وَصِفْوَتَكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ مِمَّنْ

پسند کیا اپنی عبادت کے لیے چنا اور ان کو اپنے خاص الخاص اور برگزیدہ بنایا ہے اے معبود! مجھے ان لوگوں میں قرار دے جنکا

سَعَدَ جَدُّهٗ، وَتَوَفَّرَ مِنَ الْخَيْرَاتِ حَظُّهٗ، وَاجْعَلْنِيْ مِمَّنْ سَلِمَ فَنَعِمَ، وَفَازَ

نصیب اچھا اور نیک کاموں میں جن کا حصہ زیادہ ہے اور مجھے ان لوگوں میں رکھ جو تندرست، نعمت یافتہ، کامران اور فائدہ پانے

فَغَنِمَ وَاكْفِنِيْ شَرَّ مَآ اَسْلَفْتُ، وَاعْصِمْنِيْ مِنَ الْاِزْدِيَادِ فِيْ مَعْصِيَتِكَ،

والے ہیں اور جو کچھ میں نے کیا اس کے شر سے بچا مجھے اپنی نافرمانی میں بڑھ جانے سے محفوظ رکھ مجھے اپنی فرمانبرداری کا شوق دے

وَحَبِّبْ اِلَيَّ طَاعَتَكَ وَمَا يُقَرِّبُنِيْ مِنْكَ وَيُزْلِفُنِيْ عِنْدَكَ ۔ سَيِّدِيْٓ اِلَيْكَ يَلْجَاُ

اور اسکا جو مجھے تیرے قریب کرے اور مجھے تیرا پسندیدہ بنائے میرے سردار، بھاگنے والا، تیرے ہاں پناہ لیتا ہے طلبگار تیرے

الْهَارِبُ، وَمِنْكَ يَلْتَمِسُ الطَّالِبُ، وَعَلٰى كَرَمِكَ يُعَوِّلُ الْمُسْتَقِيْلُ التَّآئِبُ،

حضور عرض کرتا ہے اور پشیمان ہونے اور توبہ کرنے والا تیرے فضل وکرم پر بھروسہ کرتا ہے تو اپنی کریمی و مہربانی سے بندوں کی

اَدَّبْتَ عِبَادَكَ بِالتَّكَرُّمِ وَاَنْتَ اَكْرَمُ الْاَكْرَمِيْنَ، وَاَمَرْتَ بِالْعَفْوِ عِبَادَكَ وَ

پرورش کرتا ہے اور تو سب سے زیادہ کرم کرنیوالا ہے تو نے اپنے بندوں کو معاف کرنے کا حکم دیا اور تو بہت بخشنے والا رحم کرنے

اَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ اَللّٰهُمَّ فَلَا تَحْرِمْنِيْ مَا رَجَوْتُ مِنْ كَرَمِكَ، وَلَا تُؤْيِسْنِيْ

والا ہے اے معبود! پس میں نے تیرے کرم کی جو امید لگا رکھی ہے اس سے محروم نہ کر مجھے اپنی کثیر نعمتوں سے ناامید نہ ہونے دے

مِنْ سَابِغِ نِعَمِكَ، وَلَا تُخَيِّبْنِيْ مِنْ جَزِيْلِ قِسَمِكَ فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ لِاَهْلِ

اور آج کی رات اس بیشتر عطا سے محروم نہ کر جو تو نے اپنے فرمانبرداروں کیلئے مقرر کی ہوئی ہے اور مجھے اپنی مخلوق کی

طَاعَتِكَ وَاجْعَلْنِيْ فِيْ جُنَّةٍ مِّنْ شِرَارِ بَرِيَّتِكَ، رَبِّ اِنْ لَّمْ اَكُنْ مِنْ اَهْلِ ذٰلِكَ

اذیتوں سے امان میں قرار رکھ میرے پروردگار! اگر میں اس سلوک کے لائق نہیں پس تو مہربانی کرنے، معافی دینے اور بخش

فَاَنْتَ اَهْلُ الْكَرَمِ وَالْعَفْوِ وَالْمَغْفِرَةِ، وَجُدْ عَلَيَّ بِمَا اَنْتَ اَهْلُهٗ لَا بِمَا

دینے کا اہل ہے اور مجھ پر ایسی بخشش فرما جو تیرے لائق ہے نہ وہ کہ جس کا میں حقدار ہوں پس میں تجھ سے اچھا گمان رکھتا

اَسْتَحِقُّهٗ فَقَدْ حَسُنَ ظَنِّيْ بِكَ، وَتَحَقَّقَ رَجَآئِيْ لَكَ وَعَلِقَتْ نَفْسِيْ بِكَرَمِكَ

ہوں میری امید تجھی سے لگی ہوئی ہے اور میرا نفس تیرے کرم سے تعلق جوڑے ہوئے ہے جبکہ تو سب سے زیادہ رحم کرنے والا اور

فَاَنْتَ اَرْحَمُ الرَّاحِمِيْنَ وَاَكْرَمُ الْاَكْرَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ وَاخْصُصْنِيْ مِنْ كَرَمِكَ

سب سے بڑھ کر مہربانی کرنیوالا ہے اے معبود! مجھے اپنی مہربانی و بخشش سے زیادہ حصہ دینے میں خصوصیت عطا فرما اور میں تیرے

بِجَزِيْلِ قِسَمِكَ، وَاَعُوْذُ بِعَفْوِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ، وَاغْفِرْ لِيَ الذَّنْبَ الَّذِيْ يَحْبِسُ

عذاب سے، تیرے عفو کی پناہ لیتا ہوں میرا وہ گناہ بخش دے کہ جس نے مجھ کو بدخلقی میں پھنسا دیا اور میری روزی میں تنگی کا باعث

عَلَيَّ الْخُلُقَ وَيُضَيِّقُ عَلَيَّ الرِّزْقَ حَتّٰى اَقُوْمَ بِصَالِحِ رِضَاكَ، وَاَنْعَمَ بِجَزِيْلِ

ہے تاکہ میں تیری بہترین رضا حاصل کرسکوں تو اپنی مہربانی سے مجھے نعمتیں عنایت فرما اور اپنی کثیر نعمتوں سے مجھے بہرہ مند کردے

عَطَآئِكَ، وَاَسْعَدَ بِسَابِغِ نَعْمَآئِكَ، فَقَدْ لُذْتُ بِحَرَمِكَ وَتَعَرَّضْتُ لِكَرَمِكَ

کیونکہ میں نے تیرے آستان پر پناہ لی اور تیری بخشش کی امید لگائے ہوں اور میں تیرے عذاب سے عفو کی پناہ لیتا ہوں اور تیرے

وَاسْتَعَذْتُ بِعَفْوِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَبِحِلْمِكَ مِنْ غَضَبِكَ فَجُدْ بِمَا سَئَلْتُكَ،

غضب سے تیری نرم خوئی کی پناہ لیتا ہوں پس مجھے وہ دے جس کا میں نے تجھ سے سوال کیا ہے اس میں کامیاب کر جس کی تجھ سے

وَاَنِلْ مَا الْتَمَسْتُ مِنْكَ، اَسْئَلُكَ بِكَ لَا بِشَيْءٍ هُوَ اَعْظَمُ مِنْكَ۔ پھر سجدے میں

خواہش کی ہے میں تجھ سے تیرے ہی ذریعے سوال کرتا ہوں کہ تجھ سے بزرگتر کوئی چیز نہیں ہے۔

جا کر بیس مرتبے کہے: يَا رَبِّ سات مرتبہ: يَآ اَللّٰه سات مرتبہ: لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

اے پروردگار اے معبود نہیں کوئی طاقت وقوت مگر وہ جو اللہ سے ہے

دس مرتبہ مَا شَآءَ اللّٰہُ اور دس مرتبہ: لَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ کہے:

جو کچھ خدا چاہے نہیں کوئی قوت مگر خدا کی۔

پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل پر درود بھیجے اور بعد میں اپنی حاجات طلب کرے۔ قسم بخدا اگر کسی کی حاجات بارش کے قطروں جتنی ہوں تو بھی حق تعالیٰ اپنے وسیع فضل و کرم اور اس عمل کی برکت سے وہ تمام حاجات برلائے گا۔

(۱۱) شیخ طوسی اور کفعمی نے فرمایا ہے کہ اس رات یہ دعا پڑھے:

اِلٰهِیْ تَعَرَّضَ لَكَ فِیْ هٰذَا اللَّیْلِ الْمُتَعَرِّضُوْنَ، وَقَصَدَكَ الْقَاصِدُوْنَ وَاَمَّلَ

میرے معبود! طلب کرنیوالوں نے آج رات خود کو تیرے ہی سامنے پیش کیا ہے ارادہ کرنیوالوں نے تیری ہی بارگاہ کا

فَضْلَكَ وَمَعْرُوْفَكَ الطَّالِبُوْنَ، وَلَكَ فِیْ هٰذَا اللَّیْلِ نَفَحَاتٌ وَّجَوَآئِزُ وَعَطَایَا

ارادہ کیا ہیاور حاجتمندوں نے تیری ہی فضل و احسان سے امید باندھی ہوئی ہے آج کی رات تیری مہربانیاں، تیری بخشش،

وَمَوَاهِبُ تَمُنُّ بِهَا عَلٰی مَنْ تَشَآءُ مِنْ عِبَادِكَ، وَتَمْنَعُهَا مَنْ لَّمْ تَسْبِقْ لَهٗ

تیری عطائیں اور تیرے ہی انعام ہیں کہ تو اپنے بندوں میں سے جس پر چاہے ان سے احسان فرمائے اور جس پر تیری توجہ

الْعِنَایَةُ مِنْكَ وَهَآ اَنَا ذَا عَبْدُكَ الْفَقِیْرُ اِلَیْكَ الْمُؤَمِّلُ فَضْلَكَ وَمَعْرُوْفَكَ

اور عنایت نہ ہوئی ہو اس سے روک لے اور یہ میں ہوں تیرا حقیر بندہ کہ تیرا محتاج ہوں اور تیرے فضل و احسان کی امید

فَاِنْ كُنْتَ یَا مَوْلَایَ تَفَضَّلْتَ فِیْ هٰذِهِ اللَّیْلَةِ عَلٰۤی اَحَدٍ مِّنْ خَلْقِكَ وَعُدْتَّ

وار ہوں پس اے میرے مولا! اگر آج کی رات میں تو اپنی مخلوق میں کسی پر فضل و کرم کرے اور اس کو انعام عطا فرمائے

عَلَیْهِ بِعَآئِدَةٍ مِّنْ عَطْفِكَ فَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ الطَّیِّبِیْنَ الطَّاهِرِیْنَ

اور وہ انعام عطا فرمائے جو تیری مہربانی کے ساتھ ہو تو محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما جو پاکیزہ ہیں، نیکو کار ہیں اور با

الْخَیِّرِیْنَ الْفَاضِلِیْنَ وَجُدْ عَلَیَّ بِطَوْلِكَ وَمَعْرُوْفِكَ یَا رَبَّ الْعَالَمِیْنَ وَصَلَّی اللّٰهُ

فضیلت ہیں اور اپنے فضل اور احسان سے مجھ پر بخشش کر اے جہانوں کے پالنے والے اور محمدؐ پر اللہ کی رحمت ہو جو نبیوں میں

عَلٰی مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِیِّیْنَ وَاٰلِهِ الطَّاهِرِیْنَ وَسَلَّمَ تَسْلِیْمًا اِنَّ اللّٰهَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ۔

آخری نبیؐ ہیں اور ان کی آلؑ پر جو پاکیزہ ہیں اور سلام ہو بہت سلام بے شک اللہ خوبی والا اور شان والا ہے اے معبود!

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْۤ اَدْعُوْكَ كَمَآ اَمَرْتَ فَاسْتَجِبْ لِیْ كَمَا وَعَدْتَّ اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ

میں تجھ سے دعا کرتا ہوں جیسے تو نے حکم دیا تو اپنے وعدے کے مطابق اسے قبول فرما کیونکہ تو اپنے وعدے کی خلاف ورزی

اَلْمِیْعَادَ۔ یہ وہ دعا ہے جو نماز شفع کے بعد بھی پڑھی جاتی ہے۔

نہیں کرتا۔

(۱۲) اس رات نماز تہجد کی ہر دو رکعت کے بعد اور نماز شفع اور وتر کے بعد وہ دعا پڑھے کہ جو شیخ وسید نے نقل فرمائی ہے۔

(۱۳) سجدے اور دعائیں جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہیں وہ بجالائے اور ان میں سے ایک وہ روایت ہے جو شیخ نے حماد بن عیسیٰ سے، انہوں نے ابان بن تغلب سے اور انہوں نے کہا کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے فرمایا کہ جب پندرہ شعبان کی رات آئی تو اس رات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بی بی عائشہؓ کے ہاں تھے جب آدھی رات گزر گئی تو آنحضرتؐ بغرض عبادت اپنے بستر سے اٹھ گئے، بی بی بیدار ہوئیں تو حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنے بستر پر نہ پایا انہیں وہ غیرت آ گئی جو عورتوں کا خاصا ہے۔ ان کا گمان تھا کہ آنحضرتؐ اپنی کسی دوسری بیوی کے پاس چلے گئے ہیں۔ پس وہ چادر اوڑھ کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ڈھونڈتی ہوئی ازواج رسولؐ کے حجروں میں گئیں۔ مگر آپؐ کو کہیں نہ پایا۔ پھر اچانک ان کی نظر پڑی تو دیکھا کہ آنحضرتؐ زمین پر مثل کپڑے کے سجدے میں پڑے ہیں۔ وہ قریب ہوئیں تو سنا کہ حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سجدے میں یہ دعا پڑھ رہے ہیں۔

سَجَدَ لَكَ سَوَادِیْ وَخَیَالِیْ، وَ اٰمَنَ بِكَ فُؤَادِیْ، هٰذِهٖ یَدَایَ وَمَا جَنَیْتُهٗ عَلٰی

سجدہ کیا تیرے آگے میرے بدن اور میرے خیال نے اور ایمان لایا ہے تجھ پر میرا دل یہ ہیں میرے دونوں ہاتھ اور جو ستم میں نے خود

نَفْسِیْ، یَا عَظِیْمُ تُرْجٰی لِكُلِّ عَظِیْمٍ اِغْفِرْ لِیَ الْعَظِیْمَ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذَّنْبَ

پر کیا ہے اے بڑائی والے جس سے امید ہے بڑے کام کی تو میرے بڑے بڑے گناہ بخش دے کیونکہ بڑے گناہوں کو سوائے بڑائی

الْعَظِیْمَ اِلَّا الرَّبُّ الْعَظِیْمُ۔

والے پروردگار کے کوئی بخش نہیں سکتا۔

پھر آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سجدے سے سر اٹھا کر دوبارہ سجدے میں گئے اور بی بی عائشہؓ نے سنا کہ آپؐ پڑھ رہے تھے:

اَعُوْذُ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِیْ اَضَاءَتْ لَهُ السَّمٰوٰتُ وَالْاَرَضُوْنَ وَانْكَشَفَتْ لَهُ

پناہ لیتا ہوں میں تیرے نورِ ذات کی جس سے آسمانوں اور زمینوں نے روشنی حاصل کی اور جس سے تاریکیاں چھٹ گئیں

الظُّلُمَاتُ وَصَلَحَ عَلَیْهِ اَمْرُ الْاَوَّلِیْنَ وَالْاٰخِرِیْنَ مِنْ فُجَاءَةِ نَقِمَتِكَ، وَمِنْ

اور اسکی بدولت اولین اورآخرین کا کام بن گیا کہ وہ تیرے ناگہانی عذاب سے امن کے چھن جانے اور تیری نعمتوں

تَحْوِيْلِ عَافِيَتِكَ وَمِنْ زَوَالِ نِعْمَتِكَ ۔ اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ قَلْبًا تَقِيًّا نَقِيًّا وَّمِنَ

کے زائل ہو جانے کی سختیوں سے بچ گئے اے معبود! مجھے پاک اور پرہیزگار دل دے کہ جو شرک سے پاک ہو اور نہ

الشِّرْكِ بَرِيْئًا لَا كَافِرًا وَّلَا شَقِيًّا،

حق سے انکاری ہو نہ بے رحم ہو۔

پس آپ نے اپنے چہرے کو دونوں طرف سے خاک پر رکھا اور یہ پڑھا:

عَفَّرْتُ وَجْهِيْ فِي التُّرَابِ وَحُقَّ لِيْ اَنْ اَسْجُدَ لَكَ

میں نے اپنے چہرے کو خاک پر رکھا ہے اور میرے لیے ضروری ہے کہ تیرے آگے سجدہ کروں

جونہی رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اٹھے تو بی بی عائشہؓ آپؐ کو پہچان کر جھٹ سے اپنے بستر پر آ لیٹیں۔ جب آنحضرتؐ اپنے بستر پر آئے تو آپؐ نے دیکھا کہ ان بی بی کا سانس تیز تیز چل رہا ہے، اس پر آپؐ نے فرمایا: تمہارا سانس کیوں اکھڑا ہوا ہے؟ آیا تمہیں نہیں معلوم کہ آج کونسی رات ہے؟ یہ پندرہ شعبان کی رات ہے۔ اس میں روزی تقسیم ہوتی ہے۔ زندگی کی میعاد مقرر ہوتی ہے، حج پر جانے والوں کے نام لکھے جاتے ہیں۔ قبیلہ بنی کلب کی بکریوں کے بالوں سے زیادہ تعداد میں گناہگار افراد بخشے جاتے ہیں اور ملائکہ آسمان سے زمین مکہ پر نازل ہوتے ہیں۔

(۱۴) اس رات نماز جعفر طیارؑ بجالائے، جو شیخ نے امام علی رضا علیہ السلام سے روایت کی ہے۔

(۱۵) اس رات کی مخصوص نمازیں پڑھے جو کئی ایک ہیں، ان میں سے ایک وہ نماز ہے جو ابو یحییٰ صنعانی نے حضرت امام محمد باقرؑ اور حضرت امام جعفر صادقؑ سے نیز دیگر تیس معتبر اشخاص نے بھی ان سے روایت کی ہے۔ کہ فرمایا:

پندرہ شعبان کی رات چار رکعت نماز بجالائے کہ ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سو مرتبہ سورہ توحید پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد کہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اِلَيْكَ فَقِيْرٌ، وَّمِنْ عَذَابِكَ خَآئِفٌ مُّسْتَجِيْرٌ ۔ اَللّٰهُمَّ لَا تُبَدِّلِ اسْمِيْ

اے معبود! میں تیرا محتاج ہوں اور تیرے عذاب سے خوف کھاتا ہوں اور اس سے پناہ ڈھونڈتا ہوں اے معبود! میرا نام تبدیل نہ کر اور

وَلَا تُغَيِّرْ جِسْمِيْ، وَلَا تَجْهَدْ بَلَآئِيْ، وَلَا تُشْمِتْ بِيْ اَعْدَآئِيْ ۔ اَعُوْذُ بِعَفْوِكَ مِنْ

میرے جسم کو دگرگوں نہ فرما میری آزمائش کو سخت نہ بنا اور میرے دشمنوں کو مجھ پر خوشی نہ دے میں پناہ لیتا ہوں تیرے عفو کی، تیرے

عِقَابِكَ وَاَعُوْذُ بِرَحْمَتِكَ مِنْ عَذَابِكَ وَاَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ، وَاَعُوْذُ بِكَ

عذاب سے میں پناہ لیتا ہوں تیری رحمت کی تیری سزا سے میں پناہ لیتا ہوں تیری رضا کی، تیری ناراضگی سے اور چاہتا ہوں تجھ سے تیرے

مِنْكَ، جَلَّ ثَنَآؤُكَ اَنْتَ كَمَآ اَثْنَيْتَ عَلٰى نَفْسِكَ وَفَوْقَ مَا يَقُوْلُ الْقَآئِلُوْنَ.

ہی ذریعے سے کہ تیری تعریف روشن ہے جیسا کہ تو نے خود ہی اپنی تعریف کی ہے جو تعریف کرنے والوں کے قول سے بلند تر ہے۔

یادر ہے کہ اس رات سو رکعت نماز بجالانے کی بڑی فضیلت وارد ہوئی ہے۔اس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورہ توحید پڑھے۔اس کے علاوہ چھ رکعت نماز ادا کرے کہ جس میں سورہ الحمد، سورہ یٰسین، سورہ ملک اور سورہ توحید پڑھی جاتی ہے اور اس کی ترکیب ماہ رجب کے اعمال میں بیان ہو چکی ہے۔

پندرہ شعبان کا دن

پندرہ شعبان کا دن ہمارے بارہویں امام زمانہ (عج) کی ولادت باسعادت کا دن ہے لہذا آج کے دن ہماری بہت بڑی عید ہے آج جہاں بھی کوئی مؤمن ہو اور اس سے جس وقت بھی ہو سکے بارہویں امام مہدی (عج) کی زیارت پڑھے اس کا پڑھنا مستحب ہے اور ضروری ہے کہ زیارت پڑھتے وقت آپ کے جلد ظہور کی دعا مانگے سامرہ کے سرداب میں آپ کی زیارت پڑھنے کی زیادہ تاکید ہے کہ یہ آپ کے ظہور کا یقینی مقام ہے اور آپ ہی ہیں جو زمین کو عدل وانصاف سے بھر دیں گے جب کہ وہ ظلم وجور سے بھر چکی ہوگی۔

ماہ شعبان کے باقی اعمال

امام علی رضا علیہ السلام سے منقول ہے کہ جو شخص شعبان کے آخری تین دن روزہ رکھ کر ماہ رمضان کے روزوں سے متصل کر دے تو حق تعالیٰ اس کے نامہ اعمال میں ساٹھ متصل روزوں کا ثواب لکھے گا۔ابوصلت ہروی سے روایت ہے کہ میں شعبان کے آخری جمعہ کو امام علی رضا علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوا تو حضرتؑ نے مجھ سے فرمایا: اے ابوصلت شعبان کا زیادہ حصہ گزر گیا ہے اور آج اس کا آخری جمعہ ہے۔لہٰذا اس کے گزشتہ دنوں میں تجھ سے جو کوتاہیاں ہوئی ہیں اس کے باقی آنے والے دنوں میں تجھے ان کی تلافی کر لینا چاہیے اور تمہیں وہ عمل اختیار کرنا چاہیئے جو تمہارے لیے مفید ہو، تمہیں تلاوتِ قرآن اور بہت زیادہ دعا واستغفار کرنا چاہیئے نیز خدا کی بارگاہ میں اپنے گناہوں پر توبہ کرو تا کہ جب ماہ مبارک رمضان آئے تو اس وقت تک تم نے خود کو اپنے رب کے لیے خالص کر لیا ہو۔اپنے ذمہ کسی کا کوئی حق نہ رہنے دو مگر یہ کہ اسے ادا کر دو، اپنے دل میں کسی کے لیے

بغض و کینہ نہ رکھو۔ اگر کوئی گناہ کرتے رہے ہو تو اسے ترک کر دو، خدا سے ڈرو اور ظاہر و باطن میں اسی پر بھروسہ رکھو کہ جو شخص خدا پر توکل اور بھروسہ رکھتا ہے تو خدا اس کے لیے کافی ہے پس اس مہینے کے باقی دنوں میں زیادہ تر یہ دعا پڑھا کرو:

اَللّٰهُمَّ اِنْ لَّمْ تَكُنْ غَفَرْتَ لَنَا فِيْمَا مَضٰى مِنْ شَعْبَانَ فَاغْفِرْ لَنَا فِيْمَا بَقِيَ مِنْهُ

اے معبود! اگر تو نے ہمیں شعبان کے گزشتہ دنوں میں گناہوں کی معافی نہیں دی تو بھی اسکے باقی دنوں میں ہمیں بخشش عطا کردے

کیونکہ حق تعالیٰ اس مہینے میں احترام رمضان کے ناطے اپنے بہت زیادہ بندوں کو جہنم کی آگ سے آزاد فرماتا ہے شیخ نے حارث بن مغیرہ نضری سے روایت کی ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام شعبان کی آخری اور رمضان کی پہلی رات میں یہ دعا پڑھا کرتے تھے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذَا الشَّهْرَ الْمُبَارَكَ الَّذِيْ اُنْزِلَ فِيْهِ الْقُرْاٰنُ وَجُعِلَ هُدًى

اے معبود! بے شک یہی وہ بابرکت مہینہ ہے کہ جس میں قرآن کریم نازل کیا گیا اور اسے انسانوں کا رہنما قرار دیا

لِّلنَّاسِ وَبَيِّنَاتٍ مِّنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ قَدْ حَضَرَ فَسَلِّمْنَا فِيْهِ وَسَلِّمْهُ لَنَا

گیا کہ اس میں ہدایت کی دلیلیں اور حق و باطل کی تفریق ہے قرآن موجود ہے ہمیں اس کیلئے اسے ہمارے لیے سلامت

وَتَسَلَّمْهُ مِنَّا فِيْ يُسْرٍ مِّنْكَ وَعَافِيَةٍ، يَا مَنْ اَخَذَ الْقَلِيْلَ وَشَكَرَ الْكَثِيْرَ اِقْبَلْ

رکھ اور اس کو ہم سے آسانی و امن کے ساتھ لے اے وہ جو مؤخذہ کم اور قدردانی زیادہ کرتا ہے مجھ سے یہ تھوڑا

مِنِّي الْيَسِيْرَ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ لِيْٓ اِلٰى كُلِّ خَيْرٍ سَبِيْلًا، وَّمِنْ كُلِّ

عمل قبول فرما اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ میرے لیے نیکی کا ہر راستہ بنا اور جو چیزیں تجھے ناپسند ہیں ان

مَا لَا تُحِبُّ مَانِعًا يَّآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ يَا مَنْ عَفَا عَنِّيْ وَعَمَّا خَلَوْتُ بِهٖ مِنَ

سے باز رکھ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے اے وہ جس نے مجھے معاف کیا ان گناہوں پر جو میں نے تنہائی

السَّيِّئَاتِ يَا مَنْ لَّمْ يُؤَاخِذْنِيْ بِارْتِكَابِ الْمَعَاصِيْ عَفْوَكَ عَفْوَكَ عَفْوَكَ يَا

میں کیے اے وہ جس نے نافرمانیوں پر میری گرفت نہیں کی معاف کر دے معاف کردے معاف کردے اے مہربان

كَرِيْمُ اِلٰهِيْ وَعَظْتَنِيْ فَلَمْ اَتَّعِظْ ،وَزَجَرْتَنِيْ عَنْ مَّحَارِمِكَ فَلَمْ اَنْزَجِرْ، فَمَا

اے معبود! تو نے مجھے نصیحت کی میں نے پرواہ نہ کی تو نے حرام کاموں سے روکا تو میں ان سے باز نہ آیا پس میرا کوئی

عُذْرِيْ فَاعْفُ عَنِّيْ يَا كَرِيْمُ، عَفْوَكَ عَفْوَكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ الرَّاحَةَ عِنْدَ

عذر نہیں تب بھی مجھے معاف فرما ایمہربان معاف کردے معاف کردے اے معبود! میں مانگتا ہوں تجھ سے موت کے

الْمَوْتِ، وَالْعَفْوَ عِنْدَ الْحِسَابِ، عَظُمَ الذَّنْبُ مِنْ عَبْدِكَ فَلْيَحْسُنِ التَّجَاوُزُ

وقت راحت حساب کتاب کے وقت درگزر، تیرے بندے کا گناہ بہت بڑا ہے پس تیری طرف سے بہترین درگزر

مِنْ عِنْدِكَ ، يَآ اَهْلَ التَّقْوٰى وَيَآ اَهْلَ الْمَغْفِرَةِ، عَفْوَكَ عَفْوَكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ

ہونی چاہیے اے تقویٰ کے مالک اور اے بخش دینے والے معاف کردے معاف کردے اے معبود! میں تیرا بندہ

عَبْدُكَ بْنُ عَبْدِكَ بْنُ اَمَتِكَ ضَعِيْفٌ فَقِيْرٌ اِلٰى رَحْمَتِكَ وَاَنْتَ مُنْزِلُ الْغِنٰى

ہوں تیرے بندے اور تیری کنیز کا بیٹا ہوں کمزور ہوں تیری رحمت کا محتاج ہوں اور تو اپنے بندوں پر ثروت و برکت

وَالْبَرَكَةِ عَلَى الْعِبَادِ، قَاهِرٌ مُّقْتَدِرٌ اَحْصَيْتَ اَعْمَالَهُمْ، وَقَسَمْتَ اَرْزَاقَهُمْ

نازل کرنے والا زبردست بااختیار ہے تو ان کے اعمال کو شمار کرتا اور ان میں روزی بانٹتا ہے تو نے انہیں مختلف

وَجَعَلْتَهُمْ مُخْتَلِفَةً اَلْسِنَتُهُمْ وَاَلْوَانُهُمْ خَلْقًا مِّنْ بَعْدِ خَلْقٍ، وَلَا يَعْلَمُ

زبانوں اور رنگوں والے بنایا کہ ہر مخلوق کے بعد دوسری مخلوق ہے بندے تیرے علم کو نہیں جانتے اور نہ ہی بندے

الْعِبَادُ عِلْمَكَ،وَلَا يَقْدِرُ الْعِبَادُ قَدْرَكَ،وَكُلُّنَا فَقِيْرٌ اِلٰى رَحْمَتِكَ، فَلَا تَصْرِفْ

تیری قدرت کا اندازہ کرسکتے ہیں ہم سب تیری رحمت کے محتاج ہیں پس ہم سے اپنی توجہ ہرگز نہ ہٹا مجھے عمل آرزو

عَنِّيْ وَجْهَكَ، وَاجْعَلْنِيْ مِنْ صَالِحِيْ خَلْقِكَ فِي الْعَمَلِ وَالْاَمَلِ وَالْقَضَآءِ

قسمت اور مقدر کے اعتبار سے اپنے صالح و نیکوکار بندوں میں سے قرار دے اے معبود! مجھے زندہ رکھ بہتر زندگی میں

وَالْقَدَرِ اَللّٰهُمَّ اَبْقِنِيْ خَيْرَ الْبَقَآءِ وَاَفْنِنِيْ خَيْرَ الْفَنَآءِ عَلٰى مُوَالَاةِ اَوْلِيَآئِكَ،

اور موت دے تو بہترین موت دے جو تیرے دوستوں کی دوستی اور تیرے دشمنوں سے دشمنی میں ہو نیز میری موت و

وَمُعَادَاةِ اَعْدَآئِكَ وَالرَّغْبَةِ اِلَيْكَ، وَالرَّهْبَةِ مِنْكَ وَالْخُشُوْعِ وَالْوَفَآءِ

حیات تیری رغبت، تجھ سے خوف تیرے سامنے عاجزی وفاداری تیرا حکم ماننے تیری کتاب کو سچی جاننے اور تیرے

وَالتَّسْلِيْمِ لَكَ، وَالتَّصْدِيْقِ بِكِتَابِكَ،وَاتِّبَاعِ سُنَّةِ رَسُوْلِكَ اَللّٰهُمَّ مَا كَانَ

رسولؐ کی سنت کی پیروی میں ہو اے معبود! میرے دل میں جو بھی شک یا گمان یا ضدیت یا نا امیدی یا سرمستی یا تکبر یا

فِيْ قَلْبِيْ مِنْ شَكٍّ اَوْ رِيْبَةٍ اَوْ جُحُوْدٍ اَوْ قُنُوْطٍ اَوْ فَرَحٍ اَوْ بَذَخٍ اَوْبَطَرٍ اَوْ خُيَلَآءَ

بے فکری یا خود خواہی یا ریاکاری یا شہرت طلبی یا سنگدلی یا دورنگی یا کفر یا بدعملی یا نا فرمانی یا گھمنڈ یا تیری کوئی نا

اَوْ رِيَآءٍ اَوْ سُمْعَةٍ اَوْ شِقَاقٍ اَوْ نِفَاقٍ اَوْ كُفْرٍ اَوْ فُسُوْقٍ اَوْعِصْيَانٍ اَوْ عَظَمَةٍ اَوْ

پسندیدہ بات ہے تو تجھ سے سوال کرتا ہوں اے پروردگار کہ ان برائیوں کو مٹاکر ان کی جگہ میرے دل میں اپنے

شَيْءٍ لَا تُحِبُّ، فَاَسْئَلُكَ يَا رَبِّ اَنْ تُبَدِّلَنِيْ مَكَانَهٗ اِيْمَانًا بِوَعْدِكَ وَوَفَآءً

وعدے پر یقین اپنے عہد سے وفا اپنے فیصلے پر رضامندی دنیا سے بے رغبتی اور جو کچھ تیرے ہاں ہے اس میں رغبت

بِعَهْدِكَ، وَرِضًا بِقَضَآئِكَ، وَزُهْدًا فِي الدُّنْيَا، وَرَغْبَةً فِيْمَا عِنْدَكَ، وَ اَثَرَةً

اپنے در پر حاضری دلجمعی اور سچی توبہ کی توفیق دے میں تجھ سے یہی چاہتا ہوں اے جہانوں کے پالنے والے میرے

وَّطُمَاْنِيْنَةً وَّتَوْبَةً نَّصُوْحًا، اَسْئَلُكَ ذٰلِكَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ ۔ اِلٰهِيْ اَنْتَ مِنْ

معبود! تیری نرم خوئی کی وجہ سے تیری نافرمانی کی جاتی ہے اور تیری عطا و بخشش سے تیری اطاعت کی جاتی ہے گویا

حِلْمِكَ تُعْصٰى فَكَاَنَّكَ لَمْ تُرَ، وَمِنْ كَرَمِكَ وَجُوْدِكَ تُطَاعُ فَكَاَنَّكَ لَمْ تُعْصَ

تیری نافرمانی نہیں ہوتی میرے جیسا نافرمان اور جو تیری نافرمانی نہیں کرتے تیری ہی زمین پر رہتے ہیں پس ہمارے

وَاَنَا وَمَنْ لَّمْ يَعْصِكَ سُكَّانُ اَرْضِكَ فَكُنْ عَلَيْنَا بِالْفَضْلِ جَوَادًا وَّبِالْخَيْرِ

لیے اپنے فضل سے بہت عطا کرنے والا اور بھلائی پر بھلائی کرنیوالا ہوجا اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے خدا کی

عَوَّادًا، يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ صَلَاةً دَآئِمَةً لَّا تُحْصٰى وَلَا

حضرت محمدؐ اوران کی آلؑ پر رحمت ہو ہمیشہ ہمیشہ کی رحمت جسے نہ جمع کیا جاسکے نہ شمار کیا جاسکے اور تیرے سوا کوئی اسکا

تُعَدُّ وَلَا يُقَدِّرُ قَدْرَهَا غَيْرُكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۔

اندازہ نہیں کرسکتا اے سب سے بڑھ کر رحم کرنیوالے۔

تیسری فصل

رمضان المبارک کے فضائل اور اعمال

شیخ صدوقؒ نے معتبر سند کیساتھ امام علی رضاؑ سے اور حضرت نے اپنے آباء طاہرینؑ کے واسطے سے امیر المومنینؑ سے روایت کی ہے کہ آپ نے فرمایا: ایک روز رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہمیں خطبہ دیتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ اے لوگو! تمہاری طرف رحمتوں اور برکتوں والا مہینہ آرہا ہے۔ جس میں گناہ معاف ہوتے ہیں۔ یہ مہینہ خدا کے ہاں سارے مہینوں سے افضل و بہتر ہے۔ جس کے دن دوسرے مہینوں کے دنوں سے بہتر، جس کی راتیں دوسرے مہینوں کی راتوں سے بہتر اور جس کی گھڑیاں دوسرے مہینوں کی گھڑیوں سے بہتر ہیں۔ یہی وہ مہینہ ہے جس میں حق تعالیٰ نے تمہیں اپنی مہمان نوازی میں بلایا ہے اور اس مہینے میں خدا نے تمہیں بزرگی والے لوگوں میں قرار دیا ہے کہ اس میں سانس لینا تمہاری تسبیح اور تمہارا سونا عبادت کا

درجہ پاتا ہے۔اس میں تمہارے اعمال قبول کیے جاتے اور دعائیں منظور کی جاتی ہیں۔پس تم اچھی نیت اور بری باتوں سے دلوں کے پاک کرنے کے ساتھ اس ماہ میں خدائے تعالیٰ سے سوال کرو کہ وہ تم کو اس ماہ کے روزے رکھنے اور اس میں تلاوتِ قرآن کرنے کی توفیق عطا کرے کیونکہ جو شخص اس بڑائی والے مہینے میں خدا کی طرف سے بخشش سے محروم رہ گیا وہ بدبخت اور بدانجام ہوگا اس مہینے کی بھوک پیاس میں قیامت والی بھوک پیاس کا تصور کرو، اپنے فقیروں اور مسکینوں کو صدقہ دو، بوڑھوں کی تعظیم کرو، چھوٹوں پر رحم کرو اور رشتہ داروں کے ساتھ نرمی و مہربانی کرو اپنی زبانوں کو ان باتوں سے بچاؤ کہ جو نہ کہنی چاہئیں، جن چیزوں کا دیکھنا حلال نہیں ان سے اپنی نگاہوں کو بچائے رکھو، جن چیزوں کا سننا تمہارے لیے روا نہیں ان سے اپنے کانوں کو بند رکھو، دوسرے لوگوں کے یتیم بچوں پر رحم کرو تا کہ تمہارے بعد لوگ تمہارے یتیم بچوں پر رحم کریں، اپنے گناہوں سے توبہ کرو، خدا کی طرف رخ کرو، نمازوں کے بعد اپنے ہاتھ دعا کے لیے اٹھاؤ کہ یہ بہترین اوقات ہیں جن میں حق تعالیٰ اپنے بندوں کی طرف نظر رحمت فرماتا ہے اور جو بندے اس وقت اس سے مناجات کرتے ہیں وہ انکو جواب دیتا ہے اور جو بندے اسے پکارتے ہیں ان کی پکار پر لبیک کہتا ہے اے لوگو! اس میں شک نہیں کہ تمہاری جانیں گروی پڑی ہیں۔تم خدا سے مغفرت طلب کر کے ان کو چھڑانے کی کوشش کرو۔تمہاری کمریں گناہوں کے بوجھ سے دبی ہوئی ہیں تم زیادہ سجدے کر کے ان کا بوجھ ہلکا کرو کیونکہ خدا نے اپنی عزت وعظمت کی قسم کھا رکھی ہے کہ اس مہینے میں نمازیں پڑھنے اور سجدے کرنے والوں کو عذاب نہ دے اور قیامت میں ان کو جہنم کی آگ کا خوف نہ دلائے اے لوگو! جو شخص اس ماہ میں کسی مؤمن کا روزہ افطار کرائے تو اسے گناہوں کی بخشش اور ایک غلام کو آزاد کرنے کا ثواب ملے گا۔آنحضرتؐ کے اصحاب میں سے بعض نے عرض کی یا رسولؐ اللہ! ہم سب تو اس عمل کی توفیق نہیں رکھتے تب آپؐ نے فرمایا کہ تم افطار میں آدھی کھجور یا ایک گھونٹ شربت دے کر بھی خود کو آتشِ جہنم سے بچا سکتے ہو۔کیونکہ حق تعالیٰ اس کو بھی پورا اجر دے گا جو اس سے کچھ زیادہ دینے کی توفیق نہ رکھتا ہو۔اے لوگو! جو شخص اس مہینے میں اپنے اخلاق درست کرے تو حق تعالیٰ قیامت میں اس کو پل صراط پر سے باآسانی گزار دے گا۔جب کہ لوگوں کے پاؤں پھسل رہے ہوں گے۔جو شخص اس مہینے میں اپنے غلام اور لونڈی سے تھوڑی خدمت لے تو قیامت میں خدا اس کا حساب سہولت کے ساتھ لے گا اور جو شخص اس مہینے میں کسی یتیم کو عزت اور مہربانی کی نظر سے دیکھے تو قیامت میں خدا اس کو احترام کی نگاہ سے دیکھے گا۔جو شخص اس مہینے میں اپنے رشتہ داروں سے نیکی اور اچھائی کا برتاؤ کرے تو حق تعالیٰ قیامت میں اس کو اپنی رحمت کے ساتھ ملائے رکھے گا اور جو کوئی اپنے قریبی عزیزوں سے بدسلوکی کرے تو خدا روز قیامت اسے اپنے سایہ رحمت سے محروم رکھے گا۔جو شخص اس مہینے میں سنتی نمازیں بجا لائے تو خدائے تعالیٰ قیامت کے دن اسے دوزخ سے

برائت نامہ عطا کرے گا۔ اور جو شخص اس ماہ میں اپنی واجب نمازیں ادا کرے تو حق تعالیٰ اس کے اعمال کا پلڑا بھاری کر دے گا۔ جبکہ دوسرے لوگوں کے پلڑے ہلکے ہوں گے۔ جو شخص اس مہینے میں قرآن پاک کی ایک آیت پڑھے تو خداوند کریم اس کے لیے کسی اور مہینے میں ختم قرآن کا ثواب لکھے گا، اے لوگو! بے شک اس ماہ میں جنت کے دروازے کھلے ہوئے ہیں۔ پس اللہ تعالیٰ سے دعا کرو کہ وہ انہیں تم پر بند نہ کرے۔ دوزخ کے دروازے اس مہینے میں بند ہیں۔ پس خدائے تعالیٰ سے سوال کرو کہ وہ انہیں تم پر نہ کھولے اور شیطانوں کو اس مہینے میں زنجیروں میں جکڑ دیا جاتا ہے۔ پس خدا سے سوال کرو کہ وہ انہیں تم پر مسلط نہ ہونے دے.....الخ۔ شیخ صدوقؒ نے روایت کی ہے کہ جب ماہِ رمضان داخل ہوتا تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم تمام غلاموں کو آزاد فرما دیتے اسیروں کو رہا کر دیتے اور ہر سوالی کو عطا فرماتے تھے۔

مؤلف کہتے ہیں کہ رمضان مبارک خدائے تعالیٰ کا مہینہ ہے اور یہ سارے مہینوں سے افضل ہے۔ یہ وہ مہینہ ہے جس میں آسمان جنت اور رحمت کے دروازے کھل جاتے ہیں اور دوزخ کے دروازے بند کر دیئے جاتے ہیں۔ اس مہینے میں ایک رات ایسی بھی ہے، جس میں عبادت کرنا ہزار مہینوں کی عبادت سے بہتر ہے۔ پس اے انسانو! تمہیں سوچنا چاہیئے کہ تم اس مہینے کے رات دن کس طرح گزارتے ہو اور اپنے اعضائے بدن کو خدا کی نافرمانی سے کیونکر بچا سکتے ہو، خبردار کوئی شخص اس مہینے کی راتوں میں سوتا نہ رہے اور اس کے دنوں میں حق تعالیٰ کی یاد سے غافل نہ رہے کیونکہ ایک روایت میں آیا ہے کہ ماہِ رمضان میں دن کا روزہ افطار کرنے کے وقت اللہ تعالیٰ ایک لاکھ انسانوں کو جہنم کی آگ سے آزاد کرتا ہے اور شبِ جمعہ یا جمعہ کے دن ہر گھڑی میں خدائے تعالیٰ ایسے ہزاروں انسانوں کو آتشِ دوزخ سے رہائی بخشتا ہے جو دوزخی بن چکے ہوتے ہیں۔ نیز اس مہینے کی آخری رات اور دن میں حق تعالیٰ اپنے اتنے بندوں کو جہنم سے آزاد کرتا ہے جتنے کہ پورے رمضان میں آزاد کر چکا ہے۔ پس اے عزیزو! توجہ کرو کہ مبادا یہ مبارک مہینہ تمام ہو جائے اور تمہاری گردن پر گناہوں کا بوجھ باقی رہ جائے اور جب روزہ دار اپنے روزوں کا اجر پا رہے ہوں تو تم ان لوگوں میں گنے جاؤ جن کو محروم کیا جا رہا ہو۔ تمہیں تلاوتِ قرآن کر کے افضل وقت میں نمازیں بجا لا کر دیگر عبادتوں میں سعی کر کے اور توبہ و استغفار کر کے خدا کا تقرب حاصل کرنا چاہیئے، کیونکہ امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ جو شخص اس بابرکت مہینے میں نہیں بخشا گیا تو وہ آئندہ رمضان تک نہیں بخشا جائیگا سوائے اس کے کہ وہ عرفہ میں حاضر ہو جائے۔ پس تمہیں ان چیزوں سے پرہیز کرنا چاہیئے جن کو خدائے تعالیٰ نے حرام کیا ہے۔ یعنی حرام چیزوں سے روزہ افطار نہیں کرنا چاہیئے، اور تمہیں اس طرح رہنا چاہیئے جیسے امام جعفر صادق علیہ السلام نے وصیت فرمائی ہے کہ جب تم روزہ رکھو تو تمہارے کانوں آنکھوں بدن کے رونگٹوں اور جلد اور دوسرے سب اعضاء کو بھی روزہ دار ہونا چاہیئے یعنی ان کو

حرام بلکہ مکروہ چیزوں اور کاموں سے بچائے رکھو۔ نیز فرمایا کہ تمہارا روزہ دار ہونے کا دن اس طرح کا نہ ہو جیسے تمہارا روزہ دار نہ ہونے کا دن تھا۔ پھر فرمایا کہ روزہ صرف کھانے پینے سے رکنے تک ہی نہیں۔ بلکہ حالتِ روزہ میں اپنی زبانوں کو جھوٹ سے اور آنکھوں کو حرام سے دور رکھو۔ روزے کی حالت میں کسی سے لڑائی جھگڑا نہ کرو، کسی سے حسد نہ رکھو۔ کسی کا گلہ شکوہ نہ کرو اور جھوٹی قسم نہ کھاؤ۔ بلکہ سچی قسم سے بھی پرہیز کرو، گالیاں نہ دو، ظلم نہ کرو، جہالت کا رویہ نہ اپناؤ۔ بیزاری ظاہر نہ کرو اور یادِ خدا اور نماز سے غفلت نہ برتو۔ ہر وہ بات جو نہ کہنی چاہیئے۔ اس سے خاموشی اختیار کرو، صبر سے کام لو، سچی بات کہو برے آدمیوں سے الگ رہو بری باتوں، جھوٹ بولنے، بہتان لگانے، لوگوں سے جھگڑنے، گلہ کرنے اور چغلی کھانے جیسی سب چیزوں سے پرہیز کرو۔ اپنے آپ کو آخرت کے قریب جانو۔ حضرت قائم آلِ محمدؑ کے ظہور کے انتظار میں رہو، آخرت کے ثواب کی امید رکھو، آخرت کیلئے اچھے اعمال کا ذخیرہ تیار کرو۔ تمہیں خدا کے خوف میں اس طرح عاجز و خوار رہنا چاہیئے، جیسے وہ غلام کہ جو اپنے آقا سے ڈرتا ہے۔ اس کا دل رکا ہوا اور جسم سہما ہوا ہوتا ہے۔ خدا کے عذاب سے ڈرو اور اس کی رحمت کی امید رکھو۔ اے روزہ دارو! تمہارے دل عیبوں سے تمہارے باطن مکر و فریب سے اور تمہارے بدن آلودگیوں سے پاک ہونے چاہیے۔ اللہ کے سوا دوسرے خداؤں سے بیزاری اختیار کرو اور روزے کی حالت میں اپنی محبت و نصرت کو اللہ کیلئے خالص کرو۔ ہر وہ چیز ترک کر دو جس سے خدا نے ظاہر و باطن میں روکا ہے خداوند قہار سے ظاہر و باطن میں ایسا خوف رکھو جو خوف رکھنے کا حق ہے اور روزے کی حالت میں اپنا بدن اور روح خدا کے حوالے کر دو اور اپنے دل کو صرف اس کی محبت اور یاد کیلئے یکسو کر لو اور اپنے جسم کو ہر اس چیز کیلئے فرمان بردار بناؤ جس کا خدا نے حکم دیا ہے۔ اگر تم ان سب چیزوں پر عمل کر لو جو روزے کیلئے مناسب ہیں تو پھر تم نے خدا کی فرمائشوں پر عمل کیا ہے اور جن چیزوں کا میں نے تذکرہ کیا ہے اگر ان میں سے کچھ کم کر دو گے تو تمہارے ثواب اور فضیلت میں کمی آ جائے گی۔ بے شک میرے والد بزرگوار نے فرمایا کہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سنا کہ ایک عورت بحالت روزہ اپنی کنیز کو گالیاں دے رہی ہے تو حضرتؐ نے کھانا منگوایا اور اس عورت سے کہا کہ یہ کھانا کھالو۔ اس نے عرض کی کہ میں روزے سے ہوں آنحضرتؐ نے فرمایا کہ یہ کس طرح کا روزہ ہے جبکہ تو نے اپنی کنیز کو گالیاں دی ہیں۔ روزہ محض کھانے پینے سے رکنے ہی کا نام نہیں بلکہ حق تعالیٰ نے تو روزے کو تمام قبیح کاموں یعنی بدکرداری و بدگفتاری وغیرہ سے محفوظ قرار دیا ہے پس اصل و حقیقی روزے دار بہت کم اور بھوکے پیاسے رہنے والے بہت زیادہ ہیں امیر المؤمنینؑ نے فرمایا کہ کتنے ہی روزہ دار ہیں کہ جن کے لئے اس میں بھوکا پیاسا رہنے کے سوا کچھ نہیں اور کتنے ہی عبادت گزار ہیں کہ جن کا حصہ ان میں سوائے بدن کی زحمت اور تھکن کے کچھ نہیں ہے۔ کیا کہنا اس عقل مند کی نیند کا جو جاہل کی بیداری سے بہتر ہے اور کیا کہنا اس صاحب فراست کا جس کا روزے

سے نہ ہونا روزداروں سے بہتر ہے جابر بن یزید نے امام محمد باقر علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جابر ابن عبداللہؓ سے فرمایا: اے جابر! یہ رمضان مبارک کا مہینہ ہے، جو شخص اس کے دنوں میں روزہ رکھے اور اس کی راتوں کے کچھ حصے میں عبادت کرے۔ اپنے شکم اور شرمگاہ کو حرام سے بچائے رکھے اپنی زبان کو روکے رکھے تو وہ شخص گناہوں سے اس طرح باہر آئے گا جیسے یہ مہینہ جلدی ختم ہو گیا ہے۔ جناب جابرؓ نے عرض کی یا رسولؐ اللہ! آپؐ نے بہت اچھی حدیث فرمائی ہے، آپؐ نے فرمایا وہ شرطیں کتنی سخت ہیں جو میں نے روزے کیلئے بیان کی ہیں۔ مختصر یہ کہ اس ماہ مبارک کے اعمال دو مطالب اور ایک خاتمہ میں ذکر کیے جائیں گے۔

پہلا مطلب

ماہ رمضان کے مشترکہ اعمال

ان اعمال کی چار قسمیں ہیں

پہلی قسم: ماہِ رمضان میں شب روز کے اعمال

سید ابن طاؤس نے امام جعفر صادق علیہ السلام اور امام موسیٰ کاظم علیہ السلام سے روایت کی ہے کہ انہوں نے فرمایا کہ پورے رمضان میں ہر فریضہ نماز کے بعد یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ حَجَّ بَيْتِكَ الْحَرَامِ فِيْ عَامِيْ هٰذَا وَفِيْ كُلِّ عَامٍ مَّآ اَبْقَيْتَنِيْ فِيْ

اے معبود! اس سال اور آئندہ پوری زندگی مجھے اپنے بیت الحرام (کعبہ) کے حج کی توفیق فرما جب تک تو مجھے زندہ

يُسْرٍ مِّنْكَ وَعَافِيَةٍ وَّسَعَةِ رِزْقٍ وَّلَا تُخْلِنِيْ مِنْ تِلْكَ الْمَوَاقِفِ الْكَرِيْمَةِ

رکھے اپنی طرف سے آسانی، آرام اور وسعت رزق نصیب فرما مجھے ان بزرگی و کرامت والے مقامات اور مقدس

وَالْمَشَاهِدِ الشَّرِيْفَةِ وَزِيَارَةِ قَبْرِ نَبِيِّكَ صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ وَفِيْ جَمِيْعِ حَوَآئِجِ

پاکیزہ مزارات اور اپنے نبیؐ کریم کے سبز گنبد کی زیارت کرنے سے محروم نہ رکھ ان پر اور ان کی آل پر تیری رحمت

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ فَكُنْ لِّيْ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ فِيْمَا تَقْضِيْ وَتُقَدِّرُ مِنَ الْاَمْرِ

ہو اور دنیا و آخرت سے متعلق میری تمام حاجات پوری فرما دے اے معبود! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ شب قدر

الْمَحْتُومِ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ مِنَ الْقَضَآءِ الَّذِيْ لَا يُرَدُّ وَلَا يُبَدَّلُ اَنْ تَكْتُبَنِيْ مِنْ

میں تو جو یقینی امور طے فرماتا ہے اور جو محکم فیصلے کرتا ہے کہ جن میں کسی قسم کی رد و بدل نہیں ہوتی ان میں میرا نام اپنے

حُجَّاجِ بَيْتِكَ الْحَرَامِ الْمَبْرُوْرِ حَجُّهُمْ، الْمَشْكُوْرِ سَعْيُهُمْ، الْمَغْفُوْرِ ذُنُوْبُهُمْ،

بیت اللہ (کعبہ) کا حج کرنے والوں میں لکھ دے کہ جن کا حج تمہیں منظور ہے اور ان کی سعی مقبول ہے ان کے گناہ بخشے

الْمُكَفَّرِ عَنْهُمْ سَيِّئَاتُهُمْ، وَاجْعَلْ فِيْمَا تَقْضِيْ وَتُقَدِّرُ اَنْ تُطِيْلَ عُمُرِيْ

گئے اور ان کی خطائیں مٹا دی گئیں ہیں اور اپنی قضاء و قدر میں میری عمر طولانی میری روزی و رزق کشادہ فرما اور مجھے

وَتُوَسِّعَ عَلَيَّ رِزْقِيْ، وَتُؤَدِّيَ عَنِّيْ اَمَانَتِيْ وَدَيْنِيْ اٰمِيْنَ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ اور نماز کے

ہر امانت اور ہر قرض ادا کرنے کی توفیق دے ایسا ہی ہوائے جہانوں کے پالنے والے۔

بعد یہ کہے: يَا عَلِيُّ يَا عَظِيْمُ، يَا غَفُوْرُ يَا رَحِيْمُ اَنْتَ الرَّبُّ الْعَظِيْمُ الَّذِيْ لَيْسَ

اے بلند تر اے بزرگی والے اے بخشنے والے اے مہربان تو ہی بڑائی والا پروردگار ہے کہ جس جیسی کوئی

كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ وَّهُوَ السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ وَهٰذَا شَهْرٌ عَظَّمْتَهٗ وَكَرَّمْتَهٗ وَشَرَّفْتَهٗ

چیز نہیں اور وہ سننے دیکھنے والا ہے اور یہ وہ مہینہ ہے جسے تونے بزرگی دی عزت عطا کی بلندی بخشی اور سبھی مہینوں پر

وَفَضَّلْتَهٗ عَلَى الشُّهُوْرِ، وَهُوَ الشَّهْرُ الَّذِيْ فَرَضْتَ صِيَامَهٗ عَلَيَّ وَهُوَ شَهْرُ

فضیلت عنایت کی ہے اور یہ وہ مہینہ ہے جس کے روزے تونے مجھ پر فرض کیئے ہیں اور وہ ماہ مبارک رمضان ہے کہ

رَمَضَانَ الَّذِيْ اَنْزَلْتَ فِيْهِ الْقُرْاٰنَ هُدًى لِّلنَّاسِ وَبَيِّنَاتٍ مِّنَ الْهُدٰى

جس میں تو نے قرآن اتارا ہے جو لوگوں کیلئے رہبر ہے اس میں ہدایت کی دلیلیں اور حق و باطل کی تفریق ہے تو نے اس

وَالْفُرْقَانِ وَجَعَلْتَ فِيْهِ لَيْلَةَ الْقَدْرِ وَجَعَلْتَهَا خَيْرًا مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ، فَيَا ذَا

مہینے میں شب قدر رکھی اور اسے ہزار مہینوں سے بہتر قرار دیا ہے پس اے احسان کرنے والے تجھ پر احسان نہیں کیا جا

الْمَنِّ وَلَا يُمَنُّ عَلَيْكَ مُنَّ عَلَيَّ بِفَكَاكِ رَقَبَتِيْ مِنَ النَّارِ فِيْ مَنْ تَمُنُّ عَلَيْهِ

سکتا تو مجھ پر احسان فرما میری گردن آگ سے چھڑا کر ان کے ساتھ جن پر تونے احسان کیا اور مجھے داخل جنت فرما

وَاَدْخِلْنِي الْجَنَّةَ بِرَحْمَتِكَ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

اپنی رحمت سے اے سب سے زیادہ رحمت کرنے والے۔

شیخ کفعمی نے مصباح و بلد الامین اور شیخ شہید نے اپنے مجموعہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نقل کیا ہے کہا آپ نے فرمایا: جو شخص رمضان المبارک میں ہر واجب نماز کے بعد یہ دعا پڑھے تو خداوند اس کے قیامت تک کے گناہ معاف کردے گا اور وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اَدْخِلْ عَلٰٓى اَهْلِ الْقُبُوْرِ السُّرُوْرَ اَللّٰهُمَّ اَغْنِ كُلَّ فَقِيْرٍ اَللّٰهُمَّ اَشْبِعْ

اے معبود ! قبروں میں دفن شدہ لوگوں کو شادمانی عطا فرما اے معبود! ہر محتاج کو غنی بنا دے اے معبود! ہر بھوکے کو شکم

كُلَّ جَآئِعٍ اَللّٰهُمَّ اكْسُ كُلَّ عُرْيَانٍ، اَللّٰهُمَّ اقْضِ دَيْنَ كُلِّ مَدِيْنٍ، اَللّٰهُمَّ فَرِّجْ

سیر کر دے اے معبود! ہر عریان کو لباس پہنا دے اے معبود! ہر مقروض کا قرض ادا کر اے معبود! ہر مصیبت زدہ کو

عَنْ كُلِّ مَكْرُوْبٍ اَللّٰهُمَّ رُدَّ كُلَّ غَرِيْبٍ اَللّٰهُمَّ فُكَّ كُلَّ اَسِيْرٍ اَللّٰهُمَّ اَصْلِحْ

آسودگی عطا کر اے معبود! ہر مسافر کو وطن واپس لا اے معبود! ہر قیدی کو رہائی بخش دے اے معبود! مسلمانوں کے

كُلَّ فَاسِدٍ مِنْ اُمُوْرِ الْمُسْلِمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اشْفِ كُلَّ مَرِيْضٍ اَللّٰهُمَّ سُدَّ فَقْرَنَا

امور میں سے ہر بگاڑ کی اصلاح فرما دے اے معبود! ہر مریض کو شفا عطا فرما اے معبود! اپنی ثروت سے ہماری محتاجی

بِغِنَاكَ اَللّٰهُمَّ غَيِّرْ سُوْٓءَ حَالِنَا بِحُسْنِ حَالِكَ اَللّٰهُمَّ اقْضِ عَنَّا الدَّيْنَ وَاَغْنِنَا

ختم کر دے اے معبود! ہماری بد حالی کو خوشحالی سے بدل دے اے معبود! ہمیں اپنے قرض ادا کرنے کی توفیق دے

مِنَ الْفَقْرِ، اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۔

اور محتاجی سے بچالے بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

کافی میں شیخ کلینیؒ نے ابوبصیر سے روایت کی ہے کہ امام جعفر صادقؑ ماہ مبارک رمضان میں یہ دعا پڑھا کرتے تھے۔

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ بِكَ وَمِنْكَ اَطْلُبُ حَاجَتِيْ، وَمَنْ طَلَبَ حَاجَةً اِلَى النَّاسِ فَاِنِّيْ لَاَ

اے معبود! میں تیرے ہی ذریعے تجھ سے اپنی حاجت طلب کرتا ہوں جو لوگوں سے طلب حاجت کرتا ہے کیا کرے پس میں تیرے

اَطْلُبُ حَاجَتِيْ اِلَّا مِنْكَ وَحْدَكَ لَا شَرِيْكَ لَكَ وَاَسْئَلُكَ بِفَضْلِكَ وَرِضْوَانِكَ

سوا کسی سے طلب حاجت نہیں کرتا تو یکتا ہے تیرا کوئی شریک نہیں اور سوال کرتا ہوں تجھ سے بواسطہ تیری عطا و مہربانی کے یہ کہ

اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاَهْلِ بَيْتِهٖ وَاَنْ تَجْعَلَ لِيْ فِيْ عَامِيْ هٰذَآ اِلٰى بَيْتِكَ الْحَرَامِ

حضرت محمدؐ اور ان کے اہلبیتؑ پر رحمت نازل فرما اور میرے لئے اسی سال میں اپنے محترم گھر کعبہ پہنچنے کا وسیلہ بنا دے وہاں

سَبِيْلًا حِجَّةً مَّبْرُوْرَةً مُّتَقَبَّلَةً زَاكِيَةً خَالِصَةً لَّكَ تَقَرُّبِهَا عَيْنِيْ وَتَرْفَعُ بِهَا

مجھے حج نصیب کر جو درست مقبول پاکیزہ اور خاص تیرے ہی لئے ہو اس سے میری آنکھیں ٹھنڈی کر اور میرے درجے بلند فرما

دَرَجَتِيْ، وَتَرْزُقَنِيْ اَنْ اَغُضَّ بَصَرِيْ وَاَنْ اَحْفَظَ فَرْجِيْ وَاَنْ اَكُفَّ بِهَا عَنْ جَمِيْعِ

مجھے توفیق دے کہ حیا سے آنکھیں نیچی رکھوں اپنی شرمگاہ کی حفاظت کروں اور تیری حرام کردہ ہر چیز سے بچ کے رہوں یہاں تک

مَحَارِمِكَ حَتّٰى لَا يَكُوْنَ شَيْءٌ آثَرَ عِنْدِيْ مِنْ طَاعَتِكَ وَخَشْيَتِكَ وَالْعَمَلِ بِمَا

کہ میرے نزدیک تیری فرمانبرداری اور تیرے خوف سے عزیز تر کوئی چیز نہ ہو جس چیز کو تو پسند کرتا ہے اس پر عمل کروں اور

اَحْبَبْتَ وَالتَّرْكِ لِمَا كَرِهْتَ وَنَهَيْتَ عَنْهُ وَاجْعَلْ ذٰلِكَ فِيْ يُسْرٍ وَّيَسَارٍ

جسے تو نے نا پسند کیا اور اس سے روکا ہے اسے چھوڑ دوں اور یہ اس طرح ہو کہ اس میں آسانی فروانی و تندرستی ہو اور اس کے

وَّعَافِيَةٍ وَّمَآ اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَيَّ، وَاَسْئَلُكَ اَنْ تَجْعَلَ وَفَاتِيْ قَتْلًا فِيْ سَبِيْلِكَ تَحْتَ

ساتھ جو بھی نعمت تو مجھے عطا کرے۔ اور تجھ سے سوالی ہوں کہ میری موت کو ایسا قرار دے گویا میں تیری راہ میں تیرے نبیؐ کے

رَايَةِ نَبِيِّكَ مَعَ اَوْ لِيَآئِكَ، وَاَسْئَلُكَ اَنْ تَقْتُلَ بِيَ اَعْدَآئَكَ وَاَعْدَآءَ

جھنڈے تلے قتل ہوا ہو تیرے دوستوں کے ہمراہ اور سوال کرتا ہوں مجھے توفیق دے کہ میں تیرے اور تیرے رسولؐ کے دشمنوں

رَسُوْلِكَ،وَاَسْئَلُكَ اَنْ تُكْرِمَنِيْ بِهَوَانِ مَنْ شِئْتَ مِنْ خَلْقِكَ وَلَا تُهِنِّيْ

کو قتل کروں اور سوال کرتا ہوں کہ تو اپنی مخلوق میں سے جس کی خواری سے چاہے مجھے عزت دے لیکن اپنے پیاروں میں سے کسی

بِكَرَامَةِ اَحَدٍ مِّنْ اَوْ لِيَآئِكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ لِّيْ مَعَ الرَّسُوْلِ سَبِيْلًا، حَسْبِيَ

کی عزت کے مقابل مجھے ذلیل نہ فرما ۔ اے معبود! حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ میرا رابطہ قائم فرما کافی ہے میرے لئے اللہ جو

اللّٰهُ، مَا شَآءَ اللّٰهُ ۔

اللہ چاہے وہی ہوگا۔

مؤلف کہتے ہیں کہ اس دعا کو دعائے حج کہا جاتا ہے سید نے اپنی کتاب اقبال میں امام جعفر صادقؑ سے روایت کی ہے کہ ماہ رمضان کی راتوں میں بعد از مغرب یہ دعا پڑھے کفعمی نے بلد الامین میں فرمایا ہے کہ ماہ مبارک رمضان میں ہر روز اور اس مہینے کی پہلی رات اس دعا کا پڑھنا مستحب ہے نیز مقنع میں شیخ مفیدؒ نے یہ دعا خصوصاً رمضان کی پہلی رات بعد از مغرب پڑھنے کیلئے نقل فرمائی ہے۔ یاد رہے کہ ماہ رمضان کے دنوں اور راتوں میں بہترین عمل تلاوت قرآن پاک ہے پس اس مہینے میں بکثرت تلاوت قرآن کرے کیونکہ قرآن اسی ماہ میں نازل ہوا ہے۔ روایت ہے کہ ہر چیز کیلئے بہار ہوتا ہے اور قرآن کی بہار ماہ رمضان ہے دیگر مہینوں میں سے ہر ایک میں ایک ختم قرآن سنت ہے اور کم از کم چھ دن میں ختم قرآن مستحب ہے لیکن ماہ رمضان مبارک میں ہر تین روز میں ایک ختم قرآن سنت ہے اور اگر ہر روز پورا قرآن ختم کرے تو اور بہتر ہے علامہ مجلسیؒ نے فرمایا کہ آئمہؑ میں سے چند ایک اس ماہ مبارک میں چالیس قرآن ختم فرماتے تھے بلکہ اس سے بھی زیادہ مرتبہ قرآن ختم کر لیا کرتے تھے۔ اگر ختم قرآن کا ثواب چہاردہ معصومینؑ میں سے کسی معصومؑ کی روح پاک کو

ہدیہ کردے تو اسکا ثواب دگنا ہوجاتا ہے ایک روایت میں ہے کہ اس شخص کا اجر روز قیامت ان معصومؑ کی رفاقت ہے۔اس ماہ میں بکثرت دعا وصلوات پڑھے اور بہت زیادہ استغفار کرے نیز لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کا بہت ورد کرے روایت میں ہے کہ امام سجاد علیہ السلام ماہ رمضان میں دعا، تسبیح، تکبیر اور استغفار کے سوا کوئی اور بات نہ کرتے تھے پس اس مہینے میں دن رات کی عبادات اور نوافل کا خاص اہتمام کرے

دوسری قسم: ماہ رمضان کی راتوں کے اعمال:

ان میں سے چند ایک امور ہیں:

(۱) افطار: نماز عشاء کے بعد افطار کرنا مستحب ہے مگر یہ کہ کمزوری زیادہ ہو یا افطار میں کوئی شخص اس کا منتظر ہو۔

(۲) حرام اور مشکوک چیزوں سے افطار نہ کرے بلکہ اس کیلئے حلال و پاکیزہ چیزیں استعمال کرے حلال خرما سے افطار کرے تاکہ اس کی نماز کا ثواب چار سو گنا ہوجائے پانی، تازہ کھجور اور دودھ، حلوہ، مٹھائی اور گرم پانی میں سے جس چیز سے افطار کرے بہتر ہے۔

(۳) افطار کے وقت جو دعائیں وارد ہیں وہ پڑھے یا ان میں سے مشہور دعا پڑھے تاکہ اسے ساری دنیا کے روزہ داروں جتنا ثواب حاصل ہو اور وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْتُ وَ عَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ وَ عَلَيْكَ تَوَكَّلْتُ

اے اللہ! تیرے لیے روزہ رکھتا ہوں تیرے رزق سے افطار کرتا ہوں اور تجھی پر بھروسہ کرتا ہوں

اگر دعا اَللّٰهُمَّ رَبَّ النُّوْرِ الْعَظِيْمِ پڑھے کہ جو سید اور کفعمی دونوں نے نقل کی ہے تو اس کی بڑی فضیلت ہے۔

اے اللہ! اے عظیم نور کے رب

روایت میں ہے کہ امیر المؤمنین علیہ السلام بوقت افطار یہ دعا پڑھتے تھے:

بِسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ لَكَ صُمْنَا وَعَلٰى رِزْقِكَ اَفْطَرْنَا فَتَقَبَّلْ مِنَّا اِنَّكَ اَنْتَ

خدا کے نام سے اے اللہ! ہم نے تیرے لیے روزہ رکھا تیرے رزق سے افطار کیا پس اسے ہماری طرف سے قبول فرما بے شک تو

السَّمِيْعُ الْعَلِيْمُ

سننے والا جاننے والا ہے

(۴) پہلا لقمہ اٹھاتے وقت یہ دعا پڑھے تا کہ اس کے گناہ بخشے جائیں:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ يَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ اِغْفِرْلِيْ

خدا کے نام سے شروع کرتا ہوں جو رحمن و رحیم ہے اے وسیع مغفرت والے مجھے بخش دے۔

روایت میں ہے کہ ماہِ رمضان کی ہر شام ایک لاکھ انسانوں کو جہنم کی آگ سے آزاد کیا جاتا ہے لہذا دعا کرے کہ وہ بھی ان میں سے ایک ہو۔

(۵) افطار کے وقت سورہ اِنَّا اَنْزَلْنَاهُ فِيْ لَيْلَةِ الْقَدْرِ... پڑھے۔

(۶) افطار کے وقت صدقہ دے اور دیگر مومنوں کا روزہ افطار کرائے چاہے چند کھجوریں یا پانی سے ہی کیوں نہ ہو، رسول اللہؐ سے روایت ہے کہ جو شخص کسی کا روزہ افطار کرائے تو اس کو بھی روزہ دار کے برابر ثواب ملے گا جب کہ اس روزہ دار کے ثواب میں کچھ کمی نہ ہوگی۔ نیز اس طعام کی قوت سے افطار کرنے والا جو نیکی کرے گا اس کا ثواب افطار کرانے والے کو بھی ملے گا۔ علامہ حلیؒ نے رسالہ سعدیہ میں امام جعفر صادق علیہ السلام سے نقل کیا ہے کہ حضرت نے فرمایا: جو شخص اپنے مومن بھائی کا روزہ افطار کرائے اس کو تیس غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا اور خدا کے ہاں اس کی ایک دعا بھی قبول ہوگی۔

(۷) روایت میں ہے کہ ماہِ رمضان کی ہر رات ایک ہزار مرتبہ سورہ انزلناہ پڑھے۔

(۸) اگر ممکن ہو تو ہر رات سو مرتبہ سورہ حٰمٓ دخان پڑھے۔

(۹) سید نے روایت کی ہے کہ جو ماہ رمضان کی ہر رات یہ دعا پڑھے تو اسکے چالیس سال کے گناہ معاف ہو جائیں گے وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ رَبَّ شَهْرِ رَمَضَانَ الَّذِيْ اَنْزَلْتَ فِيْهِ الْقُرْاٰنَ وَافْتَرَضْتَ عَلٰى عِبَادِكَ

اے اللہ! اے ماہ رمضان کے پروردگار کہ جس میں تو نے قرآن کریم نازل فرمایا اور اپنے بندوں پر اس ماہ میں روزے رکھنا

فِيْهِ الصِّيَامَ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّارْزُقْنِيْ حَجَّ بَيْتِكَ الْحَرَامِ فِيْ عَامِيْ

فرض کیے محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور مجھے اسی سال اپنے بیت الحرام (کعبہ) کا حج نصیب فرما اور آئندہ سالوں میں بھی

هٰذَا وَفِيْ كُلِّ عَامٍ وَّاغْفِرْ لِيْ تِلْكَ الذُّنُوْبَ الْعِظَامَ، فَاِنَّهٗ لَا يَغْفِرُهَا غَيْرُكَ يَا

اور میرے اب تک کے تمام گناہان کبیرہ معاف کردے کیونکہ سوائے تیرے انہیں کوئی معاف نہیں کرسکتا اے زیادہ رحم والے

رَحْمٰنُ یَا عَلَّامُ۔

اے زیادہ علم والے

(۱۰) ہر روز نماز مغرب کے بعد دعاء حج پڑھے جو قبل ازیں پہلی قسم میں نقل ہو چکی ہے۔

(۱۱) ماہ رمضان کی ہر رات یہ دعا پڑھے:

دعاء افتتاح

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَفۡتَتِحُ الثَّنَآءَ بِحَمۡدِكَ وَاَنۡتَ مُسَدِّدٌ لِّلصَّوَابِ بِمَنِّكَ

اے معبود! تیری حمد کے ذریعے تیری تعریف کا آغاز کرتا ہوں اور تو اپنے احسان سے راہ راست دکھانے والا ہے اور

وَاَیۡقَنۡتُ اَنَّكَ اَنۡتَ اَرۡحَمُ الرَّاحِمِیۡنَ فِیۡ مَوۡضِعِ الۡعَفۡوِ وَالرَّحۡمَةِ وَاَشَدُّ

مجھے یقین ہے کہ تو معافی دینے مہربانی کرنے کے مقام پر سب سے بڑھ کر رحم و کرم کرنے والا ہے اور شکنجہ و عذاب کے

الۡمُعَاقِبِیۡنَ فِیۡ مَوۡضِعِ النَّكَالِ وَالنَّقِمَةِ، وَاَعۡظَمُ الۡمُتَجَبِّرِیۡنَ فِیۡ مَوۡضِعِ

موقع پر سب سے سخت عذاب دینے والا ہے اور بڑائی اور بزرگی کے مقام پر تو تمام قاہروں اور جابروں سے بڑھا

الۡكِبۡرِیَآءِ وَالۡعَظَمَةِ۔ اَللّٰھُمَّ اَذِنۡتَ لِیۡ فِیۡ دُعَآئِكَ وَمَسۡئَلَتِكَ فَاَسۡمَعۡ یَا سَمِیۡعُ

ہوا ہے اے اللہ ! تو نے مجھے اجازت دے رکھی ہے کہ تجھ سے دعا و سوال کروں پس اے سننے والے اپنی یہ تعریف سن

مِدۡحَتِیۡ وَاَجِبۡ یَا رَحِیۡمُ دَعۡوَتِیۡ وَاَقِلۡ یَا غَفُوۡرُ عَثۡرَتِیۡ، فَكَمۡ یَآ اِلٰھِیۡ مِنۡ كُرۡبَةٍ

اور اے مہربان میری دعا قبول فرما اے بخشنے والے میری خطا معاف کر پس اے میرے معبود ! کتنی ہی مصیبتوں کو تو نے

قَدۡ فَرَّجۡتَهَا، وَهُمُوۡمٍ قَدۡ كَشَفۡتَهَا، وَعَثۡرَةٍ قَدۡ اَقَلۡتَهَا وَرَحۡمَةٍ قَدۡ نَشَرۡتَهَا

دور کیا اور کتنے ہی اندیشوں کو ہٹایا اور خطاؤں سے در گزر کی رحمت کو عام کیا اور بلاؤں کے گھیرے کو توڑا اور رہائی

وَحَلۡقَةِ بَلَآءٍ قَدۡ فَكَكۡتَهَا؟ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِیۡ لَمۡ یَتَّخِذۡ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا وَّلَمۡ

دی حمد اس اللہ کیلئے ہے جس نے نہ کسی کو اپنی زوجہ بنایا اور نہ کسی کو اپنا بیٹا بنایا نہ ہی سلطنت میں اس کا کوئی شریک ہے

یَكُنۡ لَّهٗ شَرِیۡكٌ فِی الۡمُلۡكِ وَلَمۡ یَكُنۡ لَّهٗ وَلِیٌّ مِّنَ الذُّلِّ وَكَبِّرۡهُ تَكۡبِیۡرًا اَلۡحَمۡدُ

اور نہ وہ عاجز ہے کہ کوئی اس کا سرپرست ہو اس کی بڑائی بیان کرو بہت بڑائی حمد اللہ ہی کیلئے ہے اس کی تمام خوبیوں

لِلّٰهِ بِجَمِیۡعِ مَحَامِدِهٖ كُلِّهَا عَلٰی جَمِیۡعِ نِعَمِهٖ كُلِّهَآ اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ الَّذِیۡ لَا مُضَآدَّ لَهٗ

اور اس کی ساری نعمتوں کے ساتھ حمد اس اللہ کیلئے ہے جس کی حکومت میں اس کا کوئی مخالف نہیں نہ اس کے حکم میں کوئی

فِیْ مُلْکِہٖ، وَلَا مُنَازِعَ لَہٗ فِیْ اَمْرِہٖ ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَا شَرِیْکَ لَہٗ فِیْ خَلْقِہٖ،

رکاوٹ ڈالنے والا ہے حمد اس اللہ کیلئے ہے جس کی آفرینش میں کوئی اس کا شریک نہیں اور اسکی بڑائی میں کوئی اس جیسا

وَلَا شَبِیْہَ لَہٗ فِیْ عَظَمَتِہٖ ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الْفَاشِیْ فِی الْخَلْقِ اَمْرُہٗ وَحَمْدُہٗ،

نہیں حمد اس اللہ کیلئے ہے کہ جسکا حکم اور حمد خلق میں آشکار ہے اس کی شان اس کی بخشش کے ساتھ ظاہر ہے بن مانگے

الظَّاھِرِ بِالْکَرَمِ مَجْدُہٗ، الْبَاسِطِ بِالْجُوْدِ یَدَہٗ، الَّذِیْ لَا تَنْقُصُ خَزَآئِنُہٗ، وَلَا

دینے میں اس کا ہاتھ کھلا ہے وہی ہے جس کے خزانہ نے کم نہیں ہوتے اور کثرت کے ساتھ عطا کرنے سے اس کی بخشش

تَزِیْدُہٗ کَثْرَۃُ الْعَطَآءِ اِلَّا جُوْدًا وَّ کَرَمًا اِنَّہٗ ھُوَ الْعَزِیْزُ الْوَھَّابُ ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ

اور سخاوت میں اضافہ ہوتا ہے کیونکہ وہ زبردست عطا کرنے والا ہے اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بہت میں

اَسْئَلُکَ قَلِیْلًا مِّنْ کَثِیْرٍ، مَّعَ حَاجَۃٍ بِیْٓ اِلَیْہِ عَظِیْمَۃٍ وَّغِنَاکَ عَنْہُ قَدِیْمٌ وَّھُوَ

سے تھوڑے کا جبکہ مجھے اس کی بہت زیادہ حاجت ہے اور تو ہمیشہ اس سے بے نیاز ہے وہ نعمت میرے لیئے بہت بڑی ہے

عِنْدِیْ کَثِیْرٌ، وَّھُوَ عَلَیْکَ سَھْلٌ یَّسِیْرٌ ۔ اَللّٰھُمَّ اِنَّ عَفْوَکَ عَنْ ذَ نْبِیْ،

اور تیرے لئے اس کا دینا آسان ہے اے معبود! بے شک تیرا میرے گناہ کو معاف کرنا میری خطا سے تیری در گزر

وَتَجَاوُزَکَ عَنْ خَطِیْٓئَتِیْ، وَصَفْحَکَ عَنْ ظُلْمِیْ وَسَتْرَکَ عَلٰی قَبِیْحِ عَمَلِیْ،

میرے ستم سے تیری چشمپوشی میرے برے عمل کی پردہ پوشی میرے بہت سے جرائم پر تیری برد باری ہے جبکہ ان میں سے

وَحِلْمَکَ عَنْ کَثِیْرِ جُرْمِیْ عِنْدَ مَا کَانَ مِنْ خَطَآءِیْ وَعَمْدِیْ اَطْمَعَنِیْ فِیْٓ اَنْ

بعض بھول کر اور بعض میں نے جان بوجھ کر کئے ہیں تب بھی اس سے مجھے طمع ہوئی کہ میں تجھ سے وہ مانگوں جس کا میں حقدار

اَسْئَلَکَ مَا لَآ اَسْتَوْجِبُہٗ مِنْکَ الَّذِیْ رَزَقْتَنِیْ مِنْ رَّحْمَتِکَ وَاَرَیْتَنِیْ مِنْ

نہیں چنانچہ تو نے اپنی رحمت سے مجھے روزی دی اور اپنی قدرت کے کرشمے دکھائے قبولیت کی پہچان کرائی پس اب

قُدْرَتِکَ وَعَرَّفْتَنِیْ مِنْ اِجَابَتِکَ فَصِرْتُ اَدْعُوْکَ اٰمِنًا وَاَسْئَلُکَ مُسْتَاْنِسًا لَّا

میں با امن ہوکر تجھے پکارتا ہوں اور سوال کرتا ہوں الفت سے نہ ڈرتے اور گھبراتے ہوئے اور مجھے ناز ہے کہ اس

خَآئِفًا وَّلَا وَجِلًا، مُدِلًّا عَلَیْکَ فِیْمَا قَصَدْتُّ فِیْہِ اِلَیْکَ، فَاِنْ اَبْطَاَ عَنِّیْ

بارے میں تیری بارگاہ میں آیا ہوں پس اگر تو نے قبولیت میں دیر کی تو میں بوجہ نادانی تجھ سے شکوہ کروں گا اگر چہ وہ

عَتَبْتُ بِجَھْلِیْ عَلَیْکَ وَلَعَلَّ الَّذِیْ اَبْطَاَ عَنِّیْ ھُوَ خَیْرٌ لِّیْ لِعِلْمِکَ بِعَاقِبَۃِ

تاخیر کاموں کے نتائج سے متعلق تیرے علم میں میرے لیے بہتری کی حامل ہو پس میں نے تیرے سوا کوئی مولا نہیں دیکھا جو

الْاُمُوْرِ، فَلَمْ اَرَ مَوْلًى كَرِيْمًا اَصْبَرَ عَلٰى عَبْدٍ لَّئِيْمٍ مِّنْكَ عَلَيَّ، يَا رَبِّ، اِنَّكَ

میرے جیسے پست بندے پر مہربان و صابر ہو۔ اے پروردگار! تو مجھے پکارتا ہے تو میں تجھ سے منہ موڑتا ہوں تو مجھ سے

تَدْعُوْنِيْ فَاُوَلِّيْ عَنْكَ وَتَتَحَبَّبُ اِلَيَّ فَاَتَبَغَّضُ اِلَيْكَ، وَتَتَوَدَّدُ اِلَيَّ فَلَآ اَقْبَلُ

محبت کرتا ہے میں تجھ سے خفگی کرتا ہوں تو میرے ساتھ الفت کرتا ہے میں بے رخی کرتا ہوں جیسے کہ میرا تجھ پر کوئی احسان

مِنْكَ كَاَنَّ لِيَ التَّطَوُّلَ عَلَيْكَ فَلَمْ يَمْنَعْكَ ذٰلِكَ مِنَ الرَّحْمَةِ لِيْ وَالْاِحْسَانِ اِلَيَّ

رہا ہو تو بھی میرا یہ طرز عمل تجھے مجھ پر رحمت فرمانے اور مجھ پر اپنی عطا و بخشش کیساتھ فضل و احسان کرنے سے باز نہیں

وَالتَّفَضُّلِ عَلَيَّ بِجُوْدِكَ وَكَرَمِكَ فَارْحَمْ عَبْدَكَ الْجَاهِلَ وَجُدْ عَلَيْهِ

رکھتا پس اپنے اس نادان بندے پر رحم کر اور اس پر اپنے فضل و احسان سے سخاوت فرما بے شک تو بہت دینے والا سخی

بِفَضْلِ اِحْسَانِكَ اِنَّكَ جَوَادٌ كَرِيْمٌ ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ مَالِكِ الْمُلْكِ، مُجْرِي الْفُلْكِ،

ہے حمد ہے اس اللہ کے لیے جو سلطنت کا مالک کشتی کو رواں کرنیوالا ہواؤں کو قابو رکھنے والا صبح کو روشن کرنے والا او

مُسَخِّرِ الرِّيَاحِ، فَالِقِ الْاِصْبَاحِ، دَيَّانِ الدِّيْنِ، رَبِّ الْعَالَمِيْنَ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى

رقیامت میں جزا دینے والا جہانوں کا پروردگار ہے حمد ہے اللہ کی کہ جانتے ہوئے بھی بردباری سے کام لیتا ہے اورحمد

حِلْمِهٖ بَعْدَ عِلْمِهٖ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى عَفْوِهٖ بَعْدَ قُدْرَتِهٖ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى طُوْلِ اَنَاتِهٖ

ہے اس اللہ کی جو قوت کے باوجود معاف کرتا ہے اور حمد ہے اس اللہ کی جو حالت غضب میں بھی بڑا بردبار ہے اور وہ

فِيْ غَضَبِهٖ وَهُوَ قَادِرٌ عَلٰى مَا يُرِيْدُ ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ خَالِقِ الْخَلْقِ، بَاسِطِ الرِّزْقِ، فَالِقِ

جو چاہے اسے کرگزرنے کی طاقت رکھتا ہے حمد ہے اس اللہ کی جو مخلوق کو پیدا کرنیوالا روزی کشادہ کرنیوالا صبح کو روشنی

الْاِصْبَاحِ، ذِي الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ وَالْفَضْلِ وَالْاِنْعَامِ الَّذِيْ بَعُدَ فَلَا يُرٰى،

بخشنے والا صاحب جلالت و کرم اور فضل و نعمت کا مالک ہیجو ایسا دور ہے کہ نظر نہیں آتا اور اتنا قریب ہے کہ سرگوشی کو بھی

وَقَرُبَ فَشَهِدَ النَّجْوٰى، تَبَارَكَ وَتَعَالَى الْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَيْسَ لَهٗ مُنَازِعٌ

جانتا ہے وہ مبارک اور برتر ہے حمد ہے اس اللہ کی جس کا ہمسر نہیں جو جو اس سے جھگڑا کرے نہ کوئی اس جیسا ہے کہ اس

يُّعَادِلُهٗ، وَلَا شَبِيْهٌ يُشَاكِلُهٗ، وَلَا ظَهِيْرٌ يُعَاضِدُهٗ، قَهَرَ بِعِزَّتِهِ الْاَعِزَّآءَ وَتَوَاضَعَ

کاہمشکل ہو نہ کوئی اس کا مددگار و ہمکار ہے وہ اپنی عزت میں سب عزت والوں پر غالب ہے اور سبھی عظمت والے اس

لِعَظَمَتِهِ الْعُظَمَآءُ، فَبَلَغَ بِقُدْرَتِهٖ مَا يَشَآءُ ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ يُجِيْبُنِيْ حِيْنَ

کی عظمت کے آگے جھکتے ہیں وہ جو چاہے اس پر قادر ہے حمد ہے اللہ کی جسے پکارتا ہوں تو وہ جواب دیتا ہے اور میری

أَنَادِيهِ، وَيَسْتُرُ عَلَيَّ كُلَّ عَوْرَةٍ وَّأَنَا أَعْصِيهِ، وَيُعَظِّمُ النِّعْمَةَ عَلَيَّ فَلَا أُجَازِيهِ

برائی کی پردہ پوشی کرتا ہے میں اسکی نافرمانی کرتا ہوں تو بھی مجھے بڑی بڑی نعمتیں دیتا ہے کہ جن کا بدلہ میں اسے نہیں دیتا

فَكَمْ مِّنْ مَوْهِبَةٍ هَنِيْئَةٍ قَدْ أَعْطَانِي، وَعَظِيمَةٍ مُّخُوفَةٍ قَدْ كَفَانِي، وَبَهْجَةٍ

پس اس نے مجھ پر کتنی ہی خوشگوار عنایتیں اور بخششیں کی ہیں کتنی ہی خطرناک آفتوں سے مجھے بچالیا ہے کئی حیرت انگیز

مُوْنِقَةٍ قَدْ أَرَانِي فَأَثْنِي عَلَيْهِ حَامِدًا وَّأَذْكُرُهُ مُسَبِّحًا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي لَا يُهْتَكُ

خوشیاں مجھے دکھائی ہیں پس ان پر اس کی حمد و ثنا کرتا ہوں اور لگاتار اس کا نام لیتا ہوں حمد ہے اللہ کی جس کا پردہ ہٹایا

حِجَابُهُ وَلَا يُغْلَقُ بَابُهُ، وَلَا يُرَدُّ سَائِلُهُ، وَلَا يُخَيَّبُ آمِلُهُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي يُؤْمِنُ

نہیں جاسکتا اس کا در رحمت بند نہیں ہوتا اس کا سائل خالی نہیں جاتا اور اس کا امیدوار مایوس نہیں ہوتا حمد ہے اللہ کی جو

الْخَآئِفِيْنَ وَيُنَجِّي الصَّالِحِيْنَ، وَيَرْفَعُ الْمُسْتَضْعَفِيْنَ، وَيَضَعُ الْمُسْتَكْبِرِيْنَ

ڈرنے والوں کو پناہ دیتا ہے نیکوکاروں کو نجات دیتا ہے لوگوں کے دبائے ہوؤں کو ابھارتا ہے بڑا بننے والوں کو نیچا

وَيُهْلِكُ مُلُوْكًا وَيَسْتَخْلِفُ اٰخَرِيْنَ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ قَاصِمِ الْجَبَّارِيْنَ مُبِيْرِ الظَّالِمِيْنَ،

دکھاتا ہے بادشاہوں کو تباہ کرتا اور ان کی جگہ دوسروں کو لے آتا ہے۔ حمد ہے اللہ کی کہ وہ دھونسیوں کا زور توڑنے

مُدْرِكِ الْهَارِبِيْنَ نَكَالِ الظَّالِمِيْنَ صَرِيْخِ الْمُسْتَصْرِخِيْنَ مَوْضِعِ حَاجَاتِ

والا ظالموں کو برباد کرنے والا فریادیوں کو پہنچنے والا اور بے انصافوں کو سزا دینے والا ہے وہ دادخواہوں کا

الطَّالِبِيْنَ مُعْتَمَدِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي مِنْ خَشْيَتِهٖ تَرْعُدُ السَّمَآءُ

دادرس حاجات طلب کرنے والوں کا ٹھکانہ اور مومنوں کی ٹیک ہے حمد ہے اس اللہ کی جس کے خوف سے آسمان اور

وَسُكَّانُهَا، وَتَرْجُفُ الْاَرْضُ وَعُمَّارُهَا وَتَمُوْجُ الْبِحَارُ وَمَنْ يَّسْبَحُ فِيْ غَمَرَاتِهَا

آسمان والے لرزتے ہیں زمین اور اس کے آبادکار دہل جاتے ہیں سمندر لرزتے ہیں اور وہ جو انکے پانیوں میں تیرتے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي هَدَانَا لِهٰذَا وَمَا كُنَّا لِنَهْتَدِيَ لَوْلَآ اَنْ هَدَانَا اللّٰهُ

ہیں حمد ہے اللہ کی جس نے ہمیں یہ راہ ہدایت دکھائی اور ہم ہرگز ہدایت نہ پاسکتے اگر اللہ تعالیٰ ہمیں ہدایت نہ فرماتا حمد

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي يَخْلُقُ وَلَمْ يُخْلَقْ، وَيَرْزُقُ وَلَا يُرْزَقُ وَيُطْعِمُ وَلَا يُطْعَمُ

ہے اس اللہ کی جو خلق کرتا ہے اور وہ مخلوق نہیں وہ رزق دیتا ہے اور وہ مرزوق نہیں وہ کھانا کھلاتا ہے اور کھاتا نہیں

وَيُمِيْتُ الْاَحْيَآءَ وَيُحْيِي الْمَوْتٰى وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى

وہ زندوں کو مارتاہے اور مردوں کو زندہ کرتا ہے وہ ایسا زندہ ہے جسے موت نہیں بھلائی اسکے ہاتھ میں ہے اور وہ ہرچیز

كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ وَاَمِيْنِكَ وَصَفِيِّكَ

پر قدرت رکھتا ہے اے معبود! اپنی حضرت محمدؐ پر رحمت نازل فرما جو تیرے بندے تیرے رسولؐ تیرے امانتدار تیرے

وَحَبِيْبِكَ وَخِيَرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ وَحَافِظِ سِرِّكَ، وَمُبَلِّغِ رِسَالَاتِكَ اَ فْضَلَ

برگزیدہ تیرے حبیب اور تیری مخلوق میں سے تیرے پسندیدہ ہیں تیرے راز کے پاسدار ہیں اور تیرے پیغاموں کے

وَاَحْسَنَ وَاَجْمَلَ وَاَكْمَلَ وَاَزْكٰى وَاَ نْمٰى وَاَطْيَبَ وَاَطْهَرَ وَاَسْنٰى وَاَكْثَرَ مَا

پہنچانے والے ہیں ان پر رحمت کر بہترین نیکوترین زیباترین کامل ترین روئیدہ ترین پاکیزہ ترین شفاف ترین روشن

صَلَّيْتَ وَبَارَكْتَ وَتَرَحَّمْتَ وَتَحَنَّنْتَ وَسَلَّمْتَ عَلٰى اَحَدٍ مِّنْ عِبَادِكَ وَ

ترین اور تو نے جو بہت رحمت کی برکت دی نوازش کی مہربانی کی اور درود بھیجا اپنے بندوں میں اپنے نبیوں اپنے

اَنْبِيَآئِكَ وَرُسُلِكَ وَصِفْوَتِكَ وَاَهْلِ الْكَرَامَةِ عَلَيْكَ مِنْ خَلْقِكَ ۔ اَللّٰهُمَّ

رسولوں اور اپنے برگزیدوں میں سے کسی ایک پر اور جو تیرے ہاں بزرگی والے ہیں تیری مخلوق میں سے۔ اے معبود!

وَصَلِّ عَلٰى عَلِيِّ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَوَصِيِّ رَسُوْلِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ عَبْدِكَ وَوَلِيِّكَ

امیرالمومنین علیؑ پر رحمت فرما جو جہانوں کے پروردگار کے رسولؐ کے وصی ہیں تیرے بندے تیرے ولی تیرے رسولؐ

وَاَخِيْ رَسُوْلِكَ وَحُجَّتِكَ عَلٰى خَلْقِكَ وَاٰيَتِكَ الْكُبْرٰى، وَالنَّبَاَ الْعَظِيْمِ، وَصَلِّ

کے بھائی تیری مخلوق پر تیری حجت تیری بہت بڑی نشانی اور بہت سا عظیم ہیں اور صدیقہ طاہرہ فاطمہؑ پر رحمت فرما جو تمام

عَلَى الصِّدِّيْقَةِ الطَّاهِرَةِ فَاطِمَةَ سَيِّدَةِ نِسَآءِ الْعَالَمِيْنَ وَصَلِّ عَلٰى سِبْطَيِ

جہانوں کی عورتوں کی سردار ہیں اور نبیؐ رحمت کے دو نواسوں اور ہدایت والے دو ائمہؑ حسنؑ و حسینؑ پر رحمت فرما جو

الرَّحْمَةِ وَ اِمَامَيِ الْهُدٰى الْحَسَنِ وَالْحُسَيْنِ سَيِّدَيْ شَبَابِ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَصَلِّ

جنت کے جوانوں کے سید و سردار ہیں۔ اور مسلمانوں کے ائمہؑ پر رحمت فرما کہ وہ علی زین العابدینؑ محمد الباقرؑ جعفر

عَلٰٓى اَئِمَّةِ الْمُسْلِمِيْنَ عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ وَمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ وَّجَعْفَرِ بْنِ مُحَمَّدٍ وَّمُوسَى

الصادقؑ موسیٰ الکاظمؑ علی الرضاؑ محمد تقی الجوادؑ علی نقیؑ الہادیؑ حسن العسکریؑ اور بہترین سپوت ہادی المہدیؑ ہیں جو تیرے

بْنِ جَعْفَرٍ وَّعَلِيِّ بْنِ مُوسٰى وَمُحَمَّدِ بْنِ عَلِيٍّ وَّعَلِيِّ بْنِ مُحَمَّدٍ وَّالْحَسَنِ بْنِ عَلِيٍّ

بندوں پر تیری حجتیں اور تیرے شہروں میں تیرے امین ہیں ان پر رحمت فرما بہت بہت ہمیشہ ہمیشہ اے معبود اپنے ولی امر

وَّالْخَلَفِ الْهَادِى الْمَهْدِيِّ حُجَجِكَ عَلٰى عِبَادِكَ وَاُمَنَآئِكَ فِيْ بِلَادِكَ صَلَاةً

پر رحمت فرما کہ جو قائم، امیدگاہ عادل اور منتظر ہے اسکے گرد اپنے مقرب فرشتوں کا گھیرا لگادے اور روح القدس

كَثِيْرَةً دَآئِمَةً۔ اَللّٰهُمَّ وَصَلِّ عَلٰى وَ لِيِّ اَمْرِكَ الْقَآئِمِ الْمُؤَمَّلِ وَالْعَدْلِ

کے ذریعے اسکی تائید فرما اے جہانوں کے پروردگارا ے معبود! اسے اپنی کتاب کی طرف دعوت دینے والا اور

الْمُنْتَظَرِ وَحُفَّهٗ بِمَلَآئِكَتِكَ الْمُقَرَّبِيْنَ وَاَيِّدْهُ بِرُوْحِ الْقُدُسِ يَا رَبَّ

اپنے دین کیلئے قائم قرار دے اسے زمین میں اپنا خلیفہ بنا جیسے ان کو خلیفہ بنایا جو اس سے پہلے ہو گزرے ہیں اپنے

الْعَالَمِيْنَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ الدَّاعِيَ اِلٰى كِتَابِكَ وَالْقَآئِمَ بِدِيْنِكَ اسْتَخْلِفْهُ فِي

پسندیدہ دین کو اس کیلئے پائیدار بنادے اسکے خوف کے بعد اسے امن دے کہ وہ تیرا عبادت گزار ہے کسی کو تیرا شریک

الْاَرْضِ كَمَا اسْتَخْلَفْتَ الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِهٖ، مَكِّنْ لَّهٗ دِيْنَهُ الَّذِي ارْتَضَيْتَهٗ لَهٗ،

نہیں بناتا۔ اے معبود! اسے معزز فرما اور اس کے ذریعے مجھے عزت دے میں اسکی مدد کرو اور اس کے ذریعے میری

اَبْدِلْهُ مِنْ بَعْدِ خَوْفِهٖ اَمْنًا يَّعْبُدُكَ لَا يُشْرِكُ بِكَ شَيْئًا ۔ اَللّٰهُمَّ اَعِزَّهٗ وَاَعْزِزْ

مدد فرما اسے باعزت مدد دے اور اسے آسانی کے ساتھ فتح دے اور اسے اپنی طرف سے قوت والا مددگار عطا فرما

بِهٖ، وَانْصُرْهُ وَانْتَصِرْ بِهٖ، وَانْصُرْهُ نَصْرًا عَزِيْزًا، وَّافْتَحْ لَهٗ فَتْحًا يَّسِيْرًا،

اے معبود! اس کے ذریعے اپنے دین اور اپنے نبیؐ کی سنت کو ظاہر فرما یہاں تک کہ حق میں سے کوئی چیز مخلوق کے خوف

وَاجْعَلْ لَّهٗ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطَانًا نَّصِيْرًا اَللّٰهُمَّ اَظْهِرْ بِهٖ دِيْنَكَ وَسُنَّةَ نَبِيِّكَ

سے مخفی و پوشیدہ نہ رہ جائے اے معبود! ہم ایسی برکت والی حکومت کی خاطر تیری طرف رغبت رکھتے ہیں جس سے تو

حَتّٰى لَا يَسْتَخْفِيَ بِشَيْءٍ مِّنَ الْحَقِّ مَخَافَةَ اَحَدٍ مِّنَ الْخَلْقِ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَرْغَبُ اِلَيْكَ

اسلام و اہل اسلام کو قوت دے اور نفاق و اہل نفاق کو ذلیل کرے اور اس حکومت میں ہمیں اپنی اطاعت کیطرف

فِيْ دَوْلَةٍ كَرِيْمَةٍ تُعِزُّ بِهَا الْاِسْلَامَ وَاَهْلَهٗ وَتُذِلُّ بِهَا النِّفَاقَ وَاَهْلَهٗ، وَتَجْعَلُنَا

بلانے والے اور اپنے راستے کیطرف رہنمائیکرنے والے قرار دے اور اس کے ذریعے ہمیں دنیا و آخرت کی عزت

فِيْهَا مِنَ الدُّعَاةِ اِلٰى طَاعَتِكَ، وَالْقَادَةِ اِلٰى سَبِيْلِكَ، وَتَرْزُقُنَا بِهَا كَرَامَةَ

دے اے معبود! جس حق کی تو نے ہمیں معرفت کرائی اسکے تحمل کی توفیق دے اور جس سے ہم قاصر رہے اس تک

الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اَللّٰهُمَّ مَا عَرَّفْتَنَا مِنَ الْحَقِّ فَحَمِّلْنَاهُ، وَمَا قَصُرْنَا عَنْهُ

پہنچادے اے معبود اسکے ذریعے ہم بکھروں کو جمع کردے اسکے ذریعے ہمارے جھگڑے ختم کر اور ہماری پریشانی دور

فَبَلِّغْنَاهُ اَللّٰهُمَّ الْمُمْ بِهٖ شَعَثَنَا، وَاشْعَبْ بِهٖ صَدْعَنَا، وَارْتُقْ بِهٖ فَتْقَنَا،

فرما اسکے ذریعے ہماری قلت کوکثرت اور ذلت کو عزت میں بدل دے اسکے ذریعے ہمیں نادار سے تونگر بنا اور ہمارے

وَ كَثِّرْ بِهٖ قِلَّتَنَا، وَاَعْزِزْ بِهٖ ذِلَّتَنَا، وَاَغْنِ بِهٖ عَآئِلَنَا وَاقْضِ بِهٖ عَنْ مَّغْرَمِنَا،

قرض ادا کر دے اسکے ذریعے ہمارا فقر دور فرما دے ہماری حاجتیں پوری کر دے اور تنگی کو آسانی میں بدل دے

وَاجْبُرْ بِهٖ فَقْرَنَا، وَسُدَّ بِهٖ خَلَّتَنَا، وَيَسِّرْ بِهٖ عُسْرَنَا، وَبَيِّضْ بِهٖ وُجُوْهَنَا، وَفُكَّ

اس کے ذریعے ہمارے چہرے روشن کر اور ہمارے قیدیوں کو رہائی دے اسکے ذریعے ہماری حاجات بر لا اور

بِهٖ اَسْرَنَا، وَاَنْجِحْ بِهٖ طَلِبَتَنَا، وَاَنْجِزْ بِهٖ مَوَاعِيْدَنَا، وَاسْتَجِبْ بِهٖ دَعْوَتَنَا،

ہمارے وعدے نبھا دے اسکے ذریعے ہماری دعائیں قبول فرما اور ہمارے سوال پورے کر دے اس کے ذریعے دنیا

وَاَعْطِنَا بِهٖ سُؤْلَنَا، وَبَلِّغْنَا بِهٖ مِنَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ اٰمَالَنَا، وَاَعْطِنَا بِهٖ فَوْقَ

و آخرت میں ہماری امیدیں پوری فرما اور ہمیں ہماری درخواست سے زیادہ عطا کر اے سوال کئے جانے والوں میں

رَغْبَتِنَا، يَا خَيْرَ الْمَسْؤُوْلِيْنَ، وَاَوْسَعَ الْمُعْطِيْنَ، اشْفِ بِهٖ صُدُوْرَنَا، وَاَذْهِبْ

بہترین۔ اور اے سب سے زیادہ عطا کرنے والے اس کے ذریعے ہمارے سینوں کو شفا دے اور ہمارے دلوں سے

بِهٖ غَيْظَ قُلُوْبِنَا، وَاهْدِنَا بِهٖ لِمَا اخْتُلِفَ فِيْهِ مِنَ الْحَقِّ بِاِذْنِكَ، اِنَّكَ تَهْدِيْ مَنْ

بغض و کینہ مٹا دیجیں حق میں ہمارا اختلاف ہے اپنے حکم سے اس کے ذریعے ہمیں ہدایت فرما بے شک تو جسے چاہیے سیدھے

تَشَآءُ اِلٰى صِرَاطٍ مُّسْتَقِيْمٍ، وَانْصُرْنَا بِهٖ عَلٰى عَدُوِّكَ وَعَدُوِّنَآ اِلٰهَ الْحَقِّ اٰمِيْنَ

راستے کی طرف لے جاتا ہے اس کے ذریعے اپنے اور ہمارے دشمن پر ہمیں غلبہ عطا فرما اے سچے خدا ایسا ہی ہو۔ اے

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَشْكُوْ اِلَيْكَ فَقْدَ نَبِيِّنَا صَلَوَاتُكَ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ، وَغَيْبَةَ وَلِيِّنَا، وَكَثْرَةَ

معبود ! ہم شکایت کرتے ہیں تجھ سے اپنے نبیؐ کے اٹھ جانے کی کہ ان پر اور ان کی آلؑ پر تیری رحمت ہو اور اپنے ولی کی

عَدُوِّنَا، وَقِلَّةَ عَدَدِنَا، وَشِدَّةَ الْفِتَنِ بِنَا، وَتَظَاهُرَ الزَّمَانِ عَلَيْنَا، فَصَلِّ عَلٰى

پوشیدگی کی اور شاکی ہیں دشمنوں کی کثرت اور اپنی قلت تعداد اور فتنوں کی سختی اور حوادث زمانہ کی یلغار کی شکایت کرتے

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ، وَاَعِنَّا عَلٰى ذٰلِكَ بِفَتْحٍ مِّنْكَ تُعَجِّلُهٗ، وَبِضُرٍّ تَكْشِفُهٗ، وَنَصْرٍ تُعِزُّهٗ،

ہیں پس محمدؐ اور ان کی آلؑ پر رحمت فرما اور ہماری مدد فرما ان پر فتح کے ساتھ اور اس میں جلدی کر کے تکلیف دور کردے

وَسُلْطَانِ حَقٍّ تُظْهِرُهٗ، وَرَحْمَةٍ مِّنْكَ تُجَلِّلُنَاهَا، وَعَافِيَةٍ مِّنْكَ تُلْبِسُنَاهَا،

نصرت سے عزت عطا کر حق کے غلبے کا اظہار فرما ایسی رحمت فرما جو ہم پرسایہ کرے اور امن عطا کر جو ہمیں محفوظ بنا دے

بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

رحمت فرما اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

(۱۲) ہر رات یہ دعا پڑھے: اَللّٰھُمَّ بِرَحْمَتِكَ فِي الصَّالِحِيْنَ فَاَدْخِلْنَا وَفِيْ عِلِّيِّيْنَ

اے معبود ! اپنی رحمت سے ہمیں نیکوکاروں میں داخل فرما جنت

فَارْفَعْنَا وَبِكَاْسٍ مِّنْ مَعِيْنٍ مِّنْ عَيْنٍ سَلْسَبِيْلٍ فَاسْقِنَا وَمِنَ الْحُوْرِ الْعِيْنِ

علیین میں ہمارے درجے بلند فرما ہمیں چشمہ سلسبیل کے خوشگوار جام سے سیراب فرما اپنی مہربانی سے

بِرَحْمَتِكَ فَزَوِّجْنَا، وَمِنَ الْوِلْدَانِ الْمُخَلَّدِيْنَ كَاَنَّهُمْ لُؤْلُؤٌ مَّكْنُوْنٌ فَاَخْدِمْنَا

حوران جنت کو ہماری بیویاں بنا اور ہمیشہ جوان رہنے والے لڑکے جو گویا چھپے موتی ہیں انہیں

وَمِنْ ثِمَارِ الْجَنَّةِ وَلُحُوْمِ الطَّيْرِ فَاَطْعِمْنَا وَمِنْ ثِيَابِ السُّنْدُسِ وَالْحَرِيْرِ

ہماری خدمت پر لگا جنت کے میوے اور وہاں کے پرندوں کا گوشت ہمیں کھلا اور ہمیں سندس ابریشم

وَالْاِسْتَبْرَقِ فَاَلْبِسْنَا، وَلَيْلَةَ الْقَدْرِ، وَحَجَّ بَيْتِكَ الْحَرَامِ وَقَتْلاً فِيْ سَبِيْلِكَ

اور چمکیلے کپڑوں کے بنے ہوئے لباس پہنا ہمیں شب قدر عطا کر اپنے بیت اللہ (کعبہ) کے حج کی توفیق

فَوَفِّقْ لَنَا، وَصَالِحَ الدُّعَآءِ وَالْمَسْاَلَةِ فَاسْتَجِبْ لَنَا،وَاِذَا جَمَعْتَ الْاَوَّلِيْنَ

دے اور اپنی راہ میں شہادت نصیب کر دے ہماری نیک دعاؤں اور اچھی حاجتوں کو پورا فرما

وَالْاٰخِرِيْنَ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَارْحَمْنَا، وَبَرَآئَةً مِّنَ النَّارِ فَاكْتُبْ لَنَا وَفِيْ جَهَنَّمَ

دے اور جب قیامت کے روز تو اگلے پچھلوں کو اکٹھا کرے تو ہم پر رحم فرما ہمارے لئے جہنم سے

فَلَا تَغُلَّنَا، وَفِيْ عَذَابِكَ وَهَوَانِكَ فَلَا تَبْتَلِنَا، وَمِنَ الزَّقُّوْمِ وَالضَّرِيْعِ فَلَا

خلاصی لاز می کردے ہمیں اس میں نہ ڈال ہمیں اپنے عذاب اور ذلت میں نہ پھنسا اور ہمیں تھوہر

تُطْعِمْنَا وَمَعَ الشَّيَاطِيْنِ فَلَا تَجْعَلْنَا وَفِي النَّارِ عَلٰى وُجُوْهِنَا فَلَا تَكْبُبْنَا،

اور زہریلی گھاس نہ کھلا اور ہمیں شیطانوں کا ہم نشین نہ بنا اور جہنم میں ہمیں چہروں کے بل نہ لٹکا ہمیں

وَمِنْ ثِيَابِ النَّارِ وَسَرَابِيْلِ الْقَطِرَانِ فَلَا تُلْبِسْنَا وَمِنْ كُلِّ سُوْٓءٍ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ

آتشی کپڑے اور قطران کے پیراہن نہ پہنا اور اے وہ کہ نہیں کوئی معبود مگر تو ہی ہے نہیں کوئی معبود

اَنْتَ بِحَقِّ لَا اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ فَنَجِّنَا۔

مگر تو ہے کے واسطے ہمیں بچا۔

(۱۳) امام جعفر صادقؑ سے روایت ہے کہ ہر رات یہ دعا پڑھے: اَللّٰھُمَّ اِنِّيْ اَسْئَلُكَ اَنْ

اے معبود ! میں تجھ سے سوال

تَجْعَلَ فِيمَا تَقْضِيْ وَتُقَدِّرُ مِنَ الْاَمْرِ الْمَحْتُوْمِ فِي الْاَمْرِ الْحَكِيْمِ مِنَ الْقَضَآءِ

کرتا ہوں کہ تو اپنی قضاء و قدر میں محکم امور سے متعلق جو یقینی فیصلے کرتا ہے جو تیری وہ قضاء ہے کہ جس میں کسی بھی طرح کی

الَّذِيْ لَا يُرَدُّ وَلَا يُبَدَّلُ اَنْ تَكْتُبَنِيْ مِنْ حُجَّاجِ بَيْتِكَ الْحَرَامِ الْمَبْرُوْرِ حَجُّهُمْ،

تبدیلی اور پلٹ نہیں ہوتی اس میں میرا نام اپنے بیت الحرام (کعبہ) کے حاجیوں میں لکھ دے کہ جن کا حج تجھے منظور ہے

الْمَشْكُوْرِ سَعْيُهُمْ، الْمَغْفُوْرِ ذُنُوْبُهُمْ، الْمُكَفَّرِ عَنْ سَيِّئَاتِهِمْ، وَاَنْ تَجْعَلَ فِيْمَا

ان کی سعی قبول ہے ان کے گناہ بخشے گئے ہیں اور ان کی خطائیں مٹا دی گئی ہیں نیز اپنی قضاء و قدر میں میری عمر طویل

تَقْضِيْ وَتُقَدِّرُ اَنْ تُطِيْلَ عُمْرِيْ فِيْ خَيْرٍ وَّعَافِيَةٍ، وَتُوَسِّعَ فِيْ رِزْقِيْ وَتَجْعَلَنِيْ مِمَّنْ

قرار دے جس میں بھلائی اور امن ہو میری روزی میں فراخی دے اور مجھے ان لوگوں میں قرار دے جن کے ذریعے تو

تَنْتَصِرُ بِهٖ لِدِيْنِكَ وَلَا تَسْتَبْدِلْ بِيْ غَيْرِيْ.

اپنے دین کی مدد کرتا ہے اور میری جگہ کسی اور کو نہ دے۔

(۱۴) انیس الصالحین میں ہے کہ ماہ رمضان کی ہر رات یہ دعا پڑھے: اَعُوْذُ بِجَلَالِ وَجْهِكَ

میں تیری ذات کریم کی جلالت کے

الْكَرِيْمِ اَنْ يَنْقَضِيَ عَنِّيْ شَهْرُ رَمَضَانَ اَوْ يَطْلُعَ الْفَجْرُ مِنْ لَيْلَتِيْ هٰذِهٖ وَلَكَ

ذریعے پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ میرا ماہ رمضان گزر جائے یا میری آج کی رات کے بعد اگلی صبح طلوع ہو جائے اور میرے لئے

قِبَلِيْ تَبِعَةٌ اَوْ ذَنْبٌ تُعَذِّبُنِيْ عَلَيْهِ.

کوئی سزا باقی ہو جس پر تو مجھے عذاب کرے۔

(۱۵) شیخ کفعمی نے بلد الامین کے حاشیہ میں سید بن باقی سے نقل کیا ہے کہ ماہ رمضان کی ہر شب دو رکعت نماز پڑھنا مستحب ہے کہ اس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد تین مرتبہ سورہ توحید پڑھے اور نماز کے بعد یہ دعا پڑھے:

سُبْحَانَ مَنْ هُوَ حَفِيْظٌ لَّا يَغْفُلُ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ رَحِيْمٌ لَّا يَعْجَلُ سُبْحَانَ مَنْ

پاک تر ہے وہ خدا جو ایسا نگہبان ہے غافل نہیں ہوتا، پاک تر ہے وہ مہربان جو جلدی نہیں کرتا پاک تر ہے وہ قائم جو

هُوَ قَآئِمٌ لَّا يَسْهُوْ سُبْحَانَ مَنْ هُوَ دَآئِمٌ لَّا يَلْهُوْ اس کے بعد سات مرتبہ تسبیحات اربعہ

کبھی بھولتا نہیں پاک تر ہے وہ ہمیشہ رہنے والا جو کھیل میں نہیں پڑتا۔

پڑھے اور پھر کہے: سُبْحَانَكَ سُبْحَانَكَ سُبْحَانَكَ يَا عَظِيْمُ اِغْفِرْ لِيَ الذَّنْبَ الْعَظِيْمَ

تو پاک تر ہے تو پاک تر ہے اے بڑائی والے میرے بڑے بڑے گناہ معاف کر دے۔

اسکے بعد حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور انکی آلؑ پر دس مرتبہ صلوات بھیجے جو شخص یہ نماز بجالائے تو حق تعالیٰ اسکے ستر ہزار گناہ بخش دیتا ہے۔

(۱۶) روایت میں ہے کہ ماہ رمضان کی ہر رات کی نافلہ نماز میں سورہ ''انا فتحنا'' پڑھے تو وہ اس سال میں ہر بلا سے محفوظ رہے گا۔ واضح ہو کہ ماہ رمضان کے رات کے اعمال میں ایک ہزار رکعت نماز بھی ہے جو اس پورے مہینے میں پڑھی جائے گی، بزرگ علماء نے کتب فقہ اور کتب عبادات میں اس کا ذکر کیا ہے تاہم اس کی ترکیب کے سلسلے میں مختلف حدیثیں وارد ہوئی ہیں ۔لیکن ابن قرۃ کی روایت کے مطابق امام محمد تقیؑ کا فرمان ہے، جسے شیخ مفیدؒ نے اپنی کتاب الغریہ والاشراف میں نقل کیا ہے اور وہ وہی قول مشہور ہے اور وہ یہ ہے کہ ماہ رمضان کے پہلے اور دوسرے عشرے میں ہر رات دو دو رکعت کر کے نماز پڑھے ان میں سے آٹھ رکعت نماز مغرب کے بعد اور بارہ رکعت عشاء کے بعد بجالائے پھر ماہ رمضان کے آخری عشرے میں ہر رات تیس رکعت نماز مذکورہ ترتیب سے اس طرح پڑھے کہ آٹھ رکعت نماز مغرب کے بعد اور بائیس رکعت عشاء کے بعد ادا کرے۔ باقی تین سو رکعت اس طرح پوری کرے کہ سو رکعت انیس کی شب، سو رکعت اکیس کی شب اور سو رکعت تئیس کی شب میں بجالائے تو مجموعی طور پر ایک ہزار رکعت پوری ہو جائے گی۔ اس کے علاوہ بھی کچھ ترکیبیں نقل ہیں لیکن اس مختصر کتاب میں ان سب کا تذکرہ کرنے کی گنجائش نہیں ہے، تاہم امید ہے کہ سعادت مند لوگ یہ ایک ہزار رکعت نماز بجالانے میں ذوق وشوق کا اظہار کر کے اس کی برکات سے بہرور ہوں گے۔ روایت ہے کہ ماہ رمضان کے نافلہ کی ہر دو رکعت کے بعد یہ پڑھے:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيمَا تَقْضِي وَتُقَدِّرُ مِنَ الْاَمْرِ الْمَحْتُومِ وَفِيمَا تَفْرُقُ مِنَ الْاَمْرِ

اے معبود تو قضاء وقدر میں جن یقینی امور کو طے فرماتا ہے اور محکم فیصلے کرتا ہے اور شب قدر میں جو پر حکمت حکم جاری کرتا ہے

الْحَكِيمِ فِي لَيْلَةِ الْقَدْرِ اَنْ تَجْعَلَنِي مِنْ حُجَّاجِ بَيْتِكَ الْحَرَامِ الْمَبْرُورِ حَجُّهُمْ،

ان میں مجھے اپنے بیت الحرام کعبہ کے ایسے حاجیوں میں سے قرار دے کہ جن کا حج تیرے ہاں مقبول ہے جن کی سعی پسندیدہ

الْمَشْكُورِ سَعْيُهُمْ، الْمَغْفُورِ ذُنُوبُهُمْ، وَاَسْئَلُكَ اَنْ تُطِيلَ عُمْرِي فِي طَاعَتِكَ،

ہوئی جن کے گناہ بخش دیئے گئے اور تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ میری عمر دراز کر جو تیری بندگی میں گزرے

وَتُوَسِّعَ لِي فِي رِزْقِي، يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِينَ۔

اور میرے رزق میں فراخی فرما اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

تیسری قسم:

ماہ رمضان میں سحری کے اعمال اور وہ چند امور ہیں

(۱) سحری کھانا، سحری کھانا ترک نہ کرے۔ اگرچہ اس میں ایک کھجور اور ایک گھونٹ پانی ہی کیوں نہ ہو اور سحری کے وقت کی بہترین خوارک ستو ہے، جس میں کھجور کا سفوف ملا ہوا اور روایت ہوئی ہے کہ خداوند عالم اور ملائکہ درود بھیجتے ہیں ان پر جو استغفار کرتے ہیں سحری کے وقت اور سحری کھاتے ہیں

(۲) سحری کے وقت سورہ "انا انزلناہ" پڑھے روایت میں آیا ہے جو شخص سحری وافطاری اور ان وقتوں کے درمیان اس سورے کی تلاوت کرے تو اس کے لئے اس شخص جتنا ثواب ہے جو راہ خدا میں زخم کھائے اور جان قربان کردے۔

(۳) سحری کے وقت یہ عظیم القدر دعا پڑھے جو امام علی رضا علیہ السلام سے منقول ہے آپؑ نے فرمایا کہ یہ وہی دعا ہے جسے امام محمد باقر علیہ السلام سحری کے وقت پڑھتے تھے اور وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُکَ مِنۡ بَھَآئِکَ بِاَبۡھَاہُ وَکُلُّ بَھَآئِکَ بَھِیٌّ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُکَ

اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری روشنی میں سے جو روشن تر ہے جبکہ تیری تمام روشنی بڑی بھر پور روشنی ہے اے معبود ! میں تجھ سے

بِبَھَآئِکَ کُلِّہٖ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُکَ مِنۡ جَمَالِکَ بِاَجۡمَلِہٖ وَکُلُّ جَمَالِکَ جَمِیۡلٌ،

تیری تمام روشنی کے ذریعے سوال کرتا ہوں اے معبود ! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے جمال میں سے جو بہت زیبا ہے اور تیرا سارا جمال

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُکَ بِجَمَالِکَ کُلِّہٖ ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُکَ مِنۡ جَلَالِکَ بِاَجَلِّہٖ وَکُلُّ

زیبا ہے اے معبود! میں تجھ سے تیرے سارے جمال کے ذریعے سوال کرتا ہوں اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے جلال میں

جَلَالِکَ جَلِیۡلٌ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُکَ بِجَلَالِکَ کُلِّہٖ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُکَ مِنۡ

سے اسکی پوری جلالت کیساتھ اور تیرا سارا جلال پُر جلالت ہے اے معبود! میں تجھ سے تیرے پورے جلال کے ذریعے سوال کرتا ہوں اے

عَظَمَتِکَ بِاَعۡظَمِھَا وَکُلُّ عَظَمَتِکَ عَظِیۡمَۃٌ اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُکَ بِعَظَمَتِکَ کُلِّھَا ۔

معبود ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیری عظمت کے ذریعے جو بڑی ہی عظیم ہے اور تیری تمام عظمتیں بڑی ہی عظیم ہیں۔اے معبود! میں تجھ سے

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُکَ مِنۡ نُّوۡرِکَ بِاَنۡوَرِہٖ وَکُلُّ نُوۡرِکَ نَیِّرٌ، اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُکَ

سوال کرتا ہوں تیری عظمت کے واسطے اے معبود! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے نور کے پُر نور ہونے سے اور تیرا سارا نور تاباں ہے اے

بِنُوْرِكَ كُلِّهٖ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ رَّحْمَتِكَ بِاَوْسَعِهَا وَكُلُّ رَحْمَتِكَ وَاسِعَةٌ،

معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بواسطہ تیرے تمام نور کے اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری رحمت میں سے اس کی وسعتوں کے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِرَحْمَتِكَ كُلِّهَا ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ كَلِمَاتِكَ بِاَتَمِّهَا

ساتھ اور تیری ساری رحمت وسیع ہے اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بواسطہ تیری تمام رحمت کے اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

وَكُلُّ كَلِمَاتِكَ تَآمَّةٌ،اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِكَلِمَاتِكَ كُلِّهَا ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ

تیرے کلمات میں سے جو کامل تر ہیں اور تیرے تمام کلمات کامل تر ہیں اے معبود! میں تجھ سے تیرے تمامی کلمات کے ذریعے سوال کرتا ہوں

مِنْ كَمَالِكَ بِاَكْمَلِهٖ وَكُلُّ كَمَالِكَ كَامِلٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِكَمَالِكَ كُلِّهٖ ۔

اے معبود! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے کمال میں سے جو بہت کامل ہے اور تیرا ہر کمال ہی کامل تر ہے اے معبود! میں تجھ سے تیرے تمامی

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ اَسْمَآئِكَ بِاَكْبَرِهَا وَكُلُّ اَسْمَآئِكَ كَبِيْرَةٌ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ

کمال کے ذریعے سوال کرتا ہوں اے معبود ! میں تجھ سے تیرے ناموں میں سے بڑے نام کے ذریعے سے سوال کرتا ہوں اور تیرے سبھی نام

اَسْئَلُكَ بِاَسْمَآئِكَ كُلِّهَا ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ عِزَّتِكَ بِاَعَزِّهَا وَكُلُّ عِزَّتِكَ

بزرگتر ہیں اے معبود! میں تجھ تیرے سبھی ناموں کے ذریعے سوال کرتا ہوں اے معبود! میں تجھ سے تیری عزت میں سے بلند تر عزت کے

عَزِيْزَةٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِعِزَّتِكَ كُلِّهَا ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ مَّشِيَّتِكَ

ذریعے سوال کرتا ہوں اور تیری عزت ہیبلند تر ہے اے معبود ! میں تجھ سے تیری تمامی عزت کے ذریعے سوال کرتا ہوں اے معبود ! میں تجھ سے

بِاَمْضَاهَا وَكُلُّ مَّشِيَّتِكَ مَاضِيَةٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِمَشِيَّتِكَ كُلِّهَا ۔

تیری نافذ ہونے والی مرضی کے ذریعے سوال کرتا ہوں اور تیری ہر مرضی نافذ ہونے والی ہے اے معبود ! میں تجھ سے تیری ہر مرضی کے ذریعے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ قُدْرَتِكَ بِالْقُدْرَةِ الَّتِیْ اسْتَطَلْتَ بِهَا عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ

سوال کرتا ہوں اے معبود ! میں تجھ سے تیری اس قدرت کے ذریعے سےسوال کرتا ہوں جس سے تو ہر چیز پر تسلط رکھتا ہے اور تیری تمامی قدرت

وَّكُلُّ قُدْرَتِكَ مُسْتَطِيْلَةٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِقُدْرَتِكَ كُلِّهَا ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ

تسلط رکھنے والی ہے اے معبود! میں تجھ سے تیری کلی قدرت کے ذریعے سوال کرتا ہوں اے معبود ! میں تجھ سے تیرے بہت نفوذ کرنے والے

اَسْئَلُكَ مِنْ عِلْمِكَ بِاَنْفَذِهٖ وَكُلُّ عِلْمِكَ نَافِذٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِعِلْمِكَ كُلِّهٖ

علم کے ذریعے سوال کرتا ہوں اور تیرا تمامی علم نافذ تر ہے اے معبود ! میں تجھ سے تیرے سارے ہی علم کے ذریعے سوال کرتا ہوں اے معبود

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ قَوْلِكَ بِاَرْضَاهُ وَكُلُّ قَوْلِكَ رَضِیٌّ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ

! میں تجھ سے تیرے قول سے سوال کرتا ہوں جو پسندیدہ تر ہے اور تیرا ہر قول پسندیدہ ہے اے معبود ! میں تجھ سے تیرے ہر قول کے ذریعے سوال

بِقَوْلِكَ كُلِّهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ مَّسَآئِلِكَ بِاَحَبِّهَا اِلَیْكَ وَكُلُّ مَسَآئِلِكَ

کرتا ہوں اے معبود! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں تیرے محبوب تر مسائل سے کہ وہ سب کے سب تیرے نزدیک محبوب ومطلوب ہیں اے معبود

اِلَیْكَ حَبِیْبَةٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِمَسَآئِلِكَ كُلِّهَا،اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ

! میں تجھ سے تیرے تمام مسائل کے ذریعے سوال کرتا ہوں اے معبود! میں تجھ سے تیرے شرف میں سے اعلیٰ تر شرف کے ذریعے سوال کرتا

شَرَفِكَ بِاَشْرَفِهٖ وَكُلُّ شَرَفِكَ شَرِیْفٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِشَرَفِكَ كُلِّهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ

ہوں اور تیرا ہر شرف اعلیٰ تر ہے اے معبود! میں تجھ سے تیرے تمامی شرف کے ذریعے سوال کرتا ہوں اے معبود! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں

اَسْئَلُكَ مِنْ سُلْطَانِكَ بِاَدْوَمِهٖ وَكُلُّ سُلْطَانِكَ دَآئِمٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ

تیری سلطنت سے جو ہمیشہ ہمیشہ کیلئے ہے اور تیری سلطنت ہے ہی ہمیشگی والی اے معبود! میں تجھ سے تیری ساری سلطنت کے ذریعے سوال کرتا

بِسُلْطَانِكَ كُلِّهٖ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ مُلْكِكَ بِاَفْخَرِهٖ وَكُلُّ مُلْكِكَ فَاخِرٌ،

ہوں اے معبود! میں تجھ سے تیرے پرفخر ملک کے ذریعے سوال کرتا ہوں اور تیرا تمام ملک ہی موجب فخر ہے اے معبود! میں تجھ سے تیرے

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِمُلْكِكَ كُلِّهٖ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ عُلُوِّكَ بِاَعْلَاهُ وَكُلُّ

تمام ملک کے ذریعے سوال کرتا ہوں اے معبود! میں تجھ سے تیری بلند تر بلندی کے ذریعے سوال کرتا ہوں اور تیری ہر بلندی بلند تر ہے

عُلُوِّكَ عَالٍ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِعُلُوِّكَ كُلِّهٖ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ مَنِّكَ

اے معبود! میں تجھ سے تیری تمام تر بلندی کے ذریعے سوال کرتا ہوں اے معبود! میں تجھ سے تیرے احسان کی قدامت کے ذریعے

بِاَقْدَمِهٖ وَكُلُّ مَنِّكَ قَدِیْمٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِمَنِّكَ كُلِّهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ

سوال کرتا ہوں اور تیرا ہر احسان قدیم ہے اے معبود! میں تجھ سے تیرے تمام احسانات کے ذریعے سوال کرتا ہوں اے معبود! میں

مِنْ اٰیَاتِكَ بِاَكْرَمِهَا وَكُلُّ اٰیَاتِكَ كَرِیْمَةٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاٰیَاتِكَ كُلِّهَا

تجھ سے تیری آیات میں سے بزرگتر آیت کے ذریعے سوال کرتا ہوں اور تیری سبھی آیات بزرگ ہیں اے معبود! میں تجھ سے تیری

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِمَآ اَنْتَ فِیْهِ مِنَ الشَّاْنِ وَالْجَبَرُوْتِ وَاَسْئَلُكَ بِكُلِّ شَاْنٍ

تمام آیات کے ذریعے سوال کرتا ہوں اے معبود! میں تجھ سے اس کے ذریعے سوال کرتا ہوں جس میں قدرت اور شان کے ساتھ

وَحْدَهٗ وَجَبَرُوْتٍ وَحْدَهَا، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِمَا تُجِیْبُنِیْ بِهٖ حِیْنَ

ہے اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں ہر نرالی شان اور یکتا بزرگی کے ذریعے اے معبود! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں اس چیز کے

اَسْئَلُكَ فَاَجِبْنِیْ یَآ اَللّٰهُ۔

ذریعے جس سے تو حاجت پوری فرمائے۔

اس کے بعد اپنی ہر حاجت طلب کرے تا کہ خدائے تعالیٰ اسے برلائے۔

(۴) شیخ نے مصباح میں ابوحمزہ ثمالی کی روایت نقل کی ہے کہ امام زین العابدین علیہ السلام رمضان مبارک کی راتیں نماز میں گزارتے اور سحری کے وقت یہ دعا پڑھتے تھے:

اِلٰهِیْ لَا تُؤَدِّبْنِیْ بِعُقُوْبَتِكَ، وَلَا تَمْكُرْ بِیْ فِیْ حِیْلَتِكَ، مِنْ اَیْنَ لِیَ الْخَیْرُ یَا رَبِّ وَلَا

میرے اللہ! مجھے اپنے عذاب میں گرفتار نہ کر اور مجھے اپنی قدرت کے ساتھ نہ آزما مجھے کہاں سے بھلائی حاصل ہوسکتی ہے اے

یُوْجَدُ اِلَّا مِنْ عِنْدِكَ وَمِنْ اَیْنَ لِیَ النَّجَاةُ وَلَا تُسْتَطَاعُ اِلَّا بِكَ لَا الَّذِیْ

پالنے والے جب کہ وہ تیرے سوا کہیں موجود نہیں سے نجات مل سکے گی جبکہ اس پر تیرے سوا کسی کو قدرت نہیں نہ ہی کو نیکی کرنے

اَحْسَنَ اسْتَغْنٰی عَنْ عَوْنِكَ وَرَحْمَتِكَ، وَلَا الَّذِیْ اَسَآءَ وَاجْتَرَاَ عَلَیْكَ وَلَمْ

میں تیری مدد اور رحمت سے بے نیاز ہے اور نہ ہی کوئی برائی کرنے والا تیرے سامنے جرأت کرنیوالا اور تیری رضا جوئی نہ

یُرْضِكَ خَرَجَ عَنْ قُدْرَتِكَ، یَا رَبِّ یَا رَبِّ یَا رَبِّ

کرنیوالا تیرے قابو سے باہر ہے اے پالنے والے اے پالنے والے اے پالنے والے۔

اس کو اتنی مرتبہ کہے کہ سانس ٹوٹ جائے اور اس کے بعد کہے:

بِكَ عَرَفْتُكَ وَاَنْتَ دَلَلْتَنِیْ عَلَیْكَ وَدَعَوْتَنِیْ اِلَیْكَ ، وَلَوْلَاۤ اَنْتَ لَمْ اَدْرِ

میں نے تیرے ہی ذریعے تجھے پہچانا تو نے اپنی طرف میری راہنمائی کی اور مجھے اپنی طرف بلایا ہے اور اگر تو مجھے نہ بلاتا

مَاۤ اَنْتَ ۔ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْۤ اَدْعُوْهُ فَیُجِیْبُنِیْ وَ اِنْ كُنْتُ بَطِیْٓـًٔا حِیْنَ یَدْعُوْنِیْ،

تو میں سمجھ ہی نہ سکتا کہ تو کون ہے حمد ہے اس خدا کیلئے جسے پکارتا ہوں تو جواب دیتا ہے اگرچہ جب وہ مجھے پکارے تو میں

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْۤ اَسْئَلُهٗ فَیُعْطِیْنِیْ وَ اِنْ كُنْتُ بَخِیْلًا حِیْنَ یَسْتَقْرِضُنِیْ،

سستی کرتا ہوں حمد ہے اس اللہ کیلئے کہ جس سے مانگتا ہوں تو مجھے عطا کرتا ہے اگرچہ وہ مجھ سے قرض کا طالب ہو تو کنجوسی کرتا

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْۤ اُنَادِیْهِ كُلَّمَا شِئْتُ لِحَاجَتِیْ وَاَخْلُوْ بِهٖ حَیْثُ شِئْتُ

ہوں حمد ہے اس اللہ کیلئے کہ جب چاہوں اسے اپنی حاجت کیلئے پکارتا ہوں اور جب چاہوں تنہائی میں بغیر کسی سفارشی کے

لِسِرِّیْ بِغَیْرِ شَفِیْعٍ فَیَقْضِیْ لِیْ حَاجَتِیْ ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ لَاۤ اَدْعُوْ غَیْرَهٗ

اس سے راز و نیاز کرتا ہوں تو وہ میری حاجت پوری کرتا ہے حمد ہے اس اللہ کیلئے کہ جس کے سوا میں کسی کو نہیں پکارتا اور

وَلَوْدَعَوْتُ غَيْرَهٗ لَمْ يَسْتَجِبْ لِيْ دُعَآئِيْ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَآ اَرْجُوْ غَيْرَهٗ

اگر اس کے غیر سے دعا کروں تو وہ میری دعا قبول نہیں کرے گا حمد ہے اس اللہ کیلئے جسکے غیر سے میں امید نہیں رکھتا اور

وَلَوْ رَجَوْتُ غَيْرَهٗ لَاخْلَفَ رَجَآئِيْ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ وَكَلَنِيْٓ اِلَيْهِ فَاَكْرَمَنِيْ

اگرامید رکھوں بھی تو وہ میری امید پوری نہ کریگا حمد ہے اس اللہ کیلئے جس نے اپنی سپردگی میں لے کر مجھے عزت دی اور

وَلَمْ يَكِلْنِيْٓ اِلَى النَّاسِ فَيُهِيْنُوْنِيْ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ تَحَبَّبَ اِلَيَّ وَهُوَ غَنِيٌّ عَنِّيْ،

مجھے لوگوں کے سپرد نہ کیا کہ مجھے ذلیل کرتے حمد ہے اس اللہ کے لئے جو مجھ سے محبت کرتا ہے اگرچہ وہ مجھ سے بے نیاز ہے

وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ يَحْلُمُ عَنِّيْ حَتّٰى كَاَنِّيْ لَا ذَنْبَ لِيْ، فَرَبِّيْ اَحْمَدُ شَيْءٍ

حمد ہے اس اللہ کیلئے جو مجھ سے اتنی نرمی کرتا ہے جیسے میں نے کوئی گناہ نہ کیا ہو پس میرا رب میرے نزدیک ہر شئے سے

عِنْدِيْ وَاَحَقُّ بِحَمْدِيْ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَجِدُ سُبُلَ الْمَطَالِبِ اِلَيْكَ مُشْرَعَةً،

زیادہ قابل تعریف ہے اور وہ میری حمد کا زیادہ حقدار ہے۔اے معبود ! میں اپنے مقاصد کی راہیں تیری طرف کھلی

وَّمَنَاهِلَ الرَّجَآءِ لَدَيْكَ مُتْرَعَةً، وَّالْاِسْتِعَانَةَ بِفَضْلِكَ لِمَنْ اَمَّلَكَ مُبَاحَةً،

ہوئی پاتا ہوں اور امیدوں کے چشمے تیرے ہاں بھرے پڑے ہیں ہر امید وار کے لئے تیرے فضل سے مدد چاہنا آزاد

وَّاَبْوَابَ الدُّعَآءِ اِلَيْكَ لِلصَّارِخِيْنَ مَفْتُوْحَةً، وَّاَعْلَمُ اَنَّكَ لِلرَّاجِيْنَ

وروا ہے اور فریاد کرنے والوں کی دعاؤں کیلئے تیرے دروازے کھلے ہیں اور میں جانتا ہوں کہ تو امیدوار کی جائے

بِمَوْضِعِ اِجَابَةٍ وَّ لِلْمَلْهُوْفِيْنَ بِمَرْصَدِ اِغَاثَةٍ، وَّاَنَّ فِي اللَّهْفِ اِلٰى جُوْدِكَ

قبولیت ہے تو مصیبت زدوں کے لئے فریاد رسی کی جگہ ہے میں جانتا ہوں کہ تیری سخاوت کی پناہ لینا اور تیرے فیصلے پر

وَالرِّضَا بِقَضَآئِكَ عِوَضًا مِّنْ مَّنْعِ الْبَاخِلِيْنَ وَمَنْدُوْحَةً عَمَّا فِيْٓ اَيْدِيْ

راضی رہنا کنجوسوں کی روک ٹوک سے بچنے اور خود غرض مالداروں سے محفوظ رہنے کا ذریعہ ہے نیز یہ کہ تیری طرف

الْمُسْتَاْثِرِيْنَ وَاَنَّ الرَّاحِلَ اِلَيْكَ قَرِيْبُ الْمَسَافَةِ، وَاَنَّكَ لَا تَحْتَجِبُ عَنْ

آنے والے کی منزل قریب ہے اور تو اپنی مخلوق سے اوجھل نہیں ہے مگر ان کے برے اعمال نے ہی انہیں تجھ سے دور کر

خَلْقِكَ اِلَّآ اَنْ تَحْجُبَهُمُ الْاَعْمَالُ دُوْنَكَ وَقَدْ قَصَدْتُّ اِلَيْكَ بِطَلِبَتِيْ

رکھا ہے میں اپنی طلب لیکر تیری بارگاہ میں آیا اور اپنی حاجت کے ساتھ تیری طرف متوجہ ہوا ہوں میری فریاد تیرے

وَتَوَجَّهْتُ اِلَيْكَ بِحَاجَتِيْ وَجَعَلْتُ بِكَ اسْتِغَاثَتِيْ، وَبِدُعَآئِكَ تَوَسُّلِيْ

حضور میں ہے میری دعا کا وسیلہ تیری ہی ذات ہے جبکہ میں اس کا حقدار نہیں کہ تو میری سنے اور نہ اس قابل ہوں کہ تو مجھے

مِنْ غَيْرِ اسْتِحْقَاقٍ لِّاسْتِمَآئِكَ مِنِّيْ، وَلَا اسْتِيْجَابٍ لِّعَفْوِكَ عَنِّيْ بَلْ

معاف کرے البتہ مجھے تیرے کرم پر بھروسہ اور تیرے سچے وعدے پر اعتماد ہے تیری توحید پر ایمان میری پکی سچی پناہ

لِثِقَتِيْ بِكَرَمِكَ، وَسُكُوْنِيْٓ اِلٰى صِدْقِ وَعْدِكَ وَلَجَآئِيْٓ اِلَى الْاِيْمَانِ بِتَوْحِيْدِكَ

ہے اور تیرے بارے میں مجھے اپنی معرفت پر یقین ہے تیرے سوا میرا کوئی پالنے والا نہیں اور تو ہی صرف یگانہ ہے تیرا

وَيَقِيْنِيْ بِمَعْرِفَتِكَ مِنِّيْٓ اَنْ لَّا رَبَّ لِيْ غَيْرُكَ، وَلَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ وَحْدَكَ

کوئی شریک نہیں۔ اے معبود! یہ تیرا فرمان ہے اور تیرا کہنا درست اور تیرا وعدہ سچا ہے کہ اللہ سے اس کا فضل مانگو بے

لَاشَرِيْكَ لَكَ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْقَآئِلُ وَقَوْلُكَ حَقٌّ، وَّوَعْدُكَ صِدْقٌ وَاسْاَلُوا

شک اللہ تم پر بڑا مہربان ہے اور اے میرے سردار ! یہ بات تیری شان سے بعید ہے کہ تو مانگنے کا حکم دے تو عطا نہ

اللّٰهَ مِنْ فَضْلِهٖٓ اِنَّ اللّٰهَ كَانَ بِكُمْ رَحِيْمًا، وَّلَيْسَ مِنْ صِفَاتِكَ يَا سَيِّدِيْٓ اَنْ

فرمائے تو اپنی مملکت کے باشندوں کو بہت بہت عطا کرنے والا ہے اور اپنی مہربانی و نرمی سے ان کی طرف متوجہ ہے اے

تَاْمُرَ بِالسُّؤَالِ وَتَمْنَعَ الْعَطِيَّةَ وَاَنْتَ الْمَنَّانُ بِالْعَطِيَّاتِ عَلٰٓى اَهْلِ مَمْلَكَتِكَ،

اللہ جب میں بچہ تھا تو نے مجھے اپنی نعمت اور احسان کے ساتھ پالا اور جب میں بڑا ہوا تو مجھے شہرت عطا کی پس اے وہ

وَالْعَآئِدُ عَلَيْهِمْ بِتَحَنُّنِ رَاْفَتِكَ اِلٰهِيْ رَبَّيْتَنِيْ فِيْ نِعَمِكَ وَاِحْسَانِكَ صَغِيْرًا،

ذات جس نے دنیا میں مجھے اپنے احسان نعمت اور عطا سے پالا اور آخرت میں مجھے اپنے عفو و کرم کا اشارہ دیا ہے اے

وَنَوَّهْتَ بِاسْمِيْ كَبِيْرًا، فَيَا مَنْ رَبَّانِيْ فِي الدُّنْيَا بِاِحْسَانِهٖ وَتَفَضُّلِهٖ وَنِعَمِهٖ،

میرے مولا! میری معرفت ہی تیری طرف میری رہنما ہے اور میری تجھ سے محبت تیرے سامنے میری سفارشی ہے اور مجھے

وَاَشَارَ لِيْ فِي الْاٰخِرَةِ اِلٰى عَفْوِهٖ وَكَرَمِهٖ، مَعْرِفَتِيْ يَا مَوْلَايَ دَلِيْلِيْ عَلَيْكَ، وَحُبِّيْ

تیری طرف لے جانے والیاپنے اس رہبر پر بھروسہ اور تیرے حضور شفاعت کرنے والے اپنے شفیع پر اطمینان ہے اے

لَكَ شَفِيْعِيْٓ اِلَيْكَ، وَاَنَا وَاثِقٌ مِّنْ دَلِيْلِيْ بِدَلَالَتِكَ وَسَاكِنٌ مِّنْ شَفِيْعِيْٓ اِلٰى

میرے سردار !میں تجھے اس زبان سے پکارتا ہوں جو بوجہ گناہ کے لکنت کرتی ہے پالنے والے میں اس دل سے راز گوئی

شَفَاعَتِكَ، اَدْعُوْكَ يَا سَيِّدِيْ بِلِسَانٍ قَدْ اَخْرَسَهٗ ذَنْبُهٗ، رَبِّ اُنَاجِيْكَ بِقَلْبٍ

کرتا ہوں جسے اس کے جرم نے تباہ کردیا اے پالنے والے میں تجھے پکارتا ہوں لیکن سہا ہوا ڈرا ہوا چاہتا ہوا امید رکھتا

قَدْ اَوْبَقَهٗ جُرْمُهٗ، اَدْعُوْكَ يَارَبِّ رَاهِبًا رَّاغِبًا رَّاجِيًا خَآئِفًا اِذَا رَاَيْتُ مَوْلَايَ

ہوا اے میرے مولا! جب میں اپنے گناہوں کو دیکھتا ہوں تو گھبراتا ہوں اور تیرے کرم پر نگاہ ڈالتا ہوں تو آرزو بڑھتی

ذُنُوْبِیْ فَزِعْتُ وَ اِذَا رَاَیْتُ کَرَمَكَ طَمِعْتُ فَاِنْ عَفَوْتَ فَخَیْرُ رَاحِمٍ، وَ اِنْ عَذَّبْتَ

ہے پس اگر تو مجھے معاف کرے تو بہترین رحم کرنے والا ہے اور عذاب دے تو بھی ظلم کرنے والا نہیں اے اللہ جو کام

فَغَیْرُ ظَالِمٍ، حُجَّتِیْ یَا اَللّٰهُ فِیْ جُرْاَتِیْ عَلٰی مَسْئَلَتِكَ مَعَ اِتْیَانِیْ مَا تَكْرَهُ جُوْدُكَ

تجھے نا پسند ہیں وہ انجام دینے کے با وجود تجھ سے سوال کرنے کی جرأت میں تیرا جود و کرم ہی میری حجت ہے اور حیا کی کمی

وَ كَرَمُكَ، وَعُدَّتِیْ فِیْ شِدَّتِیْ مَعَ قِلَّةِ حَیَآئِیْ رَاْفَتُكَ وَرَحْمَتُكَ، وَقَدْ رَجَوْتُ اَنْ لَّا

کے با وجود سختی کے وقت میں میرا سہارا تیری ہی مہربانی و نرم روی ہے اور میں امید رکھتا ہوں کہ ایسی ویسی باتوں کے

تَخِیْبَ بَیْنَ ذَیْنِ وَذَیْنِ مُنْیَتِیْ فَحَقِّقْ رَجَآئِیْ، وَاسْمَعْ دُعَآئِیْ، یَا خَیْرَ مَنْ دَعَاهُ

ہوتے ہوئے بھی تو مجھے مایوس نہ کرے گا پس میری امید برلا اور میری دعا سن لے اے پکارے جانے والوں میں سب

دَاعٍ، وَاَفْضَلَ مَنْ رَجَاهُ رَاجٍ، عَظُمَ یَا سَیِّدِیْ اَمَلِیْ وَسَآءَ عَمَلِیْ فَاَعْطِنِیْ مِنْ

سے بہتر اور جن سے امید کی جاتی ہے ان میں سب سے بلند تر اے میرے آقا ! میری آرزو بڑی اور میرا عمل برا ہے پس

عَفْوِكَ بِمِقْدَارِ اَمَلِیْ، وَلَا تُؤَاخِذْنِیْ بِاَسْوَءِ عَمَلِیْ فَاِنَّ كَرَمَكَ یَجِلُّ عَنْ مُّجَازَاةِ

اپنے عفو سے کام لے کر میری آرزو پوری فرما اور برے عمل پر میری گرفت نہ کر کیونکہ تیرا کرم گناہگاروں کی سزاؤں

الْمُذْنِبِیْنَ، وَحِلْمُكَ یَكْبُرُ عَنْ مُكَافَاةِ الْمُقَصِّرِیْنَ، وَاَنَا یَا سَیِّدِیْ عَآئِذٌ

سے بہت بلند و بالا ہے اور تیرا حلم کوتاہی کرنے والوں کی سزاؤں سے عظیم تر ہے اور اے میرے سردار ! میں تیرے

بِفَضْلِكَ، هَارِبٌ مِّنْكَ اِلَیْكَ، مُتَنَجِّزٌ مَا وَعَدْتَّ مِنَ الصَّفْحِ عَمَّنْ اَحْسَنَ بِكَ

خوف سے بھاگ کر تیرے فضل کی پناہ لیتا ہوں میں چاہتا ہوں کہ جس نے تجھ سے اچھا گمان رکھا ہے اس سے در گزر کا

ظَنَّا، وَمَآ اَنَا یَا رَبِّ وَمَا خَطَرِیْ هَبْنِیْ بِفَضْلِكَ، وَتَصَدَّقْ عَلَیَّ بِعَفْوِكَ، اَیْ

وعدہ پورا فرما اور اے میرے پروردگار! میں کیا اور میری اوقات کیا تو ہی اپنے فضل سے مجھے بخش دے اور اپنے عفو

رَبِّ جَلِّلْنِیْ بِسِتْرِكَ، وَاعْفُ عَنْ تَوْبِیْخِیْ بِكَرَمِ وَجْهِكَ، فَلَوِ اطَّلَعَ الْیَوْمَ عَلٰی

سے مجھ پر عنایت فرما اے میرے رب ! مجھے اپنی پردہ پوشی سے ڈھانپ اور اپنے خاص کرم سے میری سرزنش ٹال دے

ذَنْبِیْ غَیْرُكَ مَا فَعَلْتُهٗ، وَلَوْ خِفْتُ تَعْجِیْلَ الْعُقُوْبَةِ لَاجْتَنَبْتُهٗ، لَا لِاَنَّكَ

اگر آج تیرے سوا کوئی دوسرا میرے گناہ کو جان لیتا تو میں یہ کبھی نہ کرتا اور اگر مجھے جلد سزا ملنے کا خوف ہوتا تو ضرور گناہ

اَهْوَنُ النَّاظِرِیْنَ اِلَیَّ وَاَخَفُّ الْمُطَّلِعِیْنَ عَلَیَّ، بَلْ لِاَنَّكَ یَا رَبِّ خَیْرُ السَّاتِرِیْنَ،

سے دور رہتا لیکن اس کی وجہ یہ نہیں کہ تو دیکھنے والوں میں کمتر اور جاننے والوں میں کم رتبہ ہے بلکہ اس وجہ یہ ہے اے

وَاَحْكَمُ الْحَاكِمِيْنَ، وَاَكْرَمُ الْاَكْرَمِيْنَ، سَتَّارُ الْعُيُوْبِ، غَفَّارُ الذُّنُوْبِ،

پروردگار کہ تو بہترین پردہ پوش سب سے بڑا حاکم اور سب سے زیادہ کرم کرنے والا عیبوں کو ڈھانپنے والا گناہوں کا

عَلَّامُ الْغُيُوْبِ، تَسْتُرُ الذَّنْبَ بِكَرَمِكَ، وَتُؤَخِّرُ الْعُقُوْبَةَ بِحِلْمِكَ فَلَكَ الْحَمْدُ

معاف کرنے والا چھپی باتوں کا جاننے والا ہے تو اپنے کرم سے گناہ کو ڈھانپتا اور اپنی نرم خوئی سے سزا میں تاخیر کرتا ہے

عَلٰى حِلْمِكَ بَعْدَ عِلْمِكَ وَعَلٰى عَفْوِكَ بَعْدَ قُدْرَتِكَ، وَيَحْمِلُنِيْ وَيُجَرِّئُنِيْ عَلٰى

پس حمد ہے تیرے لئے کہ جانتے ہوئے نرمی سے کام لیتا ہے تیری حمد ہے کہ تو توانا ہوتے ہوئے معاف کرتا ہے اور وہ

مَعْصِيَتِكَ حِلْمُكَ عَنِّيْ، وَيَدْعُوْنِيْ اِلٰى قِلَّةِ الْحَيَآءِ سِتْرُكَ عَلَيَّ وَيُسْرِعُنِيْ اِلَى

میرے ساتھ تیری نرم روی ہے جس نے مجھے تیری نا فرمانی پر آمادہ کیا ہے تیرا میری پردہ پوشی کرنا مجھ میں حیا کی کمی کا

التَّوَثُّبِ عَلٰى مَحَارِمِكَ مَعْرِفَتِيْ بِسَعَةِ رَحْمَتِكَ وَعَظِيْمِ عَفْوِكَ، يَا حَلِيْمُ يَا

موجب بنا ہے اور تیری وسیع رحمت اور عظیم عفو کی معرفت کے باعث میں تیرے حرام کیئے ہوئے کاموں کیطرف جلدی کرتا

كَرِيْمُ، يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ، يَا غَافِرَ الذَّنْبِ، يَا قَابِلَ التَّوْبِ، يَا عَظِيْمَ الْمَنِّ، يَا

ہوں اے نرم خو اے مہربان اے زندہ اے نگہبان اے گناہ معاف کرنے والے اے توبہ قبول کرنے والے اے عظیم

قَدِيْمَ الْاِحْسَانِ اَيْنَ سِتْرُكَ الْجَمِيْلُ اَيْنَ عَفْوُكَ الْجَلِيْلُ اَيْنَ فَرَجُكَ

عطا والے اے قدیم احسان والے کہاں ہے تیری بہترین پردہ پوشی کہاں ہے تیرا بلند تر عفو، کہاں ہے تیری قریب تر

الْقَرِيْبُ اَيْنَ غِيَاثُكَ السَّرِيْعُ اَيْنَ رَحْمَتُكَ الْوَاسِعَةُ اَيْنَ عَطَايَاكَ الْفَاضِلَةُ

کشائش کہاں ہے تیری فوری فریاد رسی کہاں ہے تیری وسیع تر رحمت کہاں ہیں تیری بہترین عطائیں کہاں ہیں تیری خوشگوار

اَيْنَ مَوَاهِبُكَ الْهَنِيْٓئَةُ اَيْنَ صَنَآئِعُكَ السَّنِيَّةُ اَيْنَ فَضْلُكَ الْعَظِيْمُ اَيْنَ

بخششیں کہاں ہیں تیرے شاندار انعامات کہاں ہے تیرا با عظمت فضل کہاں ہے تیری عظیم بخشش کہاں ہے تیرا قدیم احسان

مَنُّكَ الْجَسِيْمُ اَيْنَ اِحْسَانُكَ الْقَدِيْمُ اَيْنَ كَرَمُكَ يَا كَرِيْمُ بِهٖ وَبِمُحَمَّدٍ وَّاٰلِ

کہاں ہے تیری مہربانی اے مہربان اپنی مہربانی سے محمدؐ وآلؑ محمدؐ کے صدقے مجھے عذاب سے نکال اور اپنی رحمت سے مجھے

مُحَمَّدٍ فَاسْتَنْقِذْنِيْ، وَبِرَحْمَتِكَ فَخَلِّصْنِيْ، يَا مُحْسِنُ يَا مُجْمِلُ يَا مُنْعِمُ يَا مُفْضِلُ،

اس سے رہائی دے اے نیکوکار اے خوش صفات اے نعمت دینے والے اے بلندی دینے والے تیری سزا سے بچنے میں

لَسْتُ اَتَّكِلُ فِي النَّجَاةِ مِنْ عِقَابِكَ عَلٰٓى اَعْمَالِنَا بَلْ بِفَضْلِكَ عَلَيْنَا لِاَنَّكَ

مجھے اپنے اعمال پر کچھ بھی بھروسہ نہیں بلکہ تیرے فضل کا سہارا ہے جو ہم پر ہے کیونکہ تو گناہ سے بچا لینے والا اور گناہ بخش

اَهْلُ التَّقْوٰى وَاَهْلُ الْمَغْفِرَةِ تُبْدِئُ بِالْاِحْسَانِ نِعَمًا، وَّتَعْفُوْ عَنِ الذَّنْبِ
دینے والا ہے تو احسان کے ساتھ نعمتوں کا آغاز کرتا اور مہربانی کرتے ہوئے گناہ کی معافی دیتا ہے پس ہم نہیں جانتے کہ
كَرَمًا، فَمَا نَدْرِیْ مَا نَشْكُرُ اَجَمِيْلَ مَا تَنْشُرُ اَمْ قَبِيْحَ مَا تَسْتُرُ اَمْ عَظِيْمَ مَآ
کس بات پر شکر کریں آیا تیرے نیکی ظاہر کرنے پر یا برائی کی پردہ پوشی پر یا بہت بڑی غم خواری اور عطائے نعمت پر شکر
اَبْلَيْتَ وَاَوْلَيْتَ اَمْ كَثِيْرَ مَا مِنْهُ نَجَّيْتَ وَعَافَيْتَ يَا حَبِيْبَ مَنْ تَحَبَّبَ
کریں یا بہت چیزوں سے تیرے نجات عطا کرنے اور امن دینے پر شکر کریں اے اس کے دوست جو تجھ سے دوستی کرے
اِلَيْكَ،وَيَا قُرَّةَ عَيْنِ مَّنْ لَّاذَ بِكَ وَانْقَطَعَ اِلَيْكَ، اَنْتَ الْمُحْسِنُ وَنَحْنُ
اور اے اس کا نور چشم جو تیری پناہ لیاور سب سے کٹ کر تیرا ہی ہو جائے تو بھلائی کرنے والا اور ہم برائی کرنے والے
الْمُسِيْٓـُٔوْنَ فَتَجَاوَزْ يَا رَبِّ عَنْ قَبِيْحِ مَا عِنْدَنَا بِجَمِيْلِ مَا عِنْدَكَ وَاَیُّ جَهْلٍ
ہیں پس اے پالنے والے اپنی بھلائی سے کام لیتے ہوئے ہماری برائی سے در گزر فرما اے پالنے والے وہ کونسی نادانی
يَا رَبِّ لَا يَسَعُهٗ جُوْدُكَ اَوْ اَیُّ زَمَانٍ اَطْوَلُ مِنْ اَنَاتِكَ وَمَا قَدْرُ اَعْمَالِنَا فِیْ
ہے جس پر تیرا کرم وسعت نہ رکھتا ہو یا وہ کونسا زمانہ ہے جو تیری مہلت سے دراز ہو اور تیری نعمتوں کے سامنے ہمارے
جَنْبِ نِعَمِكَ وَ كَيْفَ نَسْتَكْثِرُ اَعْمَالاً نُّقَابِلُ بِهَا كَرَمَكَ بَلْ كَيْفَ يَضِيْقُ
اعمال کی کیا وقعت ہے کس طرح ہم اپنے اعمال میں اضافہ کریں کہ انہیں تیرے کرم کے سامنے لاسکیں بلکہ تیری وہ رحمت
عَلَى الْمُذْنِبِيْنَ مَا وَسِعَهُمْ مِنْ رَّحْمَتِكَ يَا وَاسِعَ الْمَغْفِرَةِ، يَا بَاسِطَ الْيَدَيْنِ
گنہگاروں پر کیسے تنگ ہو جائے گی جو ان پر چھائی ہوئی ہے اے وسیع بخشش والے اے مہربانی سے بہت زیادہ دینے
بِالرَّحْمَةِ، فَوَعِزَّتِكَ يَا سَيِّدِیْ لَوْ نَهَرْتَنِیْ مَا بَرِحْتُ مِنْ بَابِكَ وَلَا كَفَفْتُ عَنْ
والے پس تیری عزت کی قسم اے میرے آقا ! تو دھتکارے تب بھی میں تیرے دروازے سے نہ ہٹوں گا چونکہ مجھے
تَمَلُّقِكَ لِمَا انْتَهٰى اِلَیَّ مِنَ الْمَعْرِفَةِ بِجُوْدِكَ وَ كَرَمِكَ، وَ اَنْتَ الْفَاعِلُ لِمَا تَشَآءُ
تیرے جود و کرم کی معرفت ہے اس لئے میں اپنی زبان کو تیری تعریف و توصیف سے نہ روکوں گا تو جو چاہے کر گزرتا ہے تو
تُعَذِّبُ مَنْ تَشَآءُ بِمَا تَشَآءُ كَيْفَ تَشَآءُ، وَتَرْحَمُ مَنْ تَشَآءُ بِمَا تَشَآءُ كَيْفَ تَشَآءُ
جسے چاہے جس چیز سے چاہے اور جیسے چاہے عذاب دیتا ہے اور جس پر چاہے جس چیز سے چاہے جیسے چاہے رحم کرتا ہے
لَا تُسْئَلُ عَنْ فِعْلِكَ وَلَا تُنَازَعُ فِیْ مُلْكِكَ، وَلَا تُشَارَكُ فِیْ اَمْرِكَ، وَلَا تُضَآدُّ فِیْ
تیرے فعل پر پوچھ گچھ نہیں کی جا سکتی تیری سلطنت پر جھگڑا نہیں ہوسکتا اور تیرے کام میں کوئی شریک نہیں تیرے حکم میں کوئی

حُكْمِكَ وَلَا يَعْتَرِضُ عَلَيْكَ اَحَدٌ فِيْ تَدْبِيْرِكَ لَكَ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبَارَكَ اللّٰهُ

ضدیت نہیں اور تیری تدبیر میں کوئی تجھ پر اعتراض نہیں کر سکتا تیرے ہی لئے پیدا کرنا اور حکم فرمانا با برکت ہے وہ اللہ جو

رَبُّ الْعَالَمِيْنَ ۔ يَا رَبِّ هٰذَا مَقَامُ مَنْ لَّاذَ بِكَ وَاسْتَجَارَ بِكَرَمِكَ وَاٰلِفَ

جہانوں کا پالنے والا ہے اے پروردگار ! یہ ہے اس شخص کا مقام جس نے تیری پناہ لی تیرے سایہ کرم میں آیا اور

اِحْسَانَكَ وَنِعَمَكَ، وَاَنْتَ الْجَوَادُ الَّذِيْ لَا يَضِيْقُ عَفْوُكَ، وَلَا يَنْقُصُ فَضْلُكَ،

تیرے ہی احسان اور نعمت کا خواہاں ہوا ہے اور تو ایسا سخی ہے کہ تیرا دامن عفو تنگ نہیں ہوتا تیرے فضل میں کمی نہیں آتی

وَلَا تَقِلُّ رَحْمَتُكَ، وَقَدْ تَوَثَّقْنَا مِنْكَ بِالصَّفْحِ الْقَدِيْمِ، وَالْفَضْلِ الْعَظِيْمِ،

اور تیری رحمت میں کمی نہیں پڑتی ہم نے اعتماد کیا ہے تجھ پر تیری دیرینہ درگزر عظیم تر فضل و کرم اور تیری کشادہ تر رحمت

وَالرَّحْمَةِ الْوَاسِعَةِ، اَفَتُرَاكَ يَا رَبِّ تُخْلِفُ ظُنُوْنَنَآ اَوْ تُخَيِّبُ اٰمَالَنَا كَلَّا يَا

کے ساتھ تو اے میرے پالنے والے ! کیا تو ہمارے اچھے گمان کے خلاف کریگا یا ہماری کوشش ناکام بنائے گا نہیں اے

كَرِيْمُ فَلَيْسَ هٰذَا ظَنَّنَا بِكَ وَلَا هٰذَا فِيْكَ طَمِعْنَا يَا رَبِّ اِنَّ لَنَا فِيْكَ اَمَلًا

مہربان تجھ سے ہم یہ گمان نہیں رکھتے اور نہ تجھ سے ہماری یہ خواہش تھی اے پالنے والے ! بے شک تیری بارگاہ سے ہماری

طَوِيْلًا كَثِيْرًا، اِنَّ لَنَا فِيْكَ رَجَآءً عَظِيْمًا، عَصَيْنَاكَ وَنَحْنُ نَرْجُوْ اَنْ تَسْتُرَ

بہت سی لمبی امیدیں ہیں بے شک ہم تیری بارگاہ سے بڑی بڑی آرزوئیں رکھتے ہیں ہم تیری نا فرمانی کرتے ہیں تو بھی ہمیں

وَنَحْنُ عَلَيْنَا، وَدَعَوْنَاكَ نَرْجُوْ اَنْ تَسْتَجِيْبَ لَنَا، فَحَقِّقْ رَجَآئَنَا مَوْلَانَا فَقَدْ

آس ہے تو ہماری پردہ پوشی کرے گا اور ہم تجھ سے دعا مانگتے ہیں تو امید کرتے ہیں کہ تو ہماری دعا قبول کرے گا پس

عَلِمْنَا مَا نَسْتَوْجِبُ بِاَعْمَالِنَا وَلٰكِنْ عِلْمُكَ فِيْنَا وَعِلْمُنَا بِاَنَّكَ لَا تَصْرِفُنَا

اے ہمارے مولا ہماری امیدیں پوری فرما اگرچہ ہم جانتے ہیں کہ ہمارے اعمال کی سزا کیا ہے لیکن تیرا علم ہمارے

عَنْكَ حَثَّنَا عَلَى الرَّغْبَةِ اِلَيْكَ وَاِنْ كُنَّا غَيْرَ مُسْتَوْجِبِيْنَ لِرَحْمَتِكَ فَاَنْتَ

بارے میں ہے اور ہمیں اس کا علم ہے کہ تو ہمیں اپنے ہاں سے پلٹائے گا نہیں چاہے ہم تیری رحمت کے حقدار نہ بھی ہوئے

اَهْلٌ اَنْ تَجُوْدَ عَلَيْنَا وَعَلَى الْمُذْنِبِيْنَ بِفَضْلِ سَعَتِكَ، فَامْنُنْ عَلَيْنَا بِمَآ اَنْتَ

پس تو اس کا اہل ہے کہ ہم پر اور دوسرے گنہگاروں پر اپنے وسیع تر فضل سے داد و دہش کرے پس ہم پر ایسا احسان فرما

اَهْلُهٗ وَجُدْ عَلَيْنَا فَاِنَّا مُحْتَاجُوْنَ اِلٰى نَيْلِكَ يَا غَفَّارُ بِنُوْرِكَ اهْتَدَيْنَا

کہ جس کا تو اہل ہے اور سخاوت کر کیونکہ ہم تیرے انعام کے محتاج ہیں اے بخشنے والے تیرے ہی نور سے ہمیں ہدایت ملی

وَبِفَضْلِكَ اسْتَغْنَيْنَا، وَبِنِعْمَتِكَ اَصْبَحْنَا وَاَمْسَيْنَا ذُنُوْبُنَا بَيْنَ يَدَيْكَ

تیرے فضل سے ہم مالا مال ہوئے اور تیری نعمت کے ساتھ ہم صبح و شام کرتے ہیں ہمارے گناہ تیرے سامنے ہیں اے

نَسْتَغْفِرُكَ اَللّٰهُمَّ مِنْهَا وَنَتُوْبُ اِلَيْكَ، تَتَحَبَّبُ اِلَيْنَا بِالنِّعَمِ وَنُعَارِضُكَ

اللہ! ہم تجھ سے ان کی بخشش چاہتے اور تیرے حضور توبہ کرتے ہیں تو نعمتوں کے ذریعے ہم سے محبت کرتا ہے اور اس کے

بِالذُّنُوْبِ، خَيْرُكَ اِلَيْنَا نَازِلٌ، وَّشَرُّنَا اِلَيْكَ صَاعِدٌ وَّلَمْ يَزَلْ وَلَا يَزَالُ مَلَكٌ

مقابل ہم تیری نا فرمانی کرتے ہیں تیری بھلائی ہماری طرف آرہی ہے اور ہماری برائی تیری طرف جا رہی ہے تو ہمیشہ

كَرِيْمٌ يَّاْتِيْكَ عَنَّا بِعَمَلٍ قَبِيْحٍ فَلَا يَمْنَعُكَ ذٰلِكَ مِنْ اَنْ تَحُوْطَنَا بِنِعَمِكَ،

ہمیشہ کیلئے عزت والا بادشاہ ہے تیرے پاس ہمارے برے اعمال جاتے ہیں تو بھی تجھے ہم پر اپنی نعمتوں کی بارش سے

وَتَتَفَضَّلَ عَلَيْنَا بِاٰلَآئِكَ، فَسُبْحَانَكَ مَا اَحْلَمَكَ وَاَعْظَمَكَ وَاَكْرَمَكَ مُبْدِئًا

روک نہیں سکتے اور تو ہم پر اپنی عطائیں بڑھاتا رہتا ہے پس تو پاک تر ہے تو کیسا بردبار ہے کتنا عظیم ہے کتنا معزز ہے ابتداء

وَّمُعِيْدًا تَقَدَّسَتْ اَسْمَآؤُكَ وَجَلَّ ثَنَآؤُكَ وَكَرُمَ صَنَآئِعُكَ وَفِعَالُكَ اَنْتَ

کرنے اور پلٹانے میں تیرے نام پاک تر ہیں تیری ثناء بر تر ہے اور تیری نعمتیں اور تیرے کام بلند تر ہیں اے معبود! تو

اِلٰهِيْ اَوْسَعُ فَضْلاً وَاَعْظَمُ حِلْمًا مِّنْ اَنْ تُقَايِسَنِيْ بِفِعْلِيْ وَخَطِيْٓئَتِيْ، فَالْعَفْوَ

فضل میں وسعت والا اور برد باری میں عظیم تر ہے اس سے کہ تو میرے فعل اور خطا کے بارے میں قیاس کرے پس معافی

الْعَفْوَ الْعَفْوَ، سَيِّدِيْ سَيِّدِيْ سَيِّدِيْ۔ اَللّٰهُمَّ اشْغَلْنَا بِذِكْرِكَ، وَاَعِذْنَا مِنْ

دے معافی دے معافی دے میرے سردار میرے سردار میرے سردار اے اللہ ! ہمیں اپنے ذکر میں مشغول رکھ ہمیں

سَخَطِكَ وَاَجِرْنَا مِنْ عَذَابِكَ وَارْزُقْنَا مِنْ مَوَاهِبِكَ وَاَنْعِمْ عَلَيْنَا مِنْ فَضْلِكَ

اپنی ناراضگی سے پناہ دے ہمیں اپنے عذاب سے امان دے ہمیں اپنی عطاؤں سے رزق دے ہمیں اپنے فضل سے انعام

وَارْزُقْنَا حَجَّ بَيْتِكَ وَزِيَارَةَ قَبْرِ نَبِيِّكَ صَلَوَاتُكَ وَرَحْمَتُكَ وَمَغْفِرَتُكَ وَ

دے ہمیں اپنے گھر (کعبہ) کا حج نصیب فرما اور ہمیں اپنے نبیؐ کے روضہ کی زیارت کرا تیرا درود تیری رحمت تیری بخشش

رِضْوَانُكَ عَلَيْهِ وَعَلٰٓى اَهْلِ بَيْتِهٖ اِنَّكَ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ وَّارْزُقْنَا عَمَلًا بِطَاعَتِكَ

اور تیری رضا ہو تیرے نبیؐ کیلئے اور ان کے اہل بیتؑ کیلئے بے شک تو نزدیک تر قبول کرنے والا ہے اور ہمیں اپنی عبادت

وَتَوَفَّنَا عَلٰى مِلَّتِكَ وَسُنَّةِ نَبِيِّكَ صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَاٰلِهٖ ۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَ

بجا لانے کی توفیق دے ہمیں اپنی ملت اور اپنے نبی ﷺ کی سنت پر موت دے انؐ پر اور ان کی آلؑ پر خدا تعالیٰ کی

لِوالِدَیَّ وَارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِيْ صَغِيْرًا اِجْزِهِمَا بِالْاِحْسَانِ اِحْسَانًا

رحمت ہو اے معبود! مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو بھی اور دونوں پر رحم کر جیسے انہوں نے بچپن میں مجھے پالا اے

وَّبِالسَّيِّئَاتِ غُفْرَانًا ۔ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ الْاَحْيَآءِ مِنْهُمْ

اللہ! انہیں احسان کا بدلہ احسان اور گناہوں کے بدبخشش عطا فرما اے معبود! بخش دے مومن مردوں اور مومنہ

وَالْاَمْوَاتِ وَتَابِعْ بَيْنَنَا وَبَيْنَهُمْ بِالْخَيْرَاتِ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا

عورتوں کو جو ان میں زندہ اور مردہ ہیں سبھی کو بخش دے اور ان کے اور ہمارے درمیان نیکیوں کے ذریعے تعلق بنادے

وَشَاهِدِنَا وَغَآئِبِنَا وَذَكَرِنَا وَاُنْثَانَا صَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا، حُرِّنَا وَمَمْلُوْكِنَا، كَذَبَ

اے معبود! بخش دے ہمارے زندہ، مردہ، حاضر، غائب اور مرد و عورت، خورد و بزرگ اور ہمارے آزاد اور غلام

الْعَادِلُوْنَ بِاللّٰهِ وَضَلُّوْا ضَلَالًا بَعِيْدًا وَّخَسِرُوْا خُسْرَانًا مُّبِيْنًا ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ

سبھی کو بخش دے، خدا سے پھر جانے والے جھوٹے ہیں وہ گمراہ گمراہی میں دور نکل گئے ہیں اور وہ نقصان اٹھانے والے

عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاخْتِمْ لِيْ بِخَيْرٍ، وَّاكْفِنِيْ مَآ اَهَمَّنِيْ مِنْ اَمْرِ دُنْيَايَ

ہیں کھلا نقصان اے معبود! حضرت محمدؐ اور آل محمدؐ پر رحمت فرما اور میرا خاتمہ بخیر فرما اور دنیا و آخرت میں میرے اہم

وَاٰخِرَتِيْ، وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيَّ مَنْ لَّا يَرْحَمُنِيْ، وَاجْعَلْ عَلَيَّ مِنْكَ وَاقِيَةً بَاقِيَةً، وَلَا

کاموں میں میری حمایت فرما اور مجھ پر اسے مسلط نہ کر جو مجھ پر رحم نہ کرے اور میرے لئے اپنی طرف سے باقی رہنے

تَسْلُبْنِيْ صَالِحَ مَآ اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَيَّ، وَارْزُقْنِيْ مِنْ فَضْلِكَ رِزْقًا وَّاسِعًا حَلَالًا

والا نگہبان قرار دے اپنی دی ہوئی اچھی نعمتیں مجھ سے چھین نہ لے اور مجھے اپنے فضل سے روزی عطا کر جو کشادہ حلال

طَيِّبًا اَللّٰهُمَّ احْرُسْنِيْ بِحَرَاسَتِكَ وَاحْفَظْنِيْ بِحِفْظِكَ وَاكْلَأْنِيْ بِكَلَآئَتِكَ،

اور پاک ہو اے معبود! مجھے اپنی پاسداری میں زیر نگاہ رکھ اور اپنی حفاظت میں محفوظ فرما اپنی حمایت میں مجھے امان

وَارْزُقْنِيْ حَجَّ بَيْتِكَ الْحَرَامِ فِيْ عَامِنَا هٰذَا وَفِيْ كُلِّ عَامٍ وَّزِيَارَةَ قَبْرِ نَبِيِّكَ

دے اور مجھے ہمارے اس سال اور آیندہ سالوں میں بھی اپنے بیت الحرام کعبہ کا حج نصیب فرما اور اپنے نبیؐ و ائمہؑ کے

وَالْاَئِمَّةِ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ، وَلَا تُخْلِنِيْ يَا رَبِّ مِنْ تِلْكَ الْمَشَاهِدِ الشَّرِيْفَةِ

مزاروں کی زیارت نصیب فرما کہ ان سب پر سلام ہو اے پروردگار! ان بلند مرتبہ بارگاہوں اور ان با برکت

وَالْمَوَاقِفِ الْكَرِيْمَةِ ۔ اَللّٰهُمَّ تُبْ عَلَيَّ حَتّٰى لَآ اَعْصِيَكَ، وَاَلْهِمْنِيْ الْخَيْرَ

مقامات سے مجھے بر کنار نہ رکھ اے معبود! مجھے ایسی توبہ کی توفیق دے کہ پھر تیری نا فرمانی نہ کروں میرے دل میں نیکی و

وَالْعَمَلَ بِهٖ وَخَشْيَتَكَ بِاللَّيْلِ وَالنَّهَارِ مَآ اَبْقَيْتَنِيْ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ ۔ اَللّٰهُمَّ

عمل کا جذبہ ابھار دے اور جب تک مجھے زندہ رکھے دن رات اپنا خوف میرے قلب میں ڈالے رکھ اے جہانوں کے

اِنِّيْ كُلَّمَا قُلْتُ قَدْ تَهَيَّاْتُ وَتَعَبَّاْتُ وَقُمْتُ لِلصَّلَاةِ بَيْنَ يَدَيْكَ وَنَاجَيْتُكَ

پالنے والے اے معبود! جب بھی میں کہتا ہوں کہ میں آمادہ و تیار ہوں اور تیرے حضور نماز گزار نے کو کھڑا ہوتا ہوں

اَلْقَيْتَ عَلَيَّ نُعَاسًا اِذَآ اَنَا صَلَّيْتُ، وَسَلَبْتَنِيْ مُنَاجَاتَكَ اِذَآ اَنَا نَاجَيْتُ، مَالِيْ

اور تجھ سے مناجات کرتا ہوں تو مجھے اونگھ آلیتی ہے جب کہ میں نماز میں ہوتا ہوں اور جب میں تجھ سے راز و نیاز کرنے

كُلَّمَا قُلْتُ قَدْ صَلَحَتْ سَرِيْرَتِيْ وَقَرُبَ مِنْ مَّجَالِسِ التَّوَّابِيْنَ مَجْلِسِيْ عَرَضَتْ

لگوں تو اس حال میں بر قرار نہیں رہتا مجھے کیا ہوگیا میں کہتا ہوں کہ میرا باطن صاف ہے میں توبہ کرنے والوں کی صحبت میں

لِيْ بَلِيَّةٌ اَزَالَتْ قَدَمِيْ وَحَالَتْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ خِدْمَتِكَ سَيِّدِيْ لَعَلَّكَ عَنْ بَابِكَ

بیٹھتا ہوں ایسے میں کوئی آفت آپڑتی ہے جس سے میرے قدم ڈگمگا جاتے ہیں اور میرے اور تیری حضوری کے درمیان

طَرَدْتَّنِيْ، وَعَنْ خِدْمَتِكَ نَحَّيْتَنِيْ، اَوْ لَعَلَّكَ رَاَيْتَنِيْ مُسْتَخِفًّا بِحَقِّكَ

کوئی چیز آڑ بن جاتی ہے میرے سردار ! شاید کہ تو نے مجھے اپنی بارگاہ سے ہٹا دیا ہے اور اپنی خدمت سے دور کر دیا ہے

فَاَقْصَيْتَنِيْ،اَوْ لَعَلَّكَ رَاَيْتَنِيْ مُعْرِضًا عَنْكَ فَقَلَيْتَنِيْ اَوْ لَعَلَّكَ وَجَدْتَّنِيْ فِيْ

یا شاید تو دیکھتا ہے کہ میں تیرے حق کو سبک سمجھتا ہوں پس مجھے ایک طرف کردیا یا شاید تو نے دیکھا کہ میں تجھ سے روگرداں

مَقَامِ الْكَاذِبِيْنَ فَرَفَضْتَنِيْ اَوْ لَعَلَّكَ رَاَيْتَنِيْ غَيْرَ شَاكِرٍ لِّنَعْمَآئِكَ فَحَرَمْتَنِيْ،

ہوں تو مجھے برا سمجھ لیا یا شاید تو نے دیکھا کہ میں جھوٹوں میں سے ہوں تو مجھے میرے حال پر چھوڑ دیا یا شاید تو دیکھتا ہے کہ

اَوْ لَعَلَّكَ فَقَدْتَّنِيْ مِنْ مَّجَالِسِ الْعُلَمَآءِ فَخَذَلْتَنِيْ اَوْ لَعَلَّكَ رَاَيْتَنِيْ فِي الْغَافِلِيْنَ

میں تیری نعمتوں کا شکر ادا نہیں کرتا تو مجھے محروم کر دیا یا شاید کہ تو نے مجھے علماء کی مجالس میں نہیں پایا تو اس بنا پر مجھے ذلیل کر

فَمِنْ رَّحْمَتِكَ اٰيَسْتَنِيْ، اَوْ لَعَلَّكَ رَاَيْتَنِيْ اٰلِفَ مَجَالِسِ الْبَطَّالِيْنَ فَبَيْنِيْ

کی اپنے دین کی طرف رہنمائی کی اپنی کتاب انہیں سکھائی پس ہماری بھی رہنمائی کر اور ہمیں سکھا اور حمد تیرے لیے

وَصُنْعِكَ عِنْدِيْ خَآصَّةً كَمَا خَلَقْتَنِيْ فَاَحْسَنْتَ خَلْقِيْ وَعَلَّمْتَنِيْ فَاَحْسَنْتَ

ہے بہترین آزمائش پر اور اس خاص احسان پر جو تو نے مجھ پر کیا ہے جیسا کہ تو نے مجھے پیدا کیا ہے تو اچھی صورت

تَعْلِيْمِيْ وَهَدَيْتَنِيْ فَاَحْسَنْتَ هِدَايَتِيْ، فَلَكَ الْحَمْدُ عَلٰٓى اِنْعَامِكَ عَلَيَّ قَدِيْمًا

دی ہے مجھے علم سکھایا تو بہترین تعلیم دی ہے اور میری رہنمائی کی تو کیا خوب رہنمائی کی ہے پس حمد تیرے لیے ہے کہ تو

وَّحَدِيْثًا، فَكَمْ مِّنْ كَرْبٍ يَّا سَيِّدِيْ قَدْ فَرَّجْتَهٗ وَكَمْ مِنْ غَمٍّ يَّا سَيِّدِيْ قَدْ

نے مجھے اول سے آخر تک مسلسل نعمتیں دیں پس اے میرے سردار کتنے ہی دکھ تھے جو تو نے دور کردیے میرے آقا

نَفَّسْتَهٗ وَكَمْ مِّنْ هَمٍّ يَّا سَيِّدِيْ قَدْ كَشَفْتَهٗ وَكَمْ مِّنْ بَلَآءٍ يَّاسَيِّدِيْ قَدْ

کتنے ہی غم تھے جو تو نے مٹادیے اے میرے مالک! کتنے ہی اندیشے تھے جو تو نے محو کردیئے اے میرے آقا کتنی ہی

صَرَفْتَهٗ وَكَمْ مِّنْ عَيْبٍ يَّا سَيِّدِيْ قَدْ سَتَرْتَهٗ فَلَكَ الْحَمْدُ عَلٰى كُلِّ حَالٍ فِيْ كُلِّ

پریشانیاں تھیں جو تو نے ختم کردیں اور کتنے ہی عیب تھے جو تو نے ڈھانپ لیے پس حمد تیرے لیے ہے ہر ایک حال میں

مَثْوًى وَّزَمَانٍ وَّمُنْقَلَبٍ وَّمَقَامٍ وَّعَلٰى هٰذِهِ الْحَالِ وَكُلِّ حَالٍ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ

ہرجگہ ہر زمانے میں ہر ایک منزل اور ہر ایک مقام پر اور اس موجودہ حالت میں اور ہر حالت میں اے معبود!

مِنْ اَفْضَلِ عِبَادِكَ نَصِيْبًا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ مِنْ خَيْرٍ تَقْسِمُهٗ اَوْ ضُرٍّ تَكْشِفُهٗ، اَوْ

آج کے دن مجھے حصہ و نصیب کے لحاظ سے اپنے سب بندوں سے برتر قرار دے اس بھلائی میں جوتو نے تقسیم کی یا جو

سُوْٓءٍ تَصْرِفُهٗ اَوْ بَلَآءٍ تَدْفَعُهٗ اَوْ خَيْرٍ تَسُوْقُهٗ، اَوْ رَحْمَةٍ تَنْشُرُهَا، اَوْ عَافِيَةٍ

تکلیف تو نے دور کی یا جو برائی تو نے ہٹائی یا جو سختی تو نے ٹالی یا جو خیر تو نے عطا کی یا جو رحمت تو نے عام کی یا جو عافیت

تُلْبِسُهَا فَإِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ وَّبِيَدِكَ خَزَآئِنُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ

تو نے عنایت کی ہے کہ بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے آسمانوں اور زمین کے خزانے تیرے قبضے میں ہیں اور تو وہ

وَاَنْتَ الْوَاحِدُ الْكَرِيْمُ الْمُعْطِي الَّذِيْ لَا يُرَدُّ سَآئِلُهٗ، وَلَا يُخَيَّبُ اٰمِلُهٗ، وَلَا

یکتا بزرگی والا عطا کرنے والا ہے جو کسی سائل کو ہٹکاتا نہیں کسی امیدوار کو مایوس نہیں کرتا اور جس کی عطا کم نہیں ہوتی

يَنْقُصُ نَآئِلُهٗ، وَلَا يَنْفَدُ مَا عِنْدَهٗ بَلْ يَزْدَادُ كَثْرَةً وَّطِيْبًا وَّعَطَآءً وَّجُوْدًا،

اور جو کچھ اس کے پاس ہے ختم نہیں ہوتا بلکہ وہ بڑھتا ہے مقدار میں پاکیزگی میں عطا میں اور سخاوت میں اور مجھے اپنے

وَّارْزُقْنِيْ مِنْ خَزَآئِنِكَ الَّتِيْ لَا تَفْنٰى، وَمِنْ رَّحْمَتِكَ الْوَاسِعَةِ اِنَّ عَطَآئَكَ لَمْ

ان خزانوں سے عنایت کر جو ختم نہیں ہوتے اور اپنی وسیع رحمت میں سے مجھے عطا کر کہ بے شک تیری عطا کبھی بند

يَكُنْ مَّحْظُوْرًا وَاَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

نہیں ہوتی اور تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اپنی رحمت کے ساتھ اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

(۲) وہ دس تسبیحات جو سید نے ذکر کی ہیں ان کو ہزار مرتبہ پڑھے اور وہ روز عرفہ کے اعمال میں آئیں گیں۔

(۳) دعا اَللّٰهُمَّ تَعَبَّأْ وَتَهَيَّأْ پڑھے کہ جو شب جمعہ کے اعمال میں مذکور ہے اور اسے روز عرفہ میں پڑھنا بھی وارد ہوا ہے۔

(۴) زمین کربلا میں امام حسینؑ کی زیارت کرے اور یوم عید تک وہیں رہے تا کہ اس سال میں ہر شر سے محفوظ رہ سکے۔

نویں ذی الحجہ کا دن

یہ روز عرفہ ہے اور بہت بڑی عید کا دن ہے۔ اگر چہ اس کو عید کے نام سے موسوم نہیں کیا گیا، یہی وہ دن ہے جس میں خدائے تعالیٰ نے بندوں کو اپنی اطاعت وعبادت کی طرف بلایا ہے، آج کے دن ان کے لیے اپنے جود وسخا کا دستر خوان بچھایا ہے اور آج شیطان کو دھتکارا گیا اور وہ ذلیل وخوار ہوا ہے۔ روایت ہے کہ امام زین العابدین علیہ السلام نے روز عرفہ ایک سائل کی آواز سنی جو لوگوں سے خیرات مانگ رہا تھا۔ آپ نے فرمایا: افسوس ہے تجھ پر کہ آج کے دن بھی تو غیر خدا سے سوال کر رہا ہے حالانکہ آج تو یہ امید ہے کہ ماؤں کے پیٹ کے بچے بھی خدا کے لطف وکرم سے مالا مال ہو کر سعید وخوش بخت ہو جائیں۔

اس دن کے چند ایک اعمال ہیں:

(۱) غسل کرے۔

(۲) امام حسینؑ کی زیارت کرے اس کا ثواب ہزار حج وعمرہ اور ہزار جہاد جتنا بلکہ اس سے بھی زیادہ ہے۔ اس زیارت

کی فضیلت میں بہت سی متواتر حدیثیں نقل ہوئی ہیں۔ کہ آج کے دن جو کوئی حضرتؑ کے قبہ مقدسہ کے سائے میں رہے تو اس کا ثواب عرفات والوں سے کم نہیں زیادہ ہے اور وہ ان لوگوں سے مقدم ہے۔ حضرتؑ کی زیارت کی کیفیت باب زیارت میں آئے گی۔ تاہم یہ یاد رہے کہ یہ ثواب اور درجہ اس شخص کے لیے ہے جو اپنا واجب حج چھوڑ کر زیارات کو نہ گیا ہو۔

(۳) نماز عصر کے بعد دعاء عرفہ پڑھنے سے قبل زیر آسمان دو رکعت نماز بجالائے اور اپنے گناہوں کا اقرار و اعتراف کرے تاکہ اسے عرفات میں حاضری کا ثواب ملے اور اس کے گناہ معاف ہوں۔ اس کے بعد ائمہ طاہرینؑ کے حکم کے مطابق دعاء عرفہ پڑھے اور اعمال عرفہ بجالائے اور یہ اعمال بہت زیادہ ہیں کہ اس مختصر کتاب میں ان کا بیان ممکن نہیں، پھر بھی حسب گنجائش ہم یہاں چند اعمال کا ذکر کرتے ہیں۔

شیخ کفعمی نے مصباح میں فرمایا ہے کہ یوم عرفہ کا روزہ مستحب ہے بشرطیکہ دعاء عرفہ کے پڑھنے میں کمزوری کا بھی خوف نہ ہو۔ زوال سے پہلے غسل کرنا بھی مستحب ہے اور شب عرفہ و روز عرفہ زیارت امام حسین علیہ السلام بھی مستحب ہے۔

زوال کے وقت زیر آسمان نماز ظہر و عصر نہایت متانت اور سنجیدگی سے بجالائے، اس کے بعد دو رکعت نماز پڑھے جس کی پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ توحید اور دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ کافرون پڑھے، اس کے بعد چار رکعت نماز پڑھے جس کی ہر رکعت میں سورہ الحمد کے بعد پچاس مرتبہ سورہ توحید کی پڑھے:

مؤلف کہتے ہیں کہ یہ چار رکعت وہی امیر المومنین علیہ السلام کی نماز ہے جو اعمال روز جمعہ میں مذکور ہے، پھر فرماتے ہیں کہ چار رکعت نماز کے بعد یہ دس تسبیحات پڑھے۔ جو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے مروی ہیں اور سید ابن طاؤس نے اپنی کتاب اقبال میں درج کیں اور وہ یہ ہیں۔

سُبْحَانَ الَّذِیْ فِی السَّمَآءِ عَرْشُهٗ سُبْحَانَ الَّذِیْ فِی الْاَرْضِ حُكْمُهٗ سُبْحَانَ الَّذِیْ فِی

پاک ہے وہ خدا جس کا عرش آسمان میں ہے پاک ہے وہ خدا جس کا حکم زمین میں نافذ ہے پاک ہے وہ خدا جس

الْقُبُوْرِ قَضَآؤُهٗ سُبْحَانَ الَّذِیْ فِی الْبَحْرِ سَبِیْلُهٗ سُبْحَانَ الَّذِیْ فِی النَّارِ سُلْطَانُهٗ

کا فیصلہ قبروں میں نافذ ہے پاک ہے وہ خدا جس کا دریا میں راستہ ہے پاک ہے وہ خدا جو جہنم پر اختیار رکھتا ہے

سُبْحَانَ الَّذِیْ فِی الْجَنَّةِ رَحْمَتُهٗ سُبْحَانَ الَّذِیْ فِی الْقِیٰمَةِ عَدْلُهٗ سُبْحَانَ الَّذِیْ رَفَعَ

پاک ہے وہ خدا جنت میں جس کی رحمت ہے پاک ہے وہ خدا قیامت میں جس کا عدل ہے پاک ہے وہ خدا جس نے

السَّمَآءَ سُبْحَانَ الَّذِیْ بَسَطَ الْاَرْضَ سُبْحَانَ الَّذِیْ لَا مَلْجَاَ وَلَا مَنْجَاَ مِنْهُ اِلَّآ

آسمان بلند کیا پاک ہے وہ خدا جس نے زمین بچھائی پاک ہے وہ خدا جس سے پناہ و نجات نہیں مگر اسی کے ہاں

اِلَیْهِ پھر سو مرتبہ کہے: سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰهِ وَ اللّٰهُ اَكْبَرُ نیز سورہ توحید و آیت الکرسی اور

سے اللہ پاک ہے اللہ ہی کے لیے حمد ہے نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے اور اللہ بزرگتر ہے

صلوات سو سو مرتبہ پڑھے، دس مرتبہ کہے: لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِیْكَ لَهٗ لَهُ

نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے وہ یکتا ہے کوئی اس کا ثانی نہیں

الْمُلْكُ وَ لَهُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَ یُمِیْتُ وَ یُمِیْتُ وَ یُحْیِیْ وَ هُوَ حَیٌّ لَّا یَمُوْتُ بِیَدِهِ الْخَیْرُ

اسی کے لیے حکومت اور حمد وہ زندہ کرتا اور موت دیتا ہے اور موت دیتا اور زندہ کرتا ہے اور وہ ایسا زندہ ہے جسے موت نہیں اسی کے ہاتھ

وَهُوَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ دس مرتبہ کہے: اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ

میں بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے بخشش چاہتا ہوں اس اللہ سے کہ جس کے سوا کوئی معبود نہیں زندہ و

الْقَیُّوْمُ وَاَتُوْبُ اِلَیْهِ دس مرتبہ کہے: یَآ اَللّٰهُ دس مرتبہ کہے: یَا رَحْمٰنُ دس مرتبہ کہے:

پائندہ ہے اور میں اسکے حضور توبہ کرتا ہوں اے اللہ اے بڑے مہربان

یَارَحِیْمُ دس مرتبہ کہے: یَابَدِیْعَ السَّمٰوٰتِ وَ الْاَرْضِ یَا ذَا الْجَلَالِ وَ الْاِكْرَامِ دس

اے رحم والے اے آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے اے جلالت و بزرگی کے مالک

مرتبہ کہے: یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ دس مرتبہ کہے: یَا حَنَّانُ یَا مَنَّانُ دس مرتبہ کہے: یَا لَآ اِلٰهَ اِلَّا

اے زندہ اے پائندہ اے محبت والے اے احسان والے اے کہ تیرے سوا کوئی

اَنْتَ دس مرتبہ کہے: آمین پھر یہ کہے: اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ یَا مَنْ هُوَ اَقْرَبُ اِلَیَّ مِنْ حَبْلِ

معبود نہیں اے معبود! سوال کرتا ہوں تجھ سے اے وہ جو شہ رگ سے

الْوَرِیْدِ یَا مَنْ یَّحُوْلُ بَیْنَ الْمَرْءِ وَ قَلْبِهٖ یَا مَنْ هُوَ بِالْمَنْظَرِ الْاَعْلٰی وَ بِالْاُفُقِ

زیادہ میرے قریب و نزدیک ہے اے وہ جو انسان اور اس کے دل کے درمیان حائل ہوجاتا ہے اے وہ جو

الْمُبِیْنِ یَا مَنْ هُوَ الرَّحْمٰنُ عَلَی الْعَرْشِ اسْتَوٰی یَا مَنْ لَّیْسَ كَمِثْلِهٖ شَیْءٌ وَّهُوَ

بلند مقام اور واضح افق میں ہے اے وہ جو بڑے رحم والا ہے اور عرش پر مسلط ہے اے وہ جس کی مثل کوئی چیز

السَّمِیْعُ الْبَصِیْرُ اَسْئَلُكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ پس اپنی حاجت طلب

نہیں ہے اور وہ سننے دیکھنے والا ہے سوال کرتا ہوں تجھ سے کہ محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما۔

کرے کہ انشاء اللہ پوری ہوگی۔

امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ جو شخص یہ صلوات پڑھے تو گویا اس نے اہل بیتؑ کو مسرور کیا ہے۔ اور وہ یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ یَآ اَجْوَدَ مَنْ اَعْطٰی، وَیَا خَیْرَ مَنْ سُئِلَ، وَیَآ اَرْحَمَ مَنِ اسْتُرْحِمَ اَللّٰھُمَّ صَلِّ

اے اللہ! اے ہر عطا کرنے والے سے زیادہ سخی اے ہر سوال کئے ہوئے سے بہتر اور اے سب سے زیادہ رحمت

عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ فِی الْاَوَّلِیْنَ، وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ فِی الْاٰخِرِیْنَ، وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

کرنے والے اے اللہ حضرت محمدؐ پر اور انکی آل پر رحمت نازل فرما پہلوں کیساتھ اور حضرت محمدؐ اور انکی آل پر رحمت

وَّاٰلِہٖ فِی الْمَلَاَءِ الْاَعْلٰی، وَصَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِہٖ فِی الْمُرْسَلِیْنَ ۔ اَللّٰھُمَّ اَعْطِ مُحَمَّدًا

نازل کر پچھلوں کیساتھ اور حضرت محمدؐ اور ان کی آل پر رحمت نازل کر معالم بالا میں اور حضرت محمدؐ اور ان کی آل پر

وَّاٰلَہُ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَالشَّرَفَ وَالرِّفْعَۃَ وَالدَّرَجَۃَ الْکَبِیْرَۃَ ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ

رحمت نازل کر مرسلوں کے ساتھ اے اللہ! محمدؐ و آلؑ محمدؐ کو ذریعہ و وسیلہ بڑائی بزرگی بلندی اور بہت بڑا درجہ و مقام عطا

اٰمَنْتُ بِمُحَمَّدٍ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَلَمْ اَرَہٗ فَلَا تَحْرِمْنِیْ فِی الْقِیٰمَۃِ رُؤْیَتَہٗ

کر اے اللہ! بے شک میں ایمان لایا ہوں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور انہیں دیکھا نہیں پس قیامت میں مجھے ان کے دیدار

وَارْزُقْنِیْ صُحْبَتَہٗ، وَتَوَفَّنِیْ عَلٰی مِلَّتِہٖ، وَاسْقِنِیْ مِنْ حَوْضِہٖ مَشْرَبًا رَّوِیًّا سَآئِغًا

سے محروم نہ رکھنا اور ان کی صحبت نصیب کرنا نیز مجھے ان کے دین پر موت دے ان کے حوض کوثر میں سے پانی پلانا جو سیر

ھَنِیْئًا لَّآ اَظْمَاُ بَعْدَہٗٓ اَبَدًا، اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ ۔ اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اٰمَنْتُ بِمُحَمَّدٍ

کر دینے والا خوش مزہ و شیریں ہو کہ اس کے بعد میں کبھی پیاسا نہ ہوں بے شک تو ہرچیز پر قدرت رکھتا ہے اے اللہ!

صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَلَمْ اَرَہٗ فَعَرِّفْنِیْ فِی الْجِنَانِ وَجْھَہٗ

بیشک میں ایمان لاتا ہوں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر اور انہیں دیکھا نہیں پس جنت میں مجھے ان کی پہچان کرادینا

اَللّٰھُمَّ بَلِّغْ مُحَمَّدًا صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ مِنِّیْ تَحِیَّۃً کَثِیْرَۃً وَّسَلَامًا،

اے اللہ! پہنچادے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور ان کی آل کو میری طرف سے بہت بہت آداب اور سلام۔

اسکے بعد دعاء ام داؤد پڑھے جو ماہ رجب کے اعمال میں ذکر ہوچکی ہے۔ پھر یہ تسبیح پڑھے کہ جس کے ثواب کا اندازہ ہی نہیں ہوسکتا اور بوجہ اختصار ہم نے اس کو بیان نہیں کیا، وہ تسبیح یہ ہے:

سُبْحَانَ اللّٰهِ قَبْلَ كُلِّ اَحَدٍ وَّسُبْحَانَ اللّٰهِ بَعْدَ كُلِّ اَحَدٍ وَّسُبْحَانَ اللّٰهِ مَعَ كُلِّ اَحَدٍ

پاک ہے وہ خدا جو ہر چیز سے پہلے ہے پاک ہے وہ خدا جو ہر چیز کے بعد ہے پاک ہے وہ خدا جو ہر چیز کے ساتھ

وَّسُبْحَانَ اللّٰهِ يَبْقٰى رَبُّنَا وَيَفْنٰى كُلُّ اَحَدٍ وَّسُبْحَانَ اللّٰهِ تَسْبِيْحًا يَّفْضُلُ تَسْبِيْحَ

ہے پاک ہے خدا ہمارا رب جو وہ باقی رہے گا جب کہ ہر چیز فنا ہوجائے گی پاک ہے خدا نہایت پاکیزہ ہے جو تسبیح

الْمُسَبِّحِيْنَ فَضْلًا كَثِيْرًا قَبْلَ كُلِّ اَحَدٍ وَّسُبْحَانَ اللّٰهِ تَسْبِيْحًا يَّفْضُلُ تَسْبِيْحَ

کرنے والوں کی تسبیح سے بہت بہت برتر ہے ہر ایک چیز سے پہلے اور پاک ہے خدا نہایت پاکیزہ ہے جو تسبیح کرنے

الْمُسَبِّحِيْنَ فَضْلًا كَثِيْرًا بَعْدَ كُلِّ اَحَدٍ وَّسُبْحَانَ اللّٰهِ تَسْبِيْحًا يَّفْضُلُ تَسْبِيْحَ

والوں کی تسبیح سے بہت بہت برتر ہے ہر چیز کے بعد اور پاک ہے خدا نہایت پاکیزہ ہے جو تسبیح کرنے والوں کی تسبیح

الْمُسَبِّحِيْنَ فَضْلًا كَثِيْرًا مَعَ كُلِّ اَحَدٍ وَّسُبْحَانَ اللّٰهِ تَسْبِيْحًا يَفْضُلُ تَسْبِيْحَ

سے بہت بہت برتر ہے ہر چیز کے ساتھ اور پاک ہے خدا نہایت پاکیزہ ہے جو تسبیح کرنے والوں کی تسبیح سے بہت

الْمُسَبِّحِيْنَ فَضْلًا كَثِيْرًا لِرَبِّنَا الْبَاقِيْ وَيَفْنٰى كُلُّ اَحَدٍ وَّسُبْحَانَ اللّٰهِ تَسْبِيْحًا

بہت برتر ہے کہ ہمارا رب باقی رہے گا جب کہ ہر چیز فنا ہو جائے گی پاک ہے نہایت پاکیزہ ہے کہ شمار نہیں ہوسکتا

لَّا يُحْصٰى وَلَا يُدْرٰى وَلَا يُنْسٰى وَلَا يَبْلٰى وَلَا يَفْنٰى وَلَيْسَ لَهٗ مُنْتَهٰى وَسُبْحَانَ

سمجھ میں نہیں آتا فراموش نہیں ہوتا پرانا نہیں ہوتا ناپید نہیں ہوتا اور اس کی کوئی انتہا نہیں ہے پاک ہے خدا نہایت

اللّٰهِ تَسْبِيْحًا يَّدُوْمُ بِدَوَامِهٖ وَيَبْقٰى بِبَقَآئِهٖ فِيْ سِنِي الْعَالَمِيْنَ وَشُهُوْرِ الدُّهُوْرِ

پاکیزہ ہے جو ہمیشہ ہے اسکی ہمیشگی سے باقی ہے اسکی بقاکیساتھ جہانوں کے برسوں ہر زمانے کے مہینوں دنیا کے تمام

وَاَيَّامِ الدُّنْيَا وَسَاعَاتِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ اَبَدَ الْاٰبِدِ وَمَعَ الْاَبَدِ مِمَّا

دنوں اور رات دن کی ہر ہر گھڑی میں پاک ہے وہ خدا جو ہمیشہ ہمیشہ ہے ہمیشگی کے ساتھ کہ جس کی ذات کا

لَا يُحْصِيْهِ الْعَدَدُ، وَلَا يُفْنِيْهِ الْاَمَدُ، وَلَا يَقْطَعُهُ الْاَبَدُ، وَ تَبَارَكَ اللّٰهُ اَحْسَنُ

اندازہ نہیں کیا جاسکتا وہ زمانہ گزرنے سے فنا نہیں ہوا اور ہمیشگی اس سے جدا نہیں ہوسکتی اور برکت والا ہے وہ

الْخَالِقِيْنَ پھر کہے: وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ قَبْلَ كُلِّ اَحَدٍ وَّالْحَمْدُ لِلّٰهِ بَعْدَ كُلِّ اَحَدٍ دعا کے آخر

خدا جو بہترین خالق ہے۔ حمد ہے خدا کے لیے ہر چیز سے پہلے اور حمد ہے خدا کے لیے ہر چیز کے

تک لیکن ہر جگہ سُبْحَانَ اللّٰهِ کی بجائے اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کہے اور جب اَحْسَنُ الْخَالِقِيْنَ تک پہنچے

بعد۔۔۔ پاک ہے خدا حمد خدا ہی کے لیے ہے جو بہترین

تو کہے لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ قَبْلَ کُلِّ اَحَدٍ دعا کے آخر تک مگر ہر جگہ سُبْحَانَ اللّٰہِ ہے وہاں لَآ اِلٰہَ

خالق ہے نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے جو ہر چیز سے پہلے ہے۔

اِلَّا اللّٰہُ کہے اور اسکے بعد کہے وَاللّٰہُ اَکْبَرُ قَبْلَ کُلِّ اَحَدٍ

پاک ہے خدا نہیں کوئی معبود سوائے اللہ کے سب سے بڑا ہے خدا جو ہر چیز سے پہلے ہے

دعا کے آخر تک لیکن ہر جگہ سُبْحَانَ اللّٰہِ کی بجائے اَللّٰہُ اَکْبَرُ کہے پھر یہ دعا پڑھے جو شب جمعہ

پاک ہے اللہ خدا بزرگتر ہے

کے اعمال میں ذکر ہوئی ہے اَللّٰھُمَّ مَنْ تَعَبَّاَ وَتَھَیَّاَ ۔ بعد میں امام زین العابدینؑ کی یہ دعا

اے اللہ! جو آمادہ ہوا اور تیار ہوا

پڑھے جو شیخ طوسیؒ نے مصباح المتہجد میں ذکر کی ہے: اَللّٰھُمَّ اَنْتَ اللّٰہُ رَبُّ الْعٰالَمِیْنَ

اے اللہ! تو ہی وہ خدا ہے جو جہانوں کا رب ہے۔

مؤلف کہتے ہیں کہ یہ دعا مقام عرفات کی ہے اور پھر طویل بھی ہے۔ لہذا ہم نے یہاں درج نہیں کی ہے۔

علاوہ ازیں آج کے دن امام زین العابدین علیہ السلام ہی کی وہ دعا پڑھے جو صحیفہ کاملہ میں سینتالیسویں دعا ہے اور دونوں جہانوں کے تمام مطالب و مقاصد پر مشتمل ہے۔ اس دعاء کو صدق دل سے پڑھنے والے پر خدا کی رحمت ہو۔

اس دن پڑھی جانے والی دعاؤں میں سے ایک امام حسین علیہ السلام کی دعا ہے بشر و بشیر پسران غالب اسدی سے روایت ہے کہ روز عرفہ بوقت عصر میدان عرفات میں ہم حضرتؑ کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ تب آپ اپنے فرزندوں اور شیعوں کے ساتھ نہایت عاجزانہ طور پر اپنے خیمے سے باہر آئے اور پہاڑ کی بائیں طرف کھڑے ہو کر کعبے کی طرف رخ کر لیا، اپنے دونوں ہاتھ چہرے کے سامنے لا کر پھیلا دیئے۔ خدا کے حضور عاجزی اور انکساری کی حالت میں یہ کلمات کہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ لَیْسَ لِقَضَآئِہٖ دَافِعٌ، وَّلَا لِعَطَآئِہٖ مَانِعٌ، وَّلَا کَصُنْعِہٖ صُنْعُ

حمد ہے خدا کے لیے جس کے فیصلے کو کوئی بدلنے والا نہیں کوئی اس کی عطا روکنے والا نہیں اور کوئی اس جیسی صنعت والا

صَانِعٍ وَّھُوَ الْجَوَادُ الْوَاسِعُ، فَطَرَ اَجْنَاسَ الْبَدَآئِعِ، وَاَتْقَنَ بِحِکْمَتِہِ الصَّنَآئِعَ،

نہیں اور وہ کشادگی کیساتھ دینے والا ہے اس نے قسم قسم کی مخلوق بنائی اور بنائی ہوئی چیزوں کو اپنی حکمت سے محکم کیا

لَا تَخْفٰی عَلَیْہِ الطَّلَآئِعُ، وَلَا تَضِیْعُ عِنْدَہُ الْوَدَآئِعُ، جَازِیْ کُلِّ صَانِعٍ، وَرَآئِشُ

دنیا میں آنے والی کوئی چیز اس سے پوشیدہ نہیں اس کے ہاں کوئی امانت ضائع نہیں ہوتی وہ ہر کام پر جزا دینے والا

كُلِّ قَانِعٍ وَّرَاحِمُ كُلِّ ضَارِعٍ وَّمُنْزِلُ الْمَنَافِعِ وَالْكِتَابِ الْجَامِعِ بِالنُّوْرِ

ہے وہ ہر قانع کو زیادہ دینے والا اور ہر نالاں پر رحم کرنے والا ہے وہ بھلائیاں نازل کرنے والا اور چمکتے نور

السَّاطِعِ وَهُوَلِلدَّعَوَاتِ سَامِعٌ، وَّلِلْكُرُبَاتِ دَافِعٌ، وَّلِلدَّرَجَاتِ رَافِعٌ، وَّ

کے ساتھ مکمل و کامل کتاب اتارنے والا ہے وہ لوگوں کی دعاؤں کا سننے والا لوگوں کے دکھ دور کرنے والا

لِلْجَبَابِرَةِ قَامِعٌ، فَلَآ اِلٰهَ غَيْرُهٗ وَلَا شَيْءَ يَعْدِلُهٗ، وَلَيْسَ كَمِثْلِهٖ شَيْءٌ، وَّهُوَ

درجے بلند کرنے والا اور سرکشوں کی جڑ کاٹنے والا ہے پس اس کے سوا کوئی معبود نہیں کوئی چیز اس کے برابر کوئی

السَّمِيْعُ الْبَصِيْرُ اللَّطِيْفُ الْخَبِيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَرْغَبُ

چیز اس کے مانند نہیں اور وہ سننے والا دیکھنے والا ہے باریک بین خبر رکھنے والا ہے اور وہی ہر چیز پر قدرت رکھتا

اِلَيْكَ وَاَشْهَدُ بِالرُّبُوْبِيَّةِ لَكَ مُقِرًّا بِاَنَّكَ رَبِّيْ، وَاَنَّ اِلَيْكَ مَرَدِّيْ، اِبْتَدَاْتَنِيْ

ہے اے اللہ! بے شک میں تیری طرف متوجہ ہوا ہوں تیرے پروردگار ہونے کی گواہی دیتا اور مانتا ہوں کہ تو میرا

بِنِعْمَتِكَ قَبْلَ اَنْ اَكُوْنَ شَيْئًا مَّذْكُوْرًا، وَّخَلَقْتَنِيْ مِنَ التُّرَابِ ثُمَّ

پالنے والا ہے اور تیری طرف لوٹا ہوں کہ تو نے مجھ سے اپنی نعمت کا آغاز کیا اس سے پہلے کہ میں وجود میں آتا اور تو

اَسْكَنْتَنِيْ الْاَصْلَابَ اٰمِنًا لِّرَيْبِ الْمَنُوْنِ وَاخْتِلَافِ الدُّهُوْرِ وَالسِّنِيْنَ

نے مجھ کو مٹی سے پیدا کیا پھر بڑوں کی پشتوں میں جگہ دی مجھے موت سے اور ماہ وسال میں آنے والی آفات سے امن

فَلَمْ اَزَلْ ظَاعِنًا مِّنْ صُلْبٍ اِلٰى رَحِمٍ فِيْ تَقَادُمٍ مِّنَ الْاَيَّامِ الْمَاضِيَةِ وَالْقُرُوْنِ

دیا پس میں پے در پے ایک پشت سے ایک رحم میں آیا ان دنوں میں جو گزرے ہیں اور ان صدیوں میں جو بیت چکی

الْخَالِيَةِ لَمْ تُخْرِجْنِيْ لِرَاْفَتِكَ بِيْ وَلُطْفِكَ لِيْ وَاِحْسَانِكَ اِلَيَّ فِيْ دَوْلَةِ اَئِمَّةِ الْكُفْرِ

ہیں تو نے بوجہ اپنی محبت و مہربانی کے مجھ پر احسان کیا اور مجھے کافر بادشاہوں کے دور میں پیدا نہیں کیا کہ جنہوں نے

الَّذِيْنَ نَقَضُوا عَهْدَكَ وَ كَذَّبُوْا رُسُلَكَ، لٰكِنَّكَ اَخْرَجْتَنِيْ لِلَّذِيْ سَبَقَ لِيْ مِنَ

تیرے فرمان کو توڑا اور تیرے رسولوں کو جھٹلایا لیکن تو نے مجھ کو اس زمانے میں پیدا کیا جس میں تھوڑے عرصے میں

الْهُدٰى الَّذِيْ لَهٗ يَسَّرْتَنِيْ وَفِيْهِ اَنْشَاْتَنِيْ وَمِنْ قَبْلِ ذٰلِكَ رَؤُفْتَ بِيْ بِجَمِيْلِ

مجھے ہدایت میسر آگئی کہ اس میں تو نے مجھے پالا اور اس سے پہلے تو نے اچھے عنوان سے میرے لیے محبت ظاہر فرمائی

صُنْعِكَ وَسَوَابِغِ نِعَمِكَ فَابْتَدَعْتَ خَلْقِيْ مِنْ مَنِيٍّ يُّمْنٰى، وَاَسْكَنْتَنِيْ فِيْ

اور بہترین نعمتیں عطا کیں پھر میرے پیدا کرنے کا آغاز ٹپکنے والے آب حیات سے کیا اور مجھ کو تین تاریکیوں میں

ظُلُمَاتٍ ثَلَاثٍ بَيْنَ لَحْمٍ وَّدَمٍ وَّجِلْدٍ لَّمْ تُشْهِدْنِيْ خَلْقِيْ، وَلَمْ تَجْعَلْ اِلَيَّ شَيْئًا

ٹھرادیا یعنی گوشت خون اور جلد کے نیچے جہاں میں نے بھی اپنی خلقت کو نہ دیکھا اور تو نے میرے اس معاملے میں

مِّنْ اَمْرِيْ، ثُمَّ اَخْرَجْتَنِيْ لِلَّذِيْ سَبَقَ لِيْ مِنَ الْهُدٰى اِلَى الدُّنْيَا تَامًّا سَوِيًّا،

سے کچھ بھی مجھ پر نہ ڈالا پھر تو نے مجھے رحم مادر سے نکالا کہ مجھے ہدایت دے کر دنیا میں درست و سالم جسم کے ساتھ

وَّحَفِظْتَنِيْ فِي الْمَهْدِ طِفْلاً صَبِيًّا، وَرَزَقْتَنِيْ مِنَ الْغِذَآءِ لَبَنًا مَّرِيًّا، وَعَطَفْتَ

بھیجا اور گہوارے میں میری نگہبانی کی جب میں چھوٹا بچہ تھا تو نے میرے لیے تازہ دودھ کی غذا بہم پہنچائی اور

عَلَيَّ قُلُوْبَ الْحَوَاضِنِ، وَكَفَّلْتَنِي الْاُمَّهَاتِ الرَّوَاحِمَ وَكَلَأْتَنِيْ مِنْ طَوَارِقِ

دودھ پلانے والیوں کے دل میرے لیے نرم کردیے تو نے مہربان ماؤں کو میری پرورش کا ذمہ دار بنایا جن و

الْجَانِّ وَسَلَّمْتَنِيْ مِنَ الزِّيَادَةِ وَالنُّقْصَانِ فَتَعَالَيْتَ يَا رَحِيْمُ يَا رَحْمٰنُ حَتّٰى اِذَا

پری کے آسیب سے میری حفاظت فرمائی اور مجھے ہر قسم کی کمی بیشی سے بچائے رکھا پس تو برتر ہے اے مہربان اے

اسْتَهْلَلْتُ نَاطِقًا بِالْكَلَامِ اَتْمَمْتَ عَلَيَّ سَوَابِغَ الْاِنْعَامِ وَرَبَّيْتَنِيْ زَآئِدًا فِيْ كُلِّ

عطاؤں والے یہاں تک کہ میں باتیں کرنے لگا اور یوں تو نے مجھے اپنی بہترین نعمتیں پوری کردیں اور ہر سال

عَامٍ، حَتّٰى اِذَا اكْتَمَلَتْ فِطْرَتِيْ وَاعْتَدَلَتْ مِرَّتِيْ اَوْجَبْتَ عَلَيَّ حُجَّتَكَ بِاَنْ

میرے جسم کو بڑھایا حتی کہ میری جسمانی ترقی اپنے کمال تک پہنچ گئی اور میری شخصیت میں توازن پیدا ہوگیا تو مجھ پر

اَلْهَمْتَنِيْ مَعْرِفَتَكَ، وَرَوَّعْتَنِيْ بِعَجَآئِبِ حِكْمَتِكَ، وَاَيْقَظْتَنِيْ لِمَا ذَرَأْتَ فِيْ

تیری حجت قائم ہوگئی اس لیے کہ تو نے مجھے اپنی معرفت کرائی اور اپنی عجیب عجیب حکمتوں کے ذریعے مجھے خائف کردیا

سَمَآئِكَ وَاَرْضِكَ مِنْ بَدَآئِعِ خَلْقِكَ، وَنَبَّهْتَنِيْ لِشُكْرِكَ وَذِكْرِكَ، وَاَوْجَبْتَ

اور مجھے بیدار کیا ان چیزوں کے ذریعے جو تو نے آسمان و زمین میں عجیب طرح سے خلق کیں اسطرح مجھے اپنے شکر

عَلَيَّ طَاعَتَكَ وَعِبَادَتَكَ وَفَهَّمْتَنِيْ مَا جَآئَتْ بِهٖ رُسُلُكَ، وَيَسَّرْتَ لِيْ تَقَبُّلَ

اور ذکر سے آگاہ کیا اور مجھ پر اپنی فرمانبرداری اور عبادت لازم فرمائی تو نے مجھے وہ چیز سمجھائی جو تیرے رسول

مَرْضَاتِكَ وَمَنَنْتَ عَلَيَّ فِيْ جَمِيْعِ ذٰلِكَ بِعَوْنِكَ وَلُطْفِكَ، ثُمَّ اِذْ خَلَقْتَنِيْ مِنْ

لائے اور میرے لیے اپنی رضاؤں کی قبولیت آسان کیتو ان سب باتوں میں مجھ پر تیرا احسان ہے اس کے ساتھ

خَيْرِ الثَّرٰى، لَمْ تَرْضَ لِيْ يَآ اِلٰهِيْ نِعْمَةً دُوْنَ اُخْرٰى، وَرَزَقْتَنِيْ مِنْ اَنْوَاعِ

تیری مدد اور مہربانی ہے پھر جب تو نے مجھے پیدا کیا بہترین خاک سے تو میرے لیے اے اللہ! تو نے ایک آدھ نعمت

الْمَعَاشِ وَصُنُوْفِ الرِّيَاشِ بِمَنِّكَ الْعَظِيْمِ الْاَعْظَمِ عَلَيَّ، وَ اِحْسَانِكَ
پر ہی بس نہیں کی بلکہ مجھے معاش کے کئی طریقے اور فائدے کے کئی راستے عطا کیے مجھ پر اپنے بڑے بہت بڑے
الْقَدِيْمِ اِلَيَّ، حَتّٰى اِذَآ اَتْمَمْتَ عَلَيَّ جَمِيْعَ النِّعَمِ وَصَرَفْتَ عَنِّيْ كُلَّ النِّقَمِ لَمْ
احسان و کرم سے اور مجھ پر اپنی سابقہ مہربانیوں سے یہاں تک کہ جب مجھے تو نے یہ تمام نعمتیں دے دیں اور
يَمْنَعْكَ جَهْلِيْ وَجُرْاَتِيْ عَلَيْكَ اَنْ دَلَلْتَنِيْ اِلٰى مَا يُقَرِّبُنِيْ اِلَيْكَ،وَوَفَّقْتَنِيْ لِمَا
تکلیفیں مجھ سے دور کردیں تیرے آگے میری جرات اور میری نادانی اس میں رکاوٹ نہیں بنی کہ تو نے مجھے وہ
يُزْلِفُنِيْ لَدَيْكَ، فَاِنْ دَعَوْتُكَ اَجَبْتَنِيْ، وَ اِنْ سَئَلْتُكَ اَعْطَيْتَنِيْ،وَاِنْ اَطَعْتُكَ
راستے بتائے جو مجھ کو تیرے قریب کرتے اور تو نے مجھے توفیق دی کہ تیرا پسندیدہ بنوں پس میں نے جو دعا مانگی تو نے
شَكَرْتَنِيْ، وَ اِنْ شَكَرْتُكَ زِدْتَّنِيْ،كُلُّ ذٰلِكَ اِكْمَالًا لِّاَنْعُمِكَ عَلَيَّ وَ اِحْسَانِكَ
قبول کی اور جو سوال کیا وہ تو نے پورا فرمایا اگر میں نے تیری اطاعت کی تو نے قدر فرمائی اورمیں نے شکر کیا تو نے
اِلَيَّ فَسُبْحَانَكَ سُبْحَانَكَ مِنْ مُّبْدِئٍ مُّعِيْدٍ حَمِيْدٍ مَّجِيْدٍ وَّتَقَدَّسَتْ اَسْمَآؤُكَ،
زیادہ دیا یہ سب مجھ پر تیری نعمتوں کی کثرت اور مجھ پر تیرا احسان و کرم ہے پس تو پاک ہے تو پاک ہے کہ تو آغاز
وَعَظُمَتْ اٰلَآؤُكَ، فَاَيُّ نِعَمِكَ يَآ اِلٰهِيْ اُحْصِيْ عَدَدًا وَّذِكْرًا اَمْ اَيُّ عَطَايَاكَ
کرنے والا لوٹانے والا تعریف والا بزرگی والا ہے اور پاک ہیں تیرے نام اور بہت بڑی ہیں تیری نعمتیں تو اے
اَقُوْمُ بِهَا شُكْرًا وَّهِيَ يَا رَبِّ اَكْثَرُ مِنْ اَنْ يُّحْصِيَهَا الْعَآدُّوْنَ، اَوْ يَبْلُغَ عِلْمًا بِهَا
میرے خدا! تیری کس نعمت کی گنتی کروں اور اسے یاد کروں یاتیری کون کونسی عطاؤں کا شکر بجا لاؤں اور اے
الْحَافِظُوْنَ ثُمَّ مَا صَرَفْتَ وَدَرَاْتَ عَنِّيْ اَللّٰهُمَّ مِنَ الضُّرِّ وَالضَّرَّآءِ اَكْثَرُ مِمَّا
میرے پروردگار یہ تو اتنی زیادہ ہیں کہ شمارکرنے والے انہیں شمار نہیں کرسکتے یا یاد کرنے والے ان کو یاد نہیں رکھ
ظَهَرَ لِيْ مِنَ الْعَافِيَةِ وَالسَّرَّآءِ، وَ اَنَآ اَشْهَدُ يَا اِلٰهِيْ بِحَقِيْقَةِ اِيْمَانِيْ وَعَقْدِ
سکتے پھر اے اللہ! جو تکلیفیں اور سختیاں تو نے مجھ سے دور کیں اور ہٹائی ہیں ان میں اکثر ایسی ہیں جن سے میرے لیے
عَزَمَاتِ يَقِيْنِيْ، وَخَالِصِ صَرِيْحِ تَوْحِيْدِيْ وَبَاطِنِ مَكْنُوْنِ ضَمِيْرِيْ وَعَلَآئِقِ
آرام اور خوشی ظاہر ہوئی ہے اور میں گواہی دیتا ہوں اے اللہ! اپنے ایمان کی حقیقت اپنے اٹل ارادوں کی
مَجَارِيْ نُوْرِ بَصَرِيْ، وَاَسَارِيْرِ صَفْحَةِ جَبِيْنِيْ وَخُرْقِ مَسَارِبِ نَفْسِيْ،
مظبوطی اپنی واضح و آشکار توحید اپنے باطن میں پوشیدہ ضمیر اپنی آنکھوں کے نور سے پیوستہ راستوں اپنی پیشانی کے

وَخَذَارِيْفِ مَارِنِ عِرْنِيْنِيْ، وَمَسَارِبِ صِمَاخِ سَمْعِيْ، وَمَا ضُمَّتْ وَاَطْبَقَتْ
نقوش کے رازوں اپنے سانس کی رگوں کے سوراخوں اپنی ناک کے نرم و ملائم پردوں اپنے کانوں کی سننے والی
عَلَيْهِ شَفَتَايَ، وَحَرَكَاتِ لَفْظِ لِسَانِيْ، وَمَغْرَزِ حَنَكِ فَمِيْ وَفَكِّيْ، وَمَنَابِتِ
جھلیوں اور اپنے چپکنے اور ٹھیک بند ہونے والے ہونٹوں اپنی زبان کی حرکات سے نکلنے والے لفظوں اپنے منہ کے
اَضْرَاسِيْ، وَمَسَاغِ مَطْعَمِيْ وَمَشْرَبِيْ، وَحِمَالَةِ أُمِّ رَاْسِيْ، وَبُلُوْعِ فَارِغِ حَبَائِلِ
اوپر نیچے کے حصوں کے ہلنے اپنے دانتوں کے اگنے کی جگہوں اپنے کھانے پینے کے ذائقہ دار ہونے اپنے سر میں
عُنُقِيْ وَمَا اشْتَمَلَ عَلَيْهِ تَامُوْرُ صَدْرِيْ وَحَمَائِلِ حَبْلِ وَتِيْنِيْ وَنِيَاطِ حِجَابِ
دماغ کی قرارگاہ اپنی گردن میں غذا کی نالیوں اور ان ہڈیوں، جن سے سینہ کا گھیرا بنا ہے اپنے گلے کے اندر لٹکی
قَلْبِيْ وَاَفْلَاذِ حَوَاشِيْ كَبِدِيْ، وَمَا حَوَتْهُ شَرَاسِيْفُ اَضْلَاعِيْ، وَحِقَاقُ
ہوئی شہ رگ اپنے دل میں آویزاں پردے اپنے جگر کے بڑھے ہوئے کناروں اپنی ایک دوسری سے ملی اور جھکی
مَفَاصِلِيْ، وَقَبْضُ عَوَامِلِيْ، وَاَطْرَافُ اَنَامِلِيْ، وَلَحْمِيْ وَدَمِيْ وَشَعْرِيْ وَبَشَرِيْ
ہوئی پسلیوں اپنے جوڑوں کے حلقوں اپنے اعضاء کے بندھنوں اپنی انگلیوں کے پوروں اور اپنے گوشت خون اپنے
وَعَصَبِيْ وَقَصَبِيْ وَعِظَامِيْ وَمُخِّيْ وَعُرُوْقِيْ وَجَمِيْعُ جَوَارِحِيْ وَمَا انْتَسَجَ عَلٰى
بالوں اپنی جلد اپنے پٹھوں اور نلیوں اپنی ہڈیوں اپنے مغز اپنی رگوں اور اپنے ہاتھ پاؤں اور بدن کی جو میری
ذٰلِكَ اَيَّامَ رِضَاعِيْ، وَمَآ اَقَلَّتِ الْاَرْضُ مِنِّيْ وَنَوْمِيْ وَيَقْظَتِيْ وَسُكُوْنِيْ،
شیرخوارگی میں پیدا ہوئیں اور زمین پر پڑنے والے اپنے بوجھ اپنی نیند اپنی بیداری اپنے سکون اور اپنے رکوع و
وَحَرَكَاتِ رُكُوْعِيْ وَسُجُوْدِيْ اَنْ لَّوْ حَاوَلْتُ وَاجْتَهَدْتُّ مَدَى الْاَعْصَارِ
سجدے کی حرکات ان سب چیزوں پر اگر تیرا شکر ادا کرنا چاہوں اور تمام زمانوں اور صدیوں میں کوشاں رہوں
وَالْاَحْقَابِ لَوْ عُمِّرْتُهَا اَنْ اُؤَدِّيَ شُكْرَ وَاحِدَةٍ مِّنْ اَنْعُمِكَ مَا اسْتَطَعْتُ ذٰلِكَ
اور عمر وفا کرے تو بھی میں تیری ان نعمتوں میں سے ایک نعمت کا شکر ادا کرنے کی طاقت نہیں رکھتا مگر تیرے احسان
اِلَّا بِمَنِّكَ الْمُوْجِبِ عَلَيَّ بِهٖ شُكْرَكَ اَبَدًا جَدِيْدًا، وَثَنَآءً طَارِفًا عَتِيْدًا، اَجَلْ
کے ذریعے جس سے مجھ پر تیرا ایک اور شکر واجب ہو جاتا ہے اور تیری لگاتار ثنا واجب ہو جاتی ہے اور اگر میں
وَلَوْ حَرَصْتُ اَنَا وَالْعَآدُّوْنَ مِنْ اَنَامِكَ اَنْ نُّحْصِيَ مَدٰى اِنْعَامِكَ سَالِفِهٖ وَاٰنِفِهٖ
ایسا کرنا چاہوں اور تیری مخلوق میں سے شمار کرنے والے بھی شمار کرنا چاہیں کہ ہم تیری گزشتہ و آئندہ نعمتیں شمار کریں

مَا حَصَرْنَاهُ عَدَدًا، وَّلَآ اَحْصَيْنَاهُ اَمَدًا هَيْهَاتَ اَنّٰى ذٰلِكَ وَاَنْتَ الْمُخْبِرُ فِيْ

تو ہم نہ انکی تعداد کا اور نہ ان کی مدت کا حساب کرسکیں گے یہ ممکن ہی نہیں ہے کیونکہ تو نے اپنی خبر دینے والی گویا

كِتَابِكَ النَّاطِقِ وَالنَّبَاَ الصَّادِقِ وَاِنْ تَعُدُّوْا نِعْمَةَ اللّٰهِ لَا تُحْصُوْهَا صَدَقَ

کتاب میں سچی خبر دے کر بتایا ہے کہ اور اگر تم خدا کی نعمتوں کو گنو تو ان کا حساب نہ لگا سکوگے تیری کتاب سچی ہے

كِتَابُكَ اَللّٰهُمَّ وَاِنْبَآؤُكَ، وَبَلَّغَتْ اَنْبِيَآؤُكَ وَرُسُلُكَ مَآ اَنْزَلْتَ عَلَيْهِمْ مِّنْ

اے اللہ! اور تیری خبریں بھی سچی ہیں جو تیرے نبیوں اور رسولوں نے تبلیغ کی وہ سچ ہے جو تو نے ان پر وحی نازل

وَحْيِكَ، وَشَرَعْتَ لَهُمْ وَبِهِمْ مِنْ دِيْنِكَ، غَيْرَ اَنِّيْ يَآ اِلٰهِيْ اَشْهَدُ بِجُهْدِيْ

کی وہ سچ ہے اور جو ان کیلئے اور انکے ذریعے اپنے دین کو جاری کیا وہ سچ ہے دیگر یہ کہ اے میرے اللہ! گواہی

وَجِدِّيْ وَمَبْلَغِ طَاقَتِيْ وَوُسْعِيْ، وَاَقُوْلُ مُؤْمِنًا مُّوْقِنًا اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ لَمْ

دیتا ہوں میں اپنی محنت و کوشش اور اپنی فرمانبرداری و ہمت کے ساتھ اور میں ایمان و یقین سیکھتا ہوں کہ حمد خدا

يَتَّخِذْ وَلَدًا فَيَكُوْنَ مَوْرُوْثًا، وَّلَمْ يَكُنْ لَّهٗ شَرِيْكٌ فِيْ مُلْكِهٖ فَيُضَآدَّهٗ فِيْمَا

کے لیے ہے جس نے اپنا کوئی بیٹا نہیں بنایا جو اس کا وارث ہو اور نہ ملک و حکومت میں کوئی اس کا شریک ہے جو پیدا

ابْتَدَعَ، وَلَا وَلِيٌّ مِّنَ الذُّلِّ فَيَرْفِدَهٗ فِيْمَا صَنَعَ، فَسُبْحَانَهٗ سُبْحَانَهٗ لَوْ كَانَ فِيْهِمَا

کرنے میں اس کا ہمکار ہو اور نہ وہ کمزور ہے کہ اشیاء کے بنانے میں کوئی اس کی مدد کرے پس وہ پاک ہے پاک

اٰلِهَةٌ اِلَّا اللّٰهُ لَفَسَدَتَا وَتَفَطَّرَتَا سُبْحَانَ اللّٰهِ الْوَاحِدِ الْاَحَدِ الصَّمَدِ الَّذِيْ لَمْ يَلِدْ

ہے اگر زمین و آسمان میں خدا کے سوا کوئی معبود ہوتا تو یہ ٹوٹ پھوٹ کر گرپڑتے پاک ہے خدا یگانہ یکتا بے نیاز جس

وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ حَمْدًا يُّعَادِلُ حَمْدَ مَلَآئِكَتِهٖ

نے نہ کسی کو جنا اور نہ وہ جنا گیا اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہے حمد ہے خدا کے لیے برابر اس حمد کے جو اس کے مقرب

الْمُقَرَّبِيْنَ وَاَنْبِيَآئِهِ الْمُرْسَلِيْنَ، وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى خِيَرَتِهٖ مُحَمَّدٍ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ

فرشتوں اور اس کے بھیجے ہوئے نبیوں نے کی ہے اور اس کے پسند کیے ہوئے محمد نبیوں کے خاتم پر خدا کی رحمت ہو

وَاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ الْمُخْلَصِيْنَ وَسَلَّمَ

اوران کی آل پر جو نیک پاک خالص ہیں اوران پر سلام ہو۔

پھر آپ نے خدائے تعالیٰ سے حاجات طلب کرنا شروع کیں۔ جب کہ آپ کی آنکھوں سے آنسو جاری تھے، اسی حالت میں آپ بارگاہ الٰہی میں یوں عرض گزار ہوئے:

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ اَخْشَاكَ كَاَنِّیْ اَرَاكَ، وَاَسْعِدْنِیْ بِتَقْوٰیكَ، وَلَا تُشْقِنِیْ
اے اللہ! مجھے ایسا ڈرنے والا بنادے گویا تجھے دیکھ رہا ہوں مجھے پرہیزگاری کی سعادت عطا کر اور نافرمانی کے ساتھ
بِمَعْصِیَتِكَ وَخِرْ لِیْ فِیْ قَضَآئِكَ، وَبَارِكْ لِیْ فِیْ قَدَرِكَ، حَتّٰی لَا اُحِبَّ تَعْجِیْلَ مَآ
بدبخت نہ بنا اپنی قضا میں مجھے نیک بنادے اور اپنی تقدیر میں مجھے برکت عطا فرما یہاں تک کہ جس امر میں تو تاخیر کرے اس
اَخَّرْتَ وَلَا تَاْخِیْرَ مَا عَجَّلْتَ۔ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ غِنَایَ فِیْ نَفْسِیْ، وَالْیَقِیْنَ فِیْ قَلْبِیْ،
میں جلدی نہ چاہوں اور جس میں تو جلدی چاہے اس میں تاخیر نہ چاہوں اے اللہ! پیدا کردے میرے نفس میں بے نیازی
وَالْاِخْلَاصَ فِیْ عَمَلِیْ وَالنُّوْرَ فِیْ بَصَرِیْ، وَالْبَصِیْرَةَ فِیْ دِیْنِیْ، وَمَتِّعْنِیْ بِجَوَارِحِیْ،
میرے دل میں یقین میرے عمل میں خلوص میری نگاہ میں نور میرے دین میں سمجھ اور میرے اعضا میں فائدہ پیدا کردے
وَاجْعَلْ سَمْعِیْ وَبَصَرِیْ الْوَارِثَیْنِ مِنِّیْ، وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ ظَلَمَنِیْ، وَاَرِنِیْ فِیْهِ
اور میرے کانوں و آنکھوں کو میرا مطیع بنادے اور جس نے مجھ پر ظلم کیا اس کے مقابل میری مدد کر مجھے اس سے بدلہ لینے
ثَارِیْ وَمَاْرَبِیْ، وَاَقِرَّ بِذَالِكَ عَیْنِیْ۔ اَللّٰهُمَّ اكْشِفْ كُرْبَتِیْ، وَاسْتُرْ عَوْرَتِیْ،
والا بنا یہ آرزو پوری کر اور اس سے میری آنکھیں ٹھنڈی فرما اے اللہ! میری سختی دور کردے میری پردہ پوشی فرما میری
وَاغْفِرْ لِیْ خَطِیْٓئَتِیْ، وَاخْسَاْ شَیْطَانِیْ، وَفُكَّ رِهَانِیْ، وَاجْعَلْ لِّیْ یَآ اِلٰهِیْ الدَّرَجَةَ
خطائیں معافکردے میرے شیطان کو ذلیل کر اور میری ذمہ داری پوری کرا دے میرے لیے اے میرے خدا دنیا اور
الْعُلْیَا فِی الْاٰخِرَةِ وَالْاُوْلٰی اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ كَمَا خَلَقْتَنِیْ فَجَعَلْتَنِیْ سَمِیْعًا
آخرت میں بلند سے بلندتر مرتبے قرار دے اے اللہ! حمد تیرہی لیے ہے کہ تو نے مجھے پیدا کیا تو نے مجھ کو سننے والا دیکھنے
بَصِیْرًا وَّلَكَ الْحَمْدُ كَمَا خَلَقْتَنِیْ فَجَعَلْتَنِیْ خَلْقًا سَوِیًّا رَحْمَةً بِیْ وَقَدْ كُنْتَ عَنْ
والا بنایا حمد تیرے ہی لیے ہے کہ تو نے مجھے پیدا کیاتواپنی رحمت سے بہترین تربیت عطا کی حالانکہ تو مجھے خلق کرنے سے بے
خَلْقِیْ غَنِیًّا رَبِّ بِمَا بَرَاْتَنِیْ فَعَدَّلْتَ فِطْرَتِیْ رَبِّ بِمَآ اَنْشَاْتَنِیْ فَاَحْسَنْتَ
نیاز تھا میرے پروردگار تو نے مجھے پیدا کیا ہے تو متوازن بنایا ہے اے میرے پروردگار تو نے مجھے نعمت دی ہے تو ہدایت
صُوْرَتِیْ رَبِّ بِمَآ اَحْسَنْتَ اِلَیَّ وَفِیْ نَفْسِیْ عَافَیْتَنِیْ، رَبِّ بِمَا كَلَاْتَنِیْ وَوَفَّقْتَنِیْ
بھی عطا کی ہے اے پروردگار تو نے مجھ پر احسان کیا اور مجھے صحت وعافیت دی اے پروردگار تو نے میری حفاظت کی اور
رَبِّ بِمَآ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ فَهَدَیْتَنِیْ رَبِّ بِمَا اَوْلَیْتَنِیْ وَمِنْ كُلِّ خَیْرٍ اَعْطَیْتَنِیْ، رَبِّ
توفیق دی اے پروردگار تو نے مجھے نعمت دی تو ہدایت بھی عطاکر اے پروردگار تو نے مجھے اپنی پناہ میں لیا اور ہر بھلائی

بِمَا اَطْعَمْتَنِیْ وَسَقَیْتَنِیْ، رَبِّ بِمَآ اَغْنَیْتَنِیْ وَاَ قْنَیْتَنِیْ، رَبِّ بِمَآ اَعَنْتَنِیْ

مجھے عطا فرمائی اے پروردگار تو نے مجھے کھانا اور پانی دیا اے پروردگار تو نے مجھے مال دیا میری نگہبانی کی اے

وَاَعْزَزْتَنِیْ، رَبِّ بِمَآ اَلْبَسْتَنِیْ مِنْ سِتْرِكَ الصَّافِیْ، وَیَسَّرْتَ لِیْ مِنْ صُنْعِكَ

پروردگار تو نے میری مدد کی اور عزت بخشی اے پروردگار تو نے اپنی عنایت سے مجھے لباس عطا کیا اور اپنی چیزیں میری

الْكَافِیْ، صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ، وَّاَعِنِّیْ عَلٰی بَوَآئِقِ الدُّهُوْرِ وَصُرُوْفِ اللَّیَالِیْ

دسترس میں دی ہیں محمدؐ وآلؑ محمدؐ پر رحمت فرمااور زمانے کی سختیوں اور شب و روز کی گردش کے مقابلے میں میری مدد فرما

وَالْاَ یَّامِ، وَنَجِّنِیْ مِنْ اَهْوَالِ الدُّنْیَا وَ كُرُبَاتِ الْاٰخِرَةِ وَاكْفِنِیْ شَرَّ مَا یَعْمَلُ

دنیا کے خوفوں اور آخرت کی سختیوں سے مجھے نجات دے اور اس زمین پر ظالموں کے پھیلائے ہوئے فساد سے محفوظ رکھ

الظَّالِمُوْنَ فِی الْاَرْضِ۔ اَللّٰهُمَّ مَآ اَخَافُ فَاكْفِنِیْ وَمَآ اَحْذَرُ فَقِنِیْ، وَفِیْ نَفْسِیْ

اے اللہ! حالت خوف میں میری مدد فرما اور ہر اس سے بچائے رکھ جس سے میں ڈرتا ہوں میری جان اور میرے ایمان

وَدِیْنِیْ فَاحْرُسْنِیْ، وَفِیْ سَفَرِیْ فَاحْفَظْنِیْ، وَفِیْٓ اَهْلِیْ وَمَالِیْ فَاخْلُفْنِیْ وَفِیْمَا

کی نگہداری فرما دوران سفر میری حفاظت کر اور میری عدم موجودگی میں میرے مال و اولاد کو نظر میں رکھ جو رزق تو نے

رَزَقْتَنِیْ فَبَارِكْ لِیْ، وَفِیْ نَفْسِیْ فَذَلِّلْنِیْ، وَفِیْٓ اَعْیُنِ النَّاسِ فَعَظِّمْنِیْ، وَمِنْ شَرِّ

مجھے دیا اس میں برکت دے میرے نفس کو میرا مطیع بنا دے اور لوگوں کی نگاہوں میں مجھے عزت دے مجھ کو جنّوں اور اور

الْجِنِّ وَالْاِنْسِ فَسَلِّمْنِیْ، وَبِذُنُوْبِیْ فَلَا تَفْضَحْنِیْ، وَبِسَرِیْرَتِیْ فَلَا تُخْزِنِیْ، وَبِعَمَلِیْ

انسانوں کی بدی سے محفوظ فرما میرے گناہوں پر مجھے بے پردہ نہ کر میرے باطن سے مجھے رسوا نہ کر میرے عمل پر میری

فَلَا تَبْتَلِنِیْ، وَنِعَمَكَ فَلَا تَسْلُبْنِیْ، وَاِلٰی غَیْرِكَ فَلَا تَكِلْنِیْٓ۔ اِلٰهِیْٓ اِلٰی مَنْ تَكِلُنِیْ

گرفت نہ کر اپنی نعمتیں مجھ سے نہ چھین مجھے اپنے غیر کے حوالے نہ کر میرے خدا تو مجھے جس کے بھی حوالے کرے گا وہ جلد ہی

اِلٰی قَرِیْبٍ فَیَقْطَعُنِیْ، اَمْ اِلٰی بَعِیْدٍ فَیَتَجَهَّمُنِیْ اَمْ اِلَی الْمُسْتَضْعِفِیْنَ لِیْ وَاَنْتَ

نظریں پھیرے یا تھوڑے عرصے کے بعد مجھ سے نفرت کرے گا یا انکے حوالے کرے گا جو پست سمجھیں جبکہ تو میرا پروردگار

رَبِّیْ وَمَلِیْكُ اَمْرِیْٓ اَشْكُوْٓ اِلَیْكَ غُرْبَتِیْ، وَبُعْدَ دَارِیْ وَهَوَانِیْ عَلٰی مَنْ مَّلَّكْتَهٗ

اور میرا مالک ہے میں اپنی اس بے کسی اپنے گھر سے دوری اور جسے تو نے مجھ پر اختیار دیا ہے تجھی سے اس کی شکایت کرتا

اَمْرِیْٓ، اِلٰهِیْ فَلَا تُحْلِلْ عَلَیَّ غَضَبَكَ، فَاِنْ لَّمْ تَكُنْ غَضِبْتَ عَلَیَّ فَلَآ اُبَالِیْ

ہوں میرے اللہ! مجھ پر اپنا غضب نازل نہ فرما پس اگر تو ناراض نہ ہو تو پھر مجھے تیرے سوا کسی کی پروا نہیں تیری ذات

سِوَاكَ، سُبْحَانَكَ غَيْرَ اَنَّ عَافِيَتَكَ اَوْسَعُ لِيْ، فَاَسْئَلُكَ يَارَبِّ بِنُوْرِ وَجْهِكَ

پاک ہے تیری مہربانی مجھ پر بہت زیادہ ہے پس مزید سوال کرتا ہوں بواسطہ تیرے نور کے جس سے زمین اور سارے

الَّذِيْ اَشْرَقَتْ لَهُ الْاَرْضُ وَالسَّمٰوٰتُ، وَكُشِفَتْ بِهِ الظُّلُمَاتُ،وَصَلُحَ بِهٖ

آسمانوں روشن ہوئے تاریکیاں اس کے ذریعے سے چھٹ گئیں اور اس سے اگلے پچھلے لوگوں کے کام سدھر گئے یہ کہ مجھے

اَمْرُ الْاَوَّلِيْنَ وَالْاٰخِرِيْنَ اَنْ لَّا تُمِيْتَنِيْ عَلٰى غَضَبِكَ وَلَا تُنْزِلْ بِيْ سَخَطَكَ لَكَ

موت نہ دے جب تو مجھ سے ناراض ہو اور مجھ پر سختی نہ ڈال تجھ سے معافی کاطالب ہوں معافی کا طالب ہوں حتیٰ کہ تو

الْعُتْبٰى، لَكَ الْعُتْبٰى حَتّٰى تَرْضٰى قَبْلَ ذٰلِكَ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ رَبَّ الْبَلَدِ الْحَرَامِ

میری موت سے پہلے مجھ سے راضی ہوجائے تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے کہ تو حرمت والے شہر حرمت والے مشعر اور پاکیزہ

وَالْمَشْعَرِ الْحَرَامِ وَالْبَيْتِ الْعَتِيْقِ الَّذِيْ اَحْلَلْتَهُ الْبَرَكَةَ وَجَعَلْتَهٗ لِلنَّاسِ

گھر کعبہ کا رب ہے جس میں تو نے برکت نازل کی اور اسے لوگوں کیلئے جائے امن قرار دیا اے وہ جو اپنی نرمی سے بڑے

اَمْنًا، يَا مَنْ عَفَا عَنْ عَظِيْمِ الذُّنُوْبِ بِحِلْمِهٖ، يَا مَنْ اَسْبَغَ النَّعْمَآءَ بِفَضْلِهٖ، يَا

بڑے گناہ معاف کرتا ہے اے وہ جو اپنے فضل سے نعمتیں کامل کرتا ہے اے وہ جو اپنے کرم سے بہت عطا کرتا ہے اے سختی

مَنْ اَعْطَى الْجَزِيْلَ بِكَرَمِهٖ يَا عُدَّتِيْ فِيْ شِدَّتِيْ يَا صَاحِبِيْ فِيْ وَحْدَتِيْ، يَا غِيَاثِيْ فِيْ

کے وقت میری مدد پر آمادہ اے تنہائی کے ہنگام میرے ساتھی اے مشکل میں میرے فریادرس اے مجھے نعمت دینے والے

كُرْبَتِيْ، يَا وَلِيِّيْ فِيْ نِعْمَتِيْ، يَآ اِلٰهِيْ وَ اِلٰهَ اٰبَآئِيْ اِبْرَاهِيْمَ وَ اِسْمَاعِيْلَ وَاِسْحَاقَ

مالک اے میرے معبود اور میرے آباء و اجداد ابراہیمؑ، اسمٰعیلؑ، اسحاقؑ اور یعقوبؑ کے معبود اور مقرب

وَيَعْقُوْبَ وَرَبَّ جَبْرَآئِيْلَ وَمِيْكَآئِيْلَ وَ اِسْرَافِيْلَ وَرَبَّ مُحَمَّدٍ خَاتَمِ

فرشتوں جبرائیل میکائیل اور اسرافیل کے رب اور اے نبیوں کے خاتم حضرت محمدؐ اور ان کے گرامی قدرآل کے رب

النَّبِيِّيْنَ وَاٰلِهِ الْمُنْتَجَبِيْنَ وَمُنْزِلَ التَّوْرٰةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالزَّبُوْرِ وَالْفُرْقَانِ

اے تورات، انجیل، زبور اور قرآن کریم کے نازل کرنے والے اے کٓھٰیٰعٓصٓ، طٰہٰ،یٰس اور قرآن کریم کے نازل

وَمُنْزِّلَ كٓهٰيٰعٓصٓ وَطٰهٰ وَيٰسٓ وَالْقُرْاٰنِ الْحَكِيْمِ اَنْتَ كَهْفِيْ حِيْنَ تُعْيِيْنِيْ

کرنے والے تو ہی میری جائے پناہ ہے جب زندگی کے وسیع راستے مجھ پر تنگ ہوجائیں اور زمین کشادگی کے باوجود

الْمَذَاهِبُ فِيْ سَعَتِهَا، وَتَضِيْقُ بِيَ الْاَرْضُ بِرُحْبِهَا وَلَوْلَا رَحْمَتُكَ لَكُنْتُ مِنَ

میرے لیے تنگ ہوجائے اور اگر تیری رحمت شامل حال نہ ہوتی تو میں تباہ ہوجاتا تو ہی میرے گناہ معاف کرنیوالا ہے اور

الْهَالِكِيْنَ، وَاَنْتَ مُقِيْلُ عَثْرَتِيْ، وَلَوْلَا سَتْرُكَ اِيَّايَ لَكُنْتُ مِنَ الْمَفْضُوْحِيْنَ،

اگر تو میری پردہ پوشی نہ کرتا تو میں رسوا ہوکر رہ جاتا اور تو اپنی مدد کے ساتھ دشمنوں کے مقابل میں مجھے قوت دینے والا

وَاَنْتَ مُؤَيِّدِيْ بِالنَّصْرِ عَلٰٓى اَعْدَآئِيْ وَلَوْلَا نَصْرُكَ اِيَّايَ لَكُنْتُ مِنَ الْمَغْلُوْبِيْنَ،

ہے اور اگر تیری مدد حاصل نہ ہوتی تو میں زیر ہو جانے والوں میں سے ہوجا اے وہ جس نے اپنی ذات کو بلندی اور

يَا مَنْ خَصَّ نَفْسَهٗ بِالسُّمُوِّ وَالرِّفْعَةِ فَاَوْلِيَآؤُهٗ بِعِزِّهٖ يَعْتَزُّوْنَ، يَا مَنْ جَعَلَتْ لَهُ

برتری کے لیے خاص کیا اور جس کے دوست اس کی عزت سے عزت پاتے ہیں اے وہ جسکے دربار میں بادشاہوں نے اپنی

الْمُلُوْكُ نِيْرَ الْمَذَلَّةِ عَلٰٓى اَعْنَاقِهِمْ فَهُمْ مِّنْ سَطَوَاتِهٖ خَآئِفُوْنَ، يَعْلَمُ خَآئِنَةَ

گردنوں میں عاجزی کا طوق پہنا پس وہ اس کے دبدبے سے ڈرتے ہیں وہ آنکھوں کے اشاروں کو اور جوسینوں میں

الْاَعْيُنِ وَمَا تُخْفِي الصُّدُوْرُ، وَغَيْبَ مَا تَاْتِيْ بِهِ الْاَزْمِنَةُ وَالدُّهُوْرُ، يَا مَنْ لَّا

چھپاہے اسے جانتا ہے اور ان غیب کی باتوں کو جانتا ہے جو آیندہ زمانوں میں ظاہر ہونگی اے وہ جسکی حقیقت کوئی نہیں جانتا

يَعْلَمُ كَيْفَ هُوَ اِلَّا هُوَ، يَا مَنْ لَّا يَعْلَمُ مَا هُوَ اِلَّا هُوَ، يَا مَنْ لَّا يَعْلَمُ مَا يَعْلَمُهٗٓ

مگر وہ خود اے وہ جس کی حقیقیت کوئی نہیں جانتا مگر وہ خود ا اے وہ کوئی جسکا علم نہیں رکھتا مگر وہ خود اے وہ جس نے زمین

اِلَّا هُوَ، يَا مَنْ كَبَسَ الْاَرْضَ عَلَى الْمَآءِ وَسَدَّ الْهَوَآءَ بِالسَّمَآءِ يَا مَنْ لَّهُ اَكْرَمُ

کو پانی کی سطح پر رکھا ہوا اور ہوا کو فضاء آسمان میں باندھا اے وہ جس کیلئے سب سے بہترین نام ہے اے احسان کے

الْاَسْمَآءِ، يَا ذَا الْمَعْرُوْفِ الَّذِيْ لَا يَنْقَطِعُ اَبَدًا، يَا مُقَيِّضَ الرَّكْبِ لِيُوْسُفَ فِي

مالک جو کسی وقت میں منقطع نہ ہوتا اے یوسفؑ کے لیے بے آب بیابان میں کاروان کو روکنے والے اور انہیں کنوئیں میں

الْبَلَدِ الْقَفْرِ وَمُخْرِجَهٗ مِنَ الْجُبِّ وَجَاعِلَهٗ بَعْدَ الْعُبُوْدِيَّةِ مَلِكًا، يَا رَآدَّهٗ عَلٰى

سے نکالنے والے اور غلامی کے بعد ان کو بادشاہ بنانے والے اے یوسفؑ کو یعقوبؑ سے ملانے والے جبکہ ان کی آنکھیں

يَعْقُوْبَ بَعْدَ اَنِ ابْيَضَّتْ عَيْنَاهُ مِنَ الْحُزْنِ فَهُوَ كَظِيْمٌ، يَا كَاشِفَ الضُّرِّ

روتے روتے سفید ہوچکی تھیں اور وہ سخت غم زدہ رہتے تھے اے ایوبؑ کو نقصان اور مصیبت سے نجات دینے والے اے

وَالْبَلْوٰى عَنْ اَيُّوْبَ، وَمُمْسِكَ يَدَيْ اِبْرَاهِيْمَ عَنْ ذَبْحِ ابْنِهٖ بَعْدَ كِبَرِ سِنِّهٖ

اپنے بیٹے کو ذبح کرنے میں ابراہیمؑ کے ہاتھوں کو روکنے والے جب وہ بہت بوڑھے اور زندگی کی آخری منزل میں تھے

وَفَنَآءِ عُمُرِهٖ، يَا مَنِ اسْتَجَابَ لِزَكَرِيَّا فَوَهَبَ لَهٗ يَحْيٰى وَلَمْ يَدَعْهُ فَرْدًا وَحِيْدًا يَا

اے وہ جسنے زکریاؑ کی دعا قبول کی پس انہیں یحییٰ عطا کیا اور انہیں یکہ و تنہا نہ چھوڑا تھا اے وہ جس نے یونسؑ کو مچھلی کے پیٹ

مَنْ اَخْرَجَ يُونُسَ مِنْ بَطْنِ الْحُوْتِ، يَا مَنْ فَلَقَ الْبَحْرَ لِبَنِيْٓ اِسْرَآئِيْلَ

سے باہر نکالا اے وہ جس نے بنی اسرائیل کے لیے دریا میں راستے بنائے پس انہیں نجات دی اور فرعون اور اس کے

فَاَنْجَاهُمْ وَجَعَلَ فِرْعَوْنَ وَجُنُوْدَهٗ مِنَ الْمُغْرَقِيْنَ، يَا مَنْ اَرْسَلَ الرِّيَاحَ

لشکروں کو غرق کردیا اے وہ جو باران رحمت سے پہلے خوشخبری دینے والی ہواؤں کو بھیجتا ہے اے وہ جو اپنی مخلوق میں

مُبَشِّرَاتٍ بَيْنَ يَدَيْ رَحْمَتِهٖ، يَا مَنْ لَّمْ يَعْجَلْ عَلٰى مَنْ عَصَاهُ مِنْ خَلْقِهٖ يَا مَنِ

نافرمانی کرنے والے کی گرفت میں جلدی نہیں کرتا اے وہ جس نے جادوگروں کو مدتوں کے کفر سے نجات عطا فرمائی جبکہ

اسْتَنْقَذَ السَّحَرَةَ مِنْ بَعْدِ طُوْلِ الْجُحُوْدِ وَقَدْ غَدَوْا فِيْ نِعْمَتِهٖ يَاْكُلُوْنَ رِزْقَهٗ

وہ اس کی نعمتوں سے فائدہ اٹھاتے انکی دی ہوئی روزی کھاتے اور عبادت اس کے غیر کی کرتے تھے وہ خدا سے دشمنی

وَيَعْبُدُوْنَ غَيْرَهٗ وَقَدْ حَآدُّوْهُ وَنَادَّوْهُ وَكَذَّبُوْا رُسُلَهٗ، يَآ اَللّٰهُ يَآ اَللّٰهُ يَا بَدِيْٓءُ، يَا

کرتے شرک کی راہ پر چلتے اور اس کے رسولوں کو جھٹلاتے تھے اے اللہ اے اللہ! اے آغاز کرنے والے اے پیدا

بَدِيْعًا لَّا نِدَّ لَكَ، يَا دَآئِمًا لَا نَفَادَ لَكَ، يَا حَيًّا حِيْنَ لَا حَيَّ، يَا مُحْيِيَ الْمَوْتٰى، يَا مَنْ

کرنے والے تیرا کوئی ثانی نہیں اے ہمیشگی والے تجھے فنا نہیں اے زندہ جب کوئی زندہ نہ تھا اے مردوں کو زندہ کرنے

هُوَ قَآئِمٌ عَلٰى كُلِّ نَفْسٍ بِمَا كَسَبَتْ، يَا مَنْ قَلَّ لَهٗ شُكْرِيْ فَلَمْ يَحْرِمْنِيْ

والے اے ہرنفس کے اعمال پر نگہبان جو اس نے انجام دیے اے وہ میں نے جس کا شکر کم کیا تب بھی اس نے مجھے محروم نہ

وَعَظُمَتْ خَطِيْٓئَتِيْ فَلَمْ يَفْضَحْنِيْ، وَرَاٰنِيْ عَلَى الْمَعَاصِيْ فَلَمْ يَشْهَرْنِيْ، يَا مَنْ

کیا میں نے بڑی بڑی خطائیں کیں تب بھی اس نے مجھے رسوا نہ کیا اس نے مجھے نافرمان دیکھا تو پردہ فاش نہ کیا اے وہ

حَفِظَنِيْ فِيْ صِغَرِيْ، يَا مَنْ رَزَقَنِيْ فِيْ كِبَرِيْ، يَا مَنْ اٰيَادِيْهِ عِنْدِيْ لَا تُحْصٰى وَ

جس نے میرے بچپنے میں میری حفاظت کی اے وہ جس نے میرے بڑھاپے میں روزی دی اے وہ جس کی نعمتوں کا کوئی

نِعَمُهٗ لَا تُجَازٰى يَا مَنْ عَارَضَنِيْ بِالْخَيْرِ وَالْاِحْسَانِ وَعَارَضْتُهٗ بِالْاِسَآئَةِ

شمار ہی نہیں اور جس کی نعمتوں کا کوئی بدلہ نہیں اے وہ جس نے مجھ سے بھلائی اور احسان کیا اور میں نے برائی اور نافرمانی

وَالْعِصْيَانِ، يَا مَنْ هَدَانِيْ لِلْاِيْمَانِ مِنْ قَبْلِ اَنْ اَعْرِفَ شُكْرَ الْاِمْتِنَانِ، يَا مَنْ

پیش کی اے وہ جس نے مجھے ایمان کی راہ بتائی اس سے پہلے کہ اس پر میری طرف سے شکر ادا ہوتا اے وہ جسے میں نے

دَعَوْتُهٗ مَرِيْضًا فَشَفَانِيْ، وَعُرْيَانًا فَكَسَانِيْ، وَجَآئِعًا فَاَشْبَعَنِيْ وَعَطْشَانًا

بیماری میں پکارا تو مجھے شفا دی عریانی میں پکارا تو لباس دیا بھوک میں پکارا تو مجھے سیر کیا پیاس میں پکارا تو سیراب کیا پستی

فَاٰرْوَانِیْ، وَذَلِیْلًا فَاَعَزَّنِیْ، وَجَاهِلًا فَعَرَّفَنِیْ، وَوَحِیْدًا فَكَثَّرَنِیْ، وَغَآئِبًا فَرَدَّنِیْ،

میں عزت دی نادانی میں معرفت بخشی تنہائی میں کثرت دی سفر سے وطن پہنچایا تنگدستی میں مجھے مال دیامدد مانگی تو میری مدد

وَمُقِلًّا فَاَغْنَانِیْ، وَمُنْتَصِرًا فَنَصَرَنِیْ، وَغَنِیًّا فَلَمْ یَسْلُبْنِیْ، وَاَمْسَكْتُ عَنْ

فرمائی تونگر تھا تو میرا مال نہیں چھینا اور میں نے ان چیزوں کا شکر نہ کیا تو اس نے دینے میں پہل کی پس ساری تعریف اور

جَمِیْعِ ذٰلِكَ فَابْتَدَاَنِیْ، فَلَكَ الْحَمْدُ وَالشُّكْرُ یَا مَنْ اَقَالَ عَثْرَتِیْ، وَنَفَّسَ كُرْبَتِیْ،

شکرتیرے ہی لیے ہے اے وہ جس نے میری لغزش معاف کی میری تکلیف دور کی میری دعا قبول فرمائی میرے عیبوں کو

وَاَجَابَ دَعْوَتِیْ، وَسَتَرَ عَوْرَتِیْ، وَغَفَرَ ذُنُوْبِیْ، وَبَلَّغَنِیْ طَلِبَتِیْ، وَنَصَرَنِیْ عَلٰی

چھپایا میرے گناہ بخش دیے میری حاجت پوری کی اور دشمن کے خلاف میری مدد کی اور اگر میں تیری نعمتوں تیرے

عَدُوِّیْ، وَاِنْ اَعُدَّ نِعَمَكَ وَمِنَنَكَ وَكَرَآئِمَ مِنَحِكَ لَا اُحْصِیْهَا، یَا مَوْلَایَ اَنْتَ

احسانوں اور عطاؤں کو شمار کروں تو شمار نہیں کرسکتا اے میرے مالک تو وہ ہے جس نے احسان کیا تو وہ ہے جس نے نعمت

الَّذِیْ مَنَنْتَ، اَنْتَ الَّذِیْ اَنْعَمْتَ، اَنْتَ الَّذِیْ اَحْسَنْتَ، اَنْتَ الَّذِیْ اَجْمَلْتَ،

دی تو وہ ہے جس نے بہتری کی تو وہ ہے جس نے جمال دیا تو وہ ہے جس نے بڑائی دی تو وہ ہے جس نے کمال عطا کیا تو وہ

اَنْتَ الَّذِیْ اَفْضَلْتَ اَنْتَ الَّذِیْ اَكْمَلْتَ اَنْتَ الَّذِیْ رَزَقْتَ اَنْتَ الَّذِیْ

ہے جس نے روزی دی تو وہ ہے جس نے توفیق دی تو وہ ہے جس نے عطا کیا تو وہ ہے جس نے مال دیا تو وہ ہے جس نے

وَفَّقْتَ اَنْتَ الَّذِیْ اَعْطَیْتَ اَنْتَ الَّذِیْ اَغْنَیْتَ، اَنْتَ الَّذِیْ اَقْنَیْتَ، اَنْتَ

نگہداری کی تو وہ ہے جس نے پناہ دی تو وہ ہے جس نے کام بنایا تو وہ ہے جس نے ہدایت کی تو وہ ہے جس نے گناہ سے

الَّذِیْ اٰوَیْتَ، اَنْتَ الَّذِیْ كَفَیْتَ، اَنْتَ الَّذِیْ هَدَیْتَ، اَنْتَ الَّذِیْ عَصَمْتَ،

بچایا تو وہ ہے جس نے پرورش کی تو وہ ہے جس نے معاف کیا تو وہ ہے جس نے بخش دیا تو وہ ہے جس نے قدرت دی تو وہ

اَنْتَ الَّذِیْ سَتَرْتَ،اَنْتَ الَّذِیْ غَفَرْتَ، اَنْتَ الَّذِیْ اَقَلْتَ، اَنْتَ الَّذِیْ

ہے جس نے عزت بخشی تو وہ ہے جس نے آرام دیا تو وہ ہے جس نے سہارا دیا تو وہ ہے جس نے حمایت کی تو وہ ہے جس نے

مَكَّنْتَ، اَنْتَ الَّذِیْ اَعْزَزْتَ،اَنْتَ الَّذِیْ اَعَنْتَ، اَنْتَ الَّذِیْ عَضَدْتَّ اَنْتَ

مدد کی تو وہ ہے جس نے شفا دی تو وہ ہے جس نے آرام دیا تو وہ ہے جس نے بزرگی دی تو بڑا برکت والا اور برتر ہے

الَّذِیْ اَیَّدْتَّ اَنْتَ الَّذِیْ نَصَرْتَ اَنْتَ الَّذِیْ شَفَیْتَ اَنْتَ الَّذِیْ عَافَیْتَ

ہمیشہ پس حمد ہی تیرے لیے ہے اور شکر لگاتار ہمیشہ ہمیشہ تیرے ہی لیے ہے پھر میں ہوں اے میرے معبود اپنے گناہوں کا

اَنْتَ الَّذِیْٓ اَکْرَمْتَ تَبَارَکْتَ وَتَعَالَیْتَ، فَلَکَ الْحَمْدُ دَآئِمًا، وَلَکَ الشُّکْرُ

اعتراف کرنے والا پس مجھے ان سے معافی دے میں وہ ہوں جس نے برائی کی میں وہ ہوں جس نے خطا کی میں وہ ہوں

وَاصِبًا اَبَدًا ثُمَّ اَنَا یَآ اِلٰهِیْ الْمُعْتَرِفُ بِذُنُوْبِیْ فَاغْفِرْهَا لِیْ اَنَا الَّذِیْ اَسَاْتُ اَنَا

جس نے برا ارادہ کیا میں وہ ہوں جس نے نادانی کی میں وہ ہوں جس سے بھول ہوئی میں وہ ہوں جو چوک گیا میں نے خود

الَّذِیْ اَخْطَاْتُ اَنَا الَّذِیْ هَمَمْتُ، اَنَا الَّذِیْ جَهِلْتُ، اَنَا الَّذِیْ غَفَلْتُ، اَنَا الَّذِیْ

پر اعتماد کیا میں نے دانستہ گناہ کیا میں وہ ہوں جس نے وعدہ کیا میں وہ ہوں جس نے وعدہ خلافی کی میں وہ ہوں جس نے عہد

سَهَوْتُ اَنَا الَّذِیْٓ اعْتَمَدْتُّ، اَنَا الَّذِیْ تَعَمَّدْتُّ، اَنَا الَّذِیْ وَعَدْتُّ، وَاَنَا الَّذِیْ

توڑا میں وہ ہوں جو اقرار کرتا اور میں وہ ہوں جو تیری نعمتوں کا اعتراف کرتا ہوں جو مجھے ملی ہیں اور میرے پاس ہیں

اَخْلَفْتُ اَنَا الَّذِیْ نَکَثْتُ، اَنَا الَّذِیْٓ اَقْرَرْتُ، اَنَا الَّذِیْ اعْتَرَفْتُ بِنِعْمَتِکَ عَلَیَّ

مجھ پر گناہوں کا بڑا بوجھ ہے پس مجھے معاف کردے اے وہ جسے اس کے بندوں کے گناہ نقصان نہیں پہنچاتے اور وہ ان

وَعِنْدِیْ وَاَبُوْٓءُ بِذُنُوْبِیْ فَاغْفِرْهَا لِیْ یَا مَنْ لَّا تَضُرُّهٗ ذُنُوْبُ عِبَادِهٖ وَهُوَ الْغَنِیُّ

کی بندگی سے بے نیاز ہے اور توفیق دیتا ہے اسے اپنی مہربانی اور مدد سے جو ان میں سے نیک عمل کرے پس حمد تیرے ہی

عَنْ طَاعَتِهِمْ وَالْمُوَفِّقُ مَنْ عَمِلَ صَالِحًا مِّنْهُمْ بِمَعُوْنَتِهٖ وَرَحْمَتِهٖ، فَلَکَ الْحَمْدُ

لیے ہے اے میرے معبود و سردار اے میرے معبود تو نے حکم دیا تو میں نے نافرمانی کی جس سے تو نے مجھے روکا میں وہ

اِلٰهِیْ وَسَیِّدِیْٓ اِلٰهِیْٓ اَمَرْتَنِیْ فَعَصَیْتُکَ، وَنَهَیْتَنِیْ فَارْتَکَبْتُ نَهْیَکَ،

کام کر گزرا پس حال یہ ہے کہ نہ گناہ سے بری ہوں کہ عذر کروں نہ یہ طاقت ہے کہ کامیاب ہوجاؤں پس کیا چیز لے کر

فَاَصْبَحْتُ لَا ذَا بَرَآئَةٍ لِّیْ فَاَعْتَذِرُ، وَلَا ذَا قُوَّةٍ فَاَنْتَصِرُ، فَبِاَیِّ شَیْءٍ اَسْتَقْبِلُکَ

تیرے سامنے آؤں اے میرے مالک آیا اپنے کان یا اپنی آنکھ یا اپنی زبان یا اپنے ہاتھ یا اپنے پاؤں کے ساتھ کیا یہ

یَا مَوْلَایَ اَبِسَمْعِیْٓ اَمْ بِبَصَرِیْٓ اَمْ بِلِسَانِیْ اَمْ بِیَدِیْٓ اَمْ بِرِجْلِیْٓ اَلَیْسَ کُلُّهَا

سب میرے پاس تیری نعمتیں نہیں ہیں ؟اور ان سب کے ساتھ میں نے تیری نافرمانی کی اے میرے مولا پس تیرے پاس

نِعَمَکَ عِنْدِیْ وَبِکُلِّهَا عَصَیْتُکَ یَا مَوْلَایَ فَلَکَ الْحُجَّةُ وَالسَّبِیْلُ عَلَیَّ، یَا مَنْ

میرے خلاف حجت اور دلیل ہے اے وہ جس نے ماں باپ سے میری پردہ پوشی کی کہ وہ مجھے دھتکار دیں گے اہل قبیلہ اور

سَتَرَنِیْ مِنَ الْاٰبَآءِ وَالْاُمَّهَاتِ اَنْ یَّزْجُرُوْنِیْ، وَمِنَ الْعَشَآئِرِ وَالْاِخْوَانِ اَنْ

بھائی بندوں سے میرا پردہ رکھا کہ مجھے ڈانٹ ڈپٹ کریں گے اور حاکموں سے میرا پردہ رکھا کہ وہ مجھے سزا دیں گے اے

يُعَيِّرُوْنِي،وَمِنَ السَّلَاطِيْنِ اَنْ يُعَاقِبُوْنِيْ ، وَلَوِ اطَّلَعُوْا يَا مَوْلَايَ عَلٰى مَا

میرے مولا اگر وہ میرے بارے میں وہ جان لیتے جو کچھ تو جانتا ہے تو وہ مجھے کبھی مہلت نہ دیتے مجھے چھوڑ جاتے اور قطع

اطَّلَعْتَ عَلَيْهِ مِنِّيْ اِذاً مَّا آنْظَرُوْنِي،وَلَرَفَضُوْنِيْ وَقَطَعُوْنِي،فَهَآ اَنَا ذَا يَآ اِلٰهِيْ ،بَيْنَ

تعلق کر جاتے پس اے میرے معبود میں تیرے سامنے حاضر ہوں اے میرے سردار میں پست عاجز قیدی بے مایہ ہوں نہ

يَدَيْكَ يَا سَيِّدِيْ خَاضِعٌ ذَلِيْلٌ حَصِيْرٌ حَقِيْرٌ لَّا ذُوْ بَرَآئَةٍ فَاَعْتَذِرُ، وَلَا ذُوْ قُوَّةٍ

تَرَحَّمُوْا عَلَيْهِ تَرَحَّمْنَا عَلَيْهِ، اٰمَنَّا وَسَلَّمْنَا وَرَضِيْنَا وَاتَّبَعْنَا مَوَالِيَنَا

لئے وہ طالب رحمت اسکے لئے ہم بھی طالب رحمت ہیں ہم ایمان لائے تسلیم کیا اور راضی ہوئے اپنے سرداروں کے پیروکار

صَلَوَاتُ اللّٰهِ عَلَيْهِمْ ۔ اَللّٰهُمَّ فَتَمِّمْ لَنَا ذٰلِكَ وَلَا تَسْلُبْنَاهُ وَاجْعَلْهُ مُسْتَقِرًّا

ہیں ان پر خدا کی رحمت ہو اے معبود! ہمارا یہ عقیدہ کامل کر دے اور اسے ہم سے جدا نہ کر اور اسے ہمارا مستقل طریقہ اور

ثَابِتًا عِنْدَنَا، وَلَا تَجْعَلْهُ مُسْتَعَارًا، وَّاَحْيِنَا مَآ اَحْيَيْتَنَا عَلَيْهِ، وَاَمِتْنَآ اِذَا

روشن بنا اور اس کو عارضی قرار نہ دے جب تک زندہ ہیں ہمیں اس پر زندہ رکھ اور ہمیں اسی عقیدے پر موت دے کہ آل

اَمَتَّنَا عَلَيْهِ، اٰلُ مُحَمَّدٍ اَئِمَّتُنَا فَبِهِمْ نَأْتَمُّ وَاِيَّاهُمْ نُوَالِيْ، وَعَدُوَّهُمْ عَدُوُّ اللّٰهِ

محمدہمارے امام و پیشوا ہوں ہم انکی پیروی کرتے اور ان کو دوست رکھتے ہوں ان کا دشمن خدا کا دشمن ہے ہم اسکے دشمن

نُعَادِيْ، فَاجْعَلْنَا مَعَهُمْ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ وَمِنَ الْمُقَرَّبِيْنَ، فَاِنَّا بِذٰلِكَ

ہیں پس ہمیں انکے ساتھ دنیا و آخرت میں قرار دے اور ہمیں اپنے مقربوں میں داخل فرما کہ ہم اس عقیدے پر راضی ہیں

رَاضُوْنَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ ۔

اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

اب پھر سجدے میں جائے اور سو مرتبہ کہے: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ۔ اور سو مرتبہ کہے: شُكْراً لِلّٰهِ روایت ہے کہ جو شخص اس عمل کو بجالائے وہ اجر و ثواب میں اس شخص کے برابر ہے جو عید غدیر کے دن حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو اور جناب امیر علیہ السلام کے دست مبارک پر بیعت ولایت کی ہو بہتر ہے کہ اس نماز کو قریب زوال بجالائے کیونکہ یہی وہ وقت ہے کہ جب حضرت رسولؐ نے امیر المؤمنین علیہ السلام کو مقام غدیر پر امامت و خلافت کے لئے منصوب فرمایا پس اس نماز کی پہلی رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد سورۂ قدر اور دوسری رکعت میں الحمد کے بعد سورۂ توحید کی قرائت کرے۔

(۶) غسل کرے زوال سے آدھا گھنٹہ قبل دو رکعت نماز بجالائے جس کی ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۂ توحید دس مرتبہ آیۃ الکرسی اور دس مرتبہ سورۂ قدر پڑھے تو اس کو ایک لاکھ حج ایک لاکھ عمرے کا ثواب ملے گا۔ نیز اس کی دنیا و آخرت کی حاجات ب آسانی پوری ہوں گی۔

مخفی نہ رہے کہ سید نے کتاب اقبال میں اس نماز میں دس مرتبہ سورۂ قدر پڑھنے کو آیۃ الکرسی سے پہلے ذکر کیا ہے ،علامہ مجلسی نے بھی زاد المعاد میں کتاب اقبال کی پیروی میں یہی تحریر فرمایا اور مؤلف نے بھی اپنی دیگر کتب میں یہی ترتیب لکھی ہے۔لیکن بعد میں جب تلاش و جستجو کی گئی تو معلوم ہوا ہے کہ آیۃ الکرسی کے سورۂ قدر سے پہلے پڑھنے کا ذکر بہت زیادہ روایات میں آیا ہے ظاہراً کتاب اقبال میں سہو قلم ہوا ہے یا کاتب سے غلطی سرزد ہوگئی ہے، یہ سہو دو گونہ ہے، یعنی سورۂ الحمد کی تعداد اور سورۂ قدر کے آیۃ الکرسی سے پہلے پڑھے جانے سے متعلق ہے یہ بھی ممکن ہے کہ یہ ایک الگ نماز ہو لیکن اس کا ایک الگ اور مستقل نماز ہونا بعید ہے، واللہ اعلم بہتر ہوگا کہ اس نماز کے بعد رَبَّنَا اٰمَنَّا سَمِعْنَا مُنَادِیاً پڑھے: یہ ایک طویل دعا ہے۔

(۷) آج کے دن دعائے ندبہ پڑھے، جس کا ذکر دسویں فصل میں ہوگا۔

(۸) اس دعا کو پڑھے جسے سید ابن طاؤس نے شیخ مفید سے نقل کیا ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ نَّبِیِّكَ وَعَلِیٍّ وَّ لِیِّكَ وَالشَّاْنِ وَالْقَدْرِ الَّذِیْ

اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بواسطہ تیرے نبی محمدؐ مصطفیٰ اور تیرے ولی علی مرتضیٰؑ کے اور بواسطہ اس عزت

خَصَصْتَهُمَا بِهٖ دُوْنَ خَلْقِكَ اَنْ تُصَلِّیَ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلِیٍّ وَّاَنْ تَبْدَءَ بِهِمَا فِیْ كُلِّ

و شان کے جس جس سے تو نے ان دونوں کو اپنی مخلوق میں خاص کیا یہ کہ محمدؐ و علیؑ پر رحمت فرما اور یہ کہ ہر خیر و خوبی ان

خَیْرٍ عَاجِلٍ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ الْاَئِمَّةِ الْقَادَةِ، وَالدُّعَاةِ السَّادَةِ

دونوں کو جلد عطا فرما اے معبود! حضرت محمدؐ اور ان کی آلؑ پر رحمت فرما جو امام و رہبر اور داعی حق و سردار ہیں

وَالنُّجُوْمِ الزَّاهِرَةِ، وَالْاَعْلَامِ الْبَاهِرَةِ، وَسَاسَةِ الْعِبَادِ، وَاَرْكَانِ الْبِلَادِ،

وہ روشن ستارے اور چمکتے نشان ہیں وہ لوگوں کے پیشوا اور شہروں کے ستون ہیں وہ ناقہ صالحؑ کی مانند اور کشتی نوح

وَالنَّاقَةِ الْمُرْسَلَةِ وَالسَّفِیْنَةِ النَّاجِیَةِ الْجَارِیَةِ فِی اللُّجَجِ الْغَامِرَةِ اَللّٰهُمَّ

کی مثل ہیں جو پانی کی بڑی بڑی لہروں میں چل رہی تھی اے معبود! محمدؐ و آلؑ محمدؐ پر رحمت نازل فرما جو تیرے علم کے

صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ خُزَّانِ عِلْمِكَ، وَاَرْكَانِ تَوْحِیْدِكَ، وَدَعَآئِمِ دِیْنِكَ،

خزانے تیری توحید کے عمود و ستون تیرے دین کے سہارے تیرے احسان و کرم کی کانیں تیری مخلوقات میں سے چنے

وَمَعَادِنِ كَرَامَتِكَ،وَصَفْوَتِكَ مِنْ بَرِيَّتِكَ وَخِيَرَتِكَ مِنْ خَلْقِكَ الْاَتْقِيَآءِ

ہوئے تیر ی مخلوق میں سے پسندیدہ پرہیزگار پاکیزہ بزرگوار نیکوکار اور وہ دروازہ ہیں جسکے ذریعے لوگ آزمائے

الْاَنْقِيَآءِ النُّجَبَآءِ الْاَبْرَارِ وَالْبَابِ الْمُبْتَلٰى بِهِ النَّاسُ مَنْ اَتَاهُ نَجَا وَمَنْ اَبَاهُ

گئے جو اس در سے گزرا نجات پا گیا جسنے انکار کیا تباہ ہوا ہے اے معبود! محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما جو ایسے

هَوٰى اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اَهْلِ الذِّكْرِ الَّذِيْنَ اَمَرْتَ بِمَسْئَلَتِهِمْ

اہل ذکر ہیں کہ تو نے ان سے پوچھنے کا حکم دیا وہ وہی اقرباء پیغمبرؐ ہیں کہ جن سے محبت کرنے کا تو نے حکم دیا ان کا حق

وَذَوِى الْقُرْبٰى الَّذِيْنَ اَمَرْتَ بِمَوَدَّتِهِمْ وَفَرَضْتَ حَقَّهُمْ وَجَعَلْتَ الْجَنَّةَ مَعَادَ

واجب کر دیا اور جو ان کے نقش قدم پر چلے اس کا گھر جنت میں قرار دیا اے معبود! محمدؐ و آلؑ محمدؐ پر رحمت نازل فرما

مَنِ اقْتَصَّ اٰثَارَهُمْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ كَمَآ اَمَرُوْا بِطَاعَتِكَ

جیسا کہ انہوں نے تیری فرمانبرداری کا حکم دیا تیری نافرمانی سے روکا اور تیری توحید و یکتائی کی طرف لوگوں کی

وَنَهَوْا عَنْ مَّعْصِيَتِكَ وَدَلُّوْا عِبَادَكَ عَلٰى وَحْدَانِيَّتِكَ. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ

رہنمائی کی اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے بواسطہ حضرت محمدؐ کے جو تیرے نبیؐ تیرے چنے ہوئے تیرے پسند

بِحَقِّ مُحَمَّدٍ نَّبِيِّكَ وَنَجِيْبِكَ وَصَفْوَتِكَ وَاَمِيْنِكَ، وَرَسُوْلِكَ اِلٰى خَلْقِكَ وَبِحَقِّ

کیے ہوئے تیرے امانتدار اور تیری مخلوق کی طرف تیرے رسولؐ ہیں اور میں سوالی ہوں بواسطہ امیرالمومنینؑ اہل

اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَيَعْسُوْبِ الدِّيْنِ وَقَآئِدِ الْغُرِّ الْمُحَجَّلِيْنَ الْوَصِيِّ الْوَفِيِّ

دین کے سردار نیکوکار لوگوں کے پیشوا وصی رسولوفادارسب سے بڑے تصدیق کرنے والے حق وباطل میں فرق

وَالصِّدِّيْقِ الْاَكْبَرِ وَالْفَارُوْقِ بَيْنَ الْحَقِّ وَالْبَاطِلِ وَالشَّاهِدِ لَكَ وَالدَّآلِّ

کرنیوالے تیری گواہی دینے والے تیری طرف رہنمائی کرنیوالے تیرے حکم کو نافذ کرنے والے تیری راہ میں

عَلَيْكَ وَالصَّادِعِ بِاَمْرِكَ، وَالْمُجَاهِدِ فِيْ سَبِيْلِكَ، لَمْ تَاْخُذْهُ فِيْكَ لَوْمَةُ

جہاد کرنے والے جن کو تیرے بارے میں کسی ملامت کی کچھ پروا نہیں تھی یہ کہ محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور

لَآئِمٍ، اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ، وَّاَنْ تَجْعَلَنِيْ فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ الَّذِيْ

مجھ کو قرار دے آج کے دن میں جس میں تو نے اپنے ولیؑ کے عہدہ امامت کا بندھن اپنی مخلوق کی گردنوں میں ڈالا

عَقَدْتَّ فِيْهِ لِوَلِيِّكَ الْعَهْدَ فِيْٓ اَعْنَاقِ خَلْقِكَ وَاَكْمَلْتَ لَهُمُ الدِّيْنَ مِنَ

اور تو نے ان کے لئے دین کو مکمل کیا جو اس کی حرمت سے واقف اوراس کی بزرگی کو مانتے ہیں کہ جن کو تو نے جہنم

الْعَارِفِيْنَ بِحُرْمَتِهٖ وَالْمُقِرِّيْنَ بِفَضْلِهٖ مِنْ عُتَقَآئِكَ وَطُلَقَآئِكَ مِنَ النَّارِ، وَلَا
سے آزاد اور رہا کر دیا ہے نیز نعمتوں پر حسد کرنے والے کو میرے بارے میں خوش نہ کر اے معبود! جیسے تو نے
تُشْمِتْ بِيْ حَاسِدِيَ النِّعَمِ ۔ اَللّٰهُمَّ فَكَمَا جَعَلْتَهٗ عِيْدَكَ الْاَكْبَرَ وَسَمَّيْتَهٗ فِي
اس دن کو اپنی طرف سے بڑی عید قرار دیا آسمان میں اس کا نام یوم عہد و پیمان مقرر کیا ہے اور زمین میں اسے
السَّمَآءِ يَوْمَ الْعَهْدِ الْمَعْهُوْدِ، وَفِي الْاَرْضِ يَوْمَ الْمِيْثَاقِ الْمَاْخُوْذِ وَالْجَمْعِ
یوم المیثاق بنایا جس کے بارے میں باز پرس ہوگی اسی طرح محمدؐ و آلؑ محمدؐ پر رحمت فرما اور اس کے ذریعے ہماری
الْمَسْئُوْلِ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَقِرَّ بِهٖ عُيُوْنَنَا وَاجْمَعْ بِهٖ شَمْلَنَا وَلَا
آنکھیں ٹھنڈی کر اس سے ہمیں متحد کر دے ہدایت دینے کے بعد ہمیں گمراہ نہ ہونے دے اور ہمیں اپنی نعمتوں پر شکر
تُضِلَّنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَاجْعَلْنَا لِاَنْعُمِكَ مِنَ الشَّاكِرِيْنَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔
ادا کرنے والے بنا دے اے سب سے زیادہ آج کے دن کی بزرگی سے آگاہ کیا اس کی حرمت سے با خبر کیا اس
اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ عَرَّفَنَا فَضْلَ هٰذَا الْيَوْمِ وَبَصَّرَنَا حُرْمَتَهٗ وَكَرَّمَنَا بِهٖ وَشَرَّفَنَا
سے ہمیں عزت دی اور اس کی معرفت سے بڑائی عطا کی اور اپنے نور سے ہدایت دی اے اللہ کے رسولؐ اے
بِمَعْرِفَتِهٖ، وَهَدَانَا بِنُوْرِهٖ ۔ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ، يَآ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ، عَلَيْكُمَا وَعَلٰى
مؤمنوں کے امیرؑ آپ دونوں پر آپ کے اہلبیتؑ پر اور آپ کے محبوں پر میرا بہت بہت سلام ہو جب تک دن
عِتْرَتِكُمَا وَعَلٰى مُحِبِّيْكُمَا مِنِّيْ اَفْضَلُ السَّلَامِ مَا بَقِيَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ وَبِكُمَا
رات کی آمد و رفت قائم رہے اور بواسطہ آپ دونوں کے میں متوجہ ہوا آپؑ کے اور اپنے رب کی طرف اپنے
اَتَوَجَّهُ اِلَى اللّٰهِ رَبِّيْ وَرَبِّكُمَا فِيْ نَجَاحِ طَلِبَتِيْ وَقَضَآءِ حَوَآئِجِيْ وَتَيْسِيْرِ اُمُوْرِيْ
مقصد کے حصول حاجتوں کی پورا ہونے اور کاموں میں آسانی کیلئے اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے محمدؐ و
اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ
آلؑ محمدؐ کے واسطے سے یہ کہ محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور جو آج کے دن کے حق سے انکار کرے اس پر
تَلْعَنَ مَنْ جَحَدَ حَقَّ هٰذَا الْيَوْمِ وَاَنْكَرَ حُرْمَتَهٗ فَصَدَّ عَنْ سَبِيْلِكَ لِاِطْفَآءِ
بیزاری کر اور اسکے احترام سے پھیرے پس وہ تیرے نور کو بجھانے کیلئے تیرے راستے سے روکتا ہے لیکن خدا کو یہ
نُوْرِكَ فَاَبَى اللّٰهُ اِلَّآ اَنْ يُتِمَّ نُوْرَهٗ اَللّٰهُمَّ فَرِّجْ عَنْ اَهْلِ بَيْتِ مُحَمَّدٍ نَّبِيِّكَ وَ
منظور نہیں وہ تو اپنے نور کو کامل کرے گا اے معبود! اپنے نبی محمدؐ مصطفی کے اہلبیتؑ کے لئے کشادگی فرما ان کی مشکل

اَكْشِفْ عَنْهُمْ وَبِهِمْ عَنِ الْمُؤْمِنِيْنَ الْكُرُبَاتِ اَللّٰهُمَّ امْلَاءِ الْاَرْضَ بِهِمْ

دور کردے اور ان کے وسیلے سے مومنوں کی تنگیاں برطرف کردے اے اللہ ! اس زمین کو ان کے ذریعے عدل

عَدْلاً كَمَا مُلِئَتْ ظُلْمًا وَّجَوْرًا وَّاَنْجِزْ لَهُمْ مَا وَعَدْتَّهُمْ

سے بھر دے جیسا کہ وہ ظلم و ستم سے بھری ہوئی ہے اور عطا کر انہیں جس کا ان سے وعدہ کر رکھا ہے

اِنَّكَ لَا تُخْلِفُ الْمِيْعَادَ

بے شک تو وعدے کے خلاف نہیں کرتا۔

اگر ممکن ہو تو سید کی کتاب اقبال میں منقولہ دیگر بڑی بڑی دعائیں بھی پڑھے:

(۹) جب برادر مومن سے ملاقات کرے تو اسے عید غدیر کی تبریک اس طرح کہے:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَنَا مِنَ الْمُتَمَسِّكِيْنَ بِوَلَايَةِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْاَئِمَّةِ

اس اللہ کے لئے حمد ہے جس نے ہمیں امیرالمؤمنینؑ کی اور ان کے بعد ائمہؑ کی ولایت و امانت کو ماننے والوں میں سے

عَلَيْهِمُ السَّلَامُ نیز یہ بھی پڑھے: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَكْرَمَنَا بِهٰذَا الْيَوْمِ وَجَعَلَنَا

قرار دیا ہے۔ اس اللہ کیلئے حمد ہے جس نے آج کے دن کے ذریعے ہمیں عزت دی اور

مِنَ الْمُوْفِيْنَ بِعَهْدِهٖ اِلَيْنَا وَمِيْثَاقِهِ الَّذِیْ وَاثَقَنَا بِهٖ مِنْ وِّلَايَةِ وُلَاةِ اَمْرِهٖ

ہمیں اس عہد کو وفا کرنے والا بنایا جو ہمارے سپرد کیا اور وہ پیمان جو ہم سے ولایت امیرالمؤمنینؑ اپنے والیان امر اور عدل

وَالْقُوَّامِ بِقِسْطِهٖ، وَلَمْ يَجْعَلْنَا مِنَ الْجَاحِدِيْنَ وَالْمُكَذِّبِيْنَ بِيَوْمِ الدِّيْنِ۔

پر قائم رہنے والوں کے بارے میں لیا اور ہمیں روز قیامت کا انکار کرنے والوں اور اسے جھٹلانے والوں میں نہیں رکھا

(۱۰) سو مرتبہ کہے: اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ جَعَلَ كَمَالَ دِيْنِهٖ وَتَمَامَ نِعْمَتِهٖ بِوِلَايَةِ اَمِيْرِ

اس اللہ کے لئے حمد ہے جس نے اپنے دین کے کمال اور نعمت کے اتمام کو امیرالمؤمنین

الْمُؤْمِنِيْنَ عَلِیِّ بْنِ اَبِیْ طَالِبٍ عَلَيْهِ السَّلَامُ

حضرت علی ابن ابی طالبؑ کی ولایت کے ساتھ مشروط قرار دیا۔

واضح ہو کہ عید غدیر کے دن اچھا لباس پہنے، خوشبو لگائے۔ خوش خرم ہو مؤمنین کو راضی و خوش کرے، ان کے قصور معاف کرے۔ ان کی حاجات پوری کرے رشتہ داروں سے نیک سلوک کرے۔ اہل و عیال کے لئے عمدہ کھانے کا انتظام

کرے مؤمنین کی ضیافت کرے اوران کا روزہ افطار کرائے۔مؤمنین سے مصافحہ کرے۔برادران ایمانی سے خوش خوش ملے اوران کو تحائف دے آج کی عظیم نعمت یعنی ولایت امیر المؤمنین علیہ السلام پر خدا کا شکر بجالائے۔کثرت سے صلوات پڑھے اور اس دن خدا کی عبادت کرے کہ ان تمام امور میں سے ہر ایک کی بڑی فضیلت ہے۔

آج کے دن اپنے مومن بھائی کو ایک روپیہ دینا دوسرے دنوں میں ایک لاکھ روپیہ دینے کے برابر ثواب رکھتا ہے اور آج کے دن مومن بھائیوں کو دعوت طعام دینا گویا تمام پیغمبروں اور مومنوں کو دعوت طعام دینے کے مانند ہے امیر المؤمنینؑ کے خطبہ غدیر میں ہے جو شخص آج کے دن کسی روزہ دار کو افطاری دے گویا اس نے دس فنام کو افطاری دی ہے ایک شخص نے اٹھ کر عرض کی مولاؑ! فنام کیا ہے؟ فرمایا کہ فنام سے مراد ایک لاکھ پیغمبر،صدیق اور شہید ہیں ہاں تو کتنی فضیلت ہوگی اس شخص کی جو چند مومنین ومومنات کی کفالت کر رہا ہو؟ پس میں بارگاہ الٰہی میں اس شخص کا ضامن ہوں کہ وہ کفر اور فقر سے امان میں رہے گا۔

خلاصہ یہ ہے کہ اس عزوشرف والے دن کی فضیلت کا بیان ہماری استطاعت سے باہر ہے یہ شیعہ مسلمانوں کے اعمال قبول ہونے اوران کے غم دور ہونے کا دن ہے۔اسی دن حضرت موسیٰؑ کو جادوگروں پر غلبہ حاصل ہوا اور حضرت ابراہیمؑ کیلئے آگ گلزار بنی۔اور حضرت موسیٰؑ نے یوشع بن نونؑ کو وصی بنایا اور حضرت عیسیٰؑ کی طرف حضرت شمعونؑ کو ولایت ووصایت ملی،حضرت سلیمانؑ نے آصف بن برخیا کی وزارت و نیابت پر لوگوں کو گواہ بنایا اور اسی دن حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنے اصحاب میں اخوت قائم فرمائی پس یوم غدیر مومنین باہم صیغہ اخوت پڑھیں اور آپس میں بھائی چارہ قائم کریں۔

ہمارے شیخ صاحب مستدرک الوسائل نے زادالفردوس سے عقد اخوت کی کیفیت یوں نقل کی ہے کہ اپنا دایاں ہاتھ اپنے برادر مومن کے داہنے ہاتھ پر رکھے اور کہے:

وَاٰخَيْتُكَ فِي اللّٰهِ، وَصَافَيْتُكَ فِي اللّٰهِ، وَصَافَحْتُكَ فِي اللّٰهِ، وَعَاهَدْتُّ اللّٰهَ

میں بھائی بنا تمہارا راہ خدا میں میں مخلص ہوا تمہارا راہ خدا میں میں ہاتھ ملایا تم سے راہ خدا میں اور عہد کرتا ہوں

وَمَلَآئِكَتَهٗ وَ كُتُبَهٗ وَرُسُلَهٗ وَاَنْبِيَآئَهٗ وَالْاَئِمَّةَ الْمَعْصُوْمِيْنَ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ

خدا سے اسکے فرشتوں سے اسکی کتابوں اور اس کے رسولوں اس کے نبیوں سے اور ائمہ معصومین ؑسے اس بات کا

عَلٰٓى اَنِّيْٓ اِنْ كُنْتُ مِنْ اَهْلِ الْجَنَّةِ وَالشَّفَاعَةِ وَاُذِنَ لِيْ بِاَنْ اَدْخُلَ الْجَنَّةَ لَآ

کہ اگر میں ہو جاؤں میں بہشت والوں اور شفاعت حاصل کرنے والوں میں اور مجھے جنت میں داخلے کا حکم ہوا تو

اَدْخُلُهَا اِلَّا وَاَنْتَ مَعِیْ دوسرا مومن بھائی اس کے جواب میں کہے: قَبِلْتُ اور پھر یہ کہے:

نہیں داخل ہوں گا جنت میں تجھے ساتھ لئے بغیر میں نے قبول کیا

اَسْقَطْتُ عَنْكَ جَمِيْعَ حُقُوْقِ الْاُخُوَّةِ مَا خَلَا الشَّفَاعَةَ وَالدُّعَآءَ وَالزِّيَارَةَ۔

ساقط کر دیئے میں نے تجھ سے بھائی چارے کے تمام حقوق سوائے شفاعت کرنے دعائے خیر کرنے اور ملاقات کرنے کے۔

محدث فیض نے بھی خلاصۃ الاذکار میں صیغہ اخوت کا تقریبا یہی طریقہ لکھا ہے کہ دوسرا مومن بھائی خود یا اس کا وکیل ایسے الفاظ سے اخوت قبول کرے جو واضح طور پر قبولیت کا مفہوم ادا کر رہے ہوں۔ پس ساقط کریں ایک دوسرے سے تمام حقوق اخوت کو، سوائے دعا اور ملاقات کے۔

چوبیسویں ذی الحجہ کا دن

مشہور روایت کے مطابق ۲۴ ذی الحجہ عید مباہلہ کا دن ہے اس دن حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے نصاریٰ نجران سے مباہلہ کیا تھا واقعہ یوں ہے کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی عبا اوڑھی، پھر امیر المؤمنینؑ، جناب فاطمہؑ اور حضرت حسنؑ و حسینؑ کو اپنی عبا میں لے لیا۔ تب فرمایا کہ یا اللہ! ہر نبی کے اہلبیتؑ ہوتے ہیں اور یہ میرے اہلبیتؑ ہیں۔ پس ان سے ہر قسم کی ظاہری و باطنی برائی کو دور رکھ اور ان کو اس طرح پاک رکھ جیسے پاک رکھنے کا حق ہے، اس وقت جبرائیل امینؑ آیت تطہیر لے کر نازل ہوئے اس کے بعد حضرت رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان چار ہستیوں کو اپنے ساتھ لیا اور مباہلہ کے لئے نکلے، نصاریٰ نجران نے آپ کو اس شان سے آتے دیکھا، اور علامات عذاب کا مشاہدہ کیا تو مباہلہ سے دست بردار ہو کر مصالحت کر لی اور جزیہ دینے پر آمادہ ہو گئے۔

آج ہی کے دن امیر المؤمنین علیہ السلام نے حالت نماز میں سائل کو انگوٹھی عطا فرمائی۔ اور آپ کی شان میں آیہ مبارکہ "اِنَّمَآ وَلِيُّكُمُ اللّٰهُ ..." نازل فرمائی۔

خلاصہ کلام یہ کہ یوم مباہلہ بڑی عظمت اور اہمیت کا حامل ہے اور اس میں چند ایک اعمال ہیں۔

(۱) غسل۔ (۲) روزہ۔

(۳) دو رکعت نماز کہ جسکا وقت، ترتیب اور ثواب عید غدیر کی نماز کی مثل ہے، البتہ اسمیں آیۃ الکرسی کو هُمْ فِيْهَا خَالِدُوْنَ تک پڑھے۔

(۴) دعائے مباہلہ: یہ ماہ رمضان کی دعائے سحر کے مشابہ ہے اور اسکو شیخ وسید دونوں نے نقل فرمایا ہے چونکہ ان دونوں بزرگوں کے نقل کردہ کلمات دعا میں کچھ اختلاف ہے، لہذا یہاں ہم اسے شیخ کی کتاب مصباح کی روایت کے مطابق تحریر کر رہے ہیں، شیخ کا کہنا ہے کہ امام جعفر صادق علیہ السلام نے دعائے مباہلہ کی بہت زیادہ فضیلت بیان فرمائی ہے اور وہ دعا یہ ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ مِنۡ بَهَآئِكَ بِاَبۡهَاهُ وَكُلُّ بَهَآئِكَ بَهِیٌّ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ

اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے روشن ترین نور میں سے اور تیرا ہر نور درخشاں ہے اے معبود! میں سوال کرتا

بِبَهَآئِكَ كُلِّهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ مِنۡ جَلَالِكَ بِاَجَلِّهٖ وَكُلُّ جَلَالِكَ جَلِیۡلٌ،

ہوں تیرے تمام نور کے واسطے اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے بہت بڑے جلوے میں سے اور تیرا ہر جلوہ بہت

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ بِجَلَالِكَ كُلِّهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ مِنۡ جَمَالِكَ بِاَجۡمَلِهٖ وَكُلُّ

بڑا جلوا ہے اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے تمام جلوہ کے واسطے اے معبود ! طلب کرتا ہوں تجھ سے تیرے

جَمَالِكَ جَمِیۡلٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ بِجَمَالِكَ كُلِّهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَدۡعُوۡكَ كَمَاۤ اَمَرۡتَنِیۡ

بہترین جمال میں سے اور تیرا ہر جمال پسندیدہ و بہترین ہے اے معبود ! میں سوال کرتا ہوں تیرے پورے جمال کے واسطے

فَاسۡتَجِبۡ لِیۡ كَمَا وَعَدۡتَّنِیۡ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ مِنۡ عَظَمَتِكَ بِاَعۡظَمِهَا وَكُلُّ

اے معبود! میں پکارتا ہوں تجھے جیسا کہ تو نے حکم کیا پس میری دعا قبول کر جیسا کہ تو نے وعدہ کیا ہے اے معبود! میں سوال کرتا

عَظَمَتِكَ عَظِیۡمَةٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ بِعَظَمَتِكَ كُلِّهَا ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ مِنۡ

ہوں تجھ سے تیری بڑی بزرگی میں سے اور تیری ہر بزرگی ہی بڑی ہے اے معبود ! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری پوری

نُّوۡرِكَ بِاَنۡوَرِهٖ وَكُلُّ نُوۡرِكَ نَیِّرٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ بِنُوۡرِكَ كُلِّهٖ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ

بزرگی کے واسطے اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے روشن نور میں سے اور تیرا ہر نور روشن ہے اے معبود ! میں

اَسۡئَلُكَ مِنۡ رَّحۡمَتِكَ بِاَوۡسَعِهَا وَكُلُّ رَحۡمَتِكَ وَاسِعَةٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ

سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے پوری نور کے واسطے اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری وسیع تر رحمت میں سے اور

بِرَحۡمَتِكَ كُلِّهَا ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَدۡعُوۡكَ كَمَاۤ اَمَرۡتَنِیۡ فَاسۡتَجِبۡ لِیۡ كَمَا وَعَدۡتَّنِیۡ

تیری ساری رحمت وسیع ہے اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری پوری رحمت کے واسطے اے معبود! میں دعا کرتا ہوں

اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ اَسۡئَلُكَ مِنۡ كَمَالِكَ بِاَكۡمَلِهٖ وَكُلُّ كَمَالِكَ كَامِلٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیۡۤ

تجھ سے جیسے تو نے حکم کیا پس میری دعا قبول کر جیسے کہ تو نے وعدہ کیا ہے اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے کامل

اَسْئَلُكَ بِكَمَالِكَ كُلِّهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ كَلِمَاتِكَ بِاَتَمِّهَا وَكُلُّ كَلِمَاتِكَ

ترین کمال میں سے اور تیرا ہر کمال ہی کامل ہے اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سبتیرے پورے کمال کے واسطے اے

تَآمَّةٌ،اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِكَلِمَاتِكَ كُلِّهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ اَسْمَآئِكَ

معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے سالم ترین کلمات میں سے اور تیرے سب کلمات ہی سالم تر ہیںاے معبود! میں سوال

بِاَكْبَرِهَا وَكُلُّ اَسْمَآئِكَ كَبِيْرَةٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاَسْمَآئِكَ كُلِّهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ

کرتا ہوں تجھ سے تیرے پورے کلمات کے واسطے اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے بہت بڑے ناموں میں سے

اَدْعُوْكَ كَمَا اَمَرْتَنِیْ فَاسْتَجِبْ لِیْ كَمَا وَعَدْتَّنِیْٓ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ

اور تیرے سارے ہی نام بڑے ہیں اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے تمام تر ناموں کے واسطے اے معبودمیں

عِزَّتِكَ بِاَعَزِّهَا وَكُلُّ عِزَّتِكَ عَزِيْزَةٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِعِزَّتِكَ كُلِّهَا ۔اَللّٰهُمَّ

دعا کرتا ہوں تجھ سے جیسے تو نے حکم کیا پس قبول کر میری دعا جیسے تو نے وعدہ کیا اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری

اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ مَشِيَّتِكَ بِاَمْضَاهَا وَكُلُّ مَشِيَّتِكَ مَاضِيَةٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ

بہت بڑی عزت میں سے اور تیری ہر عزت بہت بڑی ہے اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری تمام تر عزت کے واسطے

اَسْئَلُكَ بِمَشِيَّتِكَ كُلِّهَا ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِقُدْرَتِكَ الَّتِیْ اسْتَطَلْتَ بِهَا

اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے ارادے میں سے جو نافذ ہونے والا ہے اور تیرا ہر ارادہ نافذ ہونے والا ہے

عَلٰى كُلِّ شَیْءٍ وَكُلُّ قُدْرَتِكَ مُسْتَطِيْلَةٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِقُدْرَتِكَ كُلِّهَا

اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے پورے ارادے کے واسطے اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری قدر

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَدْعُوْكَ كَمَآ اَمَرْتَنِیْ فَاسْتَجِبْ لِیْ كَمَآ وَعَدْتَّنِیْٓ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ

ت کا جس سے تو ہر چیز پر قبضہ و غلبہ رکھتا ہے اور تیری ہر قدر ت قابض اور غالب ہے اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

مِنْ عِلْمِكَ بِاَنْفَذِهٖ وَّكُلُّ عِلْمِكَ نَافِذٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِعِلْمِكَ كُلِّهٖ ۔اَللّٰهُمَّ

تیری تمام تر قدرت کے واسطے اے معبود! میں دعا کرتا ہوں تجھ سے جیسے تو نے حکم کیا پس قبول کر میری دعا جیسے کہ تو نے وعدہ

اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ قَوْلِكَ بِاَرْضَاهُ وَكُلُّ قَوْلِكَ رَضِیٌّ،اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِقَوْلِكَ

کیا ہے کے واسطے اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے بڑے خوش آیند قول میں سے اور تیرا ہر قول خوش آیند ہے

كُلِّهٖ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ مَّسَآئِلِكَ بِاَحَبِّهَا وَكُلُّهَآ اِلَيْكَ حَبِيْبَةٌ، اَللّٰهُمَّاِنِّیْٓ

اے معبود! میں وہ سبھی تیرے نزدیک محبوب ہیں اے معبود! میںسوال کرتا ہوں تجھ سے سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے

اَسْئَلُكَ بِمَسَآئِلِكَ كُلِّهَآ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَدْعُوْكَ كَمَآ اَمَرْتَنِیْ فَاسْتَجِبْ لِیْ كَمَا

پورے قول کے واسطے اے معبود! میں طلب کرتا ہوں تجھ سے تیرے محبوب ترین سوالوں میں سے اور تیرے سبھی سوالوں کے

وَعَدْتَّنِیْ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ شَرَفِكَ بِاَشْرَفِهٖ وَكُلُّ شَرَفِكَ شَرِیْفٌ، اَللّٰهُمَّ

واسطے اے معبود! میں دعا کرتا ہوں تجھ سے جیسے تو نے حکم کیا پس قبول کر میری دعا جیسے کہ تو نے وعدہ کیا ہے اے معبود طلب

اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِشَرَفِكَ كُلِّهٖ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ سُلْطَانِكَ بِاَدْوَمِهٖ وَكُلُّ

کرتا ہوں تجھ سے تیری سب سے بڑی بزرگی میں سے اور تیری ہر بزرگی ہی سب سے بڑی ہے اے معبود !میں سوال کرتا

سُلْطَانِكَ دَآئِمٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِسُلْطَانِكَ كُلِّهٖ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ

ہوں تجھ سے تیری ساری بزرگی کے واسطے اے معبود ! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری سب سے دائمی سلطانی میں سے اور

مُلْكِكَ بِاَفْخَرِهٖ وَكُلُّ مُلْكِكَ فَاخِرٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِمُلْكِكَ كُلِّهٖ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ

تیری ہر سلطانی ہی دائمی ہے اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری تمام تر سلطانی کے واسطے اے معبود! میں سوال کرتا

اَدْعُوْكَ كَمَآ اَمَرْتَنِیْ فَاسْتَجِبْ لِیْ كَمَا وَعَدْتَّنِیْ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ

ہوں تجھ سے تیری سب سے بڑی حکومت میں سے اور تیری تمام تر حکومت بڑی ہے اے معبود ! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

عَلَآئِكَ بِاَعْلَاهُ وَكُلُّ عَلَآئِكَ عَالٍ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِعَلَآئِكَ كُلِّهٖ ۔ اَللّٰهُمَّ

تیری ساری حکومت کے واسطے اے معبود! میں دعا کرتا ہوں تجھ سے جیسے تو نے حکم کیا پس قبول کر میری دعا جیسے کہ تو نے وعدہ

اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ اٰیَاتِكَ بِاَعْجَبِهَا وَكُلُّ اٰیَاتِكَ عَجِیْبَةٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِاٰیَاتِكَ

کیا ہے اے معبود! طلب کرتا ہوں تجھ سے تیری سب سے بڑی بلندی میں سے اور تیری ہربلندی بہت بڑی ہے اے معبود !

كُلِّهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ مَّنِّكَ بِاَقْدَمِهٖ وَكُلُّ مَنِّكَ قَدِیْمٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ

سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری تمام تر بلندی کے واسطے اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری سب سے عجیب تر نشانیوں

اَسْئَلُكَ بِمَنِّكَ كُلِّهٖ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَدْعُوْكَ كَمَآ اَمَرْتَنِیْ فَاسْتَجِبْ لِیْ كَمَآ

میں سے اور تیری سبھی آیات عجیب ہیں اے اللہ! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری تمام تر آیتوں کے واسطے اے معبود! میں

وَعَدْتَّنِیْ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِمَآ اَنْتَ فِیْهِ مِنَ الشَّئُوْنِ وَالْجَبَرُوْتِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ

سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے سب سے قدیم احسان کااور تیرا ہر احسان قدیم ہے اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے

اَسْئَلُكَ بِكُلِّ شَاْنٍ وَّكُلِّ جَبَرُوْتٍ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ بِمَا تُجِیْبُنِیْ بِهٖ حِیْنَ

تیرے سارے احسان کے واسطے اے معبود! میں دعا کرتا ہوں تجھ سے جیسے تو نے حکم کیا پس قبول کر میری دعا جیسے کہ تو نے

اَسْئَلُكَ يَا اَللّٰهُ يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْئَلُكَ بِبَهَآءِ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

وعدہ کیا ہے اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اسکے واسطے جس میں تیری شان اور تیرا غلبہ ظاہر و عیاں ہے اے معبود!

اَسْئَلُكَ بِجَلَالِ لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ، يَا لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ اَسْئَلُكَ بِلَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ

میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری ہر شان اور تیرے ہر غلبے کے واسطے اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے اس نام کے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَدْعُوْكَ كَمَا اَمَرْتَنِيْ فَاسْتَجِبْ لِيْ كَمَا وَعَدْتَّنِيْ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ

واسطے جس سے تو جواب دیتا ہے جب میں تجھ سے مانگتا ہوں اے اللہ اے وہ کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں میں سوال کرتا ہوں

اَسْئَلُكَ مِنْ رِّزْقِكَ بِاَعَمِّهٖ وَكُلُّ رِزْقِكَ عَآمٌّ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِرِزْقِكَ كُلِّهٖ

لاالہ الا انت کے نور کے واسطے اے وہ کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں میں سوال کرتا ہوں تجھ سے لاالہ الا انت کے جلال کے

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ عَطَآئِكَ بِاَهْنَاهُ وَكُلُّ عَطَآئِكَ هَنِيْٓءٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ

واسطے اے وہ کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں میں تجھ سے سوال کرتا ہوں لاالہ الا انت کے واسطے اے معبود میں دعا کرتا ہوں

اَسْئَلُكَ بِعَطَآئِكَ كُلِّهٖ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ خَيْرِكَ بِاَعْجَلِهٖ وَكُلُّ خَيْرِكَ

تجھ سے جیسے تو نے حکم کیا پس قبول کر میری دعا جیسے تو نے وعدہ کیا ہے اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے وسیع تر

عَاجِلٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِخَيْرِكَ كُلِّهٖ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ

رزق میں سے اور تیرا ہر رزق وسیع ہے اے معبود میں سوال کرتا ہوں تیرے تمام رزق کے واسطے اے معبود! میں سوال

بِاَفْضَلِهٖ وَكُلُّ فَضْلِكَ فَاضِلٌ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِفَضْلِكَ كُلِّهٖ ۔ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْٓ

کرتا ہوں تجھ سے تیری خوشگوار عطا میں سے اور تیری ہر عطا خوشگوار ہے اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری تمام عطا

اَدْعُوْكَ كَمَآ اَمَرْتَنِيْ فَاسْتَجِبْ لِيْ كَمَا وَعَدْتَّنِيْ ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ

کے واسطیاے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری بھلائی میں سے جلد ملنے والی کا اور تیری ہر بھلائی جلد ملنے والی ہے اے

مُحَمَّدٍ وَّابْعَثْنِيْ عَلَى الْاِيْمَانِ بِكَ وَالتَّصْدِيْقِ بِرَسُوْلِكَ عَلَيْهِ وَاٰلِهِ السَّلَامُ

معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری ساری بھلائی کے واسطے اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیرے فضل میں سے

وَالْوِلَايَةِ لِعَلِيِّ بْنِ اَبِيْ طَالِبٍ وَالْبَرَآئَةِ مِنْ عَدُوِّهٖ وَالْاِيْتِمَامِ بِالْاَئِمَّةِ مِنْ اٰلِ

بہت بڑا فضل کا اور تیرا ہر فضل بہت بڑا ہے اے معبود! میں سوال کرتا ہوں تجھ سے تیری سارے فضل کے واسطے اے معبود!

مُحَمَّدٍ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ، فَاِنِّيْ قَدْ رَضِيْتُ بِذَالِكَ يَا رَبِّ ۔ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

میں دعا کرتا ہوں تجھ سے جیسے تو نے حکم کیا پس قبول کر میری دعا جیسے کہ تو نے وعدہ کیا ہے اے معبود! محمدؐ و آلِ محمدؐ پر رحمت

عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ فِي الْاَوَّلِيْنَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِي الْاٰخِرِيْنَ، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِي

نازل فرما اور اٹھا کھڑا کر مجھے جبکہ تجھ پر میرا ایمان ہو تیرے رسول کی تصدیق کروں ان پر اور ان کی آلؑ پر سلام ہو اور

الْمَلَإِ الْاَعْلٰى، وَصَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِي الْمُرْسَلِيْنَ ۔ اَللّٰهُمَّ اَعْطِ مُحَمَّدًا الْوَسِيْلَةَ

تصدیق کروں علیؑ ابن ابی طالبؑ کی ولایت کی دورر ہوں ان کے دشمنوں سے اور ائمہؑ کی پیروکاری کا کہ جو آل محمدؐ میں سے

وَالشَّرَفَ وَالْفَضِيْلَةَ وَالدَّرَجَةَ الْكَبِيْرَةَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ

ہیں ان سب پر سلام ہو پس میں راضی ہوں اس بات پر اے پروردگار اے معبود!حضرت محمدؐ پر رحمت فرما جو تیرے بندے

وَقَنِّعْنِيْ بِمَا رَزَقْتَنِيْ، وَبَارِكْ لِيْ فِيْمَا اٰتَيْتَنِيْ، وَاحْفَظْنِيْ فِيْ غَيْبَتِيْ وَكُلِّ غَآئِبٍ

اور تیرے رسولؐ ہیں پہلے لوگوں میں اور حضرت محمدؐ پر رحمت فرما پچھلے لوگوں میں حضرت محمدؐ پر رحمت فرما افلاک اور عرش

هُوَ لِيْ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّابْعَثْنِيْ عَلَى الْاِيْمَانِ بِكَ وَالتَّصْدِيْقِ

برین میں اور حضرت محمدؐ پر رحمت فرما پیغمبروں میں اے معبود! حضرت محمدؐ کو عطا فرما ذریعہ بلندی بڑائی اور بلند سے بلند تر

بِرَسُوْلِكَ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَسْئَلُكَ خَيْرَ الْخَيْرِ رِضْوَانَكَ

مقام اے معبود! محمدؐ و آلؑ محمدؐ پر رحمت فرما اور مجھے قانع کر اس رزق پر جو تو نے دیا برکت دے اس میں جو تو نے مجھے

وَالْجَنَّةَ وَاَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ الشَّرِّ سَخَطِكَ وَالنَّارِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ

دیا میری حفاظت کر میری غیبت میں اور اس میں جو مجھ سے غائب ہے اے معبود! محمدؐ وآلؑ محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور مجھے

مُحَمَّدٍ وَّاحْفَظْنِيْ مِنْ كُلِّ مُصِيْبَةٍ وَّمِنْ كُلِّ بَلِيَّةٍ وَّمِنْ كُلِّ عُقُوْبَةٍ وَّمِنْ كُلِّ

اٹھا جبکہ میرا تجھ پر ایمان ہو اور تیرے رسولؐ کی تصدیق کروں اے معبود!محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور میں سوال

فِتْنَةٍ وَّمِنْ كُلِّ بَلَآءٍ وَّمِنْ كُلِّ شَرٍّ وَّمِنْ كُلِّ مَكْرُوْهٍ وَّمِنْ كُلِّ مُصِيْبَةٍ وَّمِنْ

کرتا ہوں تجھ سے تیری بہتر سے بہتر خوشنودی اور جنت کااور پناہ لیتا ہوں تیرے سخت سے سخت غضب اور جہنم سے اے

كُلِّ اٰفَةٍ نَزَلَتْ اَوْ تَنْزِلُ مِنَ السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ وَفِيْ هٰذِهِ

معبود! محمدؐ و آلؑ محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور میری حفاظت کر ہر ایک مصیبت سے ہر ایک مشکل سے ہر ایک سزا سے ہر ایک

اللَّيْلَةِ، وَفِيْ هٰذَا الْيَوْمِ، وَفِيْ هٰذَا الشَّهْرِ وَفِيْ هٰذِهِ السَّنَةِ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ

الجھن سے ہرایک تنگی سے ہر ایک برائی سے ہر ایک ناپسند امر سے ہر ایک کھٹائی سے اورہر ایک آفت سے جو نازل ہوئی یا

وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاقْسِمْ لِيْ مِنْ كُلِّ سُرُوْرٍ وَّمِنْ كُلِّ بَهْجَةٍ، وَّمِنْ كُلِّ اسْتِقَامَةٍ،

نازل ہو آسمان سے زمین کی طرف اس موجودہ گھڑی میں آج کی رات میں آج کے دن میں اور اس مہینہ میں اور اس

وَّمِنْ كُلِّ فَرَجٍ، وَّمِنْ كُلِّ عَافِيَةٍ، وَّمِنْ كُلِّ سَلَامَةٍ، وَّمِنْ كُلِّ كَرَامَةٍ وَّمِنْ كُلِّ

رواں سال میں اے معبود! رحمت نازل فرما محمدؐ و آل محمدؐ پر اور نصیب کر مجھے ہر ایک راحت ہر ایک مسرت ہر طرح کی

رِزْقٍ وَّاسِعٍ حَلَالٍ طَيِّبٍ وَّمِنْ كُلِّ نِعْمَةٍ وَّمِنْ كُلِّ سَعَةٍ نَزَلَتْ اَوْ تَنْزِلُ مِنَ

ثابت قدمی ہر ایک کشادگی ہر ایک آرام ہر طرح کی سلامتی ہر طرح کی عزت اور ہر قسم کی روزی وسیع حلال پاکیزہ ہر طرح

السَّمَآءِ اِلَى الْاَرْضِ فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ، وَفِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ، وَفِيْ هٰذَا الْيَوْمِ، وَفِيْ هٰذَا

کی نعمت اور ہر ایک وسعت جو نازل ہوئی یا نازل ہو آسمان سے زمین کی طرف اس موجودہ گھڑی میں آج کی رات میں

الشَّهْرِ وَفِيْ هٰذِهِ السَّنَةِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَتْ ذُنُوْبِيْ قَدْ اَخْلَقَتْ وَجْهِيْ عِنْدَكَ

آج کے دن اس مہینے میں اور اس رواں سال میں اے معبود !اگر میرے گناہوں نے تیرے سامنے میرا چہرا پژمردہ کردیا

وَحَالَتْ بَيْنِيْ وَبَيْنَكَ وَغَيَّرَتْ حَالِيْ عِنْدَكَ فَاِنِّيْٓ اَسْئَلُكَ بِنُوْرِ وَجْهِكَ الَّذِيْ

وہ میرے اور تیرے درمیان حائل ہو گئے اور تیرے سامنے میرا حال خراب کر دیا ہے تو میں سوالی ہوں تیرے نور ذات

لَا يُطْفَأُ وَبِوَجْهِ مُحَمَّدٍ حَبِيْبِكَ الْمُصْطَفٰى، وَبِوَجْهِ وَلِيِّكَ عَلِيٍّ الْمُرْتَضٰى، وَبِحَقِّ

کے واسطے جو بجھتا نہیں اور محمدؐ کی عزت کے واسطے جو تیرے چنے ہوئے دوست ہیں اور تیرے ولی علی مرتضیٰؑ کی عزت کے واسطے

اَوْلِيَائِكَ الَّذِيْنَ انْتَجَبْتَهُمْ اَنْ تُصَلِّيَ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّاَنْ تَغْفِرَ لِيْ مَا

اور تیرے اولیاء کے وسیلے سے جن کو تو نے پسند کیا ہے یہ کہ تو محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور یہ کہ میں جو گناہ پہلے کر چکا

مَضٰى مِنْ ذُنُوْبِيْ، وَاَنْ تَعْصِمَنِيْ فِيْمَا بَقِيَ مِنْ عُمُرِيْ، وَاَعُوْذُ بِكَ اَللّٰهُمَّ اَنْ اَعُوْدَ

ہوں وہ معاف کر دے اور باقی زندگی میں گناہوں سے مجھے محفوظ رکھ اور تیری پناہ لیتا ہوں اے اللہ اس سے کہ تیری

فِيْ شَيْءٍ مِّنْ مَعَاصِيْكَ اَبَدًا مَّآ اَبْقَيْتَنِيْ، حَتّٰى تَتَوَفَّانِيْ وَاَنَا لَكَ مُطِيْعٌ وَاَنْتَ

نافرمانی کے کسی کام کیطرف پلٹوں جب تک تو مجھے زندہ رکھے یہاں تک کہ مجھے موت دے تو میں تیرا اطاعت گزار اور تو مجھ

عَنِّيْ رَاضٍ، وَاَنْ تَخْتِمَ لِيْ عَمَلِيْ بِاَحْسَنِهٖ وَتَجْعَلَ لِيْ ثَوَابَهُ الْجَنَّةَ وَاَنْ تَفْعَلَ بِيْ

سے راضی ہو اور یہ کہ تو میرے اعمال نامے کو نیکی پر ختم کرے اور اس کے ثواب میں مجھے جنت عطا کرے نیز میرے ساتھ وہ

مَآ اَنْتَ اَهْلُهٗ يَآ اَهْلَ التَّقْوٰى وَيَا اَهْلَ الْمَغْفِرَةِ صَلِّ عَلٰى

سلوک کر جو تیرے شایاں ہے اے بچانے والے اے پردہ پوشی کرنے والے محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما اور

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّارْحَمْنِيْ بِرَحْمَتِكَ يَآ اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ

اپنی رحمت سے مجھ پر رحم فرما اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

(۵) دو رکعت نماز اور ستر مرتبہ استغفار کے بعد شیخ و سید کی نقل کردہ وہ دعا پڑھے، جس کا آغاز الحمد للہ رب العالمین سے ہوتا ہے، ہر مومن اور مومنہ حضرت امیر علیہ السلام کی پیروی کرتے ہوئے صدقہ و خیرات کرے نیز حضرت کی زیارت پڑھے اور اس روز زیارت جامعہ کا پڑھنا زیادہ مناسب ہے۔

پچیسویں ذی الحجہ کا دن

۲۵ ذی الحجہ ایک عظیم الشان دن ہے کہ اسی روز اہل بیت ؑ کے حق میں سورۂ دھر نازل ہوا تھا، اس کی شان نزول یہ ہے کہ ان مقدس ہستیوں نے تین دن کے روزے رکھے، اپنی افطاری مسکین، یتیم، اور اسیر کو عطا کرتے ہوئے خود پانی سے افطار فرماتے رہے۔ پس بہتر ہے اہلبیت اطہارؑ کے پیروکار مسلمان ان بزرگواروں کی اتباع میں ۲۵ ذی الحجہ کی شب میں یتیموں اور مسکینوں کو صدقہ دیں اور ان کی تواضع کریں۔ نیز اس دن کا روزہ بھی رکھیں۔ بعض علماء آج کے دن کو روز مباہلہ بھی قرار دیتے ہیں لہذا زیارت جامعہ کے ساتھ ساتھ دعا مباہلہ کا پڑھنا بھی مناسب ہے۔

ذی الحجہ کا آخری دن

یہ اسلامی سال کا آخری دن ہے۔ سید نے کتاب اقبال میں روایت کی ہے کہ اس دن دو رکعت نماز بجالائے، جس کی ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۂ توحید اور دس مرتبہ آیۃ الکرسی پڑھے، نماز کے بعد یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ مَا عَمِلْتُ فِيْ هٰذِهِ السَّنَةِ مِنْ عَمَلٍ نَّهَيْتَنِيْ عَنْهُ وَلَمْ تَرْضَهُ وَنَسِيْتُهُ

اے معبود اس سال میں جو ایسا عمل میں نے کیا ہے جس سے تو نے مجھے روکا ہے جو تجھے پسند نہیں میں اسے بھول گیا ہوں لیکن تو

وَلَمْ تَنْسَهُ وَدَعَوْتَنِيْ اِلَى التَّوْبَةِ بَعْدَ اِجْتِرَآئِيْ عَلَيْكَ، اَللّٰهُمَّ فَاِنِّيْٓ اَسْتَغْفِرُكَ

اسے نہیں بھولا اور تو نے گناہ پر میری اس دلیری کے بعد مجھے توبہ کیطرف بلایا ہے اے معبود میں تجھ سے اس گناہ کی معافی

مِنْهُ فَاغْفِرْ لِيْ، وَمَا عَمِلْتُ مِنْ عَمَلٍ يُّقَرِّبُنِيْٓ اِلَيْكَ فَاقْبَلْهُ مِنِّيْ، وَلَا تَقْطَعْ

مانگتا ہوں مجھے بخش دے، میرا جو عمل مجھ کو تیرے نزدیک لانے والا ہے اسے قبول فرما اور میں تجھ سے جو آس رکھتا ہوں

رَجَآئِيْ مِنْكَ يَا كَرِيْمُ

اسے نہ توڑ اے مہربان۔

جب مومن یہ دعا پڑھے گا تو شیطان کہے گا افسوس ہے مجھ پر کہ میں نے اس سال کے دوران اس شخص کو گمراہ کرنے کی جتنی کوشش کی وہ اس کے ان کلمات کے ادا کرنے سے اکارت ہوگئی ہے اور اس نے اپنا یہ سال بخیر وخوبی پورا کرلیا ہے۔

ساتویں فصل:

ماہ محرم کے اعمال

واضح ہو کہ محرم کا مہینہ اہلبیتؑ اور ان کے پیروکاروں کے لئے رنج وغم کا مہینہ ہے۔امام علی رضاؑ سے روایت ہے کہ جب ماہ محرم آتا تھا تو کوئی شخص والد بزرگوار امام موسیٰ کاظمؑ کو ہنستے ہوئے نہ پاتا تھا، آپ پر حزن وملال طاری رہا کرتا اور جب دسویں محرم کا دن آتا تو آہ وزاری کرتے اور فرماتے کہ آج وہ دن ہے جس میں امام حسین علیہ السلام کو شہید کیا گیا تھا۔

پہلی محرم کی رات

سید نے کتاب اقبال میں اس رات کی چند نمازیں ذکر فرمائی ہیں:

(۱) سو رکعت نماز جس کی ہر رکعت میں سورۂ الحمد اور سورۂ توحید پڑھے:

(۲) دو رکعت نماز جس کی پہلی رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد سورۂ انعام اور دوسری رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد سورۂ یاسین پڑھے:

(۳) دو رکعت نماز جس کی ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد گیارہ مرتبہ سورۂ توحید پڑھے:

روایت ہوئی ہے کہ رسول خدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا کہ جو شخص اس رات دو رکعت نماز ادا کرے اور اس کی صبح جو کہ سال کا پہلا دن ہے روزہ رکھے تو وہ اس شخص کی مانند ہوگا جو سال بھر تک اعمال خیر بجالاتا رہا، وہ شخص اس سال محفوظ رہے گا اور اگر اسے موت آجائے تو وہ بہشت میں داخل ہوجائے گا، نیز سید نے محرم کا چاند دیکھنے کے وقت کی ایک طویل دعا بھی نقل فرمائی ہے۔

پہلی محرم کا دن

اسلامی سال کا پہلا دن ہے اس کے لئے دو عمل بیان ہوئے ہیں۔

(۱) روزہ رکھے، اس ضمن میں ریان بن شبیب نے امام علی رضا علیہ السلام سے روایت کی ہے۔ کہ جو شخص پہلی محرم کا روزہ رکھے اور خدا سے کچھ طلب کرے تو وہ اس کی دعا قبول فرمائے گا، جیسے حضرت زکریا علیہ السلام کی دعا قبول فرمائی تھی۔

(۲) امام علی رضا علیہ السلام سے روایت ہوئی ہے کہ حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہلی محرم کے دن دو رکعت نماز ادا فرماتے اور نماز کے بعد اپنے ہاتھ سوئے آسمان بلند کر کے تین مرتبہ یہ دعا پڑھتے تھے:

اَللّٰهُمَّ اَنْتَ الْاِلٰهُ الْقَدِيْمُ، وَهٰذِهٖ سَنَةٌ جَدِيْدَةٌ، فَاَسْئَلُكَ فِيْهَا الْعِصْمَةَ مِنَ

اے اللہ! تو معبود قدیمی ہے اور یہ نیا سال ہے جو اب آیا ہے پس اس سال کے دوران میں شیطان سے بچاؤ کا سوال

الشَّيْطَانِ وَالْقُوَّةَ عَلٰى هٰذِهِ النَّفْسِ الْاَمَّارَةِ بِالسُّوْٓءِ وَالْاِشْتِغَالَ بِمَا يُقَرِّبُنِيْٓ

کرتا ہوں اس نفس پر غلبے کا سوال کرتا ہوں جو برائی پر آمادہ کرتا ہے اور یہ کہ مجھے ان کاموں میں لگا جو مجھے تیرے

اِلَيْكَ يَا كَرِيْمُ، يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا عِمَادَ مَنْ لَّا عِمَادَ لَهٗ يَا ذَخِيْرَةَ مَنْ لَّا

نزدیک کریں اے مہربان اے جلالت اور بزرگی کے مالک اے بے سہاروں کے سہارے اے تہی دست لوگوں کے

ذَخِيْرَةَ لَهٗ يَا حِرْزَ مَنْ لَّا حِرْزَ لَهٗ يَا غِيَاثَ مَنْ لَا غِيَاثَ لَهٗ يَا سَنَدَ مَنْ لَّا سَنَدَ

خزانے اے بے کسوں کے نگہبانے بے بسوں کے فریاد رس اے بے حیثیتوں کی حیثیت اے بے خزانہ لوگوں کے خزانے

لَهٗ يَا كَنْزَ مَنْ لَّا كَنْزَ لَهٗ يَا حَسَنَ الْبَلَآءِ يَا عَظِيْمَ الرَّجَآءِ يَا عِزَّ الضُّعَفَآءِ يَا

اے بہتر آزمائش کرنے والے اے سب سے بڑی امید اے کمزوروں کی عزت اے ڈوبتوں کو تیرانے والے اے

مُنْقِذَ الْغَرْقٰى يَا مُنْجِيَ الْهَلْكٰى يَا مُنْعِمُ يَا مُجْمِلُ يَا مُفْضِلُ يَا مُحْسِنُ اَنْتَ الَّذِيْ

مرتوں کو بچانے والے اے نعمت والیاے جمال والے اے فضل والے اے احسان والے تو وہ ہے جس کو سجدہ کرتے ہیں

سَجَدَ لَكَ سَوَادُ اللَّيْلِ وَنُوْرُ النَّهَارِ وَضَوْءُ الْقَمَرِ، وَشُعَاعُ الشَّمْسِ، وَدَوِيُّ

رات کے اندھیرے دن کے اجالے چاند کی چاندنیاں سورج کی کرنیں پانی کی روانیاں اور درختوں کی سرسراہٹیں

الْمَآءِ، وَحَفِيْفُ الشَّجَرِ يَآ اَللّٰهُ لَا شَرِيْكَ لَكَ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنَا خَيْرًا مِّمَّا يَظُنُّوْنَ

اے اللہ تیرا کوئی شریک نہیں اے اللہ ہمیں لوگوں نیک گماں کافی ہے اسکے سوا کوئی معبود نہیں میں اسی پر بھروسہ کرتا ہوں

وَاغْفِرْ لَنَا مَا لَا يَعْلَمُوْنَ وَلَا تُؤَاخِذْنَا بِمَا يَقُوْلُوْنَ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ

اور وہ عرش عظیم کا پروردگار ہے ہمارا ایمان ہے کہ سب کچھ ہمارے رب کیطرف سے ہے اور صاحبان عقل سے بھی زیادہ

عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ، وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ اٰمَنَّا بِهٖ كُلٌّ مِّنْ عِنْدِ رَبِّنَا وَمَا

نیک بنا دے لوگ ہم کو اچھا سمجھتے ہیں ہمارے وہ گناہ بخش جن کو وہ نہیں جانتے اور جو کچھ وہ ہمارے بارے میں کہتے

يَذَّكَّرُ اِلَّآ أُولُوا الْاَلْبَابِ، رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ

ہیں اس پر ہماری گرفت نہ کر اللہ کے سوا کوئی نصیحت حاصل نہیں کرتا اے ہمارے رب ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ ہونے دے

هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُ ۔

جبکہ ہمیں تو نے ہدایت دی ہے اور ہمیں اپنی طرف سے رحمت عطا کر بے شک تو بہت عطا کرنے والا ہے۔

شیخ طوسیؒ نے فرمایا کہ محرم کے پہلے نو دنوں کے روزے رکھنا مستحب ہے مگر یوم عاشورہ کو عصر تک کچھ نہ کھائے پیئے، عصر کے بعد، تھوڑی سی خاک شفا سے فاقہ شکنی کرے، سید نے پورے ماہ محرم کے روزے رکھنے کی فضیلت لکھی اور فرمایا ہے کہ اس مہینے کے روزے انسان کو ہر گناہ سے محفوظ رکھتے ہیں۔

تیسری محرم کا دن

یہ وہ دن ہے جس دن حضرت یوسف علیہ السلام قید خانے سے آزاد ہوئے تھے، جو شخص اس دن کا روزہ رکھے حق تعالیٰ اس کی مشکلات آسان فرماتا ہے اور اس کے غم دور کر دیتا ہے نیز حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے روایت ہوئی ہے کہ اس دن کا روزہ رکھنے والے کی دعا قبول کی جاتی ہے۔

نویں محرم کا دن

یہ روز تاسوعا حسینی ہے، امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت ہے کہ نو (۹) محرم کے دن فوج یزید نے امام حسین علیہ السلام اور ان کے انصار کا گھیراؤ کر کے لوگوں کو ان کے قتل پر آمادہ کیا ابن مرجانہ اور عمر بن سعد اپنے لشکر کی کثرت پر خوش تھے اور امام حسین علیہ السلام کو ان کی فوج کی قلت کے باعث کمزور وضعیف سمجھ رہے تھے۔ انہیں یقین ہو گیا تھا کہ اب امام حسین علیہ السلام کا کوئی یار و مددگار نہیں آ سکتا اور عراق والے ان کی کچھ بھی مدد نہیں کر سکتے امام جعفر صادق علیہ السلام نے یہ بھی فرمایا کہ اس غریب وضعیف یعنی امام حسین علیہ السلام پر میرے والد بزرگوار فدا و قربان ہوں۔

دسویں محرم کی رات

یہ شب عاشور ہے، سید نے اس رات کی بہت سی با فضیلت نمازیں اور دعائیں نقل فرمائی ہیں۔ ان میں سے ایک سو

رکعت نماز ہے، جو اس رات پڑھی جاتی ہے اس کی ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تین مرتبہ سورۂ توحید پڑھے اور نماز سے فارغ ہونے کے بعد ستر مرتبہ کہے:

سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ

پاک تر ہے اللہ حمد اللہ ہی کے لئے ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اللہ بزرگتر ہے اور نہیں ہے کوئی طاقت وقوت

اِلَّا بِاللّٰهِ الْعَلِيِّ الْعَظِيْمِ

مگر وہی جو خدائے بلند و برتر سے ملتی ہے۔

بعض روایات میں ہے کہ الْعَلِيِّ الْعَظِيمِ کے بعد استغفار بھی پڑھے: اس رات کے آخری حصے میں چار رکعت نماز پڑھے کہ ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس مرتبہ آیۃ الکرسی۔ دس مرتبہ سورۂ توحید دس مرتبہ سورۂ فلق اور دس مرتبہ سورۂ ناس کی قرائت کرے اور بعد از سلام سو مرتبہ سورۂ توحید پڑھے:

آج کی رات چار رکعت نماز ادا کرے جس کی ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے سوائے یوم عاشور کے کیونکہ اس دن کا روزہ مکروہ ہے اور بعض کے نزدیک حرام ہے۔

بعد پچاس مرتبہ سورۂ توحید پڑھے، یہ وہی نماز امیر المؤمنینؑ ہے کہ جس کی بہت زیادہ فضیلت بیان ہوئی ہے۔ اس نماز کے بعد زیادہ سے زیادہ ذکر الٰہی کرے حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر صلوات بھیجے اور آپؐ کے دشمنوں پر بہت لعنت کرے۔ اس رات بیداری کی فضیلت میں روایت وارد ہوئی ہے کہ اس رات کو جاگنے والا اس کے مثل ہے جس نے تمام ملائکہ جتنی عبادت کی ہو، اس رات میں کی گئی عبادت ستر سال کی عبادت کے برابر ہے، اگر کسی شخص کیلئے یہ ممکن ہو تو آج رات کو اسے سر زمین کربلا میں رہنا چاہیے، جہاں وہ حضرت امام حسین علیہ السلام کے روضہ اقدس کی زیارت کرے اور حضرت امام حسینؑ کے قرب میں شب بیداری کرے تا کہ خدا اس کو امام حسینؑ کے ساتھیوں میں شمار کرے جو اپنے خون میں لتھڑے ہوئے تھے۔

دسویں محرم کا دن

یہ یوم عاشور ہے جو امام حسینؑ کی شہادت کا دن ہے یہ ائمہ طاہرینؑ اور ان کے پیروکاروں کیلئے مصیبت کا دن ہے اور حزن و ملال میں رہنے کا دن ہے، بہتر یہی ہے کہ امام علیؑ کے چاہنے اور ان کی اتباع کرنے والے مومن مسلمان آج کے دن دنیاوی کاموں میں مصروف نہ ہوں اور گھر کے لئے کچھ نہ کمائیں بلکہ نوحہ و ماتم اور نالہ بکاء کرتے رہیں، امام حسینؑ کیلئے مجالس برپا کریں اور اس طرح ماتم و سینہ زنی کریں جس طرح اپنے کسی عزیز کی موت پر ماتم کیا کرتے ہوں آج کے دن امام

حسین علیہ السلام کی زیارت عاشور پڑھیں جو تیسرے باب میں ذکر ہوگی، حضرت کے قاتلوں پر بہت زیادہ لعنت کریں اور ایک دوسرے کو امام حسین علیہ السلام کی مصیبت پر ان الفاظ میں پرسہ دیں۔

اَعْظَمَ اللّٰهُ اُجُوْرَنَا بِمُصَابِنَا بِالْحُسَيْنِ عَلَيْهِ السَّلَامُ وَجَعَلَنَا وَاِيَّاكُمْ مِّنَ

اللہ زیادہ کرے ہمارے اجر و ثواب کو اس پر جو کچھ ہم امام حسینؑ کی سوگواری میں کرتے ہیں اور ہمیں تمہیں امام حسینؑ کے

الطَّالِبِيْنَ بِثَارِهٖ مَعَ وَلِيِّهِ الْاِمَامِ الْمَهْدِيِّ مِنْ اٰلِ مُحَمَّدٍ عَلَيْهِمُ السَّلَامُ

خون کا بدلہ لینے والوں میں قرار دے اپنے ولی امام مہدیؑ کے ہم رکاب ہو کر کہ جو آل محمد ؐ میں سے ہیں۔

ضروری ہے کہ آج کے دن امام حسین علیہ السلام کی مجلس اور واقعات شہادت کو پڑھیں خود روئیں اور دوسروں کو رلائیں، روایت میں ہے کہ جب حضرت موسیٰؑ کو حضرت خضرؑ سے ملاقات کرنے اور ان سے تعلیم لینے کا حکم ہوا تو سب سے پہلی بات جس پر ان کے درمیان مذاکرہ مکالمہ ہوا وہ یہ ہے کہ حضرت خضرؑ نے حضرت موسیٰؑ کے سامنے ان مصائب کا ذکر کیا جو آل محمدؐ پہ آنا تھے، اور ان دونوں بزرگواروں نے ان مصائب پر بہت گریہ و بکا کیا۔ ابن عباس سے روایت ہے کہ انہوں نے کہا: میں مقام ذیقار میں امیر المؤمنینؑ کے حضور گیا تو آپ نے ایک کتابچہ نکالا جو آپ کا اپنا لکھا ہوا اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا لکھوایا ہوا تھا، آپ نے اس کا کچھ حصہ میرے سامنے پڑھا اس میں امام حسینؑ کی شہادت کا ذکر تھا اور اسی طرح یہ بھی تھا کہ شہادت کس طرح ہوگی اور کون آپ کو شہید کرے گا، کون کون آپ کی مدد و نصرت کرے گا اور کون کون آپ کے ہمرکاب رہ کر شہید ہوگا یہ ذکر پڑھ کر امیر المؤمنینؑ نے خود بھی گریہ کیا اور مجھ کو بھی خوب رلایا۔ مؤلف کہتے ہیں اگر اس کتاب میں گنجائش ہوتی تو میں یہاں امام حسینؑ کے کچھ مصائب ذکر کرتا، لیکن موضوع کے لحاظ سے اس میں ان واقعات کا ذکر نہیں کیا جا سکتا، لہذا قارئین میری کتب مقاتل کی طرف رجوع کریں۔ خلاصہ یہ کہ اگر کوئی شخص آج کے دن امام حسینؑ کے روضہ اقدس کے نزدیک رہ کر لوگوں کو پانی پلاتا رہے تو وہ اس شخص کی مانند ہے، جس نے حضرت کے لشکر کو پانی پلایا ہو اور آپ کے ہمرکاب کربلا میں موجود رہا ہو آج کے دن ہزار مرتبہ سورۂ توحید پڑھنے کی بڑی فضیلت ہے، روایت میں ہے کہ خدائے تعالیٰ ایسے شخص پر نظر رحمت فرماتا ہے، سید نے آج کے دن ایک دعا پڑھنے کی تاکید فرمائی ہے۔ جو دعائے عشرات کی مثل ہے، بلکہ بعض روایات کے مطابق وہ دعائے عشرات ہی ہے۔ شیخ نے عبداللہ بن سنان سے انہوں نے امام جعفر صادقؑ سے روایت کی ہے کہ یوم عاشور کو چاشت کے وقت چار رکعت نماز و دعا پڑھنی چاہیے کہ جسے ہم نے اختصار کے پیش نظر ترک کر دیا ہے پس جو شخص اسے پڑھنا چاہتا ہو وہ علامہ مجلسی کی کتاب زادالمعاد میں ملاحظہ کرے۔ یہ بھی ضروری اور مناسب ہے کہ شیعہ مسلمان آج کے دن

فاقہ کریں، یعنی کچھ کھائیں پئیں نہیں، مگر روزے کا قصد بھی نہ کریں عصر کے بعد ایسی چیز سے افطار کریں جو مصیبت زدہ انسان کھاتے ہیں مثلاً دودھ یا دھی وغیرہ نیز آج کے دن قمیضوں کے گریبان کھلے رکھیں اور آستینیں چڑھا کر ان لوگوں کی طرح رہیں جو مصیبت میں مبتلا ہوتے ہیں یعنی مصیبت زدہ لوگوں جیسی شکل وصورت بنائے رہیں۔ علامہ مجلسی نے زادالمعاد میں فرمایا ہے کہ بہتر ہے کہ نویں اور دسویں محرم کا روزہ نہ رکھے کیونکہ بنی امیہ اور ان کے پیروکار ان دو دنوں کو امام حسینؑ کو قتل کرنے کے باعث بڑے بابرکت وحشمت تصور کرتے ہیں اور ان دنوں میں روزہ رکھتے تھے، انہوں نے بہت سی وضعی حدیثیں حضرت رسولؐ کی طرف منسوب کر کے یہ ظاہر کیا کہ ان دو دنوں کا روزہ رکھنے کا بڑا اجر وثواب ہے حالانکہ اہلبیتؑ سے مروی کثیر حدیثوں میں ان دو دنوں اور خاص کر یوم عاشور کا روزہ رکھنے کی مذمت آئی ہے، بنی امیہ اور ان کی پیروی کرنے والے برکت کے خیال سے عاشورا کے دن سال بھر کا خرچہ جمع کر کے رکھ لیتے تھے اسی بنا پر امام رضاؑ سے منقول ہے کہ جو شخص یوم عاشورا اپنا دنیاوی کاروبار چھوڑے رہے تو حق تعالیٰ اس کے دنیا وآخرت سب کاموں کو انجام تک پہنچادے گا، جو شخص یوم عاشور کو گریہ وزاری اور رنج وغم میں گزارے تو خدائے تعالیٰ قیامت کے دن کو اس کیلئے خوشی ومسرت کا دن قرار دے گا اور اس شخص کی آنکھیں جنت میں اہلبیتؑ کے دیدار سے روشن ہوں گی، مگر جو لوگ یوم عاشورا کو برکت والا دن تصور کریں اور اس دن اپنے گھر میں سال بھر کا خرچ لاکر رکھیں تو حق تعالیٰ ان کی فراہم کی ہوئی جنس ومال کو ان کے لئے بابرکت نہ کرے گا اور ایسے لوگ قیامت کے دن یزید بن معاویہ، عبیداللہ بن زیاد اور عمر ابن سعد جیسے ملعون جہنمیوں کے ساتھ محشور ہوں گے اس لئے یوم عاشور میں کسی انسان کو دنیا کے کاروبار میں نہیں پڑنا چاہیے اور اس کی بجائے گریہ وزاری، نوحہ وماتم اور رنج وغم میں مشغول رہنا چاہیے نیز اپنے اہل وعیال کو بھی آمادہ کرے کہ وہ سینہ زنی وماتم میں اس طرح مشغول ہوں جیسے اپنے کسی رشتہ دار کی موت پر ہوا کرتے ہیں۔

آج کے دن روزے کی نیت کے بغیر کھانا پینا ترک کیئے رہیں اور عصر کے بعد تھوڑے سے پانی وغیرہ سے فاقہ شکنی کریں اور دن بھر فاقے سے نہ رہیں مگر یہ کہ اس پر کوئی روزہ واجب ہو جیسے نذر وغیرہ آج کے دن گھر میں سال بھر کیلئے غلہ وجنس جمع نہ کرے، آج کے دن ہنسنے سے پرہیز کریں، اور کھیل کود میں ہرگز مشغول نہ ہوں اور امام حسینؑ کے قاتلوں پر ان الفاظ میں ہزار مرتبہ لعنت کریں:

اَللّٰھُمَّ الْعَنْ قَتَلَةَ الْحُسَیْنِ

اے اللہ: امام حسینؑ کے قاتلوں پر بیزاری کر

مؤلف کہتے ہیں اس حدیث سے ظاہر ہوتا ہے کہ یوم عاشور کا روزہ رکھنے کے بارے میں جو حدیثیں آئیں وہ سب جعلی اور بناوٹی ہیں اور ان کو جھوٹوں نے حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی طرف منسوب کیا ہے:

اَللّٰهُمَّ اِنَّ هٰذَا يَوْمٌ تَبَرَّكَتْ بِهٖ بَنُوْ اُمَيَّةَ ۔

اے اللہ! یہ وہ دن ہے جس کو بنی امیہ نے بابرکت قرار دیا ہے۔

صاحب شفاء الصدور نے زیارت کے مندرجہ بالا جملے کے ذیل میں ایک طویل حدیث سے اس کی تشریح فرمائی ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ بنی امیہ آج کے منحوس دن کو چند وجوہات کی بنا پر بابرکت تصور کرتے تھے۔

(۱) بنی امیہ نے آج کے دن آیندہ سال کے لئے غلہ وجنس جمع کر رکھنے کو مستحب جانا اور اس کو وسعت رزق اور خوشحالی کا سبب قرار دیا چنانچہ اہلبیتؑ کی طرف سے ان کے اس زعم باطل کی بار بار تردید اور مذمت کی گئی ہے۔

(۲) بنی امیہ نے آج کے دن کو روز عید قرار دیا اور اس میں عید کے رسوم جاری کیے۔ جیسے اہل وعیال کے لئے عمدہ لباس وخوراک فراہم کرنا، ایک دوسرے سے گلے ملنا اور حجامت بنوانا وغیرہ لہذا یہ امور ان کے پیروکاروں میں عام طور پر رائج ہو گئے۔

(۳) انہوں نے آج کے دن کا روزہ رکھنے کی فضیلت میں بہت سی حدیثیں وضع کیں اور اس دن روزہ رکھنے پر عمل پیرا ہوئے۔

(۴) انہوں نے عاشور کے دن دعا کرنے اور اپنی حاجات طلب کرنے کو مستحب قرار دیا اس لئے اس سے متعلق بہت سے فضائل اور مناقب گھڑ لیے، نیز آج کے دن پڑھنے کے لئے بہت سی دعائیں بنائیں اور انہیں عام کیا تاکہ لوگوں کو حقیقت واقعہ کی سمجھ نہ آئے چنانچہ وہ آج کے دن اپنے شہروں میں منبروں پر جو خطبے دیتے، ان میں یہ بیان ہوا کرتا تھا کہ آج کے دن ہر نبی کے لئے شرف اور وسیلے میں اضافہ ہوا مثلاً نمرود کی آگ بجھ گئی حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی کنارے لگی، فرعون کا لشکر غرق ہوا حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو یہودیوں کے چنگل سے نجات حاصل ہوئی یعنی یہ سب امور آج کے دن وقوع میں آئے۔ تاہم ان کا یہ کہنا سفید جھوٹ کے سوا کچھ نہیں ہے۔

اس بارے میں شیخ صدوق نے جبلہ مکیہ سے نقل کیا ہے کہ میں نے میثم تمار سے سنا وہ کہتے تھے: خدا کی قسم! یہ امت اپنے نبیؐ کے فرزند کو دسویں محرم کے دن شہید کرے گی اور خدا کے دشمن اس دن کو بابرکت دن تصور کریں گے یہ سب کام ہو کر رہیں گے اور یہ باتیں اللہ کے علم میں آچکیں ہیں یہ بات مجھے اس عہد کے ذریعے سے معلوم ہے، جو مجھ کو امیر المؤمنینؑ کی

طرف سے ملا ہے جبلہ کہتے ہیں کہ میں نے میثم سے عرض کی کہ وہ لوگ امام حسین علیہ السلام کے روز شہادت کو کس طرح بابرکت قرار دیں گے؟ تب میثم رو پڑے اور کہا لوگ ایک ایسی حدیث وضع کریں گے جس میں کہیں گے کہ آج کا دن ہی وہ دن ہے کہ جب حق تعالیٰ نے حضرت آدم علیہ السلام کی توبہ قبول فرمائی۔ حالانکہ خدائے تعالیٰ نے ان کی توبہ ذی الحجہ میں قبول کی تھی وہ کہیں گے آج کے دن ہی خدا نے حضرت یونس علیہ السلام کو مچھلی کے پیٹ سے باہر نکالا حالانکہ خدا نے ان کو ذی القعدہ میں شکم ماہی سے نکالا تھا وہ تصور کریں گے کہ آج کے دن حضرت نوح علیہ السلام کی کشتی جودی پر رکی، جبکہ کشتی ۱۸ ذی الحجہ کو رکی تھی وہ کہیں گے کہ آج کے دن ہی حق تعالیٰ نے حضرت موسیٰ علیہ السلام کیلئے دریا کو چیرا، حالانکہ یہ واقعہ ربیع الاول میں ہوا تھا۔

خلاصہ یہ کہ میثم تمار کی اس روایت میں مذکورہ تصریحات وہ ہیں جو اصل میں نبوت و امامت کی علامات ہیں اور شیعہ مسلمانوں کے برسرحق ہونے کی روشن دلیل ہیں۔ کیونکہ اس میں ان باتوں کا ذکر ہے جو ہو چکی ہیں اور ہو رہی ہیں پس یہ تعجب کی بات ہے کہ اس واضح خبر کے باوجود ان لوگوں نے اپنے وہم و گمان کی بنا پر قرار دی ہوئی جھوٹی باتوں کے مطابق دعائیں بنا لی ہیں جو بعض بے خبر اشخاص کی کتابوں میں درج ہیں کہ جن کو ان کی اصلیت کا کچھ بھی علم نہ تھا۔ ان کتابوں کے ذریعے سے یہ دعائیں عوام کے ہاتھوں میں پہنچ گئی ہیں، لیکن ان دعاؤں کا پڑھنا بدعت ہونے کے علاوہ حرام بھی ہے ان بدعت و حرام دعاؤں میں سے ایک یہ ہے۔

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ مِلْأَ الْمِيْزَانِ، وَمُنْتَهَى الْعِلْمِ،

خدا کے نام سے جو رحمٰن و رحیم ہے پاک ہے اللہ ترازو کے پورا ہونے علم کی آخری حدوں

وَمَبْلَغَ الرِّضَا، وَزِنَةَ الْعَرْشِ

اور خوشنودی کی رسائی اور وزن عرش کے برابر۔

دو تین سطروں کے بعد یہ ہے کہ دس مرتبہ صلوات پڑھے پھر یہ کہے:

يَا قَابِلَ تَوْبَةِ اٰدَمَ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ يَا رَافِعَ اِدْرِيْسَ اِلَى السَّمَآءِ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ يَا

اے روز عاشور آدمؑ کی توبہ قبول کرنے والے اے عاشور کے دن ادریسؑ کو آسمان پر لے جانے

مُسَكِّنَ سَفِيْنَةِ نُوحٍ عَلَى الْجُوْدِيِّ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ، يَا غِيَاثَ اِبْرَاهِيْمَ مِنَ

والے ایاے روز عاشور نوحؑ کی کشتی کو جودی پہاڑ پر ٹکانے والے اے یوم عاشور ابراہیمؑ کو

النَّارِ يَوْمَ عَاشُوْرَآءَ

آگ سے نجات دینے والے.....

اس میں شک نہیں کہ یہ دعا مدینے کے کسی ناصبی یا مسقط کے کسی خارجی نے یا ان کے کسی ہم عقیدہ نے گھڑی ہے ،اس طرح اس نے وہ ظلم کیا ہے جو بنی امیہ کے ظلم کو انتہاء تک پہنچا دیتا ہے یہ بیان کتاب شفاء الصدور کے مندرجات کا خلاصہ ہے جو یہاں ختم ہوگیا ہے۔

بہرحال یوم عاشور کے آخری وقت میں امام حسینؑ کے اہل حرم انکی دختران اور اطفال کے حالات و واقعات کو نظر میں لانا چاہیے کہ اس وقت میدان کربلا میں ان پر کیا بیت رہی ہے ۔جب کہ وہ دشمنوں کے ہاتھوں قید میں ہیں اور اپنی مصیبتوں میں آہ وزاری کررہے ہیں، سچ تو یہ ہے کہ اہلبیتؑ پر وہ دکھ اور مصیبتیں آئی ہیں جو کسی انسان کے تصور میں نہیں آسکتیں اور قلم دان کو لکھنے کا یارا نہیں، کسی شاعر نے اس سانحہ کو کیا خوب بیان کیا ہے:

فَاجِعَةٌ اِنْ اَرَدْتُّ اَكْتُبُهَا	مُجْمَلَةً ذِكْرَةً لِّمُدَّكِرِ
یہ ایسی مصیبت ہے اگر اسے لکھوں	کسی یاد کرنے والے کیلئے مجمل سی یاددھانی
جَرَتْ دُمُوْعِیْ فَحَالَ حَآئِلُهَا	مَا بَيْنَ لَحْظِ الْجُفُوْنِ وَالزُّبُرِ
تو میرے آنسو نکل پڑتے ہیں اور	میری آنکھوں اور اوراق کے درمیان حائل ہوجاتے ہیں
وَقَالَ قَلْبِیْ بُقْيَا عَلَیَّ فَلَا	وَاللّٰهِ مَا قَدْ طُبِعْتُ مِنْ حَجَرِ
میرا دل کہتا ہے رحم کر مجھ پر نہیں میں	بخدا کوئی پتھر کہ میری تو جان نکلے جارہی
بَكَتْ لَهَا الْاَرْضُ وَالسَّمَآءُ	وَمَا بَيْنَهُمَا فِیْ مَدَامِعٍ حُمُرِ
اس پر روئے ہیں زمین وآسماں	اور جو کچھ ان کے درمیان ہے خون کے آنسو

یوم عاشور کے آخر وقت کھڑا ہوجائے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ، امیر المؤمنینؑ، جناب فاطمہؑ، امام حسنؑ اور باقی ائمہؑ جو اولاد امام حسینؑ میں سے ہیں، ان سب پر سلام بھیجے اور گریہ کی حالت میں ان کو پرسہ دے اور یہ زیارت پڑھے:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اٰدَمَ صَفْوَةِ اللّٰهِ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ نُوحٍ

آپ پر سلام ہو اے آدمؑ کے وارث جو برگزیدۂ خدا ہیں آپ پر سلام ہو اے نوحؑ کے وارث جو اللہ کے

نَبِیِّ اللّٰهِ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ اِبْرَاهِيْمَ خَلِيْلِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا

نبی ہیں آپ پر سلام ہو اے ابراہیمؑ کے وارث جو اللہ کے دوست ہیں آپ پر سلام ہو اے موسیٰؑ کے

وَاَرِثَ مُوْسٰی كَلِيْمِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عِيْسٰی رُوحِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ

وارث جو خدا کے کلیم ؑ ہیں آپ پر سلام ہو اے عیسٰی ؑ کے وارث جو خدا کی روح ہیں آپ پر سلام ہو اے محمدؐ

عَلَيْكَ يَا وَارِثَ مُحَمَّدٍ حَبِيْبِ اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ عَلِيٍّ اَمِيْرِ

کے وارث جو خدا کے حبیب ہیں آپ پر سلام ہو اے علیؑ کے وارث جو مؤمنوں کے امیر اور ولی خدا ہیں

الْمُؤْمِنِيْنَ وَ لِيِّ اللّٰهِ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا وَارِثَ الْحَسَنِ الشَّهِيْدِ سِبْطِ رَسُوْلِ

آپ پر سلام ہو اے حسنؑ کے وارث جو شہید ہیں اللہ کے رسولؐ کے نواسے ہیں آپ پر سلام ہو اے خدا کے

اللّٰهِ اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ الْبَشِيْرِ النَّذِيْرِ

رسول ؐ کے فرزند آپ پر سلام ہو اے بشیر و نذیر اور وصیوں کے سردار کے فرزند آپ پر سلام ہو اے

وَابْنَ سَيِّدِ الْوَصِيِّيْنَ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَابْنَ فَاطِمَةَ سَيِّدَةِ نِسَآءِ الْعَالَمِيْنَ،

فرزند فاطمہؑ جو جہانوں کی عورتوں کی سردار ہیں آپ پر سلام ہو اے ابو عبداللہ آپ پر سلام ہو اے خدا

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَآ اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا خِيَرَةَ اللّٰهِ وَابْنَ

کے پسند کیے ہوئے اور پسندیدہ کے فرزند آپ پر سلام ہو اے شہید راہ خدا اور شہید کے فرزند آپ پر

خِيَرَتِهٖ،اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا ثَارَ اللّٰهِ وَابْنَ ثَارِهٖ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَ يُّهَا الْوِتْرُ

سلام ہو اے وہ مقتول جس کے قاتل ہلاک ہوگئے آپ پرسلام ہو اے ہدایت و پاکیزگی والے امام اور

الْمَوْتُوْرُ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ اَيُّهَا الْاِمَامُ الْهَادِی الزَّكِيُّ وَعَلٰٓی اَرْوَاحٍ حَلَّتْ

سلام ان روحوں پر جوآپ کے آستاں پر سوگئیں اور آپ کی قربت میں رہ رہی ہیں اور سلام ہو ان پر جو

بِفِنَآئِكَ وَاَقَامَتْ فِیْ جِوَارِكَ وَوَفَدَتْ مَعَ زُوَّارِكَ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ مِنِّیْ مَا

آپکے زائروں کیساتھ آئیں میرا آپ پر سلام ہو جب تک میں زندہ ہوں اور جب تک رات دن کا سلسلہ

بَقِيْتُ وَبَقِیَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ،فَلَقَدْ عَظُمَتْ بِكَ الرَّزِيَّةُ وَجَلَّ الْمُصَابُ فِیْ

قائم ہے یقینا آپ پر بہت بڑی مصیبت گزری ہے اور اس سے بہت زیادہ سوگواری ہے مومنوں اور

الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَفِیْٓ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ اَجْمَعِيْنَ وَفِیْ سُكَّانِ الْاَرَضِيْنَ

مسلمانوں میں آسمانوں میں رہنے والی ساری مخلوق میں اور زمین میں رہنے والی خلقت میں پس اللہ ہم ہی

فَاِنَّا لِلّٰهِ وَ اِنَّآ اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ، وَصَلَوَاتُ اللّٰهِ وَبَرَكَاتُهٗ وَتَحِيَّاتُهٗ عَلَيْكَ وَعَلٰٓی

کیلئے ہیں اور ہم اس کی طرف لوٹ کر جائیں گے خدا کی رحمتیں ہوں اس کی برکتیں آپ پر سلام ہو اور آپ

اٰبَآئِكَ الطَّاهِرِيْنَ الطَّيِّبِيْنَ الْمُنْتَجَبِيْنَ وَعَلٰى ذَرَارِيْهِمُ الْهُدَاةِ الْمَهْدِيِّيْنَ

کے آباء واجداد پر جو پاک نہاد نیک سیرت اور برگزیدہ ہیں اور ان کی اولاد پر کہ جو ہدایت یافتہ پیشوا

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا مَوْلَايَ وَعَلَيْهِمْ وَعَلٰى رُوْحِكَ وَعَلٰٓى اَرْوَاحِهِمْ،وَعَلٰى

ہیں آپ پر سلام ہو اے میرے آقا اور ان سب پرسلام ہو آپ کی روح پر اور ان کی روحوں پراور

تُرْبَتِكَ وَعَلٰى تُرْبَتِهِمْ اَللّٰهُمَّ لَقِّهِمْ رَحْمَةً وَّرِضْوَانًا وَّرَوْحاً وَّرَيْحَانًا اَلسَّلَامُ

سلام ہو آپکے مزار پر اور ان کے مزاروں پر اے اللہ !ان سے مہربانی خوشنودی مسرت اور خوش روئی

عَلَيْكَ يَا مَوْلَايَ يَا اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ يَابْنَ خَاتَمِ النَّبِيِّيْنَ،وَيَابْنَ سَيِّدِ الْوَصِيِّيْنَ،

کے ساتھ پیش آئے آپ پر سلام ہو اے میرے سردار اے ابوعبداللہ اے نبیوں کے خاتم کے فرزند اے

وَيَابْنَ سَيِّدَةِ نِسَآءِ الْعَالَمِيْنَ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا شَهِيْدُ، يَابْنَ الشَّهِيْدِ، يَآ اَخَ

اوصیاء کے سردار کے فرزند اے جہانوں کی عورتوں کی سردار کے فرزند آپ پر سلام ہو اے شہید اے

الشَّهِيْدِ،يَآ اَبَا الشُّهَدَآءِ ۔ اَللّٰهُمَّ بَلِّغْهُ عَنِّيْ فِيْ هٰذِهِ السَّاعَةِ وَفِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَفِيْ

فرزند شہید اے برادر شہید اے پدر شہیداں اے اللہ! پہنچا ان کو میری طرف سے اس گھڑی میں آج کے

هٰذَا الْوَقْتِ وَفِيْ كُلِّ وَقْتٍ تَحِيَّةً كَثِيْرَةً وَّسَلَامًا،سَلَامُ اللّٰهِ عَلَيْكَ وَرَحْمَةُ اللّٰهِ

دن میں اور موجودہ وقت میں اور ہرہر وقت میں بہت بہت درود اور سلام، آپ پر اللہ کا سلام ہواللہ کی

وَبَرَكَاتُهٗ يَابْنَ سَيِّدِ الْعَالَمِيْنَ وَعَلَى الْمُسْتَشْهَدِيْنَ مَعَكَ سَلَامًا مُّتَّصِلًا مَّا

رحمت اور اس کی برکات ہوں اے جہانوں کے سردار کے فرزند اور ان پرجو آپ کے ساتھ شہید ہوئے

اتَّصَلَ اللَّيْلُ وَالنَّهَارُ اَلسَّلَامُ عَلَى الْحُسَيْنِ بْنِ عَلِيٍّ الشَّهِيْدِ،اَلسَّلَامُ عَلٰى

سلام ہو لگاتار سلام جب تک رات دن باہم ملتے ہیں حسینؑ ابن علیؑ شہید پر سلام ہو علیؑ ابن حسینؑ شہید پر سلام ہو

عَلِيِّ بْنِ الْحُسَيْنِ الشَّهِيْدِ،اَلسَّلَامُ عَلَى الْعَبَّاسِ بْنِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ الشَّهِيْدِ

عباسؑ ابن امیر المؤمنینؑ شہید پر سلام ہوان شہیدوں پر سلام ہو جو امیرالمؤمنینؑ کی اولاد میں سے ہیں ان

اَلسَّلَامُ عَلَى الشُّهَدَآءِ مِنْ وُّلْدِ اَمِيْرِ الْمُؤْمِنِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَى الشُّهَدَآءِ مِنْ

شہیدوں پر سلام ہو جواولاد حسنؑ سے ہیں ان شہیدوں پر سلام ہو جو اولاد حسینؑ سے ہیں ان شہیدوں پر سلام

وُلْدِ الْحَسَنِ، اَلسَّلَامُ عَلَى الشُّهَدَآءِ مِنْ وُلْدِ الْحُسَيْنِ،اَلسَّلَامُ عَلَى الشُّهَدَاءِ

ہو جو جعفرؑ اور عقیلؑ کی اولاد سے ہیں مومنوں میں سے ان سب شہیدوں پر سلام ہو جو ان کے ساتھشہید ہوئے

مِنْ وُّلْدِ جَعْفَرٍ وَّعَقِيلٍ اَلسَّلَامُ عَلٰى كُلِّ مُسْتَشْهَدٍ مَّعَهُمْ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ ۔

اے اللہ! محمدؐ و آلِ محمدؐ پر رحمت نازل کر اور پہنچا ان کو میری طرف سے بہت بہت درود اور سلام آپ پر

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَلِّغْهُمْ عَنِّيْ تَحِيَّةً كَثِيْرَةً وَّسَلَامًا ۔

سلام ہو اے خدا کے رسولؐ خدائے تعالیٰ آپ کے فرزند حسینؑ کے بارے میں آپ کے ساتھ بہترین تعزیت

اَلسَّلَامُ عَلَيْكَ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَكَ الْعَزَآءَ فِيْ وَلَدِكَ الْحُسَيْنِ،

کرے آپ پر سلام ہو اے فاطمہؑ خدائے تعالیٰ آپ کے فرزند حسینؑ کے بارے میں آپ کے ساتھ بہترین

اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا فَاطِمَةُ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَكِ الْعَزَآءَ فِيْ وَلَدِكِ الْحُسَيْنِ، اَلسَّلَامُ

تعزیت کرے آپ پر سلام ہو اے امیرالمؤمنینؑ خدائے تعالیٰ آپ کے فرزند حسینؑ کے بارے میں آپ کے

عَلَيْكَ يَآ اَمِيْرَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَكَ الْعَزَاءَ فِيْ وَلَدِكَ الْحُسَيْنِ، اَلسَّلَامُ

ساتھ بہترین تعزیت کرے آپ پر سلام ہو اے ابومحمدؑ حسنؑ خدائے تعالیٰ آپکے بھائی حسینؑ کے بارے میں

عَلَيْكَ يَآ اَبَا مُحَمَّدٍ الْحَسَنَ اَحْسَنَ اللّٰهُ لَكَ الْعَزَآءَ فِيْ اَخِيْكَ الْحُسَيْنِ، يَا مَوْلَايَ يَا

آپکے ساتھ بہترین تعزیت کرے اے میرے سردار اے ابوعبداللہؑ میں اللہ کا مہمان اور آپ کا مہمان

اَبَا عَبْدِ اللّٰهِ اَنَا ضَيْفُ اللّٰهِ وَضَيْفُكَ وَجَارُ اللّٰهِ وَجَارُكَ، وَلِكُلِّ ضَيْفٍ وَّجَارٍ

ہوں اور خدا کی پناہ اور آپکی پناہ میں ہوں یہاں ہر مہمان اور پناہ گیر کی پذیرائی ہوتی ہے اور اس

قِرًى وَّقِرَايَ فِيْ هٰذَا الْوَقْتِ اَنْ تَسْئَلَ اللّٰهَ سُبْحَانَهٗ وَتَعَالٰى اَنْ يَّرْزُقَنِيْ

وقت میری پذیرائی یہی ہے کہ آپ سوال کریں اللہ سے جو پاک تر اورعالی قدر ہے یہ کہ میری گردن کو

فَكَاكَ رَقَبَتِيْ مِنَ النَّارِ اِنَّهٗ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ قَرِيْبٌ مُّجِيْبٌ ۔

عذاب جہنم سے آزاد کردے بے شک وہ دعا کا سننے والا ہے نزدیک تر قبول کرنے والا۔

پچیسویں محرم کا دن

بہت سے علما کے نزدیک ۲۵ محرم ۹۴ھ کے دن امام زین العابدین علیہ السلام کی شہادت واقع ہوئی تھی، بعض علماء نے آپکی شہادت کا دن ۱۲ محرم ۹۵ھ بیان کیا ہے، کہ جس سال کو سنۃ الفقہاء کا نام دیا گیا ہے۔

آٹھویں فصل

ماہ صفر کے اعمال

یہ مہینہ اپنی نحوست کے ساتھ مشہور ہے اور نحوست کو دور کرنے میں صدقہ دینے، دعا کرنے اور خدا سے پناہ طلب کرنے سے بہتر کوئی اور چیز وارد نہیں ہوئی اگر کوئی شخص اس مہینے میں وارد ہونے والی بلاؤں سے محفوظ رہنا چاہے تو جیسا کہ محدث فیض اور دیگر بزرگوں نے فرمایا ہے، وہ اس دعا کو ہر روز دس مرتبہ پڑھتا رہے:

يَا شَدِيْدَ الْقُوٰى وَيَاشَدِيْدَ الْمِحَالِ يَاعَزِيْزُ يَاعَزِيْزُ يَاعَزِيْزُ ذَلَّتْ بِعَظَمَتِكَ

اے زبردست قوتوں والے اے سخت گرفت کرنے والے اے غالب اے غالب اے غالب تیری بڑائی کے آگے تیری ساری

جَمِيْعُ خَلْقِكَ فَاكْفِنِيْ شَرَّ خَلْقِكَ، يَا مُحْسِنُ يَا مُجْمِلُ يَا مُنْعِمُ يَا مُفْضِلُ يَا لَآ اِلٰهَ

مخلوق پست ہے پس اپنی مخلوق کے شر سے بچائے رکھ اے احسان والے اے نیکی والے اے نعمت والے اے فضل والیاے کہ

اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ فَاسْتَجَبْنَا لَهٗ وَنَجَّيْنَاهُ مِنَ الْغَمِّ

نہیں کوئی معبود سوائے تیرے تو پاک تر ہے بے شک میں ظالموں میں سے ہوں پس ہم نے اسکی دعا قبول کی اور اسے نجات دے دی

وَ كَذٰلِكَ نُنْجِي الْمُؤْمِنِيْنَ، وَصَلَّى اللّٰهُ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهِ الطَّيِّبِيْنَ الطَّاهِرِيْنَ

اور ہم مومنوں کو اسی طرح نجات دیتے ہیں خدا محمدؐ اور ان کی آلؑ پر رحمت نازل کرے جو پاک و پاکیزہ ہیں۔

سید نے اس مہینے کا چاند دیکھنے کے وقت کی ایک دعا بھی نقل کی ہے:

پہلی صفر کا دن

۳۷ھ میں اس دن امیر المؤمنینؑ اور معاویہ کے درمیان جنگ صفین لڑی گئی، ایک قول کے مطابق ۶۱ھ میں، اس دن امام حسینؑ کا سر مبارک دمشق پہنچایا گیا جس سے بنی امیہ کو خوشی ہوئی اور انہوں نے عید منائی یہی وجہ ہے کہ اس روز رنج و غم تازہ ہو جاتا ہے، اس دن عراق کے مومنین کے گھروں میں صف ماتم بچھی ہوتی ہے اور شام میں بنی امیہ اس کو عید قرار دے رہے ہوتے ہیں اس دن یا ایک قول کے مطابق ۱۲۱ھ میں تیسری صفر کے دن امام زین العابدینؑ کے فرزند زید کو شہید کیا گیا۔

تیسری صفر کا دن

سید ابن طاؤس ہمارے علماء کی کتابوں سے نقل کرتے ہیں کہ اس دن دو رکعت نماز پڑھنا مستحب ہے اس کی پہلی رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد سورۂ انا فتحنا اور دوسری رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد سورۂ توحید پڑھے پھر سو مرتبہ صلوات پڑھے اور سو مرتبہ کہے:

اَللّٰهُمَّ الْعَنْ اٰلَ اَبِیْ سُفْیَانَ

اے اللہ! آل ابوسفیان پر پھٹکار بھیج۔

اس کے بعد سو مرتبہ استغفار کرے اور اپنی حاجات طلب کرے۔

ساتویں صفر کا دن

شہید اور کفعمی کے قول کے مطابق ۷ صفر ۱۲۸ھ کو مکہ مدینہ کے درمیان ابواء کے مقام پر حضرت امام موسیٰ کاظم علیہ السلام کی ولادت باسعادت ہوئی۔

بیسویں صفر کا دن

یہ امام حسین علیہ السلام کے چہلم کا دن ہے، بقول شیخین، امام حسین علیہ السلام کے اہل حرم نے اسی دن شام سے مدینہ کی طرف مراجعت کی، اسی دن جابر بن عبداللہ انصاری حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کیلئے کربلا معلیٰ پہنچے اور یہ بزرگ حضرت امام حسین علیہ السلام کے اولین زائر ہیں، آج کے دن حضرت امام حسین علیہ السلام کی زیارت کرنا مستحب ہے، حضرت امام حسن عسکری علیہ السلام سے روایت ہوئی ہے کہ مومن کی پانچ علامتیں ہیں:

(۱) رات دن میں اکاون رکعت نماز فریضہ و نافلہ ادا کرنا

(۲) زیارت اربعین پڑھنا

(۳) دائیں ہاتھ میں انگوٹھی پہننا

(۴) سجدے میں پیشانی خاک پر رکھنا،

(۵) اور نماز میں بہ آواز بلند بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ پڑھنا، نیز شیخ نے تہذیب اور مصباح میں اس دن کی مخصوص زیارت حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سے نقل کی ہے جسے ہم انشاء اللہ باب زیارات میں درج کریں گے۔

اٹھائیسویں صفر کا دن

۱۱ھ ۲۸ صفر سوموار کے دن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات ہوئی، جبکہ آپ کی عمر شریف تریسٹھ ۶۳ سال تھی۔

چالیس سال کی عمر میں آپ تبلیغ رسالت کیلئے مبعوث ہوئے، اس کے بعد تیرہ سال تک مکہ معظّمہ میں لوگوں کو خدا پرستی کی دعوت دیتے رہے ترپن برس کی عمر میں آپ نے مکہ معظّمہ سے مدینہ منورہ کی طرف ہجرت فرمائی اور پھر ان کے دس سال بعد آپ نے اس دنیاء فانی سے رحلت فرمائی امیر المؤمنین علیہ السلام نے بنفس نفیس آپ کو غسل و کفن دیا حنوط کیا اور آپ کی نماز جنازہ پڑھی پھر دوسرے لوگوں نے بغیر کسی امام کے گروہ در گروہ آپ کا جنازہ پڑھا، بعد میں امیر المؤمنین علیہ السلام نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اسی حجرے میں دفن کیا، جس میں آپ کی وفات ہوئی تھی۔

انس ابن مالک سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دفن کے بعد جناب سیدہ علیہا السلام میرے قریب آئیں اور فرمایا اے انس! تمہارے دلوں نے یہ کس طرح گوارا کیا کہ آنحضرتؐ کے جسد مبارک پر مٹی ڈالی جائے۔ پھر آپ نے روتے ہوئے فرمایا۔

يَآ اَبَتَاهُ اَجَابَ رَبًّا دَعَاهُ	يَآ اَبَتَاهُ مِنْ رَّبِّهٖ مَآ اَدْنَاهُ
باباجان نے رب کی آواز پر لبیک کہا	باباجان آپ اپنے رب کے کتنے قریب ہیں

ایک معتبر روایت کے مطابق بی بی نے آنحضرتؐ کی قبر مبارک کی تھوڑی سی مٹی لے کر آنکھوں سے لگائی اور فرمایا:

مَاذَا عَلَى الْمُشْتَمِّ تُرْبَةَ اَحْمَدٍ	اَنْ لَّا يَشَمَّ مَدَى الزَّمَانِ غَوَالِيَا
جو احمد مجتبیٰ کی تربت کی خوشبو سونگھے	وہ تا زندگی دوسری خوشبو نہ سونگھے گا
صُبَّتْ عَلَيَّ مَصَآئِبٌ لَّوْ اَنَّهَا	صُبَّتْ عَلَى الْاَيَّامِ صِرْنَ لَيَالِيَا
مجھ پر وہ مصیبتیں پڑی ہیں اگر وہ	دنوں پر آتیں تو وہ کالی راتیں بن جاتے

شیخ یوسف شامی نے درالنظیم میں نقل کیا ہے کہ جناب سیدہؑ نے اپنے والد بزرگوار پر یہ مرثیہ پڑھا:

قُلْ لِّلْمُغَيَّبِ تَحْتَ اَطْبَاقِ الثَّرٰى	اِنْ كُنْتَ تَسْمَعُ صَرْخَتِيْ وَنِدَآئِيَا
خاک پردوں میں غائب ہونے والے سے کہو	اگر تو میری فریاد اور پکار سن رہا ہے
صُبَّتْ عَلَيَّ مَصَآئِبٌ لَّوْ اَنَّهَا	صُبَّتْ عَلَى الْاَيَّامِ صِرْنَ لَيَالِيَا
مجھ پر وہ مصیبتیں پڑی ہیں کہ اگر وہ	دنوں پر آتیں تو وہ کالی راتیں بن جاتے
قَدْ كُنْتُ ذَاتَ حِمًى بِظِلِّ مُحَمَّدٍ	لَآ اَخْشَ مِنْ ضَيْمٍ وَّكَانَ حِمَالِيَا
میں محمدؐ کی حمایت کے سائے میں تھی	مجھے کسی کے ظلم کا ڈر نہ تھا ان کی پناہ میں
فَالْيَوْمَ اَخْضَعُ لِلذَّلِيْلِ وَاَتَّقِيْ	ضَيْمِيْ وَاَدْفَعُ ظَالِمِيْ بِرِدَآئِيَا
لیکن آج پست لوگوں کے سامنے حاضر ہوں	ظلم کا خوف ہے اپنی چادر سے ظالم کو ہٹاتی ہوں
فَاِذَا بَكَتْ قُمْرِيَّةٌ فِيْ لَيْلِهَا	شَجَنًا عَلٰى غُصْنٍ بَكَيْتُ صَبَاحِيَا
رات کی تاریکی میں جب قمری شاخ پر روئے	میں شاخ پر صبح کے وقت روتی ہوں
فَلَاَجْعَلَنَّ الْحُزْنَ بَعْدَكَ مُؤْنِسِيْ	وَلَاَجْعَلَنَّ الدَّمْعَ فِيْكَ وِشَاحِيَا
بابا آپ کے بعد میں نے غم کو اپنا ہمدم بنالیا	آپ کے غم میں اشکوں کے ہار پروتی ہوں

شہید اور کفعمی کے بقول ۵۰ھ میں اٹھائیسویں صفر کو امام حسن علیہ السلام کی شہادت ہوئی جبکہ جعدہ بنت اشعث نے معاویہ کے اشارے پر آپ کو زہر دیا تھا۔

صفر کا آخری دن

شیخ طبرسی و ابن اثیر کے بقول ۲۰۳ھ میں اسی دن امام علی رضا علیہ السلام کی شہادت اس زہر سے ہوئی جو آپ کو انگور میں دیا گیا۔ جب کہ آپ کی عمر ۵۵ برس تھی آپ کا روضہ مبارک سنا باد نامی بستی میں حمید بن قحطبہ کے مکان میں ہے، جو طوس کا علاقہ ہے اب وہ مشہد مقدس کے نام سے مشہور ہے جہاں لاکھوں افراد زیارت کو آتے ہیں، ہارون الرشید عباسی کی قبر بھی وہیں ہے۔

نویں فصل

ماہ ربیع الاول کے اعمال

پہلی ربیع الاول کی رات

بعثت کے تیرھویں سال اسی رات حضرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مکہ معظّمہ سے مدینہ منورہ کو ہجرت کا آغاز ہوا، اس رات آپ غار ثور میں پوشیدہ رہے اور حضرت امیر علیہ السلام اپنی جان آپ پر فدا کرنے کیلئے مشرک قبائل کی تلواروں سے بے پرواہ ہو کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بستر پر سو رہے تھے۔ اس طرح آپ نے اپنی فضیلت اور حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ اپنی اخوت اور ہمدردی کی عظمت کو سارے عالم پر آشکار کر دیا۔ پس اسی رات امیر المؤمنین علیہ السلام کی شان میں یہ آیت نازل ہوئی۔

وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِيْ نَفْسَهُ ابْتِغَآءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ۔

اور لوگوں میں کچھ ایسے ہیں جو رضا الٰہی حاصل کرنے کیلئے جان دے دیتے ہیں۔

پہلی ربیع الاول کا دن

علماء کرام کا فرمان ہے کہ اس دن رسول اکرم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور امیر المؤمنین علیہ السلام کی جانیں بچ جانے پر شکرانے کا روزہ رکھنا مستحب ہے اور آج کے دن ان دونوں ہستیوں کی زیارت پڑھنا بھی مستحب ہے۔ سید نے کتاب اقبال میں آج کے دن کی دعا بھی نقل کی ہے، شیخ و کفعمی کے بقول آج ہی کے دن امام حسن عسکری علیہ السلام کی شہادت ہوئی، لیکن قول مشہور یہ ہے کہ آپ کی شہادت اس مہینے کی آٹھویں کو ہوئی، لہذا ممکن ہے کہ پہلی کو آپ کے مرض کی ابتدا ہوئی ہو۔

آٹھویں ربیع الاول کا دن

قول مشہور کے مطابق ۲۶۰ھ میں اسی دن امام حسن عسکری علیہ السلام کی وفات ہوئی اور آپ کے بعد امام العصر عجل اللہ فرجہ منصب امامت پر فائز ہوئے اس لئے مناسب ہے کہ اس روز ان دونوں بزرگواروں کی زیارت پڑھی جائے۔

نویں ربیع الاول کا دن

آج کا دن بہت بڑی عید ہے، کیونکہ مشہور قول یہی ہے کہ آج کے دن عمر ابن سعد واصل جہنم ہوا جو میدان کربلا میں امام حسین علیہ السلام کے مقابلہ میں یزیدی لشکر کا سپاہ سالار تھا، روایت ہوئی ہے کہ جو شخص آج کے دن راہ خدا میں خرچ کرے تو اس کے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے نیز یہ کہ آج کے دن برادر مومن کو دعوت طعام دینا اسے خوش وشادمان کرنا اپنے اہل و عیال کے خرچ میں فراخی کرنا، عمدہ لباس پہننا، خدا کی عبادت کرنا اور اس کا شکر بجالانا سبھی امور مستحب ہیں، آج وہ دن ہے کہ جس میں رنج وغم دور ہوئے اور چونکہ ایک دن قبل امام حسن عسکری علیہ السلام کی شہادت ہوئی، لہذا آج امام العصر (عج) کی امامت کا پہلا دن ہے لہذا اسکی عزت اور بھی بڑھ جاتی ہے۔

بارھویں ربیع الاول کا دن

کلینی ومسعودی کے قول، نیز برادران اہل سنت کی مشہور روایت کے مطابق اس دن رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت ہوئی، اس روز دو رکعت نماز مستحب ہے کہ جس کی پہلی رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تین مرتبہ سورۂ کافرون اور دوسری رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تین مرتبہ سورۂ توحید پڑھے یہی وہ دن ہے جس میں بوقت ہجرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وارد مدینہ ہوئے اور شیخ نے فرمایا کہ ۱۳۲ھ میں اسی دن بنی مروان کی حکومت وسلطنت کا خاتمہ ہوا۔

چودھویں ربیع الاول کا دن

۶۴ھ میں اسی دن رسوائے عالم یزید بن معاویہ واصل جہنم ہوا، اخبار الدول میں لکھا ہے یزید ملعون دل اور معدے کے درمیانی پردے کی سوجن (ذات الجنب) میں مبتلا تھا جس سے وہ مقام حوران میں مرا وہاں سے اس کی لاش دمشق لائی گئی اور باب صغیر میں دفن کر دی گئی پھر لوگ اس جگہ کوڑا، کرکٹ پھینکتے رہے۔ وہ جہنمی ۳۷ سال کی عمر میں موت کا شکار ہوا اور اس کی ظالم وباطل حکومت محض تین سال نو ماہ رہی۔

سترھویں ربیع الاول کی رات

یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ولادت باسعادت کی رات ہے اور بڑی ہی بابرکت رات ہے سید نے روایت کی ہے کہ ہجرت سے ایک سال قبل اسی رات رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو معراج ہوا۔

سترھویں ربیع الاول کا دن

علماء شیعہ امامیہ میں یہ قول مشہور و معروف ہے کہ یہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا یوم ولادت ہے اور انکے درمیان یہ امر بھی مسلمہ ہے کہ آپکی ولادت باسعادت روز جمعہ طلوع فجر کے وقت اپنے گھر میں ہوئی جب کہ عام الفیل کا پہلا سال اور نوشیرواں عادل کا عہد حکومت تھا نیز ۸۳ ھ میں اسی دن امام جعفر صادق علیہ السلام کی ولادت باسعادت ہوئی لہذا اس دن کی عظمت و بزرگی میں اور بھی اضافہ ہوا۔ خلاصہ یہ کہ اس دن کو بڑی عظمت عزت اور شرافت حاصل ہے اس میں چند ایک اعمال ہیں:

(۱) غسل کرنا۔

(۲) آج کے دن روزہ رکھنے کی بڑی فضیلت ہے، روایت میں ہے کہ اللہ اس دن کا روزہ رکھنے والے کو ایک سال کے روزے رکھنے کا ثواب عطا فرمائے گا، آج کا دن سال کے ان چار دنوں میں سے ہے کہ جن میں روزہ رکھنا خاص فضیلت و اہمیت کا حامل ہے:

(۳) آج کے دن دور و نزدیک سے حضرت رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زیارت پڑھے:

(۴) اس دن حضرت امیر المؤمنین علیہ السلام کی وہ زیارت پڑھے، جو امام جعفر صادق علیہ السلام نے پڑھی اور محمد بن مسلم کو تعلیم فرمائی تھی انشاء اللہ وہ زیارت باب زیارات میں آئے گی۔

(۵) جب سورج تھوڑا سا بلند ہو جائے تو دو رکعت نماز بجالائے جس کی ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۂ قدر اور دس مرتبہ سورۂ توحید پڑھے۔ نماز کا سلام دینے کے بعد مصلیٰ پر بیٹھا رہے اور یہ دعا پڑھے: اَللّٰھُمَّ اَنْتَ حَیٌّ لَا تَمُوْتُ... الخ (اے اللہ! تو وہ زندہ ہے جسے موت نہیں) یہ دعا بہت طویل ہے اور اس کی سند بھی کسی امام معصومؑ تک پہنچتی دکھائی نہیں دیتی اس لئے یہاں ہم نے اسے نقل نہیں کیا، تاہم جو شخص اس کو پڑھنا چاہے وہ علامہ مجلسی کی زاد المعاد میں دیکھ لے۔

(۶) آج کے دن مسلمانوں کو خاص طور پر خوشی منانی چاہیے، وہ اس دن کی بہت تعظیم کریں، صدقہ و خیرات دیں اور مومنین کو شادمان کریں۔ نیز ائمہ طاہرینؑ کے روضہ ہائے مقدسہ کی زیارت کریں سید نے کتاب اقبال میں آج کے دن کی تعظیم و تکریم کا تفصیلی تذکرہ کیا اور فرمایا ہے کہ نصرانی اور مسلمانوں کا ایک گروہ حضرت عیسیٰؑ کی ولادت کے دن کی بہت یاد کرتے ہیں، لیکن مجھے ان پر تعجب ہوتا ہے کہ کیوں وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے یوم ولادت کی تعظیم نہیں کرتے کہ جو حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی نسبت بلند مرتبہ ہیں اور ان سے بڑھ کر فضیلت رکھتے ہیں۔

دسویں فصل

ربیع الثانی، جمادی الاول اور جمادی الثانی کے اعمال

سید ابن طاؤس نے ان تینوں مہینوں میں سے ہر ایک کے پہلے دن کیلئے ایک دعا نقل کی ہے شیخ مفید نے ۲۳۲ھ میں ۱۰ ربیع الثانی کو امام حسن عسکری علیہ السلام کی ولادت باسعادت ذکر کی ہے، لہذا یہ بہت بابرکت دن ہے اور اس نعمت کے شکرانے میں اس دن روزہ رکھنا مستحب ہے۔

تیرھویں، چودھویں، اور پندرھویں جمادی الاول کے تین دنوں میں جناب سیدہ علیہا السلام کی زیارت کرنا اور ان روایتوں میں آیا ہے کہ آپ اپنے والد گرامی کے بعد پچھتر ۷۵ دن اس دنیا میں زندہ رہیں اور پھر آپ شہادت پا گئیں بنا بر مشہور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات ۲۸ صفر کو ہوئی، اس صورت میں ان مظلومہ ومحرومہ بی بیؑ کی شہادت انہی تین دنوں میں سے کسی دن ہوئی ہوگی۔

۳۶ھ میں ۱۵ جمادی الاول کو امیر المؤمنین علیہ السلام جنگ جمل میں غالب آئے اور بصرہ فتح ہوا، اسی سال اسی دن امام زین العابدین علیہ السلام کی ولادت باسعادت ہوئی، پس اس دن ان ہر دو بزرگواروں کی زیارت پڑھنا مناسب ہے۔ جمادی الثانی کے اعمال کے ضمن میں سید ابن طاؤس نے نقل کیا ہے کہ اس ماہ میں جس وقت بھی چاہے چار رکعت نماز دو دو کر کے بجا لائے پہلی رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد ایک مرتبہ آیۃ الکرسی اور پچیس مرتبہ سورۂ قدر دوسری رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد ایک مرتبہ سورۂ تکاثر اور پچیس مرتبہ سورۂ توحید، اور پھر آخری دو رکعت میں پہلی رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد ایک مرتبہ سورۂ کافرون اور پچیس مرتبہ سورۂ فلق، دوسری رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد ایک مرتبہ سورۂ نصر اور پچیس مرتبہ سورۂ ناس پڑھے اور نماز کے بعد ستر مرتبہ کہے:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ۔ ستر مرتبہ کہے: اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى

اللہ پاک تر ہے حمد اللہ ہی کیلئے ہے اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ بزرگتر ہے — اے معبود! رحمت نازل

مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ تین مرتبہ کہے: اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ۔ پھر سجدہ

بفر ما محمدؐ وآل محمدؐ پر — اے معبود! مومن مردوں اور مومنہ عورتوں کو بخش دے

میں جا کر تین مرتبہ یہ کہے: يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ يَا اَللّٰهُ يَا رَحْمٰنُ

اے زندہ اے پائیندہ اے جلالت اور بزرگی کے مالک اے اللہ اے بڑے رحم والے

يَارَحِيْمُ يَا اَرْحَمَ الرَّاحِمِيْنَ۔

اے مہربان اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

اس کے بعد اپنی حاجات طلب کرے، کیونکہ جو شخص یہ عمل کرے حق تعالیٰ آیندہ سال تک اسکو اس کے مال کو اس کے اہل خاندان اور اس کی اولاد کو اس کے دین و دنیا کو محفوظ و مامون رکھے گا۔ اگر وہ شخص اس سال کے دوران مر جائے تو اس کو شہید کے برابر ثواب عطا کیا جائے گا۔

تیسری جمادی الثانی کا دن

ایک قول کی بنا پر ۱۱ھ میں اس دن جناب سیدہؑ کی شہادت ہوئی، لہذا شیعہ مسلمانوں کو اس دن ان بی بیؑ کی صف ماتم بچھانا اور آپ کی زیارت پڑھنا چاہیے، نیز آپ پر ظلم کرنے والوں اور آپ کا حق غصب کرنے والوں پر نفرین کرنا چاہیے۔ سید ابن طاؤس نے کتاب اقبال میں آج کے دن ان محرومہ و مغمومہ بی بیؑ کی زیارت یوں نقل فرمائی ہے:

اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا سَيِّدَةَ نِسَآءِ الْعَالَمِيْنَ، اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ يَا وَالِدَةَ الْحُجَجِ عَلَى

سلام ہو آپ ؑ پر اے جہانوں کی عورتوں کی سردار سلام ہو آپ ؑ پر اے ان کی والدہ جو لوگوں پر

النَّاسِ اَجْمَعِيْنَ اَلسَّلَامُ عَلَيْكِ اَيَّتُهَا الْمَظْلُوْمَةُ الْمَمْنُوْعَةُ حَقَّهَا پھر یہ کہو:

خدا کی حجتیں ہیں سلام ہو آپؑ پر اے وہ مظلومہ جس کا حق چھین لیا گیا

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰٓى اَمَتِكَ وَابْنَةِ نَبِيِّكَ وَزَوْجَةِ وَصِيِّ نَبِيِّكَ صَلَاةً تُزْلِفُهَا فَوْقَ

اے معبود! رحمت نازل فرما اپنی کنیز اپنے نبی کی دختر اور اپنے نبی کے وصیؐ کی شریکۂ حیات پر ایسی رحمت جو نزدیک کرے اسکو بڑھ کر

زُلْفٰى عِبَادِكَ الْمُكَرَّمِيْنَ مِنْ اَهْلِ السَّمٰوٰتِ وَاَهْلِ الْاَرَضِيْنَ۔

تیری عزت والے بندوں کی نسبت جو آسمانوں میں رہنے والے اور زمین میں بسنے والے ہیں۔

روایت میں آیا ہے کہ آج جو شخص جناب سیدہؑ کی یہ زیارت پڑھے اور اپنے گناہوں کی معافی کا طالب ہو تو خدائے تعالیٰ اس کے گناہ بخش دے گا اور اس کو جنت میں داخل کرے گا۔

مؤلف کہتے ہیں کہ سید ابن طاؤسؒ کے فرزند نے بھی اس زیارت کو زوائد الفوائد میں درج کیا اور کہا ہے کہ یہ

زیارت جناب زہراؑ کے یوم وفات کے لئے خاص ہے کہ جو تیسری جمادی الثانی کو ہوئی تھی انہوں نے آپ کی زیارت کی کیفیت اس طرح بیان کی ہے کہ دو رکعت نماز زیارت بجالائے یا نماز جناب سیدہ فاطمۃ الزہرا (س) پڑھے جو کہ دو رکعت ہے اور اس کی ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد ساٹھ مرتبہ سورۂ توحید پڑھے اگر اس قدر نہ پڑھ سکے تو پھر پہلی رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد ایک مرتبہ سورۂ توحید اور دوسری رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد ایک مرتبہ سورۂ کافرون پڑھے اور سلام کے بعد مذکورہ بالا زیارت پڑھے:

بیسویں جمادی الثانی کا دن

پانچویں یا دوسرے سال بعثت میں اس دن جناب سیدہؑ کی ولادت باسعادت ہوئی اور اس کے چند عمل ہیں۔

(۱) روزہ رکھنا۔

(۲) محتاج مومنین کو صدقہ وخیرات دینا۔

(۳) جناب سیدہؑ کی زیارت پڑھنا آپ کی زیارت کی کیفیت باب زیارات میں آئے گی:

گیارہویں فصل

ہر نئے قمری مہینے، عید نوروز اور رومی مہینوں کے اعمال

جب بھی نیا چاند نظر آئے۔ تو یہ چند اعمال بجالائے:

(۱) سب سے پہلے تو چاند دیکھنے کی دعا پڑھے اور سب سے مناسب صحیفہ کاملہ کی تینتالیسویں دعا ہے کہ جو پہلی رمضان کے اعمال میں بھی ذکر ہو چکی ہے۔

(۲) آنکھوں کے درد سے حفاظت کیلئے سات مرتبہ سورۂ الحمد پڑھے:

(۳) پنیر کھائے، یہ چیز ایران وعراق میں ہوتی ہے اور اسے دودھ سے تیار کیا جاتا ہے، روایت ہوئی ہے کہ جو شخص ہر قمری مہینے کی پہلی شب میں پنیر کھاتا رہے تو اس مہینے میں اس کی کوئی دعا رد نہیں ہوگی۔

(۴) چاندرات میں دو رکعت نماز پڑھے جس کی ہر رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد سورۂ انعام کی قرائت کرے، نماز کے بعد حق تعالیٰ سے دعا کرے کہ وہ اسے ہر درد و خوف سے بچائے رکھے اور اس مہینے میں اسے کوئی ایسا معاملہ درپیش نہ ہو جس کو وہ پسند نہ کرتا ہو۔

(۵) ہر قمری مہینے کی پہلی کے دن دو رکعت نماز ادا کرے جس کی پہلی رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تیس مرتبہ سورۂ توحید اور دوسری رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد تیس مرتبہ سورۂ قدر پڑھے اور نماز کے بعد صدقہ دے اگر ایسا کر لیا گیا تو گویا اس نے حق تعالیٰ سے اس مہینے میں اپنی سلامتی خرید لی ہے۔ بعض روایات میں منقول ہے کہ اس نماز کے بعد یہ دعا پڑھے:

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ وَمَا مِنْ دَآبَّةٍ فِي الْاَرْضِ اِلَّا عَلَى اللّٰهِ رِزْقُهَا

خدا کے نام سے شروع جو رحمٰن و رحیم ہے اور نہیں زمین میں حرکت کرنے والی کوئی چیز مگر یہ کہ اسکی روزی خدا کے ذمہ ہے وہ اسکی

وَيَعْلَمُ مُسْتَقَرَّهَا وَمُسْتَوْدَعَهَا كُلٌّ فِيْ كِتَابٍ مُّبِيْنٍ بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ

قیام گاہ اور مقام حرکت کو جانتا ہے یہ سب کچھ واضح کتاب میں درج ہے خدا کے نام سے شروع جو رحمن و رحیم ہے اور اگر خدا

الرَّحِيْمِ وَ اِنْ يَّمْسَسْكَ اللّٰهُ بِضُرٍّ فَلَا كَاشِفَ لَهٗۤ اِلَّا هُوَ وَ اِنْ يُّرِدْكَ بِخَيْرٍ فَلَا

کسی وجہ سے تجھے کوئی نقصان پہنچائے تو سوائے اسکے کوئی اسے دور نہیں کرسکتا اگر وہ تیری بھلائی کا ارادہ کرے تو کوئی اس کے

رَآدَّ لِفَضْلِهٖ يُصِيْبُ بِهٖ مَنْ يَّشَآءُ مِنْ عِبَادِهٖ وَهُوَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ، بِسْمِ اللّٰهِ

فضل کو روک نہیں سکتا وہ اپنے بندوں میں سے جسے چاہے نوازتا ہے اور وہ بڑا معاف کرنے والا مہربان ہے خدا کے نام سے

الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ سَيَجْعَلُ اللّٰهُ بَعْدَ عُسْرٍ يُّسْرًا مَا شَآءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ

شروع جو رحمن و رحیم ہے بہت جلد خدا سختی کے بعد آسانی عطا کرے گا جو اللہ چاہے وہ ہوگا نہیں کوئی قوت سوائے اللہ کے کافی ہے

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَ نِعْمَ الْوَكِيْلُ وَاُفَوِّضُ اَمْرِيْۤ اِلَى اللّٰهِ اِنَّ اللّٰهَ بَصِيْرٌۢ بِالْعِبَادِ لَاۤ

ہمارے لئے اللہ وہ بہترین کارساز ہے اور میں اپنا ہر کام اللہ کے سپرد کرتا ہوں بے شک خدا اپنے بندوں کو خوب جانتا ہے

اِلٰهَ اِلَّاۤ اَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّيْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِيْنَ، رَبِّ اِنِّيْ لِمَاۤ اَنْزَلْتَ اِلَيَّ مِنْ خَيْرٍ

تیرے سوا کوئی معبود نہیں تو پاک تر ہے بیشک میں ہی قصور وار تھا اے پروردگار تو مجھ کو جو بھی نعمت عطا کرے گا میں اس کی

فَقِيْرٌ، رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ۔

حاجت رکھتا ہوں میرے رب مجھ کو اکیلا نہ چھوڑ جب کہ بہترین وارث تو ہی ہے

اعمال عیدنوروز

امام جعفر صادق علیہ السلام نے معلّٰی بن خنیس کو عیدنوروز کے اعمال کی یوں تعلیم فرمائی کہ جب نوروز کا دن آئے تو غسل کرے، پاکیزہ لباس پہنے خوشبو لگائے اور اس دن کا روزہ رکھے جب نماز ظہر وعصر اور انکے نافلہ سے فارغ ہو تو چار رکعت نماز دو دو کر کے پڑھے انکی پہلی رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۂ قدر اور دوسری رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۂ کافرون اور پھر آخری دو رکعت میں سے پہلی رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۂ توحید اور دوسری رکعت میں سورۂ الحمد کے بعد دس مرتبہ سورۂ فلق اور دس مرتبہ سورۂ ناس کی قرائت کرے نماز تمام کرنے کے بعد سجدۂ شکر کرے اور اس میں یہ دعا پڑھے:

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ الْاَوْصِيَآءِ الْمَرْضِيِّيْنَ، وَعَلٰى جَمِيْعِ اَنْبِيَآئِكَ

اے معبود! محمدؐ و آلؑ محمدؐ پر رحمت نازل فرما جو پسند کیے ہوئے اوصیاءؑ ہیں اور اپنے تمام نبیوں اور رسولوں پر رحمت

وَرُسُلِكَ بِاَفْضَلِ صَلَوَاتِكَ وَبَارِكْ عَلَيْهِمْ بِاَفْضَلِ بَرَكَاتِكَ وَصَلِّ عَلٰى

نازل کر اپنی بہترین رحمت سے اور انہیں برکت دے اپنی بہترین برکتوں سے اور ان کی روحوں پر اور ان کے

اَرْوَاحِهِمْ وَاَجْسَادِهِمْ. اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ وَّبَارِكْ لَنَا فِيْ

جسموں پر رحمت فرما اے معبود! محمدؐ و آلؑ محمدؐ پر برکت نازل کر اور ہمیں آج کے دن برکت دے جس کو تو نے بڑائی

يَوْمِنَا هٰذَا الَّذِيْ فَضَّلْتَهٗ وَ كَرَّمْتَهٗ وَشَرَّفْتَهٗ وَعَظَّمْتَ خَطَرَهٗ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لِيْ

دی عزت دی بلندی دی اور اسے اونچی شان عطا کی اے معبود! برکت دے مجھے اس نعمت میں جو تو نے مجھے عطا کی ہے

فِيْمَا اَنْعَمْتَ بِهٖ عَلَيَّ حَتّٰى لَآ اَشْكُرَ اَحَدًا غَيْرَكَ، وَوَسِّعْ عَلَيَّ فِيْ رِزْقِيْ يَا ذَا الْجَلَالِ

اتنی کہ سوائے تیرے کسی کا شکر گزار نہ ہوں اور میرے رزق میں فراوانی عطا فرما اے جلالت اور بزرگی کے مالک

وَالْاِكْرَامِ. اَللّٰهُمَّ مَا غَابَ عَنِّيْ فَلَا يَغِيْبَنَّ عَنِّيْ عَوْنُكَ وَحِفْظُكَ، وَمَا

اے معبود! جو کچھ مجھسے غائب ہو سو ہو جائے لیکن تیری مدد اور تیری حفاظت مجھ سے ہرگز غائب نہ ہو اور میری جو چیز گم ہو

فَقَدْتُّ مِنْ شَيْءٍ فَلَا تُفْقِدْنِيْ عَوْنَكَ عَلَيْهِ حَتّٰى لَآ اَتَكَلَّفَ مَا لَآ اَحْتَاجُ اِلَيْهِ

سو ہو جائے لیکن تیری مدد وحمایت مجھ سے کبھی بھی گم نہ ہو یہاں تک کہ جس چیز کی ضرورت نہیں اس کے لئے رنج نہ کروں

يَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ (۱) حاشیہ اگلے صفحہ پر لکھا گیا ہے۔

اے جلالت اور بزرگی کے مالک۔

جو شخص یہ عمل بجالائے گا تو اسکے پچاس برس کے گناہ معاف ہوجائیں گے نیز یہ با کثرت کہا کرے:

یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

اے جلالت و بزرگی کے مالک۔

رومی مہینوں کے اعمال

اس موضوع میں یہاں ہم وہی کچھ بیان کریں گے، جو زاد المعاد میں مذکور ہے، سید جلیل علی ابن طاؤس سے روایت ہے کہ صحابہ کا ایک گروہ کسی جگہ بیٹھا ہوا تھا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بھی وہاں تشریف لے آئے، آپ نے سلام کیا اور صحابہ نے سلام کا جواب دیا تب آپ نے فرمایا آیا تم چاہتے ہو کہ میں تمہیں وہ دوا بتاؤں جس سے جبرائیلؑ نے مجھے آگاہ کیا ہے اور اس کے بعد تم دوا میں طبیبوں کے محتاج نہ رہو گے۔ مولا امیرؑ اور سلمان فارسی وغیرہ نے آپ سے پوچھا کہ حضورؐ وہ کونسی دوا ہے؟ آنحضرتؐ نے مولا امیرؑ کو مخاطب کر کے فرمایا، کہ رومی مہینے نیسان میں ہونے والی بارش کا پانی لیں اور اس پر ستر مرتبہ الحمد ستر مرتبہ آیۃ الکرسی ستر مرتبہ سورۂ توحید ستر مرتبہ سورۂ فلق ستر مرتبہ سورۂ ناس اور ستر مرتبہ سورۂ کافرون پڑھیں ایک اور روایت کے مطابق ستر مرتبہ سورۂ قدر ستر مرتبہ اللہ اکبر ستر مرتبہ لا الہ الا اللہ اور ستر مرتبہ محمدؐ و آل محمدؐ پر صلوات بھی اس پر پڑھیں پھر سات دن تک ہر روز صبح اور عصر کے وقت اس پانی میں سے پیتے رہیں، قسم ہے مجھے اس ذات کی، جس نے مجھے برحق مبعوث کیا ہے کہ جبرائیلؑ نے مجھ سے کہا ہے کہ جو شخص اس پانی میں سے پیئے گا۔ حق تعالیٰ ہر وہ درد دور کر دے گا جو اس کے جسم میں ہوگا خدائے تعالیٰ اس کو آرام و عافیت عطا کرے گا، اس کے بدن اور اس کی ہڈیوں سے درد کو نکال دے گا اور اگر لوح میں اس کے لئے درد لکھا بھی ہوا ہو تو اسے وہاں سے محو کر دے گا۔ مجھے اس خدا کے حق کی قسم کہ جس نے مجھے بھیجا ہے، جس کے یہاں فرزند نہ ہوتا ہو اور فرزند کی خواہش رکھتا ہو تو اس پانی کو اس نیت سے پیئے پس حق تعالیٰ اس کو فرزند عطا کرے گا، اگر عورت بانجھ ہوگئی ہو کہ اس کے ہاں بچہ نہ ہوتا ہو تو وہ اس نیت کے ساتھ اس پانی میں سے پیئے تو اس کا بچہ ہوگا اور اگر شوہر یا زوجہ بیٹا یا بیٹی چاہتے ہوں تو وہ بھی اس پانی میں سے پئیں، ان کا یہ مقصد پورا ہو جائے گا، جیسا کہ حق تعالیٰ فرماتا ہے۔

حاشیہ سابق صفحہ: کتب مشہورہ کے سوا دیگر غیر معروف میں لکھا ہے کہ وقت تحویل بہ کثرت اور بعض نے کہا ہے کہ اس دعا کو ۳۶۶ مرتبہ پڑھے:

یَا مُحَوِّلَ الْحَوْلِ وَالْاَحْوَالِ حَالَنَا اِلٰی اَحْسَنِ الْحَالِ ایک اور روایت ہے کہ اس طرح

اے زمانے اور حالتوں کو بدلنے والے ہمارے حال کو اچھے حال میں بدل دے

پڑھے یَا مُقَلِّبَ الْقُلُوْبِ وَالْاَبْصَارِ یَا مُدَبِّرَ اللَّیْلِ وَالنَّهَارِ یَا مُحَوِّلَ

اے دلوں اور آنکھوں کے پلٹانے والے اے دن رات کی ترتیب قائم رکھنے والے اپنے پلٹانے والے۔

یَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ اِنَاثًا وَّیَهَبُ لِمَنْ یَّشَآءُ الذُّکُوْرَ اَوْ یُزَوِّجُهُمْ ذُکْرَانًا وَّاِنَاثًا

وہ جسے چاہے بیٹیاں دیتا ہے اور جسے چاہے بیٹے عطا کرتا ہے یا بیٹے بھی اور بیٹیاں بھی دیتا ہے

وَيَجْعَلُ مَنْ يَّشَآءُ عَقِيْمًا

اور جسے چاہے بے اولاد رکھتا ہے۔

اس کے بعد آنحضرتؐ نے فرمایا جس کے سر میں درد ہو وہ اس پانی میں سے پیئے خدا کی قدرت سے اس کا درد جاتا رہے گا اگر کسی کی آنکھ میں درد ہو تو اس پانی کا ایک قطرہ آنکھ میں ڈالے اس میں سے پی بھی لے اور اپنی آنکھوں کو اس پانی سے دھوئے تو بہ حکم خدا شفا مل جائے گی اس پانی کے پینے سے دانتوں کی جڑیں پختہ ہوتی ہیں یہ دانتوں میں خوشبو پیدا کرتا ہے لعاب دھن کم ہوتا اور بلغم بھی گھٹ جاتا ہے اس پانی کے پینے سے پیٹ میں کھانے پینے کا بوجھ نہیں ہوگا۔ درد قولنج سے بچا رہے گا کمر اور پیٹ کا درد نہ ہوگا زکام کی تکلیف نہ آئے گی دانتوں میں درد نہ ہوگا معدے کا درد اور کیڑے ختم ہو جائیں گے اس شخص کو خون نکلوانے کی ضرورت نہ رہے گی بواسیر خارش دیوانگی برص جذام نکسیر اور قے سے بھی نجات ہوگی اور وہ شخص اندھا گونگا لنگڑا اور بہرا نہیں ہوگا اس کی آنکھ میں سیاہ پانی نہیں اترے گا وہ درد لاحق نہیں ہوگا جو روزہ چھوڑ دینے اور نماز ناتمام پڑھنے کا موجب ہوتا ہے اور شیطان وجن کے وسوسوں سے بچا رہے گا۔

اس کے بعد آنحضرتؐ نے فرمایا جو شخص اس پانی میں سے پیئے گا اگر اس کے بدن میں سب لوگوں جتنے درد ہوں تو بھی شفا پائے گا، جبرائیلؑ نے کہا کہ اس ذات کی قسم جس نے آپ کو حق کے ساتھ بھیجا ہے، جو شخص اس پانی پر پہلے ذکر کی گئی آیات پڑھے گا تو حق تعالیٰ اس کے دل کو نور سے بھر دے گا، اس کی زبان پر حکمت کو رواں کر دے گا اس کے قلب کو فہم وذکاء سے پر کر دے گا اور اس پر اتنی مہربانیاں کریگا جو دنیا میں کسی پر بھی نہ کی ہوں گئیں اس کو ہزار رحمت اور ہزار مغفرت سے نوازے گا نیز فریب کاری بددیانتی غیبت حسد ظلم تکبر بخل اور حرص وغیرہ کو اس کے قلب سے دور کر دے گا اس کو لوگوں کی طرف سے دشمنی، ان کی بدگوئی سے بچائے گا اور یہ پانی اس کے لئے تمام بیماریوں سے شفایابی کا سبب ہوگا۔

مؤلف کہتے ہیں کہ اس روایت کا سلسلہ سند عبداللہ بن عمر پر ختم ہوتا ہے اسلئے یہ روایت بہ لحاظ سند ضعیف ہے لیکن میں نے اسے بقلم شہید دیکھا کہ انہوں نے اسے امام جعفر صادق علیہ السلام سے روایت کیا ہے اور اس میں یہی خواص اور صورتیں ذکر کی ہیں لیکن آیات اور اذکار کی روایت اس طرح ہے کہ اس آب نیساں پر سورۂ فاتحہ، آیۃ الکرسی، سورۂ کافرون، سورۂ اعلی، سورۂ فلق، سورۂ ناس، اور سورۂ توحید ستر ستر مرتبہ پڑھے، پھر ستر مرتبہ کہے لا الہ الا اللہ، ستر مرتبہ کہے اللہ اکبر اور ستر مرتبہ کہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِ مُحَمَّدٍ پھر ستر مرتبہ پڑھے: سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَآ

اے معبود! محمدؐ و آل محمدؐ پر رحمت نازل فرما — پاک تر ہے اللہ اور حمد اللہ ہی کے لئے ہے

اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ۔

اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ بزرگتر ہے۔

علاوہ ازیں اس پانی کے خواص میں یہ بھی ہے اگر کوئی قید خانے میں بند ہو اور وہ اس پانی میں سے پیئے تو قید سے رہائی پائے گا سردی اس کی طبیعت پر غلبہ نہ کرے گی اس کے دیگر خواص وہی بیان ہوئے ہیں جو سابقہ روایت میں مذکور ہیں۔ پھر بارش کا پانی تو مطلق طور پر بابرکت اور فائدہ بخش ہوتا ہے چاہے وہ نیساں کے مہینے میں لیا گیا ہو یا کسی اور مہینے میں لیا ہو جیسا کہ ایک معتبر حدیث میں امیر المؤمنین علیہ السلام سے نقل ہوا ہے کہ آپؑ نے فرمایا آسمان کے پانی کو پیا کرو کہ وہ جسم کو پاک کرنے والا اور دردوں کو ہٹانے والا ہے، جیسا کہ خدائے تعالیٰ فرماتا ہے:

وَیُنَزِّلُ عَلَیْکُمْ مِّنَ السَّمَآءِ مَآءً لِّیُطَھِّرَکُمْ بِہٖ وَیُذْھِبَ عَنْکُمْ رِجْزَ

اور اللہ تعالیٰ آسمان سے پانی اتارتا ہے تاکہ تم کو پاک کرے اور شیطان کے وسوسوں کو تم سے

الشَّیْطَانِ وَلِیَرْبِطَ عَلٰی قُلُوْبِکُمْ وَیُثَبِّتَ بِہِ الْاَقْدَامَ۔

دور کرے اور تمہارے دلوں کو مضبوط کرے اور تمہارے قدم جمائے رکھے۔

نیساں کا عمل کرنے میں بہتر یہ ہے کہ ایک گروہ مل کر ان اذکار کو ستر ستر مرتبہ پڑھے کہ اس میں پڑھنے والوں کیلئے بہت فائدہ اور اجر و ثواب ہے۔ موجودہ سالوں میں نوروز سے ۲۳ دن گزرنے کے بعد نیساں کا رومی مہینہ شروع ہوتا ہے اور یہ رومی مہینہ تیس دن کا ہوتا ہے امام جعفر صادقؑ سے نقل ہوا ہے کہ ماہ حزیران کی سات کو پچھنے لگوایا کرو، اگر اس دن نہ ہو سکے تو پھر اس کی چودھویں تاریخ کو لگوایا کرو۔ ماہ حزیران کی پہلی قریباً نوروز سے چوراسی دن بعد ہوتی ہے اور یہ مہینہ بھی تیس دن کا ہوتا ہے۔ یہ نحوست کا مہینہ ہے۔ جیسا کہ ایک معتبر حدیث میں ہے کہ امام جعفر صادقؑ کے سامنے ماہ حزیران کا ذکر ہوا تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ یہ وہی مہینہ ہے جس میں حضرت موسیٰؑ نے بنی اسرائیل پر نفرین کی اور ایک ہی دن میں بنی اسرائیل کے تین لاکھ افراد مر گئے تھے۔ نیز معتبر سند کے ساتھ آپ ہی سے نقل ہوا ہے کہ حق تعالیٰ اس مہینے میں قضاء واجل کو نزدیک تر کر دیتا ہے۔ چنانچہ اس مہینے میں بہت زیادہ موتیں واقع ہوتی ہے۔ یہ یاد رہے کہ رومی مہینوں کی بنیاد سورج کی حرکت پر ہے۔ یہ بارہ مہینے ہیں اور ان کی ترتیب کچھ اس طرح ہے۔ تشرین اول، تشرین الآخر، کانون اول، کانون الآخر، شباط، آذر، نیساں،

ایار، حزیران، تموز، اب اور ایلول، ان میں یہ چار مہینے تیس دن کے ہوتے ہیں یعنی تشرین الآخر، نیساں، حزیراں، اور ایلول، باقی آٹھ مہینے ماسوائے شباط کے اکتیس دن کے ہوتے ہیں اور شباط کو تین سال تک آٹھ ائیس دن کا اور چوتھے سال (یعنی سال کبیسہ میں) انتیس دن کا قرار دیتے ہیں۔ رومی سال ۱/ ۴۔ ۳۶۵ دن کا ہوتا ہے اور اس کی ابتداء تشرین اول کے مہینے سے ہے اور اس دن سورج برج میزان کے انتیسویں درجے میں ہوتا ہے۔ اس کی تفصیل بحار الانوار میں مذکور ہے چونکہ احادیث میں ان مہینوں کا ذکر آیا ہے۔ لہذا ہم نے یہاں مختصراً ان کا تذکرہ کر دیا ہے، یہ رومی مہینے اس وقت عراق کے دفاتر میں رائج ہیں اور ان کا نظام حکومت انہی مہینوں کے مطابق چلتا ہے۔

تَمَّتْ بِتَوْفِیْقِ اللّٰہِ تَعَالٰی

